

دلیل الزائرین

مولف و مترجم
مولوی السید صفدر حسین الرضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

موسیٰ محمدؐ حسینؑ فاطمہؑ محمدؐ علیؑ حسنؑ علیؑ جعفرؑ علیؑ

محمدؐ حسنؑ علیؑ مہدیؑ

قال اللہ تعالیٰ
وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاۤءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۔

حضرت رب العزت ارشاد فرماتا ہے ۔
اور جو لوگ راہ خدا میں شہید ہو گئے انھیں ہرگز مردہ نہ سمجھنا بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پالنے والے سے رزق پاتے ہیں ۔

قال رسول اللہ
مَنْ زَارَنِیْ اَوْ زَارَ اَحَدًا مِنْ ذُرِّیَّتِیْ زُرْتُهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فَاَنْقَذْتُهٗ مِنْ اَهْوَالِهَا

حضرت رسالتمآبؐ ارشاد فرماتے ہیں ۔
جس نے میری یا میری ذریت میں سے کسی ایک کی زیارت کی تو میں قیامت میں اسکی زیارت کرونگا اور ہول محشر سے بچاؤں گا ۔

الحمد للہ المنان کہ دریں زمان در احسن اوقات و اسعد ساعات کتاب مستطاب الموسوم بہ

دلیل الزائرین

مولفہ و مترجمہ

جناب مولانا سید صفدر حسین صاحب قبلہ رضوی

مطبوعہ عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی

پرمٹ نمبر 53/(22) PC-3 تاریخ ۱۲ ستمبر ۱۹۵۳

بار اول ... ۲ (جملہ حقوق محفوظ ہیں) ہدیہ ۸/

پبلشر:۔ سیّد طالب رضا رضوی

۵۱۰-۵۱۱ پیر الٰہی بخش کالونی نمبر ۲- کراچی

سول ایجنٹ:۔ غالب برادرس

۵/۱۱ سچھمی بلڈنگ پانچویں منزل بندر روڈ کراچی

ہدایت:۔

دستخط مؤلف موصوف

توثیق

سرکار شریعتمدار عمدۃ العلماء الکاملین، زبدۃ المجتہدین، قدوۃ الفقہاء والمتکلمین ثالث النیرین
جناب مولانا السید کلب حسین صاحب قبلہ مدظلہ العالی مجتہد العصر والزمان۔ لکھنوی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِنْعَامِہٖ وَاِکْرَامِہٖ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنَامِ خَیْرِ الْمُبَشِّرِیْنَ وَالْمُنْذِرِیْنَ الْمَحْمُوْدِ الْاَحْمَدِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِبَیْتِہِ الَّذِیْنَ ھُمْ اَسَاسُ الْاِیْمَانِ وَعِمَادُ الْاِیْقَانِ حُجَجُ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ۔

اما بعد پس واضح ولائح ہو کہ زیارات حضرات معصومین علیہم السلام بلکہ اصحاب اخیار عظام بہترین مندوبات و ذریعہ نجات ہے جس کے اجر و ثواب کی کوئی حد و نہایت نہیں۔ مگر تمام زیارات عربی میں ہیں اور اکثر زائرین زبانِ عربی سے نابلد ہوتے اسوجہ سے زیارات پڑھتے ہوئے یہ نہیں سمجھتے کہ جو الفاظ ہماری زبان سے نکل رہے ہیں اس کا مطلب کیا ہے اور کس مطالبہ کو ہم زبان سے ادا کر رہے ہیں اس لاعلمی کیوجہ سے نہ مکمل خضوع و خشوع پیدا ہوتا ہے اور نہ وقت زیارت کوئی خاص کیفیت طاری ہوتی ہے انھیں خیالات سے متاثر ہو کر جناب مستطاب زبدۃ الاطیاب خیر الزائرین مولوی السید صفدر حسین صاحب رضوی دام فضلہٗ العالی نے بڑی محنت و جفاکشی سے کتب معتبرہ سے تمام زیارات مرویہ کو ایک مقام پر جمع کرنے ہی پر اکتفا نہیں کی بلکہ ہر زیارت کا صحیح ترجمہ کر کے اردو میں بین السطور تحریر فرمادیا کہ ہر زائر بوقت زیارت کمال خضوع و خشوع سے ہر جملے کے معنی سمجھ کے الفاظ زیارات ادا کر سکے اور مناسبت الفاظ کا لحاظ کرتے ہوئے بالارادہ تمام فقرات کو خلوص نیت سے بارگاہ حضرات معصومین علیہم السلام میں ہدیہ کر سکے۔ خداوند عالم مؤلف محترم کو جزائے خیر اور تمام مومنین کو اس تالیف منیف سے فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

واللہ ولی التوفیق۔

حررہ السید کلب حسین لقلمہ

۲۶ ربیع الثانی ۱۳۷۳ھ بندر روڈ کراچی

تقریظ

ملاذ المجتہدین قدوۃ الاصولیین ثقۃ الاسلام جناب الشیخ محمد شریعت صاحب قبلہ اصفہانی دام ظلہ العالی نائب خاص جناب آیۃ اللہ آقا السید حسین صاحب قبلہ الطباطبائی بروجردی ظلہم العالی علی رؤس الموالی

باسمہ تعالیٰ

اینک کتابے را در دست دارم کہ زیارات حضرات ائمہ اطہار علیہم السلام در آں جمع شدہ و ترجمہ اردوے آں تا آنکہ مومنین بتوانند از فہمیدن معانی رفیعہ زیارات لذت بردہ در واقع ائمہ خود را مخاطب قرار دادہ تا آنکہ حقیقت توسل حاصل آید لذا مؤلف محترم بہترین اسمے کہ با حقیقتش موافق است اختیار نمودہ آں را دلیل الزائرین نام نہادہ و ہرگاہ شخص مؤلف را در نظر بگیریم کہ خود از خانوادہ عصمت است (و اہلبیت ادری الخ) و از اہل کمال و سابقہ دیرینی در خدمات دینی در دو چوں ایں مقام را علاوہ بر آں کہ بسعی و کوشش خود تحصیل نمودہ بعنوان ارث خانوادگی بالیشاں رسیدہ لذا بمومنین ذوی الاحترام سفارش می شود کہ ایں مؤلف جلیل را مغتنم شمردہ از فوائد جلیلہ آں محروم نمانند۔

محمد شریعت اصفہانی

تعارف

از قلم حقیقت رقم زبدۃ المتکلمین عمدۃ العلماء العاملین الجوہر الفرد جناب علامہ محمد مصطفےٰ صاحب قبلہ مدظلہ العالی

باسمہ سبحانہٗ

امابعد:۔ سعادت پناہ، حقیقت آگاہ، صاحب علم و فضل و کمال جناب مولانا المولوی سیّد صفدر حسین صاحب رضوی الہ آبادی دامت معالیہم السامیہ کی تالیف مسمی دلیل الزائرین مومنین باتمکین کے پیش نظر ہے مؤلف موصوف نے بڑی جانفشانی اور جذبہ ایمانی کے ساتھ اس تالیف کو مرتب فرمایا ہے اور کل مضامین جناب علامہ مجلسیؒ کی زاد المعاد اور تحفۃ الزائر سے منتخب کرکے سپردِ قلم قلم فرمائے ہیں حتی الامکان کوئی غیر معتبر مضمون اس تالیف میں نہیں آنے دیا ہے۔ یہ جنابِ موصوف کی دیانت کا بہترین ثبوت ہے، اس مجموعہ کے دو امتیاز خصوصی ہیں ایک یہی جو میں نے اوپر ذکر کیا کہ یہ مجموعہ مضامین معتبرہ پر مشتمل ہے دوسرا امتیاز یہ کہ اس میں ہر عربی عبارت کا ترجمہ بین السطور موجود ہے۔ جناب موصوف کی فرمائش پر مجھے ترجمہ پر بسیط نظر ڈالنا پڑی میں باطمینان تمام کہتا ہوں کہ اس کتاب میں جہاں جہاں عربی عبارتوں کے ترجمے ہیں وہ میری نظر میں صحیح و درست ہیں۔ ایک حد تک لفظی ترجمہ کی پابندی کی گئی ہے جو اگرچہ مذاق زمانہ کے خلاف ہے مگر ان کے لئے بیحد مفید ہے جو الفاظ کے معانی بسہولت معلوم کرلینا چاہتے ہیں اور یہ لفظی ترجمہ ہی میں ممکن ہے اور سلیس ترجمہ میں اس غرض کو حاصل کرنا ایک حدتک دشوار تر ہوجاتا ہے۔ امید کہ مومنین اس مجموعہ سے استفادہ فرمائیں گے اور مؤلف موصوف کے لئے زیادتی عمر و توفیقات کی دعا فرمائیں گے۔

فجزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء

محمد مصطفیٰ عفی عنہ بقلمہ

عرض حال

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ ھَدٰی عِبَادَہُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اِلٰی زِیَارَۃِ قُبُوۡرِ نَبِیِّہٖ وَاَوۡلَادِہٖ

تمام تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس نے اپنے مومن بندوں کی اپنے نبیؐ اور ان کی اولاد طاہرینؑ کے قبور کی زیارت کیطرف

الطَّاھِرِیۡنَ الَّذِیۡنَ طَھَّرَھُمُ اللّٰہُ تَطۡھِیۡرًا وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّذُرِّیَّتِہِ الطَّیِّبِیۡنَ

رہبری کی وہ اولاد جنھیں خدا نے ایسا پاک رکھا ہے جو حق ہے پاک رکھنے کا بکثرت صلوات خدا ہو محمدؐ اور ان کی ذریت طیبہ پر ایسی صلوات

کَثِیۡرًا کَثِیۡرًا صَلٰوۃً زَاکِیَۃً نَامِیَۃً بَاقِیَۃً مُتَوَاتِرَۃً تَزۡرِیۡ نَفۡحَاتُھَا عَنۡبَرًا وَعَبِیۡرًا

جو پاکیزہ ہو، بڑھتی رہے مسلسل رہے جس کی خوشبو مشک عنبر کو شرمائے اور خدا کی لعنت ہو

وَلَعۡنَۃُ اللّٰہِ عَلٰی اَعۡدَائِھِمۡ وَظَالِمِیۡھِمۡ وَغَاصِبِیۡ حُقُوۡقِھِمۡ وَمُنۡکِرِیۡ فَضَائِلِھِمۡ

ان کے دشمنوں پر اور جنھوں نے انپر ظلم کیا اور جنھوں نے انکے حق کو غصب کیا اور جو ان کے فضائل کے منکر

وَطَامِسِیۡ قُبُوۡرِھِمۡ وَجَعَلَھُمۡ فِی النَّارِ یَصۡلَوۡنَ سَعِیۡرًا۔

ہیں اور انکی قبریں مٹانے والوں پر پس انھیں خدا آتش جہنم میں جلائے۔

اما بعد عرض کرتا ہے بندہ احقر و عاصی سید صفدر حسین خلف سید زاہد حسین رضوی عفا اللہ عن ذنوبہما و معاصیہما کہ میرے چند محترم احباب نے فرمائش کی کہ زیارات حضرات چہاردہ معصومین علیہم السلام و دیگر محترمین و صالحین با ترجمہ جمع کرو کہ کم استعداد مومنین زیارت پڑھتے وقت سمجھیں کہ ہم کیا عرض کر رہے ہیں تاکہ وہ ترجمہ زیادتی خلوص و معرفت کا باعث ہو لہذا حقیر نے زیارات حضرات چہاردہ معصومین اور دیگر محترمین و صالحین علیہم السلام کو جمع و ترجمہ کرکے عمدۃ العلماء الکاملین زبدۃ المجتہدین قدوۃ الفقہاء و المتکلمین، ثالث النیرین جناب مولانا سید کلب حسین صاحب قبلہ ادام ظلہم العالی مجتہد العصر و الزمان لکھنوی کی خدمت میں پیش کیا جسپر جناب ممدوح نے بعد ملاحظہ اپنی تصدیق بصورت توثیق ثبت فرمائی احقر نے اس رسالے کا نام دلیل الزائرین رکھا اور جس کو بکمال خلوص حضرات

مومنین کی خدمت میں پیش کرتا ہے اور امید رکھتا ہے کہ اس عاصی کو بھی دعائے مغفرت سے یاد کریں گے۔ چونکہ بندہ خود ہی اپنے عجز و قصور کا معترف ہے اسلئے اگر کوئی لفظی یا معنوی خطا پائیں تو درگذر فرمائیں۔

خداوند عالم بتصدق حضرات معصومین علیہم السلام حقیر کی اس خدمت کو سبب فلاح دنیا اور باعث نجات آخرت قرار دے۔ آمین

وھو المنعم الکریم والغفور الرحیم

احقر الزمن

سید صفدر حسین عفی اللہ عنہ

۱۴ رجب المرجب ۱۳۷۱ھ

آدابِ سفر

واضح ہو کہ احادیث سے ثابت ہے کہ قبل سفر تین روزے رکھے یعنی چہار شنبہ، پنجشنبہ، جمعہ پھر روز شنبہ کو سفر کرے کہ اگر اس روز پتھر بھی اپنی جگہ سے ہٹے تو خداوند عالم اس کو اسی جگہ واپس پہونچا دیتا ہے۔

ہر ماہ کی تیسری، چوتھی، پانچویں، تیرہویں، سولھویں، بیسویں، اکیسویں، چوبیسویں پچیسویں اور چھبیسوں کو سفر سے اجتناب کرے۔ بعض روائیتوں میں آٹھویں اور تیسویں بھی سفر کے لئے اچھی نہیں اور قمر در عقرب میں جو سفر کرے گا تو انجام اچھا نہ ہوگا۔

۱۲ر محرم، ۱۰ر صفر، ۴ر ربیع الاول، ۲۸ر ربیع الآخر، ۲۸ر جمادی الاول، ۱۲ر جمادی الآخر، ۱۲ر رجب، ۲۶ر شعبان، ۲۴ر رمضان، ۲۰ر شوال، ۲۸ر ذلقیعد، ۸ر ذالحجہ کو ہرگز سفر نہ کرے یہ تاریخیں سفر کے لئے بہت ہی منحوس ہیں۔ دنوں میں دوشنبہ، چہارشنبہ اور قبل نماز جمعہ سفر کرنا بد ہے۔ اگر تاریخ سعد اور دن نحس یا تاریخ نحس اور دن سعد ہو تو دن کی رعایت کرنا چاہیے کیونکہ دوشنبہ کے بارے میں زیادہ معتبر حدیثیں وارد ہیں اگر ضرورتاً نحس تاریخ یا دن ہی میں سفر کرنیکا اتفاق ہو تو سلامتی سفر کی دعائیں پڑھ لے اور صدقہ دیدے انشاء اللہ سفر مبارک ہوگا۔

سفر میں ان پانچ چیزوں کو ہمراہ رکھنے کی بہت تاکید کی گئی ہے آئینہ، کنگھی، سرمہ دانی، مسواک اور قینچی، پس جب سفر کرنے کا ارادہ کرے تو غسل کرے اور غسل کرتے وقت کہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَعَلٰی

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے اور اسی سے مدد چاہتا ہوں اور نہیں ہے کسی میں قدرت و قوت سوائے اللہ بزرگ و برتر کے

مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَالصَّادِقِيْنَ عَنِ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ

اور رسول خدا اور ان کے سچے جانشینوں کی ملت پر ہوں جو منجانب اللہ سفیر ہیں صلوات خدا ہو ان سب حضرات پر خداوندا اس

بِهٖ قَلْبِیْ وَاشْرَحْ بِهٖ صَدْرِیْ وَنَوِّرْ بِهٖ قَلْبِیْ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ نُوْرًا وَّطَهُوْرًا

غسل کے ذریعہ سے پاک کردے میرے قلب کو اور کشادہ کردے میرے سینہ کو اور نورانی کردے میرے دل کو خداوندا قرار دے اس

وَّحِرْزًا وَّشِفَاءً مِنْ کُلِّ دَاءٍ وَّاٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ وَّسُوْءٍ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ وَطَهِّرْ

غسل کو میرے لئے نور، پاکیزگی، حفاظت اور شفا ہر بیماری سے اور نجات ہر آفت و بلا و برائی سے اور ہر اس چیز سے جس سے میں ڈ

قَلْبِیْ وَجَوَارِحِیْ وَعِظَامِیْ وَدَمِیْ وَشَعْرِیْ وَبَشَرِیْ وَمُخِّیْ وَعَصَبِیْ وَمَا اَقَلَّتِ

کرتا ہوں اور اس کے ذریعہ سے پاک کردے میرے قلب کو ہاتھ پاؤں کو ہڈیوں کو خون کو بال کو چہرہ کو گودے کو اور رگ و

الْاَرْضُ مِنِّیْ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لِیْ شَاهِدًا یَّوْمَ حَاجَتِیْ وَفَقْرِیْ وَفَاقَتِیْ اِلَیْكَ

پٹھے کو اور میرے ہر اس چیز جس کو زمین اٹھائے ہوئے ہے خداوندا قرار دے اس غسل کو میرا گواہ اسدن کیلئے جسدن مجھ کو حاجت

یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

فقر و فاقہ ہو تیری طرف سے اے پالنے والے تمام عالم کے بیشک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

جب غسل سے فارغ ہو تو اپنے اہل و عیال کو جمع کرے اور دو رکعت نماز اس طرح بجالائے کہ پہلی رکعت میں بعد سورہ حمد کے سورہ قل ہو اللہ احد پڑھے اور دوسری رکعت میں بعد الحمد کے سورہ انا انزلناہ پڑھے بعد ختم نماز جب تسبیح حضرت فاطمہ زہرا سے فارغ ہو تو کہے،

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَوْدِعُكَ نَفْسِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ وَذُرِّیَّتِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ۔

خداوندا میں تیرے سپرد کرتا ہوں اپنی جان، اپنے اہل و عیال، اپنا مال اپنی اولاد، اپنی دنیا و آخرت اپنی

وَاَمَانَتِیْ وَخَاتِمَةَ عَمَلِیْ۔ اس کے بعد محمد و آل محمد پر صلوات بھیجے پھر سر پہ تحت الحنک

امانت اور اپنے انجام عمل کو۔

کے ساتھ عمامہ باندھے، کچھ خاک شفا پاس کی تسبیح لیکر بوسہ دے آنکھوں سے لگائے اور کہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ التُّرْبَةِ الْمُبَارَكَةِ وَبِحَقِّ صَاحِبِهَا وَبِحَقِّ جَدِّهٖ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس خاک پاک اور اس کے صاحب کا اور اُن کے جد امجد اور ان کے

وَبِحَقِّ اَبِیْهِ وَبِحَقِّ اُمِّهٖ وَبِحَقِّ اَخِیْهِ وَبِحَقِّ وُلْدِهِ الطَّاهِرِیْنَ اجْعَلْهَا شِفَاءً

والد ماجد کا اُن کی والدہ ماجدہ اور ان کے برادر معظم کا اور ان کی اولاد طاہرہ کا واسطہ دے کر کہ قرار دے

مِنْ کُلِّ دَاءٍ وَّ اَمَانًا مِّنْ کُلِّ خَوْفٍ وَّ حِفْظًا مِّنْ کُلِّ سُوْءٍ۔

اس خاک پاک کو شفا ہر بیماری سے اور امان ہر خوف سے اور حفاظت ہر مصیبت سے۔

لہٰذا اس کے اپنے اہل و عیال سے رخصت ہو اور دروازہ پر کھڑا ہو کر تسبیح حضرت فاطمہ زہرا پڑھے باہر نکلتے وقت اگر بادام تلخ کا عصا ہو تو بہتر ہے۔ نکلنے سے پہلے کچھ صدقہ دے اور صدقہ دیتے وقت کہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اشْتَرَیْتُ بِهٰذِهِ الصَّدَقَةِ سَلَامَتِیْ وَسَلَامَةَ سَفَرِیْ وَمَا مَعِیْ

خداوندا میں مول لیتا ہوں اس صدقے کے عوض میں اپنی سلامتی اور اپنے سفر کی سلامتی اور اس چیز کی

بِبَلَاغِكَ الْحَسَنِ الْجَمِيْلِ۔ اس کے بعد دس مرتبہ قل ھو اللہ پڑھ کر روانہ ہو خدا

جو ہمراہ ہو لیس تو ہم سب کو اچھی طرح پہونچا دینا۔

وندعالم جان و مال کو محفوظ رکھے گا، سفر میں کامیابی ہوگی، ہر قسم کے ضرر و نقصان سے محفوظ رہیگا

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب سفر کا ارادہ ہو تو چاہیے کہ گھر کے دروازہ پر اس طرف منہ کر کے کھڑا ہو جدھر جانا ہے اور سورہ حمد و آیۃ الکرسی اپنے داہنے، بائیں اور سامنے پڑھ کر کہے۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ وَاحْفَظْ مَا مَعِیْ وَسَلِّمْنِیْ وَسَلِّمْ مَا مَعِیْ وَبَلِّغْنِیْ وَبَلِّغْ مَا مَعِیْ بِبَلَاغِكَ

خداوندا حفاظت کرنا میری اور میرے ساتھ کی چیزوں کی اور سلامت رکھنا مجھ کو اور میرے ساتھ چیزوں کو اور پہونچا دینا مجھ کو

الْحَسَنِ الْجَمِيْلِ۔ پھر گھر سے نکلے اور سواری پر سوار ہوتے وقت کہے بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اور میرے ساتھ کی چیزوں کو اچھی طرح۔

انشاء اللہ سفر میں کامیابی ہوگی حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب کشتی یا جہاز پر سوار

ہونے لگے تو کہے بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

اس اللہ کا نام لے کر سوار ہوتا ہوں جس کے سبب کشتیاں چلتی اور ٹھہرتی ہیں اور یقیناً میرا پالنے والا غفور رحیم ہے

اور اگر دریا میں طوفان آجائے تو بائیں کروٹ ٹیک لگا کر داہنے ہاتھ سے موج کی طرف اشارہ کر کے کہے

قَرِّنِی بِقَرَارِ اللّٰهِ وَاَسْکِنِّی بِسَکِیْنَةِ اللّٰهِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ

قرار بکڑ قدرت خدا سے سکون حاصل کر سکینہ خدا سے اور نہیں ہے کسی میں قدرت و قوت سوائے خدائے بزرگ و برتر کے

الْعَظِیْمِ - اور جب دریا میں زیادہ اضطراب ہو یا قریب غرق ہونیکے نوبت پہونچ جائے تو تھوڑی سی خاک شفا دریا میں ڈالدے تلاطم ٹھہر جائے گا، سورہ محمد جو چھبیسویں پارہ میں اور سورہ اقراء جو تیسویں پارہ میں ہے ان سوروں کا پڑھنا تلاطم سے سلامتی کا باعث ہے۔ اور جب کسی منزل پر اترے تو اس دعا کو پڑھ لے تاکہ اُس منزل کی تمام خوبیاں میسر آئیں اور وہاں کے ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے:-

اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبَارَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ

خداوندا میرا یہاں اترنا مبارک کر کیونکہ تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

فضیلت و کیفیت زیارت حضرت رسالتمآبؐ

حدیث معتبر میں حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ فرمایا آن حضرت نے کہ تمام کرو اپنے حج کو بعد زیارت حضرت رسول خداؐ کے اس لئے کہ ترک کرنا زیارت کا آنحضرت کے بعد حج کے جفا کرنا ہے آنحضرت پر اور خلاف ادب ہے۔ تم کو حکم دیا گیا ہے کہ چند قبروں کی زیارت کو جاؤ اس لئے کہ تم پر خدا نے لازم کیا ہے حق اُن صاحبان قبر کا۔ اور خدا سے روزی طلب کرو ان قبور کے نزدیک۔

دوسری حدیث میں انھیں حضرت سے منقول ہے کہ فرمایا آپ نے کہ فرمایا حضرت رسالتمآبؐ نے جو شخص میری زیارت کرے بعد میری وفات کے تو اس نے گویا زیارت کی میری حیات میں اور میں اس کے لئے شاہد اور شفیع ہونگا بروز قیامت اور وہ میرے ہمسایہ میں ہوگا۔

فضیلت و ثواب زیارت حضرت رسالتمآبؐ میں بکثرت حدیثیں وارد ہیں بسبب طول کے اسی پر اکتفا کیجاتی ہے۔ پس جب وارد مدینۂ منورہ ہو تو چاہیئے کہ پہلے غسل کرے لباس پاکیزہ پہنے بارادہ دخول مسجد و بقصد زیارت حضرت رسولخداؐ و حضرت فاطمہ زہراؑ کے اور جب دروازہ مسجد پر پہونچے تو کہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ قَدْ وَقَفْتُ عَلٰى بَابِ بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِ نَبِيِّكَ وَاٰلِ نَبِيِّكَ عَلَيْهِ

خداوندا میں کھڑا ہوں ایک گھر کے دروازہ پر جو تیرے نبی اور تیرے نبی کی آل کے گھروں میں سے ہے ان پر اور انکی آل پر

وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَقَدْ مَنَعْتَ النَّاسَ الدُّخُوْلَ اِلٰى بُيُوْتِهٖ اِلَّا بِاِذْنِ نَبِيِّكَ

سلام ہو تحقیق کہ تو نے منع کیا ہے لوگوں کو داخل ہونے سے ان کے گھروں میں مگر باجازت تیرے نبی کے پس تو نے فرمایا ہے کہ

فَقُلْتَ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ

اے وہ لوگ جو ایمان لائے ہو نہ داخل ہو تم گھروں میں نبی کے جبتک کہ تمکو اجازت نہ دیجائے ۔ خداوندا میں اعتقاد رکھتا ہوں

اَللّٰهُمَّ وَاِنِّيْ اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ نَبِيِّكَ فِيْ غَيْبَتِهٖ كَمَا اَعْتَقِدُ فِيْ حَضْرَتِهٖ وَاَعْلَمُ

حرمت کا تیرے نبی کی انکی غیبت میں جس طرح اعتقاد رکھتا ہوں ان کی حضوری میں اور جانتا ہوں میں کہ تیرے رسل

اَنَّ رُسُلَكَ وَخُلَفَائَكَ اَحْيَاءٌ عِنْدَكَ هُمْ يُرْزَقُوْنَ يَرَوْنَ مَكَانِيْ فِيْ وَقْتِيْ هٰذَا

اور خلفاء زندہ ہیں تیرے نزدیک وہ رزق پاتے ہیں ۔ دیکھتے ہیں میرے موجود ہونے کو اس وقت میں اور میرے

وَزَمَانِيْ وَيَسْمَعُوْنَ كَلَامِيْ فِيْ وَقْتِيْ هٰذَا وَيَرُدُّوْنَ عَلَيَّ سَلَامِيْ وَاَنَّكَ حَجَبْتَ

زمانے میں اور وہ سنتے ہیں میرے کلام کو اس میرے وقت میں اور جواب دیتے ہیں مجھ کو میرے سلام کا اور تحقیق کہ تو نے باز

عَنْ سَمْعِيْ كَلَامَهُمْ وَفَتَحْتَ بَابَ فَهْمِيْ بِلَذِيْذِ مُنَاجَاتِهِمْ فَاِنِّيْ اَسْتَاْذِنُكَ

رکھا ہے میرے کان سے انکے کلام کو اور کھولدیا ہے تو نے دروازہ کو میرے فہم کے بسبب انکی لذیذ مناجات کے پس میں پہلے تجھ سے

يَا رَبِّ اَوَّلًا وَاَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ ثَانِيًا وَاَسْتَاْذِنُ

اجازت چاہتا ہوں اے پالنے والے اور پھر اجازت چاہتا ہوں تیرے رسول سے صلوات ہو تیری انپر اور ان کی آل پر اور اجازت

خَلِيْفَتَكَ الْمَفْرُوْضَ عَلَيَّ طَاعَتُهٗ فِي الدُّخُوْلِ فِيْ سَاعَتِيْ هٰذِهٖ اِلٰى بَيْتِهٖ وَ

چاہتا ہوں تیرے خلیفہ سے جنکی اطاعت فرض کیگئی ہے مجھ پر داخل ہونے میں اس وقت انکے دولت سرا میں اور اجازت چاہتا ہوں

اَسْتَاْذِنُ مَلٰئِكَتَكَ الْمُوَكَّلِيْنَ بِهٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ الْمُطِيْعَةِ لِلّٰهِ السَّامِعَةِ

تیرے ملائکہ سے جو موکل ہیں اس بقعہ مبارکہ پر ایسے ملائکہ جو مطیع و فرمانبردار ہیں ۔ سلام ہو تم پر اے ملائکہ جو موکل ہیں مشاہد

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الْمَلٰئِكَةُ الْمُوَكَّلُوْنَ بِهٰذَا الْمَشَاهِدِ الْمُبَارَكَةِ وَرَحْمَةُ

مبارکہ پر اور رحمت خدا اور برکات ہوں خدا کے اذن اور اس کے رسول ص کے اذن اور اس کے

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاِذْنِ رَسُوْلِهٖ وَاِذْنِ خُلَفَائِهٖ وَاِذْنِكُمْ صَلَوَاتُ

خلفاء کے اذن اور تمہارے اذن سے رحمت خدا ہو تم سب پر

اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اَجْمَعِیْنَ اَدْخُلُ ھٰذَا الْبَیْتَ مُتَقَرِّبًا اِلَی اللّٰہِ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ

داخل ہوتا ہوں میں اس گھر میں درحالیکہ تقرب چاہتا ہوں خدا سے اور اس کے رسول حضرت

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ فَکُوْنُوْا مَلٰٓئِکَۃَ اللّٰہِ اَعْوَانِیْ وَکُوْنُوْا اَنْصَارِیْ

محمد مصطفےٰ اور ان کی آل طاہرین سے پس ہو جاؤ اے ملائکہ خدا میرے مددگار یہاں تک کہ

حَتّٰٓی اَدْخُلَ ھٰذَا الْبَیْتَ وَاَدْعُوَ اللّٰہَ بِفُنُوْنِ الدَّعَوَاتِ وَاَعْتَرِفَ

داخل ہوں میں اس گھر میں اور دعا کروں خدا سے ہر طرح کی دعاؤں کے ساتھ اور اقرار کروں خدا کی

لِلّٰہِ بِالْعُبُوْدِیَّۃِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِاَبْنَآئِہٖ صَلَوٰاتُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ بِالطَّاعَۃِ

بندگی کا اور رسول کا اور انکی اولاد کی اطاعت کا رحمت خدا ہوں سب پر

پس بسم اللہ کہہ کر داخل حرم محترم ہو اور کہے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

داخل ہوتا ہوں میں خدا کا نام لے کر اور اسی سے مدد

وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ

چاہتے ہوئے راہ خدا میں اور ملت رسول خدا پر اے پالنے والے داخل کر تو مجھ کو داخل ہونا صدق کا اور خارج

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطَانًا نَّصِیْرًا۔ پھر سو مرتبہ اللہ اکبر

کر مجھ کو تو خارج کرنا صدق کا اور قرار دے میرے لئے اپنی جانب سے حاکم مدد کرنیوالا۔

کہے اور بالائے سر اقدس رو بقبلہ ہو کر کھڑا ہو اس طرح کہ داہنے شانہ کیطرف منبر اور بائیں شانہ

کیطرف قبر مطہر ہو پہلے دو رکعت نماز زیارت پڑھے پھر یہ زیارت پڑھے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر اے نبی خدا

اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا الْقَاسِمِ اَلسَّلَامُ

اور رحمت خدا ہو اور برکات اس کی　سلام ہو آپ پر اے ابوالقاسم　سلام ہو

عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا زَیْنَ الْقِیٰمَۃِ اَلسَّلَامُ

آپ پر اے سردار اولین و آخرین　سلام ہو آپ پر اے زینت روز قیامت　سلام

عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْقِیٰمَۃِ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

ہو آپ پر اے شفیع روز محشر گواہی دیتا ہوں میں کہ کوئی معبود نہیں ہے سوائے اللہ کے وہ یکتا ہے۔

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَاَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ وَنَصَحْتَ

اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ اس کے بندہ اور رسول ہیں تبلیغ کی آپ نے

اُمَّتَكَ وَجَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ رَبِّكَ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ

رسالت کی ادا کیا آپ نے امانت کو اور نصیحت کی آپ نے امت کو اور جہاد کیا آپ نے راہ خدا میں یہاں تک کہ

وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ طِبْتَ حَيًّا وَطِبْتَ مَيِّتًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَخِيْكَ

آپ نے انتقال فرمایا صلوات خدا ہو آپ پر اور آپ کے اہلبیت پر آپ پاک رہے زندگی میں پاک رہے بعد وفات کے صلوات

وَوَصِيِّكَ وَابْنِ عَمِّكَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَعَلَى ابْنَتِكَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ

خدا ہو آپ پر اور آپ کے بھائی اور وصی پر اور آپ کے ابن عم امیر المؤمنینؑ اور آپ کی صاحبزادی پر جو سردار ہیں تمام عورات عالم

وَعَلٰى وَلَدَيْكَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَفْضَلُ السَّلَامِ وَاَطْيَبُ التَّحِيَّةِ وَاَطْهَرُ

کی اور آپ کے دونوں فرزند حضرت امام حسنؑ و حضرت امام حسینؑ پر بہترین سلام و پاکیزہ تحفہ اور پاک تر صلوات

الصَّلٰوةِ وَعَلَيْنَا مِنْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

اور ہم پر نازل ہو آپ کی جانب سے سلام و رحمت خدا اور برکات اس کی۔

زیارت حضرت فاطمہ زہراؑ:

بعدہٗ درمیان منبر اور قبر مطہر حضرت رسول خداؐ کے کھڑا ہو اور زیارت حضرت فاطمہ زہراؑ اس طرح پڑھے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا وَالِدَةَ الْحُجَجِ عَلَى

سلام ہو آپ پر اے سردار تمام عورات عالم کی سلام ہو آپ پر اے والدہ ان سب حضرات کی جو تمام

النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ الْمَمْنُوْعَةُ حَقَّهَا۔ پھر کہے

خلق پر حجت ہیں سلام ہو آپ پر اے مظلومہ جو اپنے حق سے محروم کردی گئیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اَمَتِكَ وَابْنَةِ نَبِيِّكَ وَزَوْجَةِ وَصِيِّ نَبِيِّكَ صَلٰوةً تُزْلِفُهَا

خداوندا صلوات بھیج اپنی کنیز خاص پر اور بیٹی پر اپنے نبی کے اور زوجہ پر اپنے نبی کے وصی کے ایسی صلوات جو

فَوْقَ زُلْفٰى عِبَادِكَ الْمُكْرَمِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ الْاَرَضِيْنَ۔

قریب کرے ان کو اس سے بھی زیادہ جتنا اہل آسمان و زمین کے برگزیدہ لوگوں کو حاصل ہے۔

پھر دو رکعت نماز زیارت معصومہؑ اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں بعد سورۂ حمد کے قل ھو اللّٰہ

اور دوسری رکعت میں بعد حمد کے قل یا ایہا الکافرون پھر دعا کرے اور زیارت آئمہ بقیع کو جائے۔

زیارت حضرت آئمہ بقیع علیہم السلام

جب گورستان بقیع میں پہونچے تو حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام زین العابدینؑ او حضرت امام محمد باقرؑ اور حضرت امام جعفر صادق علیہم السلام کی زیارت کا قصد کرے اور جب دروازہ پر روضہ اقدس کے پہونچے تو کھڑا ہو کر کہے۔

يَا مَوَالِيَّ يَا اَبْنَاءَ رَسُولِ اللهِ عَبْدُكُمْ وَابْنُ اَمَتِكُمُ الذَّلِيلُ بَيْنَ اَيْدِيكُمْ وَ

اے آقا میرے اے فرزندان رسول خدا غلام آپکا اور فرزند آپ حضرات کی کنیز کا جو ذلیل ہے سامنے آپ کے

الْمُضْعَفُ فِي عُلُوِّ قَدْرِكُمْ وَالْمُعْتَرِفُ بِحَقِّكُمْ جَاءَكُمْ مُسْتَجِيرًا بِكُمْ قَاصِدًا اِلَى

حاضر ہے اور جو ضعیف ہے مقابل میں آپکے بلندیٔ قدر کے اور معترف ہے آپحضرات کے حق کا آیا ہے پاس آپکے پناہ

حَرَمِكُمْ مُتَقَرِّبًا اِلَى مَقَامِكُمْ مُتَوَسِّلًا اِلَى اللهِ بِكُمْ ءَ اَدْخُلُ يَا مَوَالِيَّ ءَ اَدْخُلُ

لے کر درحالیکہ قصد کرتا ہے آپکے حرم کا تقرب چاہتا ہے آپ کے منزلت سے توسل چاہتا ہے آپکے سبب سے خدا سے

يَا اَوْلِيَاءَ اللهِ ءَ اَدْخُلُ يَا مَلَائِكَةَ اللهِ الْمُحْدِقِينَ بِهٰذَا الْحَرَمِ الْمُقِيمِينَ

کیا داخل ہوں اے آقا میرے کیا داخل ہوں اے اولیاء خدا کیا داخل ہوں اے ملائکہ خدا جو حلقہ کئے ہیں

بِهٰذَا الْمَشْهَدِ - پس داخل ہو بخشوع و رقت قلب کے داہنا پاؤں آگے رکھ کر بسم اللہ

گرد اس حرم کے اور جو مقیم ہیں اس مشہد میں۔

کہے پھر کھڑا ہو درحالیکہ قبور آئمہ علیہم السلام کو اپنے رخ کے آگے قرار دے اور کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَئِمَّةَ الْهُدٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ التَّقْوٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

سلام ہو آپ پر اے آئمہ ہدیٰ	سلام ہو آپ پر اے صاحبان تقویٰ	سلام ہو آپ پر

اَلْحُجَجُ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الْقُوَّامُ فِي الْبَرِيَّةِ بِالْقِسْطِ اَلسَّلَامُ

اے حجت خدا اہل دنیا پر	سلام ہو آپ پر کہ آپ حضرات قائم ہیں خلق میں ساتھ قسط و عدل کے سلام ہو

عَلَيْكُمْ اَهْلَ الصَّفْوَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا آلَ رَسُولِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ

آپ پر اے صاحبان صفوت سلام ہو آپ پر اے اولاد رسول خداؐ سلام ہو آپ پر اے صاحبان

النَّجْوٰى اَشْهَدُ اَنَّكُمْ قَدْ بَلَّغْتُمْ وَنَصَحْتُمْ وَصَبَرْتُمْ فِي ذَاتِ اللهِ وَكُذِّبْتُمْ وَ

راز خدا گواہی دیتا ہوں میں کہ یقیناً آپنے پہونچایا احکام خدا اور نصیحت کی اور صبر کیا آپنے خدا کے بارے اور

اُسِيْئَ اِلَيْكُمْ فَغَفَرْتُمْ وَاَشْهَدُ اَنَّكُمُ الْاَئِمَّةُ الرَّاشِدُوْنَ الْمُهْتَدُوْنَ وَ

جھٹلائے گئے آپ اور بے ادبی کی گئی آپکے ساتھ پس آپ حضرات نے چشم پوشی کی گواہی دیتا ہوں میں کہ آپ

اَنَّ طَاعَتَكُمْ مَفْرُوْضَةٌ وَاَنَّ قَوْلَكُمُ الصِّدْقُ وَاَنَّكُمْ دَعَوْتُمْ فَلَمْ تُجَابُوْا

ائمہ راشدین ہیں ایسے کہ ہدایت یافتہ اور ہدایت پر قائم ہیں اور اطاعت آپ حضرات کی فرض کی گئی اور بتحقیق قول آپکا

وَاَمَرْتُمْ فَلَمْ تُطَاعُوْا وَاَنَّكُمْ دَعَائِمُ الدِّيْنِ وَاَرْكَانُ الْاَرْضِ ثُمَّ لَمْ تَزَالُوْا

سچ ہے اور بلایا آپنے اور نہ جواب دیا گیا آپ کو اور حکم دیا آپ نے پس نہ اطاعت کی گئی آپکی اور بتحقیق آپ ستون دین

بِعَيْنِ اللهِ يَنْسَخُكُمْ مِنْ اَصْلَابِ كُلِّ مُطَهَّرٍ وَيَنْقُلُكُمْ مِنْ اَرْحَامِ الْمُطَهَّرَاتِ

اور ارکان زمین ہیں ہمیشہ آپ حضرات خدا کے پیش نظر رہے اور وہ آپکو پشتوں سے ہر پاکیزہ بزرگ کے پیدا کرتا رہا اور منتقل کرتا رہا

لَمْ تُدَنِّسْكُمُ الْجَاهِلِيَّةُ الْجَهْلَاءُ وَلَمْ تَشْرَكْ فِيْكُمْ فِتَنُ الْاَهْوَاءِ طِبْتُمْ وَ

آپکو ارحام عورات پاکیزہ سے کبھی نہیں آلودہ کیا آپکو جاہلیت ندیمہ نے اور نہ شریک ہوئے آپ میں فتنے خواہشوں کے

طَابَ مَنْبَتُكُمْ مَنَّ بِكُمْ عَلَيْنَا دَيَّانُ الدِّيْنِ فَجَعَلَكُمْ فِي بُيُوْتٍ اَذِنَ اللهُ اَنْ

پاکیزہ ہیں آپ اور پاک ہے اصل آپکی بسبب آپکے احسان کیا ہم پر حاکم روز جزا نے پس گردانا آپکو ان گھروں میں جنکے

تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَجَعَلَ صَلَوَاتِنَا عَلَيْكُمْ رَحْمَةً لَنَا وَكَفَّارَةً لِذُنُوْبِنَا

باب میں اجازت دی ہے اس امر کی کہ بلند کئے جائیں اور اس میں اس کا ذکر کیا جائے اور قرار دیا صلوات بھیجنا آپ پر رحمت

اِذِ اخْتَارَكُمُ اللهُ لَنَا وَطَيَّبَ خَلْقَنَا بِمَا مَنَّ عَلَيْنَا مِنْ وِلَايَتِكُمْ وَكُنَّا عِنْدَهٗ

ہمارے لئے اور کفارہ ہمارے گناہوں کا چن لیا خدا نے آپکو ہمارے لئے اور پاکیزہ کیا خدا نے ہماری خلقت اس بات سے کہ

مُسَمِّيْنَ بِعِلْمِكُمْ مُعْتَرِفِيْنَ بِتَصْدِيْقِنَا اِيَّاكُمْ وَهٰذَا مَقَامُ مَنْ اَسْرَفَ وَ

احسان کیا اس نے ہم پر آپکی ولایت سے اور ہم اس کے پاس تھے نام بہ نام آپکے علم میں درحالیکہ معترف تھے خاص کر آپ حضرات

اَخْطَاَ وَاسْتَكَانَ وَاَقَرَّ بِمَا جَنٰى وَرَجَا بِمَقَامِهِ الْخَلَاصَ وَاَنْ يَسْتَنْقِذَهٗ

کی اپنی تصدیق کے ساتھ کہ جس نے گناہ کیا اور خطا کی اور ذلیل ہوا جہاں میں کھڑا ہوں یہ اس شخص کا مقام ہے اور اقرار کیا اپنے

بِكُمْ مُسْتَنْقِذُ الْهَلْكٰى مِنَ الرَّدٰى فَكُوْنُوْا لِيْ شُفَعَاءَ فَقَدْ وَفَدْتُ اِلَيْكُمْ اِذْ

اپنے گناہ کا اور امید کی اپنے حاضر ہونے سے رہائی کی اور آرزو کی اس امر کی کہ بچالے اس کو بسبب آپکے وہ خدا جو بچانیوالا ہے

رَغِبَ عَنْكُمْ اَهْلُ الدُّنْيَا وَاتَّخَذُوْا اٰيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا يَا

ہلاک ہونیوالوں کا پس ہو جائیے آپ میرے شفیع پس تحقیق کہ حاضر ہوا ہوں میں آپکے پاس جبکہ اہل دنیا نے روگردانی کی آپ سے

مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَّا يَسْهُوْ وَدَائِمٌ لَّا يَلْهُوْ وَمُحِيْطٌ بِكُلِّ شَيْءٍ لَكَ الْمَنُّ بِمَا

اور انھوں نے آیات خدا کو مسخرہ کی چیز بنا لیا اور تکبر کیا ان سے اے خدا کہ قائم ہے سہو نہیں کرتا ہمیشہ رہنے والا ہے جو غفلت

وَفَّقْتَنِيْ وَعَرَّفْتَنِيْ بِمَا اَقَمْتَنِيْ عَلَيْهِ اِذْ صَدَّ عَنْهُ عِبَادُكَ وَجَهِلُوْا مَعْرِفَتَهٗ

نہیں کرتا اور گھیرے ہوئے ہے ہر شے کو تیرا احسان ہے اس امر میں کہ تو نے توفیق دی مجھکو اور پہچنوا دیا تو نے مجھ کو وہ امر اور

وَاسْتَخَفُّوْا بِحَقِّهٖ وَمَالُوْا اِلٰى سِوَاهُ فَكَانَتِ الْمِنَّةُ مِنْكَ عَلَيَّ مَعَ اَقْوَامٍ

قائم رکھا تو نے مجھ کو اس امر پر جبکہ روگردانی کی تیرے بندوں نے اور جاہل رہے وہ انکی معرفت سے اور استخفاف کیا ان کے حق کا اور مائل ہو

خَصَصْتَهُمْ بِمَا خَصَصْتَنِيْ بِهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ اِذْ كُنْتُ عِنْدَكَ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا مَذْكُوْرًا

گئے غیر کیطرف پس احسان ہوا مجھ پر تیرا مع ان لوگوں کے جنکو مخصوص کیا تو نے اس چیز کے ساتھ کہ جس کے ساتھ مخصوص کیا تو نے

مَكْتُوْبًا فَلَا تَحْرِمْنِيْ مَا رَجَوْتُ وَلَا تُخَيِّبْنِيْ فِيْمَا دَعَوْتُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ

مجھ کو پس حمد ہے تیری اس لیئے کہ میں تیرے نزدیک اس مقام میں ذکر کیا گیا، لکھا گیا۔ پس نہ محروم کر مجھ کو اس امر سے جسکی

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

میں نے امید کی ہے اور نہ ناکام پھیر مجھ کو اس امر سے جسکی دعا کی ہے بطفیل حضرت محمدؐ اور انکی اولاد پاکیزہ کے۔ صلوات خدا ہو محمدؐ اور انکی آل پر

پس جو دعا مانگی ہو مانگے خدائے تعالیٰ قبول فرمائے گا پھر جدا جدا ہر معصوم کی دو ۲ دو ۲ رکعت یعنی آٹھ رکعت نماز زیارت پڑھے۔

زیارت جناب فاطمہ بنت اسد والدہ ماجدہ حضرت امیر المومنینؑ

اَلسَّلَامُ عَلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

سلام ہو نبی خدا پر سلام ہو رسول خدا پر سلام ہو حضرت محمد مصطفےٰؐ پر جو سردار ہیں مرسلین

اَلسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاٰخِرِيْنَ اَلسَّلَامُ

کے سلام ہو حضرت محمدؐ پر جو سردار اولین ہیں سلام ہو حضرت محمد مصطفےٰؐ پر جو سردار آخرین ہیں سلام ہو اس

عَلٰی مَنْ بَعَثَهُ اللّٰهُ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

بزرگوار پر جس کو خدا نے مبعوث کیا اور رحمت قرار دیا تمام عالم کیلئے سلام ہو آپ پر اے نبی (خداؐ) اور رحمت خدا ہو

وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلٰی فَاطِمَةَ بِنْتِ اَسَدِنِ الْهَاشِمِيَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا

اور برکات اس کی سلام ہو جناب فاطمہ بنت اسد پر جو ہاشمیہ ہیں سلام ہو آپ پر اے

الصِّدِّيْقَةُ الْمَرْضِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا التَّقِيَّةُ النَّقِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْكَرِيْمَةُ

صدیقہ پسندیدہ سلام ہو آپ پر اے صاحب تقویٰ پاک و پاکیزہ سلام ہو آپ پر اے صاحب کرم

الرَّضِيَّةُ الْمَرْضِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا كَافِلَةَ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ

پسندیدہ پسند کردہ شدہ سلام ہو آپ پر اے کفالت کرنیوالی محمدؐ کی جو خاتم الانبیاء ہیں سلام ہو آپ پر

يَا وَالِدَةَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا مَنْ ظَهَرَتْ شَفَقَتُهَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ

اے والدہ سردار اوصیاء کی سلام ہو آپ پر اے وہ معظمہ کہ ظاہر ہوئی شفقت جنکی حضرت رسول اللہؐ

خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا مَنْ تَرْبِيَتُهَا لِوَلِيِّ اللّٰهِ الْاَمِيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَ

پر جو خاتم الانبیاء ہیں سلام ہو آپ پر اے وہ معظمہ جس نے تربیت کی ولی خدا کی جو امین ہیں سلام ہو آپ پر اور

عَلٰی رُوْحِكِ وَبَدَنِكِ الطَّاهِرِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَعَلٰی وَلَدِكِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ

آپکی روح پر اور آپکے جسم پاکیزہ پر سلام ہو آپ پر اور آپ کے فرزند پر اور رحمت خدا ہو اور

بَرَكَاتُهُ اَشْهَدُ اَنَّكِ اَحْسَنْتِ الْكَفَالَةَ وَاَدَّيْتِ الْاَمَانَةَ وَاجْتَهَدْتِ فِيْ

برکات اس کی گواہی دیتا ہوں میں اس امر کی کہ اچھی کفالت کی آپنے اور ادا کیا آپنے امانت کو اور کوشش کی آپنے

مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَبَالَغْتِ فِيْ حِفْظِ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَارِفَةً بِحَقِّهِ مُؤْمِنَةً بِصِدْقِهِ

رضائے خدا میں اور بلیغ کوشش کی آپنے حفاظت رسول خدا میں اور آپ بہت عارف تھیں ان کے حق کی اور ایمان

مُعْتَرِفَةً بِنُبُوَّتِهِ مُسْتَبْصِرَةً بِنِعْمَتِهِ كَافِلَةً بِتَرْبِيَتِهِ مُشْفِقَةً عَلٰی نَفْسِهِ وَاقِفَةً

لانیوالی تھیں ان کے صدق پر اور اعتراف کرنیوالی تھیں انکی نبوت کی صاحب بصیرت تھیں ان کی نعمت کی پر کفالت

عَلٰی خِدْمَتِهِ مُخْتَارَةً رِضَاهُ مُؤْثِرَةً هَوَاهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكِ مَضَيْتِ عَلَى الْاِيْمَانِ

کرنیوالی تھیں ان کی تربیت میں شفیق تھیں ان کے نفس پر قائم تھیں ان کی خدمت پر اختیار کرنیوالی تھیں انکی

وَالتَّمَسُّكِ بِاَشْرَفِ الْاَدْيَانِ رَاضِيَةً مَرْضِيَّةً طَاهِرَةً زَكِيَّةً تَقِيَّةً نَقِيَّةً

رضا کو مقدم کرنیوالی تھیں انکی خوشیوں کو اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپنے انتقال کیا ایمان پر اور جو اچھا دین

فَرَضِیَ اللّٰہُ عَنْکِ وَاَرْضَاکِ وَجَعَلَ الْجَنَّۃَ مَنْزِلَکِ وَمَاْوٰیکِ اَللّٰھُمَّ

پس راضی رہے خدا آپ سے اور خوشنود کرے آپکو قرار دے جنت کو آپکا مقام اور آپکی منزل۔ خداوندا صلوات

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّانْفَعْنِیْ بِزِیَارَتِھَا وَثَبِّتْنِیْ عَلٰی مَحَبَّتِھَا وَلَا تَحْرِمْنِیْ

بھیج محمد وآل محمد پر اور نفع دے مجھ کو ان معظمہ کی زیارت سے اور ثابت قدم رکھ ان کی محبت پر اور

شَفَاعَتَھَا وَشَفَاعَۃَ الْاَئِمَّۃِ مِنْ ذُرِّیَّتِھَا وَارْزُقْنِیْ مُرَافَقَتَھَا وَاحْشُرْنِیْ

محروم نہ کر مجھ کو انکی شفاعت سے اور شفاعت آئمہ سے جو ان کی اولاد سے ہیں اور عطا کر رفاقت انکی اور محشور کر مجھ کو ان کے

مَعَھَا وَمَعَ اَوْلَادِھَا الطَّاھِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنْ زِیَارَتِیْ

اور انکی اولاد پاکیزہ کے ساتھ خداوندا نہ قرار دے تو میری اس زیارت کو اس معظمہ کی آخری زیارت اور پھر

اِیَّاھَا وَارْزُقْنِی الْعَوْدَ اِلَیْھَا اَبَدًا مَا اَبْقَیْتَنِیْ وَاِذَا تَوَفَّیْتَنِیْ فَاحْشُرْنِیْ فِیْ

نصیب کر ان معظمہ کی قبر پر آنا ہمیشہ جبتک تو مجھ کو زندہ رکھے اور جب موت دے مجھ کو تو محشور کر انکے زمرہ

زُمْرَتِھَا وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ شَفَاعَتِھَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّھَا

میں اور داخل کر مجھ کو ان کی شفاعت میں اپنی رحمت سے اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالے۔ خداوندا واسطہ ان کے

عِنْدَکَ وَمَنْزِلَتِھَا لَدَیْکَ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

حق کا جو تیرے نزدیک ہے اور ان کی منزلت کا جو تیری بارگاہ میں ہے بخشدے مجھ کو اور میرے والدین اور تمام مومنین و

وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا بِرَحْمَتِکَ عَذَابَ النَّارِ

مومنات کو اور عطا کر مجھ کو دنیا میں نیکی اور آخرت میں بھلائی اور محفوظ رکھ اپنی رحمت سے مجھکو عذاب جہنم

پس دو رکعت نماز پڑھے اور دعا کرے انشاء اللہ مستجاب ہوگی پھر جناب حمزہ کی زیارت کو جائے

زیارت جناب حمزہؑ

جب احد میں پہونچے تو نزدیک قبر جناب حمزہ کے کھڑا ہو اور کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَخَیْرَ الشُّھَدَاۤءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَسَدَ

سلام ہو آپ پر اے چچا حضرت رسول خدا کے اور بہترین شہدا سلام ہو آپ پر اے شیر خدا و شیر

اللّٰہِ وَاَسَدَ رَسُوْلِہٖ اَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ جَاھَدْتَ فِی اللّٰہِ وَنَصَحْتَ لِرَسُوْلِ

اس کے رسول کے گواہی دیتا ہوں میں کہ آپ نے جہاد کیا راہ خدا میں اور اخلاص کیا اپنے رسول خدا

اللهِ وَجُدْتَ بِنَفْسِكَ وَطَلَبْتَ مَا عِنْدَ اللهِ وَرَغِبْتَ فِيمَا وَعَدَ اللهُ

کے بارے میں اور سخاوت کی اپنی جان کے ساتھ اور طلب کیا آپنے اس چیز کو جو خدا کے نزدیک ہے اور رغبت کی اس

پس دو رکعت نماز ہدیہ پڑھے جب نماز سے فارغ ہو تو اپنے کو قبر پر گرا دے اور کہے

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ اللّٰهُمَّ اِنِّي تَعَرَّضْتُ لِرَحْمَتِكَ

خداوندا صلوات بھیج حضرت محمدؐ اور انکے اہلبیت پر۔ خداوندا میں طالب ہوا ہوں تیری رحمت کا لپٹ کر

بِلُزُومِي لِقَبْرِ عَمِّ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ لِتُجِيرَنِي

اس قبر سے جو تیرے نبی کے چچا کی ہے۔ صلوات ہو تیری انپر اور ان کے اہلبیت پر تاکہ مجھ کو بچالے اپنے عذاب

مِنْ نَقِمَتِكَ وَسَخَطِكَ وَمَقْتِكَ وَمِنَ الْاَزَالِيْلِ فِي يَوْمٍ تَكْثُرُ فِيهِ الْعَثَرَاتُ

اور اپنے غضب سے اور اپنے دشمنی سے اور لغزش سے اس روز کی جس دن کثرت سے ہوں گی سختیاں

وَالْاَصْوَاتُ وَتَشْتَغِلُ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا قَدَّمَتْ وَتُجَادِلُ كُلُّ نَفْسٍ عَنْ نَفْسِهَا

اور زیادہ ہوں گی آوازیں اور مشغول ہوگا ہر شخص اس گناہ کے فکر میں جو اس نے کیا ہے اور جبکہ ہر نفس مجادلہ

فَاِنْ تَرْحَمْنِي الْيَوْمَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيَّ وَلَا حُزْنٌ وَاِنْ تُعَاقِبْ فَمَوْلًى

کرے گا اپنے نفس کیطرف سے پس اگر تو نے رحم کیا اس روز مجھ پر تو نہ خوف ہوگا مجھ کو نہ حزن ہوگا۔ اور اگر عقاب

لَهُ الْقُدْرَةُ عَلٰى عَبْدِهِ۔ اَللّٰهُمَّ فَلَا تُخَيِّبْنِي الْيَوْمَ وَلَا تَصْرِفْنِي بِغَيْرِ حَاجَتِي

کیا تو نے مجھپر بتحقیق تو وہ آقا ہے جسے اپنے بندہ پر اختیار ہے۔ خداوندا محروم کر مجھکو آج کے دن اور ناکام واپس کرنا مجھ کو بغیر حاجت

فَقَدْ لَصِقْتُ بِقَبْرِ عَمِّ نَبِيِّكَ وَتَقَرَّبْتُ بِهِ اِلَيْكَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ وَرَجَاءَ

پوری کئے ہوئے کہ میں لپٹا ہوں قبر سے تیرے نبی کے چچا کی اور تقرب چاہا ہے میں نے تجھ سے انہیں حضرت کے ذریعہ سے تیری خوشنودی

رَحْمَتِكَ فَتَقَبَّلْ مِنِّي وَعُدْ بِحِلْمِكَ عَلٰى جَهْلِي وَبِرَاْفَتِكَ عَلٰى جِنَايَتِي فَقَدْ عَظُمَ جُرْمِي

چاہنے کیلئے اور تیری رحمت کی امید میں پس قبول کر مجھسے اور رحم کر تو اپنے حلم سے میرے جہل پر اور اپنی مہربانی سے میرے گناہ پر تحقیق کہ زیادہ

وَمَا اَخَافُ اَنْ تَظْلِمَنِي وَلٰكِنْ اَخَافُ سُوْءَ الْحِسَابِ فَانْظُرِ الْيَوْمَ تَقَلُّبِي عَلٰى

جرم ہے اور نہیں ڈرتا ہوں میں اس امر سے کہ تو مجھپر ظلم کریگا لیکن ڈرتا ہوں میں برائی سے حساب کی پس نظر کر آج کے روز میرے کروٹیں لینے کو قبر

قَبْرِ عَمِّ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ فَبِهِمْ فُكَّنِي مِنَ النَّارِ وَلَا

اپنے نبی کے چچا کے صلوات ہو تیری محمدؐ پر اور انکے اہلبیت پر پس بواسطہ ان کے آزاد کر مجھ کو آتش جہنم سے اور ضائع نہ کر

تُخَيِّبْ سَعْيِي وَلَا يَهُونَنَّ عَلَيْكَ ابْتِهَالِي وَلَا تَحْجُبْ مِنْكَ صَوْتِي وَلَا

میری کوشش کو اور نہ سبک ہو تیرے اوپر تضرع وزاری میری اور نہ روک اپنے تک پہونچنے سے میری آواز کو اور نہ

تَقْلِبْنِي بِغَيْرِ حَوَائِجِي يَا غِيَاثَ كُلِّ مَكْرُوبٍ وَمَحْزُونٍ يَا مُفَرِّجُ عَنِ

پھیر تو مجھ کو بغیر قضائے حوائج کے اے فریاد کو پہونچنے والے ہر صاحب کرب و حزن کے اے برطرف کرنے والے غم کے

الْمَلْهُوفِ الْحَيْرَانِ الْغَرِيبِ الْغَرِيقِ الْمُشْرِفِ عَلَى الْهَلَكَةِ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ

اس مغموم سے جو حیران، مسافر غرق ہونے اور بہ ہلاکت ہو صلوات بھیج حضرت محمدؐ

وَأَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِينَ وَانْظُرْ إِلَيَّ نَظْرَةً لَا أَشْقَى بَعْدَهَا أَبَدًا وَارْحَمْ

اور ان کے اہلبیت طاہرین پر اور نظر کر مجھ پر ایسی نظر کہ اس کے بعد میں کبھی شقی نہ ہوں اور رحم کر

تَضَرُّعِي وَعَبْرَتِي وَانْفِرَادِي فَقَدْ رَجَوْتُ رِضَاكَ وَتَحَرَّيْتُ الْخَيْرَ

میری گریہ و زاری پر اور مسافرت پر اور تنہائی پر پس امید کرتا ہوں میں تیری خوشنودی کا اور طلب کرتا

الَّذِي لَا يُعْطِيهِ أَحَدٌ سِوَاكَ وَلَا تَرُدَّ أَمَلِي۔

ہوں میں اس خیر کو جو سوائے تیرے کوئی دوسرا نہیں دے سکتا اور میری آرزو کو رد نہ کر۔

بعد اس کے دیگر شہداء کے قبور کے قریب کھڑے ہو کر کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ أَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ إِنَّا بِكُمْ لَاحِقُونَ۔

سلام ہو آپ پر اے صاحبان دیار آپ لوگ ہمارے لئے سبقت کرنیوالے ہیں ہم آپکے ساتھ ملحق ہونے والے ہیں۔

زیارت وداع حضرت رسالتمآبؐ

جاننا چاہیئے کہ جب سب امور سے فارغ ہو تو غسل کرے اور قبر مطہر حضرت رسالتمآبؐ پر جائے اور جو عمل سابق میں کرتا رہا ہے بجالائے بعد اس کے کہے۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْهُ آخِرَ الْعَهْدِ مِنْ زِيَارَةِ قَبْرِ نَبِيِّكَ فَإِنْ تَوَفَّيْتَنِي قَبْلَ ذٰلِكَ فَإِنِّي

خداوندا نہ گردان اس عمل کو آخری زیارت سے اپنے نبیؐ کے قبر کی پس اگر تو نے مجھے موت دی قبل اس کے

أَشْهَدُ فِي مَمَاتِي عَلَى مَا شَهِدْتُ عَلَيْهِ فِي حَيَاتِي أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا

کہ میں آؤں تو پس میں شہادت دوں گا اپنے موت میں اس بات

اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ ۔ پس دعا کرے پھر اس طرح زیارت وداع پڑھے

پر جبکہ گواہی دی ہیں نے اپنی حیات میں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے اور تحقیق حضرت محمد تیرے بندے اور رسولؐ ہیں ۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ لَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ تَسْلِيْمِيْ عَلَيْكَ

صلوات خدا ہو آپ پر سلام ہو آپ پر نہ گردانے خدا اس کو آخری سلام کرنا میرا آپ پر

زیارت وداع حضرات آئمہ بقیع علیہم السلام

اس کے بعد قبور حضرات آئمہ بقیع علیہم السلام پر جا کر اس طرح وداع کرے اور کہے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ وَاَقْرَءُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ

سلام ہو آپ حضرات پر اور رحمت خدا ہو اور برکات اس کی سپرد کرتا ہوں میں آپ حضرات کو خدا کے اور آپ حضرات کو سلام

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَبِمَا جِئْتُمْ بِهٖ وَدَلَلْتُمْ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ

کرتا ہوں ایمان لایا ہوں میں خدا پر اور رسول پر اور اس پر جو آپ حضرات خدا کی طرف سے لائے ہیں اور اس رہنمائی کی آپ حضرات نے خداوندا لکھ

پس دعا کرے کہ دوبارہ خداوند عالم ان حضرات کی زیارت سے مشرف ہونے کا موقع دے ۔

بیان اعمال مساجد جو مدینہ منورہ میں واقع ہیں ۔

حدیث معتبر میں ہے کہ عقبہ نے حضرت امام جعفر صادقؑ علیہ السلام سے سوال کیا کہ جب میں جاؤں ان مساجد میں جو گرد مدینہ کے ہیں تو کس مسجد سے ابتدا کروں ۔ فرمایا حضرت نے کہ ابتدا کرو مسجد قبہ سے اور اس میں بہت سی نمازیں پڑھو اس لئے کہ وہ پہلی مسجد ہے جس میں حضرت رسولخداؐ نے نماز پڑھی ہے بعد اس کے غرفہ جناب ابراہیم میں نماز پڑھو کہ وہ مسکن اور محل نماز حضرت رسولخداؐ کا ہے پھر مسجد فضیخ میں جا کر دو رکعت نماز پڑھو کہ پیغمبر خداؐ نے اس میں نماز پڑھی ہے اور جب وہاں سے فارغ ہو تو کوہ احد میں جاؤ اور ابتدا کرو اس مسجد سے جو پائین سنگستان ہے اور اس میں نماز پڑھو پھر قبر جناب حمزہؑ بن عبدالمطلب میں جاؤ اور سلام کرو ان پر پھر شہدا کے قبور کی طرف جاؤ اور نزدیک ان قبور کے کھڑے ہو کر کہو ۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَّ اِنَّا بِکُمْ لَاحِقُوْنَ

سلام ہو آپ پر اے صاحبان دیار آپ لوگ ہمارے لئے سبقت کرنے والے ہیں اور ہم آپکے ساتھ ملحق ہونے والے ہیں۔

پھر اس مسجد میں جاؤ جو مکان کشادہ میں پہلوئے کوہ اُحد واقع ہے پس اس مسجد میں نماز پڑھو کہ حضرت رسولخداؐ نے وہاں جا کر اُحد کی طرف کفار سے جنگ کی ہے اور اس مقام پر نماز پڑھی ہے اور بعد جنگ پھر اس مقام پر واپس آئے ہیں اور نماز یں پڑھو نزدیک قبر شہداؑ کے بعد اُس کے مسجد احزاب میں جاؤ اور نماز پڑھو کہ حضرت رسولخداؐ نے اس مقام پر دعا کی ہے بروز جنگ احزاب اور فرمایا:۔

یَا صَرِیْخَ الْمَکْرُوْبِیْنَ وَیَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَیَا مُغِیْثَ الْمَھْمُوْمِیْنَ

اے فریادرس صاحبان کرب کے اور اے مستجاب کرنے والے صاحبان اضطرار کی دعا کے اور اے فریادرسی کرنے والے صاحبان

اِکْشِفْ ھَمِّیْ وَکَرْبِیْ وَغَمِّیْ۔

ہم و غم کے برطرف کر تو میرے ہم و کرب و غم کو۔

زیارت قبور جد بزرگوار و والدین حضرت رسالتمآبؐ

واضح ہو کہ جب قبر جناب عبدالمطلب یا قبر جناب عبداللہ یا قبر جناب آمنہ یا قبر جناب ابوطالب علیہم السلام پر پہونچے تو دو رکعت نماز بقصد زیارت حضرت رسالتمآبؐ پڑھے پھر کہے۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے جو یکتا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں

عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاَنَّہٗ سَیِّدُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَاَنَّہٗ سَیِّدُ الْاَنْبِیَآءِ

میں کہ تحقیق حضرت محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں اور تحقیق وہ سردار اولین و آخرین ہیں اور تحقیق وہ حضرت سردار انبیاء و

وَالْمُرْسَلِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْہِ وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہِ الْاَئِمَّۃِ الطَّیِّبِیْنَ

مرسلین ہیں خداوندا صلوات بھیج ان پر اور ان کے اہلبیت پر جو ائمہ طاہرین ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر اے رسول خدا سلام ہو آپ پر اے خلیل خدا سلام ہو آپ پر

یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَحْمَۃَ اللّٰہِ

اے نبی خدا سلام ہو آپ پر اے برگزیدہ خدا سلام ہو آپ پر اے رحمت خدا

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خِیَرَۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر اے بہترین خلق خدا سلام ہو آپ پر اے حبیب خدا سلام ہو آپ پر

یَا نَجِیْبَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ

اے منتخب خدا سلام ہو آپ پر اے خاتم الانبیاء سلام ہو آپ پر اے سردار

الْمُرْسَلِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَائِمًا بِالْقِسْطِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا فَاتِحَ الْخَیْرِ اَلسَّلَامُ

مرسلین سلام ہو آپ پر اے قائم رہنے والے ساتھ قسط وعدل کے سلام ہو آپ پر اے جاری کرنیوالے خیر کے سلام

عَلَیْکَ یَا مَعْدِنَ الْوَحْیِ وَالتَّنْزِیْلِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُبَلِّغًا عَنِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ

ہو آپ پر اے معدن وحی اور تنزیل کے سلام ہو آپ پر اے پہونچانیوالے خدا کیطرف سے سلام ہو

عَلَیْکَ اَیُّھَا السِّرَاجُ الْمُنِیْرُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُبَشِّرُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَذِیْرُ

آپ پر اے سراج روشن سلام ہو آپ پر اے بشارت دینے والے سلام ہو آپ پر اے ڈرانے والے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُنْذِرُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ اللّٰہِ الَّذِیْ یُسْتَضَاءُ بِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰی

سلام ہو آپ پر اے خوف دلانیوالے سلام ہو آپ پر اے نور خدا جس سے روشنی حاصل کی جاتی ہے سلام ہو آپ پر اور آپکے

اَھْلِ بَیْتِکَ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ الْھَادِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

اہلبیت پاک و پاکیزہ پر جو ہدایت کرنے والے اور ہدایت یافتہ ہیں سلام ہو آپ پر اور آپکے

وَعَلٰی جَدِّکَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَعَلٰی اَبِیْکَ عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلٰی اُمِّکَ

جد جناب عبد المطلب پر اور آپکے والد ماجد جناب عبد اللہ پر سلام ہو آپ کی والدہ ماجدہ

اٰمِنَۃَ بِنْتِ وَھْبٍ اَلسَّلَامُ عَلٰی عَمِّکَ حَمْزَۃَ سَیِّدِ الشُّھَدَاءِ اَلسَّلَامُ

جناب آمنہ دختر وہب پر سلام ہو آپ کے چچا جناب حمزہ پر جو سردار شہداء تھے سلام ہو آپ کے چچا

عَلٰی عَمِّکَ وَکَفِیْلِکَ اَبِیْ طَالِبٍ اَلسَّلَامُ عَلَی ابْنِ عَمِّکَ جَعْفَرِنِ الطَّیَّارِ

اور آپ کی کفالت کرنے والے جناب ابو طالب پر سلام ہو آپ کے چچیرے بھائی جناب جعفر طیار پر

فِیْ جِنَانِ خُلْدٍ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ جَمِیْعًا وَّرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

جو پرواز کرنے والے ہیں جنان خلد میں سلام ہو آپ سب حضرات پر اور رحمت خدا ہو اور برکات اس کی۔

کیفیت زیارت حضرت امیر المومنین علیہ السلام

نجف اشرف وہ مقدس مقام ہے جہاں پر حلال مشکلات حضرت امیر المومنین و امام المتقین علیہ السلام کا روضۂ اقدس ہے' احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ اس میں اور اس کے قرب و جوار میں جناب آدم، جناب نوح، جناب ہود، جناب صالح، جناب یونس اور ان کے علاوہ بہت سے انبیاء و اوصیاء دفن ہیں بلکہ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سر اقدس حضرت سید الشہداء علیہ السلام بھی یہیں دفن ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص میرے جد امیر المومنین کی زیارت بجالائے اور آنحضرت کے حق کو بھی پہچانتا ہو اور آپ کو خلیفہ بلا فصل مانتا ہو تو خداوند عالم اس کے لئے ایک لاکھ شہیدوں کا اجر تحریر فرماتا ہے۔ اور گناہانِ گذشتہ و آئندہ اس کے بخشد یتا ہے اور وہ قیامت میں بےخوف اٹھایا جائے گا۔ حساب و کتاب اُس پر آسان ہو جائے گا" جب زائر زیارت کیلئے روانہ ہوتا ہے تو ملائکہ اس کا استقبال کرتے ہیں اور واپسی میں گھر تک پہونچاتے ہیں۔ اگر راستہ میں بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرتے ہیں، اگر مرجائے تو جنازہ کی مشایعت کرتے ہیں۔ اس کے لئے طلب مغفرت کرتے ہوئے قبر تک پہونچاتے ہیں۔ اور جو شخص نہ زیارت حضرت امیر المومنین کے لئے جاتا ہے تو خداوند عالم اس کے ہر قدم پر حج مقبول و عمرۂ پسندیدہ اور اگر پیدل جائے تو ہر قدم پر دو حج مقبول و دو عمرۂ پسندیدہ کا ثواب عطا فرماتا ہے پھر آپ نے ابن مارد کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ اے ابن مارد قسم ہے خدا کی نہ جلائے گی آتش جہنم اس پیر کو جو گرد آلود ہوئے زیارت حضرت امیر المومنین میں پیدل گئے ہوں یا سواری میں اے ابن مارد میرے اس قول کو آب زر سے لکھ لے۔ فضیلت و ثواب زیارت میں بکثرت حدیثیں وارد ہیں بسبب طول اسی پر اکتفا کیگئی۔ واضح ہو کہ جب ارادہ زیارت قبر مطہر حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا ہو تو غسل کرے لباس پاکیزہ پہنے اگر ممکن ہو تو خوشبو لگائے اور جب

گھر سے نکلنے لگے تو کہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ خَرَجْتُ مِنْ مَنْزِلِیْ اَبْغِیْ فَضْلَكَ وَ
خداوندا میں اپنے مکان سے نکلا ہوں تیرے فضل کی طلب میں اور تیرے
اَزُوْرُ وَصِیَّ نَبِیِّكَ صَلَوٰتُكَ عَلَیْهِمَا اَللّٰهُمَّ فَیَسِّرْ ذٰلِكَ لِیْ وَسَبِّبِ الْمَزَارَ لَهٗ
نبی کے وصی کی زیارت کو صلوات بھیج ان دونوں حضرات پر خداوندا اس کو میرے لیے آسان کر دے اور ان کی
وَاخْلُفْنِیْ فِیْ عَاقِبَتِیْ وَحُزَانَتِیْ بِاَحْسَنِ الْخِلَافَةِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ
زیارت کے اسباب مہیا کر دے اور میرے پسماندگان اور خاندان میں تو میری نیابت فرما اچھی طرح اے سب رحم کرنے والوں زیادہ رحیم

پس روانہ ہو اور راہ میں برابر اس کو پڑھتا رہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ جب قبہ حرم محترم پر نظر
سب تعریفیں اس خدا کیلئے ہیں جو پاک و منزہ ہے تمام صفات مخلوق سے اور نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے۔
پڑے تو کہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی مَا اخْتَصَّنِیْ بِهٖ مِنْ طِیْبِ الْمَوْلِدِ وَاسْتَخْلَصَنِیْ
سب تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس نے مجھے پاکیزہ ولادت کے ساتھ مخصوص کیا اور اپنے انتہائی کرم
اِکْرَامًا بِهٖ مِنْ مُوَالَاةِ الْاَبْرَارِ السَّفَرَةِ الْاَطْهَارِ وَالْخِیَرَةِ الْاَعْلَامِ۔
کی وجہ سے ان بزرگوں کی محبت کیلئے منتخب فرمایا جو ابرار ہیں سفیر ہیں پاک و پاکیزہ ہیں صاحبان خیر ہیں بلند مرتبہ ہیں۔
اَللّٰهُمَّ فَتَقَبَّلْ سَعْیِیْ اِلَیْكَ وَتَضَرُّعِیْ بَیْنَ یَدَیْكَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ
خداوندا میری کوشش جو تیری جانب ہے اسے اور میری گریہ وزاری کو جو تیری بارگاہ میں ہے پورا قبول فرما۔ اور میرے گناہوں
الَّتِیْ لَا تَخْفٰی عَلَیْكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْغَفَّارُ جب دروازہ شہر نجف
کو بخش دے جو تجھ سے مخفی نہیں ہیں۔ بتحقیق کہ تو خدا ہے مالک و غفار ہے۔
پر پہونچے تو کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَا
سب تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس نے ہماری ہدایت فرمائی اگر وہ ہدایت نہ فرماتا تو ہم ہرگز
اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَیَّرَنِیْ فِیْ بِلَادِهٖ وَحَمَلَنِیْ عَلٰی دَوَابِّهٖ وَ
ہدایت یافتہ نہ ہوتے۔ سب تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس نے مجھ کو اپنے ملکوں کی سیر کرائی اور مجھے سواری دی اور
طَوٰی لِیَ الْبَعِیْدَ وَصَرَفَ عَنِّی الْمَحْذُوْرَ وَدَفَعَ عَنِّی الْمَكْرُوْهَ حَتّٰی اَقْدَمَنِیْ حَرَمَ
مسافت دراز کو میرے لئے کوتاہ کیا اور خوف و خطر کو مجھ سے دور کیا اور ناپسندیدہ باتوں کو مجھ سے دفع کیا یہاں تک کہ

أَخِي رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ ۔ جب شہر میں داخل ہو تو کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

اپنے رسول کے بھائی کے حرم تک پہونچا دیا صلوات خدا ہو انپر اور انکی آل پر۔ سب تعریفیں ہیں خدا

الَّذِي أَدْخَلَنِي هٰذِهِ الْبُقْعَةَ الْمُبَارَكَةَ الَّتِي بَارَكَ اللّٰهُ فِيهَا وَاخْتَارَهَا

کے لئے ہیں جس نے مجھے اس مبارک سرزمین میں داخل کیا جس میں اپنی برکتیں نازل کی ہیں اور اس کو اپنے نبی کے

لِوَصِيِّ نَبِيِّهِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْهَا شَاهِدَةً لِي جب صحن کے پھاٹک پر پہونچے

وصی کے لئے قرار دیا خداوندا اس کو میرا گواہ قرار دے۔

تو کہے اَللّٰهُمَّ إِنَّ هٰذَا الْحَرَمَ حَرَمُكَ وَالْمَقَامَ مَقَامُكَ وَأَنَا أُدَاخِلُ

خداوندا یقیناً یہ حرم تیرا حرم ہے اور یہ مقام تیرا مقام ہے اور میں داخل ہو رہا ہوں

إِلَيْهِ أُنَاجِيكَ بِمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنْ سِرِّي وَنَجْوَايَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْحَنَّانِ

اسمیں مناجات کرتا ہوا ان خیالات کے ساتھ جن کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے میرے دل کی باتوں میں سے سب

الْمَنَّانِ الْمُتَطَوِّلِ الَّذِي مِنْ تَطَوُّلِهِ سَهَّلَ لِي زِيَارَةَ مَوْلَايَ بِإِحْسَانِهِ

تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جو مہربانی کرنیوالا ہے احسان کرنے والا ہے جود و بخشش کرنے والا جس نے اپنے احسان

وَلَمْ يَجْعَلْنِي عَنْ زِيَارَتِهِ مَمْنُوعاً وَلَا عَنْ وِلَايَتِهِ مَدْفُوعاً بَلْ تَطَوَّلَ

سے میرے مولیٰ کی زیارت مجھپر آسان کر دی، اور مجھ کو ان جناب کی زیارت سے ممنوع اور ولایت سے علیحدہ

وَمَنَحَ اَللّٰهُمَّ كَمَا مَنَنْتَ عَلَيَّ بِمَعْرِفَتِهِ فَاجْعَلْنِي مِنْ شِيعَتِهِ وَأَدْخِلْنِي

نہیں رکھا بلکہ مجھپر احسان فرمایا اور نصیب کی زیارت، خداوندا جسطرح تو نے ان بزرگوار کی معرفت کی وجہ سے مجھپر احسان کیا

الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ جب صحن میں داخل ہو تو کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

اسیطرح انکے شیعوں میں بھی قرار دے اور انکی شفاعت سے داخل کر تو مجھے جنت میں اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم۔ سب

الَّذِي أَكْرَمَنِي بِمَعْرِفَتِهِ وَمَعْرِفَةِ رَسُولِهِ وَمَنْ فَرَضَ عَلَيَّ طَاعَتَهُ

تعریفیں اسی خدا کیلئے ہیں جس نے اپنی معرفت اور اپنے رسول کی معرفت اور جن کی اطاعت کو فرض کیا انکی معرفت کیوجہ سے

رَحْمَةً مِنْهُ لِي وَتَطَوُّلاً مِنْهُ عَلَيَّ وَمَنَّ عَلَيَّ بِالْإِيمَانِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي

کرامت عطا کی اپنے رحم و کرم سے اور مجھ کو ایمان دے کر احسان کیا سب تعریفیں اسی خدا کے لئے ہیں

أَدْخَلَنِي حَرَمَ أَخِي رَسُولِهِ وَأَرَانِيهِ فِي عَافِيَةٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَنِي

جس نے داخل کیا مجھے اپنے نبی کے بھائی کے حرم میں اور زیارت کرائی عافیت کے ساتھ۔ سب تعریفیں اسی خدا کے لئے ہیں

مِنْ زُوَّارِ قَبْرِ وَصِيِّ رَسُوْلِهٖ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

جس نے مجھے زائروں میں سے قرار دیا اپنے رسول کے وصی کی قبر مطہر کا میں گواہی دیتا ہوں کہ تحقیق نہیں ہے کوئی معبود سوائے

شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ جَآءَ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِ

اللہ کے جو یکتا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق حضرت محمد اس کے بندہ اور رسول ہیں جو حق کو

اللّٰهِ وَاَشْهَدُ اَنَّ عَلِيًّا عَبْدُ اللّٰهِ وَاَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ

لیکر آئے اللہ کیطرف سے گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق حضرت علیؑ اللہ کے بندہ اور رسول کے بھائی ہیں اللہ بزرگ ہے، اللہ

بِزِيَارَةِ مَوْلَايَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَوِلَايَتِهِ وَمَعْرِفَتِهِ فَاجْعَلْنِي
کیا میرے مولا حضرت علیؑ ابن ابی طالب کی زیارت کیوجہ سے اور انکی محبت اور معرفت کے ذریعے سے پس

مِمَّنْ يَنْصُرُهُ وَيَنْتَصِرُ بِهِ وَمُنَّ عَلَيَّ بِنَصْرِكَ لِدِينِكَ اللَّهُمَّ وَ
مجھکو قرار دے ان لوگوں میں سے جو انکی مدد کرتے ہیں اور انکے ذریعے نصرت کے ساتھ کامیاب ہوتے ہیں

اجْعَلْنِي مِنْ شِيعَتِهِ وَتَوَفَّنِي عَلَى دِينِهِ اللَّهُمَّ أَوْجِبْ لِي مِنَ
اور احسان کیا تو نے مجھ پر اپنی نصرت کے ذریعہ اپنے دین کیلئے، خداوندا قرار دے انکے شیعوں میں اور تو مجھکو

الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ وَالْمَغْفِرَةِ وَالْإِحْسَانِ وَالرِّزْقِ الْوَاسِعِ الْحَلَالِ
دنیا سے انہیں کے دین پر اٹھانا، خداوندا واجب قرار دے میرے لئے رحمت سے خوشنودی مغفرت احسان وسیع

الطَّيِّبِ مَا أَنْتَ أَهْلُهُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ
اور پاک و حلال رزق وہ چیز جو تیری شایان شان ہے اے تمام رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالے اور تمام
تعریفیں اس خدا کیلئے ہیں جو پالنے والا ہے تمام عالم کا

زیارت حضرت امیر المومنینؑ بروز شہادت

یعنی ۲۱ رمضان کو جب قصد زیارت کرے تو غسل کرے پاکیزہ لباس پہنے اور بعد بجالانے
آداب دروازہ وصحن و در حرم کے نزدیک ضریح اقدس پشت بقبلہ کھڑا ہو اور کہے۔

إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ رَحِمَكَ اللَّهُ يَا أَبَا الْحَسَنِ كُنْتَ أَوَّلَ
یقیناً ہم خدا ہی کے ہیں اور ہماری بازگشت اسی کی طرف ہے، رحمت خدا ہو آپ پر اے ابو الحسن آپ تمام مخلوق سے

اَلْقَوْمِ اِسْلَامًا وَاَخْلَصَهُمْ اِیْمَانًا وَاَشَدَّهُمْ یَقِیْنًا وَاَخْوَفَهُمْ

پہلے اسلام قبول کرنیوالے ہیں بہت مخلص ہیں، ایمان میں اور مضبوط ہیں یقین میں اور خوف خدا میں سب سے

لِلّٰهِ وَاَعْظَمَهُمْ عَنَاءً وَاَحْوَطَهُمْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

زیادہ ہیں، زحمت برداشت کرنے والے ہیں دین میں، اور سب سے زیادہ حفاظت کرنیوالے ہیں رسولخدا کی

وَاٰلِهٖ وَاٰمَنَهُمْ عَلٰی اَصْحَابِهٖ وَاَفْضَلَهُمْ مَنَاقِبَ وَاَکْرَمَهُمْ سَوَابِقَ

صلوات خدا ہو انپر اور انکی آل پر، سب سے زیادہ قابل اطمینان ہیں اصحاب رسولخدا کیلئے، افضل ہیں مناقب میں

وَاَرْفَعَهُمْ دَرَجَةً وَاَقْرَبَهُمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ

فضیلتوں میں سب سے اکرم ہیں، درجہ میں سب سے بلند ہیں، سب سے زیادہ قریب ہیں رسولخدا سے صلوات ہو انپر اور

اٰلِهٖ وَاَشْبَهَهُمْ هَدْیًا وَخُلْقًا وَسَمْتًا وَفِعْلًا وَاَشْرَفَهُمْ مَنْزِلَةً

انکی آل پر اور بہت مشابہ ہیں رسولخدا سے سیرت میں اخلاق میں، رفتار میں، فعل میں اور منزلت میں اور سب سے

وَاَکْرَمَهُمْ عَلَیْهِ فَجَزَاكَ اللّٰهُ عَنِ الْاِسْلَامِ وَعَنْ رَسُوْلِهٖ وَعَنِ

اشرف ہیں بہت مکرم ہیں انکے لئے، پس جزائے خیر دے خدا آپ کو اسلام کی طرف رسولخدا کی طرف اور تمام

الْمُسْلِمِیْنَ خَیْرًا قَوِیْتَ حِیْنَ ضَعُفَ اَصْحَابُهٗ وَبَرَزْتَ حِیْنَ اسْتَکَانُوْا

مسلمانوں کی طرف سے آپ اسوقت قوی تھے جبکہ سب اصحاب پیغمبر ضعیف تھے، آپ اسوقت نکلے جنگ کیلئے جبکہ

وَنَهَضْتَ حِیْنَ وَهَنُوْا وَلَزِمْتَ مِنْهَاجَ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اِذْ هَمَّ

سبھوں نے سستی دکھائی اور آپ اٹھ کھڑے ہوئے جب سبھوں نے کاہلی برتی آپ جمے رہے راستہ پر

اَصْحَابُهٗ کُنْتَ اَنْتَ خَلِیْفَتَهٗ حَقًّا لَمْ تُنَازَعْ وَلَمْ تَضْرَعْ بِرَغْمِ

رسولخدا کے صلوات خدا ہو انپر اور انکی آل پر جبکہ انکے اصحاب نے کچھ اور ارادہ کیا تھا۔ آپ ہی ان کے خلیفہ برحق

الْمُنَافِقِیْنَ وَغَیْظِ الْکَافِرِیْنَ وَکَثْرَةِ الْحَاسِدِیْنَ وَضِغْنِ الْفَاسِقِیْنَ

ہیں جس سے نزاع نہیں نکلی اور نہ آپ عاجز ہوئے منافقین کی بدگمانیوں کیوجہ سے اور نہ کافروں کے غیض و

فَقُمْتَ بِالْاَمْرِ حِیْنَ فَشِلُوْا وَنَطَقْتَ حِیْنَ تَعْتَعُوْا وَمَضَیْتَ بِنُوْرِ

غضب سے، اور نہ حاسدوں کی کثرت سے اور نہ فاسقین کے کینہ سے، پس آپ قائم رہے امر خدا پر جب لوگ کاہل تھے

اللّٰهِ اِذْ وَقَفُوْا فَاتَّبَعُوْكَ فَهُدُوْا وَکُنْتَ اَخْفَضَهُمْ صَوْتًا وَاَعْلَاهُمْ

اور آپ اسوقت بولے جب سبکی زبانیں لڑکھڑا رہی تھیں، آپ نور خدا کو لیکر چلے جب دوسرے ٹھٹک کر کھڑے

رہگئے، پس مومنین نے آپکی پیروی کی اور ہدایت پائی۔ آپ ان سب سے زیادہ نرم آواز قنوت میں سب سے بلند،

قُنُوْتاً وَاَقَلَّهُمْ كَلَاماً وَاَصْوَبَهُمْ نُطْقاً وَاَكْبَرَهُمْ رَاْياً وَاَشْجَعَهُمْ

کلام کرنے میں سب سے زیادہ کم سخن، گفتگو میں سب سے زیادہ درست، بہت بزرگ رائے میں، سب سے زیادہ قوی دل،

قَلْباً وَاَشَدَّهُمْ يَقِيْناً وَاَحْسَنَهُمْ عَمَلاً وَاَعْرَفَهُمْ بِالْاُمُوْرِ

یقین میں مضبوط، عمل میں سب سے بہتر، امور دین کو سب سے زیادہ جاننے والے رہے، خدا کی قسم آپ ہی حاکم دین ہیں

كُنْتَ وَاللّٰهِ يَعْسُوْباً لِلدِّيْنِ اَوَّلاً وَاٰخِراً اَلْاَوَّلُ حِيْنَ تَفَرَّ

اول میں بھی اور آخر میں بھی، اول میں اسوقت جبکہ لوگ متفرق ہو گئے اور آخر میں اسوقت جبکہ لوگ سستی

قُوْا وَالْاٰخِرُ حِيْنَ فَشِلُوْا كُنْتَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَباً رَحِيْماً اِذْ صَارُوْا

کرنے لگے اور مومنوں کیلئے آپ ایک باپ کی طرح ہیں اور وہ لوگ مثل آپ کے عیال کے ہیں بس آپ نے

عَلَيْكَ عِيَالاً فَحَمَلْتَ اَثْقَالَ مَا عَنْهُ ضَعُفُوْا وَحَفِظْتَ مَا

انکے وہ بوجھ اٹھائے جن سے وہ بے بس رہے اور آپ نے ان چیزوں کی حفاظت کی جنکو انہوں نے ضائع کیا اور

اَضَاعُوْا وَرَعَيْتَ مَا اَهْمَلُوْا وَشَمَّرْتَ اِذَا اجْتَمَعُوْا وَعَلَوْتَ

اور ان باتوں کی رعایت کی جنکو انہوں نے ترک کیا اور آپ نے آمادگی ظاہر کر دی جب وہ لوگ آپکے پاس

اِذْ هَلَعُوْا وَصَبَرْتَ اِذْ اَسْرَعُوْا وَاَدْرَكْتَ اَوْتَارَ مَا طَلَبُوْا وَنَالُوْا

جمع ہوئے اور آپ نے بلند ہمتی دکھائی جب وہ پست ہمت ہو گئے اور آپ نے صبر کیا جب وہ بے صبر ہوئے اور

بِكَ مَا لَمْ يَحْتَسِبُوْا كُنْتَ لِلْكَافِرِيْنَ عَذَاباً وَنَهْباً وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

آپ نے اس خون کا بدلہ لیا جسکو انلوگوں نے طلب کیا اور ان لوگوں نے آپ سے وہ فائدے اٹھائے جن کا

عَمَداً وَغَيْثاً وَحِصْناً فَطِرْتَ وَاللّٰهِ بِنَعْمَائِهَا وَفُزْتَ بِحِبَائِهَا

انکو گمان تک نہیں تھا آپ کافروں کیلئے عذاب و بربادی اور مومنین کیلئے ستون۔ فریاد رس اور قلعہ ہیں

وَاَحْرَزْتَ سَوَابِغَهَا وَذَهَبْتَ بِفَضَائِلِهَا لَمْ تُفْلَلْ حُجَّتُكَ

پس آپ نے ان کی بلاؤں کو اسنے دفع کر دیا۔ اور ان سب نعمتوں و عطاؤں پر آپ فائز رہے اور تمام کمالات پر

لَمْ يَزِغْ قَلْبُكَ وَلَمْ تَضْعُفْ بَصِيْرَتُكَ وَلَمْ تَجْبُنْ نَفْسُكَ

آپ حاوی رہے اور ان تمام فضیلتوں کے آپ حقدار رہے اور کبھی آپ کی حجت کمزور نہیں رہی اور نہ کبھی

وَلَمْ تَخُنْ كُنْتَ كَالْجَبَلِ لَا تُحَرِّكُهُ الْعَوَاصِفُ وَكُنْتَ

آپ کا قلب راہ خدا سے ہٹا اور نہ کبھی آپکی بصیرت میں ضعف ہوا اور نہ کبھی آپکے نفس میں بزدلی آئی اور نہ

خیانت کی آپ مثل کوہ کے رہے جسکو آندھیاں ہلا نہ سکیں اور آپ بالکل ویسے ہی رہے۔

كَمَا قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَمِنَ النَّاسُ فِي صُحْبَتِكَ وَذَاتِ يَدِكَ وَكُنْتَ كَمَا قَالَ

ویسے ہی رہے جیسا کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ لوگ تمہاری صحبت میں رہنے اور تمہاری ہاتھ سے فائدہ اٹھانے میں بےخوف

عَلَيْهِ السَّلَامُ ضَعِيفًا فِي بَدَنِكَ قَوِيًّا فِي أَمْرِ اللهِ مُتَوَاضِعًا فِي نَفْسِكَ عَظِيمًا عِنْدَ

ہو گئے آپ بالکل ویسے ہی رہے جیسا کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ تمہارا جسم کمزور ہے مگر امر خدا میں بہت مضبوط ہو آپ اپنے

اللهِ كَبِيرًا فِي الْأَرْضِ جَلِيلًا عِنْدَ الْمُؤْمِنِينَ لَمْ يَكُنْ لِأَحَدٍ فِيكَ مَهْمَزٌ وَلَا لِقَائِلٍ فِيكَ

نفس میں متواضع اور خدا کے نزدیک صاحب عظمت ہیں بزرگ ہیں زمین پر صاحب جلال ہیں مومنین کے نزدیک آپکے

مَغْمَزٌ وَلَا لِأَحَدٍ فِيكَ مَطْمَعٌ وَلَا لِأَحَدٍ عِنْدَكَ هَوَادَةٌ الضَّعِيفُ الذَّلِيلُ عِنْدَكَ

بارے میں کسی شخص کو برے اشارے کا موقع نہیں اور کسی کہنے والے کو اعتراض کی گنجائش نہیں

قَوِيٌّ عَزِيزٌ حَتَّى تَأْخُذَ لَهُ بِحَقِّهِ وَالْقَوِيُّ الْعَزِيزُ عِنْدَكَ ضَعِيفٌ ذَلِيلٌ حَتَّى

اور نہ کسی کو آپ سے کوئی بیجا طمع ہے اور نہ کسی کے لئے آپ کے پاس نرمی ہے ضعیف اور ذلیل آپکے

تَأْخُذَ مِنْهُ الْحَقَّ وَالْقَرِيبُ وَالْبَعِيدُ عِنْدَكَ فِي ذَلِكَ سَوَاءٌ

نزدیک صاحب قوت و صاحب عزت ہیں یہاں تک کہ آپ ان کا حق دلوا دیں اور قوی و صاحب عزت

شَأْنُكَ الْحَقُّ وَالصِّدْقُ وَالرِّفْقُ وَقَوْلُكَ حُكْمٌ وَحَتْمٌ

آپکے نزدیک ضعیف و ذلیل ہیں یہاں تک کہ آپ ان سے دوسروں کا حق لے لیں اور نزدیک اور دور کے

وَأَمْرُكَ حِلْمٌ وَحَزْمٌ وَرَأْيُكَ عِلْمٌ وَعَزْمٌ فِيمَا فَعَلْتَ

رہنے والے آپ کے نزدیک اس بات میں برابر ہیں شان آپ کی حق ہے، دوستی ہے اور نرمی ہے اور

وَقَدْ نُهِجَ بِكَ السَّبِيلُ وَسُهِّلَ بِكَ الْعَسِيرُ وَأُطْفِئَتْ بِكَ

قول آپ کا حکم ہے اور حتمی ہے اور امر آپ کا حلم ہے اور ہوشیاری ہے اور رائے آپ کی علم ہے اور ارادہ

النِّيرَانُ وَاعْتَدَلَ بِكَ الدِّينُ وَقَوِيَ بِكَ الْإِسْلَامُ

آپ کا مستحکم ہے اور آپ ہی کے ذریعہ سے راہ خدا روشن ہوئی اور دشواریاں سہل ہو گئیں اور ظلم کی آگ

وَالْمُؤْمِنُونَ وَسَبَقْتَ سَبْقًا بَعِيدًا وَأَتْعَبْتَ مَنْ

بجھا دیگئی اور دین خدا اعتدال پر آیا اور آپکے ذریعہ سے اسلام اور مومنین قوی ہوئے اور آپ نے بہت بڑی

بَعْدَكَ تَعَبًا شَدِيدًا فَجَلَلْتَ عَنِ الْبُكَاءِ وَعَظُمَتْ

سبقت حاصل کی اور آپ کے بعد والوں کو سخت رنج و تعب کا سامنا کرنا پڑا آپ بکا کی منزل سے بھی بلند ہیں

رزیتک فی السماء وھدت مصیبتک الانام فانا للہ وانا الیہ

آپکی مصیبت آسمان میں بہت عظیم ہے اور آپکی مصیبت نے انسانوں کو ہلاک کر دیا بتحقیق ہم اسی کیلئے ہیں اور اسی کی طرف

راجعون رضینا عن اللہ قضائہ وسلمنا للہ امرہ فو اللہ لن یصاب

ہماری باز گشت ہے۔ ہم خدا کی رضا پر راضی ہیں اور اس کے امر کو تسلیم کرتے ہیں پس قسم ہے خدا کی آپکی جدائی سے

المسلمون بمثلک ابدا کنت للمومنین کھفا وحصنا وقنۃ راسیا

بڑھکر کوئی مصیبت مسلمانوں پر نہیں پڑی آپ مومنین کیلئے جائے پناہ اور قلعہ اور پہاڑی کی چوٹی ہیں اور کافروں

وعلی الکافرین غلظۃ وغیظا فالحقک اللہ نبیہ ولا احرمنا اجرک

کیلئے خدائی غیض وغضب پس خدا آپ کو پیغمبر سے ملادے اور خدا ہمیں آپ کے اجر سے محروم نہ کرے

ولا اضلنا بعدک

اور آپ کے بعد بھٹکنے نہ دے۔

زیارت حضرت امیرالمومنین علیہ السلام بروز عید غدیر

یعنی ۱۸ ذی الحجہ کو جب قصد زیارت کرے تو غسل کرے پاکیزہ لباس پہنے اور بعد بجالانے آداب دروازہ وصحن و در حرم کے نزدیک ضریح اقدس پشت بہ قبلہ کھڑا ہو اور کہے۔

السلام علی محمد رسول اللہ خاتم النبیین وسید المرسلین

سلام ہو حضرت محمد مصطفیٰ پر جو خدا کے رسول اور خاتم النبین اور تمام رسولوں کے سردار ہیں اور

وصفوۃ رب العالمین امین اللہ علی وحیہ وعزائم امرہ

برگزیدہ رب العالمین ہیں جو امین خدا ہیں اس کی وحی پر اور حتمی امور پر

والخاتم لما سبق والفاتح لما استقبل والمھیمن علی ذالک کلہ

اور ختم کرنیوالے ہیں پچھلی شریعتوں کے اور جاری کرنیوالے ہیں موجودہ شریعت کے اور نگران ہیں ان سب پر

ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وصلواتہ وتحیاتہ والسلام علی

اور رحمت خدا ہو اور برکات اسکی اور اسکی صلوات اور سلام ہو۔ اور سلام ہو اللہ کے

اَنْبِیَاءِ اللّٰہِ وَرُسُلِہٖ وَمَلٰٓئِکَتِہِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعِبَادِہِ الصّٰلِحِیْنَ
انبیا اور رسولوں پر اس کے فرشتوں پر جو مقرب ہیں اور اس کے بندگان صالحین پر

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَسَیِّدَ الْوَصِیِّیْنَ وَوَارِثَ عِلْمِ
سلام ہو آپ پر اے امیر المومنین اور تمام اوصیاء کے سردار تمام انبیاء کے علم کے

النَّبِیِّیْنَ وَوَلِیَّ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَمَوْلَایَ وَمَوْلَی الْمُؤْمِنِیْنَ
وارث اور ولی رب العالمین پر اور آقا میرے اور آقا تمام مومنین کے

وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلَایَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ
رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اسکی سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اے امیر المومنین

یَا اَمِیْنَ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ وَسَفِیْرَہٗ فِیْ خَلْقِہٖ وَحُجَّتَہُ الْبَالِغَۃَ عَلٰی
اے امین خدا اس کی زمین میں اور سفیر اس کے مخلوق میں اور اسکی مکمل حجت بندوں پر

عِبَادِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا دِیْنَ اللّٰہِ الْقَوِیْمَ وَصِرَاطَہُ الْمُسْتَقِیْمَ
سلام ہو آپ پر اے خدا کے دین محکم اور صراط مستقیم سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّہَا النَّبَاُ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ ہُمْ فِیْہِ مُخْتَلِفُوْنَ
آپ پر اے وہ خبر بزرگ جس میں لوگ اختلاف کرنیوالے ہیں اور جس کے متعلق

وَعَنْہُ یُسْئَلُوْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اٰمَنْتَ بِاللّٰہِ
ان سے سوال بھی کیا جائیگا سلام ہو آپ پر اے امیر المومنین آپ اسوقت مومن رہے

وَہُمْ مُشْرِکُوْنَ وَصَدَّقْتَ بِالْحَقِّ وَہُمْ مُکَذِّبُوْنَ وَجَاہَدْتَ
جب دوسرے مشرک تھے اور آپ نے حق کی اسوقت تصدیق کی جب دوسرے جھٹلاتے تھے اور آپنے

وَہُمْ مُحْجِمُوْنَ وَعَبَدْتَ اللّٰہَ مُخْلِصًا لَّہُ الدِّیْنَ صَابِرًا مُّحْتَسِبًا
اسوقت جہاد کیا جب دوسرے پیچھے ہٹ گئے تھے، آپنے خدا کی عبادت میں خلوص کیا آپنے صبر کیا خدا کی

حَتّٰی اَتَاکَ الْیَقِیْنُ اَلَا لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الظَّالِمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
خوشنودی کیلئے یہاں تک کہ آپ شہید کئے گئے خدا لعنت کرے ان پر جنہوں نے ظلم کیا سلام ہو آپ پر اے تمام

یَا سَیِّدَ الْمُسْلِمِیْنَ وَیَعْسُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِمَامَ الْمُتَّقِیْنَ وَقَائِدَ
مسلمانوں کے سردار اور تمام مومنین کے حاکم تمام متقیوں کے امام اور تمام نمازیوں کے

اَلْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَخُوْ رَسُوْلِ

قائد رحمت خدا ہو اور برکات اسکی میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ رسول خدا کے

اللّٰهِ وَوَصِيُّهٗ وَوَارِثُ عِلْمِهٖ وَاَمِيْنُهٗ عَلٰى شَرْعِهٖ وَخَلِيْفَتُهٗ فِيْ

بھائی اور ان کے وصی ان کے علم کے وارث انکی شریعت کے امین اور ان کے امت میں خلیفہ ہیں

اُمَّتِهٖ وَاَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَصَدَّقَ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰى نَبِيِّهٖ وَاَشْهَدُ

اور آپ اول ہیں انھیں جو بھی خدا پر ایمان لائے اور رسول کی رسالت کی تصدیق کی، میں گواہی دیتا ہوں کہ

اَنَّهٗ قَدْ بَلَّغَ عَنِ اللّٰهِ مَا اَنْزَلَهٗ فِيْكَ فَصَدَعَ بِاَمْرِهٖ وَاَوْجَبَ

یقیناً رسول خدا نے خدا کی جانب سے ان باتوں کو پہنچا دیا جو خدا نے آپ کے بارے میں

عَلٰى اُمَّتِهٖ فَرْضَ طَاعَتِكَ وَوِلَايَتِكَ وَعَقَدَ عَلَيْهِمُ الْبَيْعَةَ لَكَ

نازل کیں اور آپکی اطاعت اور ولایت کے فرض اور بیعت کو امت پر واجب کر دیا

وَجَعَلَكَ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ كَذٰلِكَ

اور آپ کے مومنین پر اسی طرح اولی بالتصرف ہونیکا اعلان کیا جس طرح اُن کو خدا نے قرار دیا

ثُمَّ اَشْهَدَ اللّٰهَ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ فَقَالَ اَلَسْتُ قَدْ بَلَّغْتُ فَقَالُوْا بَلٰى

پھر رسول خدا نے خدا کو ان لوگوں پر گواہ کیا اور فرمایا کہ کیا میں نے حکم خدا کو نہیں پہونچایا سبھوں نے

فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا وَحَاكِمًا بَيْنَ الْعِبَادِ فَلَعَنَ

کہا بیشک تو فرمایا خداوندا تو گواہ رہنا اور تو گواہی کے لیے کافی ہے اور بندوں کے درمیان حاکم ہے

اللّٰهُ جَاحِدَ وِلَايَتِكَ بَعْدَ الْاِقْرَارِ وَنَاكِثَ عَهْدِكَ بَعْدَ الْمِيْثَاقِ

پس خدا لعنت کرے ان پر جنھوں نے آپکی ولایت کا اقرار کرنے کے بعد انکار کر دیا اور آپکے عہد کو مضبوط

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ وَفَيْتَ بِعَهْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى مُوْفٍ لَكَ

کرنیکے بعد توڑ دیا۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپنے خدا کے عہد کو پورا کیا اور یقیناً خدا بھی اپنے عہد کو

بِعَهْدِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا وَ

جو اس نے آپ سے کیا ہے پورا کریگا، اور جو بھی خدا سے عہد کرکے اسے پورا کرے تو خدا اسکو اجر عظیم عطا فرمائیگا۔ میں

اَشْهَدُ اَنَّكَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْحَقُّ الَّذِيْ نَطَقَ بِوِلَايَتِكَ التَّنْزِيْلُ

گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ امیر المومنین ہیں اور وہ حق ہیں کہ آپ کے ولایت کی گواہی قرآن نے دی اور

وَاَخَذَ لَكَ الْعَهْدَ عَلَى الْاُمَّةِ بِذٰلِكَ الرَّسُوْلُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ

آپ کے لئے اپنی امت پر رسول نے عہد لیا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ اور آپ کے چچا اور

وَعَمَّكَ وَاَخَاكَ الَّذِيْنَ تَاجَرْتُمُ اللّٰهَ بِنُفُوْسِكُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْكُمْ

آپ کے بھائی ان سب نے خدا سے اپنے نفسوں کے ساتھ تجارت کی اور خدا نے آپ حضرات کے

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ

بارے میں آیت نازل فرمائی کہ بیشک اللہ نے مومنوں سے ان کے نفوس اور اموال خرید لئے ہیں اور اسکے

الْجَنَّةَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَيْهِ

عوض میں انکو جنت دی ہے وہ لوگ ہیں جو راہ خدا میں قتال کرینگے کافروں کو قتل کریں گے اور خود قتل

حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ

ہو جائیں گے یہ خدا کا وعدہ سچا ہے جو توراۃ میں انجیل میں اور قرآن میں مذکور ہے خدا سے زیادہ اپنے عہد

فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

پورا کرنیوالا کون ہو سکتا ہے پس آپ کو اس خرید و فروخت پر خوشخبری ہو جو آپ نے خدا سے کی ہے اور یہ بڑی

التَّآئِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرَّاكِعُوْنَ السَّاجِدُوْنَ

کامیابی ہے (جیسا خدا فرماتا ہے) یہ مومنین توبہ کرنیوالے، عبادت کرنیوالے، حمد خدا کرنیوالے روزہ رکھنے

الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحَافِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ وَبَشِّرِ

والے رکوع کرنیوالے سجدہ کرنیوالے معروف کا حکم دینے والے اور منکر سے روکنے والے حدود

الْمُؤْمِنِيْنَ اَشْهَدُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَّ الشَّاكَّ فِيْكَ مَا اٰمَنَ

خدا کی حفاظت کرنیوالے ہیں اور اے رسول مومنین کو خوشخبری دیدو۔ میں گواہی دیتا ہوں اے امیر المومنین کہ

بِالرَّسُوْلِ الْاَمِيْنِ وَاَنَّ الْعَادِلَ بِكَ غَيْرَكَ عَانِدٌ عَنِ الدِّيْنِ الْقَوِيْمِ

یقیناً آپ کے بارے میں شک کرنیوالا رسول امین پر ایمان نہیں لایا اور یقیناً آپ کے بدلے غیر کو ماننے والا

الَّذِي ارْتَضَاهُ لَنَا رَبُّ الْعَالَمِيْنَ وَاَكْمَلَهُ بِوِلَايَتِكَ يَوْمَ الْغَدِيْرِ

اس دین محکم سے پھرا ہوا ہے جسکو ہمارے لئے پروردگار عالم نے پسند فرمایا ہے اور جس کو آپ کی ولایت کے

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ الْمَعْنِيُّ بِقَوْلِ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ

ذریعہ غدیر کے دن کامل کر دیا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ ہی مراد ہیں خدائے عزیز و رحیم کے اس قول سے

مُسْتَقِيماً فَاتَّبِعُوهُ وَلاَ تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ضَلَّ

یہ میری صراط مستقیم ہے اسکی پیروی کرو اور دوسری راہوں کی پیروی نہ کرو کہ وہ تم کو خدا کی اکیلی راہ سے

وَاللّٰهِ وَأَضَلَّ مَنِ اتَّبَعَ سِوَاكَ وَعَنَدَ عَنِ الْحَقِّ مَنْ عَادَاكَ اَللّٰهُمَّ

بھٹکا دیگی اور قسم ہے خدا کی گمراہ ہوا اور گمراہ کیا اس نے جس نے بھی آپ کے غیر کی پیروی کی اور دشمنی کی

سَمِعْنَا لِأَمْرِكَ وَأَطَعْنَا وَاتَّبَعْنَا صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ فَاهْدِنَا رَبَّنَا

حق سے جس نے آپ سے دشمنی کی، خداوندا ہم نے تیرے امر کو سنا اطاعت کی اور پیروی کی تیرے راہ مستقیم

وَلاَ تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا إِلَىٰ طَاعَتِكَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الشَّاكِرِينَ

کی پس ہمیں ہدایت پر باقی رکھنا اے ہمارے پالنے والے اور ہمارے دلوں میں کجی نہ ہونے دینا بعد اسکے کہ تو نے ہمیں

لِأَنْعُمِكَ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ لَمْ تَزَلْ لِلْهَوَىٰ مُخَالِفاً وَلِلتُّقَىٰ مُحَالِفاً وَ

اپنی اطاعت کیطرف ہدایت کی ہے اور قرار دے ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنیوالوں میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ

عَلَىٰ كَظْمِ الْغَيْظِ قَادِراً وَعَنِ النَّاسِ عَافِياً غَافِراً وَإِذَا عُصِيَ اللّٰهُ

اے امیر المومنین ہمیشہ خواہش نفسانی کے مخالف رہے اور تقوی کے ساتھی رہے اور غصہ فرو کرنے پر قادر رہے اور

سَاخِطاً وَإِذَا أُطِيعَ اللّٰهُ رَاضِياً وَبِمَا عَهِدَ إِلَيْكَ عَامِلاً رَاعِياً

انسانوں کو معاف کرنیوالے اور بخشنے والے رہے اور جب خدا کی نافرمانی کیگئی تو آپ غضبناک ہوئے اور جب خدا کی اطاعت کیگئی تو

لِمَا اسْتُحْفِظْتَ حَافِظاً لِمَا اسْتُودِعْتَ مُبَلِّغاً مَا حُمِّلْتَ مُنْتَظِراً مَا

آپ راضی رہے اور جو خدا نے آپ سے عہد لیا تھا اس پر عامل رہے اور جس کی حفاظت چاہی گئی اسکی رعایت کرتے رہے اور

وُعِدْتَ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ مَا اتَّقَيْتَ ضَارِعاً وَلاَ أَمْسَكْتَ عَنْ حَقِّكَ

جو ودیعت آپکے سپرد کیگئی اسکے محافظ رہے اور جو بار آپ پر ڈالا گیا اسکی تبلیغ کی اور جو آپ سے وعدہ کیا گیا اسکے منتظر رہے

جَازِعاً وَلاَ أَحْجَمْتَ عَنْ مُجَاهَدَةِ غَاصِبِيكَ نَاكِلاً وَلاَ أَظْهَرْتَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ نے کمزور ہو کر تقیہ نہیں کیا اور عاجز ہوکر اپنے حق سے باز نہیں رہے اور اپنے غاصبوں کے ساتھ

الرِّضَىٰ بِخِلاَفِ مَا يُرْضِي اللّٰهَ مُدَاهِناً وَلاَ وَهَنْتَ لِمَا أَصَابَكَ

جہاد کرنے سے بلحاظ تقیہ باز نہیں رہے اور خدا کو خوش کرنیوالی باتوں کی مخالفت پر صلح کیساتھ رضا نہیں ظاہر کی اور نہ

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلاَ ضَعُفْتَ وَلاَ اسْتَكَنْتَ عَنْ طَلَبِ حَقِّكَ مُرَاقِباً

آپ سست ہوئے۔ ان بلاؤں پر جو راہ خدا میں آپ پر نازل ہوئیں اور نہ آپ کمزور ہوئے۔ اور نہ اپنے حق طلب

کرنے میں کمی اور طمع سے سستی دکھلائی۔

مَعَاذَ اللهِ اَنْ تَكُوْنَ كَذَالِكَ بَلْ اِذْ ظُلِمْتَ اَحْتَسَبْتَ رَبَّكَ وَفَوَّضْتَ

معاذ اللہ کہ آپ ایسے ہوں بلکہ جب آپ پر ظلم کیا گیا تو آپ نے اپنے پروردگار کی خوشنودی کیلئے اپنے

اِلَيْهِ اَمْرَكَ وَذَكَّرْتَهُمْ فَمَا اذَّكَرُوْا وَوَعَظْتَهُمْ فَمَا اتَّعَظُوْا وَخَوَّفْتَهُمْ

کام کو اسی کے سپرد کر دیا اور آپ نے غاصبوں کو یاد دلایا مگر انہوں نے یاد نہ کیا اور آپ نے انہیں نصیحت کی

اللهَ فَمَا تَخَوَّفُوْا وَاَشْهَدُ اَنَّكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ جَاهَدْتَ فِي اللهِ

مگر انہوں نے نہ سنا آپ نے انہیں خوف خدا دلایا مگر انہوں نے خوف خدا نہ کیا میں گواہی دیتا ہوں کہ

حَقَّ جِهَادِهِ حَتّٰى دَعَاكَ اللهُ اِلٰى جِوَارِهِ وَقَبَضَكَ اِلَيْهِ بِاخْتِيَارِهِ

بیشک آپ نے اے امیر المومنین خدا کے لئے وہ جہاد کیا جو حق ہے جہاد کرنے کا یہاں تک کہ خدا نے آپ کو اپنے

وَاَلْزَمَ اَعْدَآئَكَ الْحُجَّةَ بِقَتْلِهِمْ اِيَّاكَ لِتَكُوْنَ الْحُجَّةُ لَكَ عَلَيْهِمْ

جوار میں بلا لیا اور اپنی طرف اپنی خواہش سے اٹھا لیا اور آپ کے دشمنوں پر حجت تمام کر دی کہ انہوں نے آپ کو

مَعَ مَا لَكَ مِنَ الْحُجَجِ الْبَالِغَةِ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ

قتل کیا تاکہ ان پر آپکی حجت رہے۔ علاوہ آپکی ان مکمل حجتوں کے جو ساری مخلوق خدا پر ہیں سلام ہو آپ پر اے

الْمُؤْمِنِيْنَ عَبَدْتَ اللهَ مُخْلِصًا وَجَاهَدْتَ فِي اللهِ صَابِرًا وَجُدْتَ

امیر المومنین آپ نے خدا کی خالص عبادت کی اسکے بارے میں صبر کے ساتھ جہاد کیا اور اپنے نفس کو خدا کی

بِنَفْسِكَ مُحْتَسِبًا وَعَمِلْتَ بِكِتَابِهِ وَاتَّبَعْتَ سُنَّةَ نَبِيِّهِ وَاَقَمْتَ الصَّلٰوةَ

خوشنودی کیلئے دے ڈالا کتاب خدا پر عمل کیا اسی پر چلتے رہے جس پر رسول چلے نماز کو قائم کیا

وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ مَا اسْتَطَعْتَ

زکواۃ ادا کی معروف کا حکم دیا۔ منکر سے روکا جہاں تک ہو سکا

مُبْتَغِيًا مَا عِنْدَ اللهِ رَاغِبًا فِيْمَا وَعَدَ اللهُ لَا تَحْفِلُ بِالنَّوَائِبِ وَلَا

درحالیکہ آپ کا خدا کے نزدیک جو اجر ہے اس پر راغب رہے اور جو خدا نے وعدہ فرمایا اس پر راضی

تَهِنُ عِنْدَ الشَّدَآئِدِ وَلَا تَحْجُمُ عَنْ مُحَارِبٍ اَفَكَ مَنْ نَسَبَ غَيْرَ

رہے اور آپ نے مصیبتوں کی کچھ پرواہ نہ کی اور شدتوں کے وقت سست نہ ہوئے اور کسی کے مقابل

ذَالِكَ اِلَيْكَ وَافْتَرٰى بَاطِلًا عَلَيْكَ وَاَوْلٰى لِمَنْ عَنَدَ عَنْكَ لَقَدْ

جنگ میں کمی نہ کی جھوٹا ہے وہ شخص جس نے ان باتوں کے علاوہ کسی اور بات کو آپکی طرف نسبت دی اور آپ

جَاهَدْتَ فِي اللّٰهِ حَقَّ الْجِهَادِ وَصَبَرْتَ عَلَى الْأَذَى صَبْرَ احْتِسَابٍ وَ

باطل باتوں کا بہتان باندھا اور اس کو دوست رکھا جسنے آپ سے دشمنی کی یقیناً آپ نے خدا کے بارے میں وہ جہاد کیا

اَنْتَ اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَصَلّٰى لَهُ وَجَاهَدَ وَاَبْدٰى صَفْحَتَهُ فِي دَارِ

جو حق ہے جہاد کرنیکا اور مصیبتوں پر وہ صبر کیا جو خوشنودی خدا کے لئے ہوتا ہے اور آپ پہلے ہی خدا پر ایمان

الشِّرْكِ وَالْاَرْضُ مَشْحُوْنَةٌ ضَلَالَةً وَالشَّيْطَانُ يُعْبَدُ جَهْرَةً وَاَنْتَ

لانیوالوں میں اور اسکی نماز پڑھنے میں اور جہاد کرنے میں اور اپنے چہرہ کو دار الشرک میں روشن رکھا درحالیکہ

الْقَائِلُ لَا تَزِيْدُنِيْ كَثْرَةُ النَّاسِ حَوْلِيْ عِزَّةً وَلَا تَفَرُّقُهُمْ عَنِّيْ وَحْشَةً

زمین گمراہی سے بھری ہوئی تھی اور شیطان کی کھلم کھلا عبادت ہو رہی تھی اور آپ ہی اس کہنے کے سزاوار ہیں

وَلَوْ اَسْلَمَنِيَ النَّاسُ جَمِيْعًا لَمْ اَكُنْ مُتَضَرِّعًا اعْتَصَمْتَ بِاللّٰهِ فَعَزَزْتَ

کہ میرے گرد لوگوں کی کثرت میری عزت نہیں بڑھاتی اور لوگوں کا مجھ سے علیحدہ ہو جانا وحشت نہیں پیدا کرتا اور اگر سارے

وَاٰثَرْتَ الْاٰخِرَةَ عَلَى الْاُوْلٰى فَزَهِدْتَ وَاَيَّدَكَ اللّٰهُ وَهَدَاكَ

انسان مجھے چھوڑ کر چلے جائیں جب بھی میں فریاد نہیں کروں گا۔ آپ خدا سے وابستہ ہیں اس لئے صاحب عزت

وَاَخْلَصَكَ وَاجْتَبَاكَ فَمَا تَنَاقَضَتْ اَفْعَالُكَ وَلَا اخْتَلَفَتْ اَقْوَالُكَ

ہیں اور آخرت کو دنیا پر ترجیح دی اس لئے زہد اختیار کیا۔ خدا نے آپ کی تائید کی اور آپ کی ہدایت کی آپ کو

وَلَا تَقَلَّبَتْ اَحْوَالُكَ وَلَا ادَّعَيْتَ وَلَا افْتَرَيْتَ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَلَا

خالص کر دیا اور آپ کو چن لیا پس آپ کے افعال میں اختلاف نہیں اور نہ آپ کے اقوال ایک دوسرے سے مختلف

شَرِهْتَ اِلَى الْحُطَامِ وَلَا دَنَّسَكَ الْاٰثَامُ وَلَمْ تَزَلْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ

اور نہ آپکی حالتیں ایک دوسرے سے مخالف رہیں اور نہ آپ نے جھوٹا وعدہ کیا اور نہ خدا پر افترا کیا اور نہ دنیای

رَّبِّكَ وَيَقِيْنٍ مِّنْ اَمْرِكَ تَهْدِيْ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اَشْهَدُ

چیزوں پر حرص کیا اور نہ کثافت نے آپ کو آلودہ کیا۔ اور آپ ہمیشہ اپنے رب کیطرف سے بینہ پر اور اپنے امر کے

شَهَادَةَ حَقٍّ وَاُقْسِمُ بِاللّٰهِ قَسَمَ صِدْقٍ اَنَّ مُحَمَّدًا وَّاٰلَهُ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

متعلق یقین پر قائم ہیں حق کیطرف اور صراط مستقیم کیطرف ہدایت کرتے رہے میں گواہی دیتا ہوں سچی گواہی اور خدا کی

عَلَيْهِمْ سَادَاتُ الْخَلْقِ وَاَنَّكَ مَوْلَايَ وَمَوْلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنَّكَ

قسم کھاتا ہوں سچی قسم کہ بیشک محمد وآل محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین خلق کے سردار ہیں اور یقیناً آپ میرے مولا

عَبْدُ اللهِ وَوَلِيُّهُ وَاَخُو الرَّسُوْلِ وَوَصِيُّهُ وَوَارِثُهُ وَاَنَّهُ الْقَائِلُ

اور تمام مومنین کے مولا ہیں اور آپ خدا کے بندہ اور اس کے ولی ہیں اور رسول خداؐ کے بھائی اور وصی ہیں اور

لَكَ وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ مَا اٰمَنَ بِيْ مَنْ كَفَرَ بِكَ وَلَا اَقَرَّ بِاللهِ

انکے وارث ہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ رسولؐ نے بیشک آپ کے لئے فرمایا ہے کہ اس ذات کی قسم جس نے مجھے

مَنْ جَحَدَكَ وَقَدْ ضَلَّ مَنْ صَدَّ عَنْكَ وَلَمْ يَهْتَدِ اِلَى اللهِ وَلَا اِلَيَّ

حق کیساتھ بھیجا ہے کہ وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جس نے تمہارے ساتھ کفر اختیار کیا اور نہ خدا کا اقرار کیا اور

مَنْ لَا يَهْتَدِيْ بِكَ وَهُوَ قَوْلُ رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِمَنْ

جس نے تمہارا انکار کیا اور یقیناً وہ گمراہ ہوا جس نے تم سے منہ موڑا اور نہ ہدایت پائی اس نے خدا تک نہ

تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى اِلٰى وِلَايَتِكَ مَوْلَايَ

مجھ تک جسنے تمہارے ذریعہ سے ہدایت کو پسند نہیں کیا اور یہی قول ہے میرے پالنے والے عزوجل کا کہ میں یقیناً اس شخص کا

فَضْلُكَ لَا يَخْفٰى وَنُوْرُكَ يُطْفَاُ وَاَنَّ مَنْ جَحَدَكَ الظَّلُوْمُ الْاَشْقٰى

بخشنے والا ہوں جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور عمل صالح کرے پھر ہدایت پائے" تمہاری ولایت کی۔ اے مولا میرے

مَوْلَايَ اَنْتَ الْحُجَّةُ عَلَى الْعِبَادِ وَالْهَادِيْ اِلَى الرَّشَادِ وَالْعُدَّةُ

آپ کا فضل پوشیدہ نہیں ہو سکتا اور آپ کا نور بجھایا نہیں جاسکتا اور بیشک جسنے آپکا انکار کیا وہ بڑا ظالم اور شقی ہے

لِلْمَعَادِ مَوْلَايَ لَقَدْ رَفَعَ اللهُ فِي الْاُوْلٰى مَنْزِلَتَكَ وَاَعْلٰى فِي الْاٰخِرَةِ

مولا میرے آپ حجت ہیں بندوں پر اور ہدایت کرنیوالے ہیں حقیقت کی طرف اور آپ سرمایہ آخرت ہیں مولا میرے

دَرَجَتَكَ وَبَصَّرَكَ مَا عَمِيَ عَلٰى مَنْ خَالَفَكَ وَحَالَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ

یقیناً خدا نے دنیا میں آپکو منزلت دی، اور آخرت میں آپکے درجہ کو بلند فرمایا اور آپکو دکھا دیا ان چیزوں کو جو اس

مَوَاهِبِ اللهِ لَكَ فَلَعَنَ اللهُ مُسْتَحِلِّي الْحُرْمَةِ مِنْكَ وَذَائِدَ الْحَقِّ

شخص کی نظر سے چھپی رہیں جسنے آپکی مخالفت کی اور جسنے آپکے اور عطیہ خدا کے درمیان حائل ہونا چاہا پس خدا لعنت

عَنْكَ وَاَشْهَدُ اَنَّهُمُ الْاَخْسَرُوْنَ الَّذِيْنَ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمْ فِيْهَا

کرے اسپر جسنے آپکی بےحرمتی کو حلال سمجھا اور حق کو آپ سے دور کرنا چاہا میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ لوگ بڑے گھاٹا اٹھانے

النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مَا اَقْدَمْتَ وَلَا اَحْجَمْتَ وَلَا نَطَقْتَ وَلَا

والے ہونگے قیامت میں انکے چہرہ کو آتش جہنم جھلسا دیگی اور انکے ہونٹ جلکر کھنچ جائیں گے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ

أَمْسَكْتَ إِلَّا بِأَمْرٍ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ قُلْتَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ

آپ نے نہ کوئی اقدام کیا نہ پیچھے ہٹے نہ بولے اور نہ چپ رہے مگر خدا و رسول کے امر پر جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ

نَظَرَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ أَضْرِبُ بِالسَّيْفِ قُدُماً

اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ رسول اللہؐ نے میری طرف دیکھا جب میں آگے بڑھ بڑھ کر

فَقَالَ يَا عَلِيُّ أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَىٰ إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ

تلوار چلا رہا تھا پس فرمایا یا علی تم کو مجھ سے وہی منزلت حاصل ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی سوائے اس کے کہ

بَعْدِي وَأُعْلِمُكَ أَنَّ مَوْتَكَ وَحَيَاتَكَ مَعِي وَعَلَىٰ سُنَّتِي فَوَاللّٰهِ

میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا میں تمکو خبر دیتا ہوں کہ تمہارا مرنا اور جینا میرے ساتھ ہوگا اور اسی راستہ پر جس پر

مَا كَذِبْتُ وَلَا كُذِّبْتُ وَلَا ضَلَلْتُ وَلَا ضُلَّ بِي وَلَا نَسِيتُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَبِّي

میں ہوں پس خدا کی قسم نہ میں جھوٹ بولا اور نہ مجھ سے جھوٹ کہا گیا نہ میں گمراہ ہوا اور نہ مجھے گمراہی کی بات

وَإِنِّي لَعَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي بَيَّنَهَا لِنَبِيِّهِ وَبَيَّنَهَا النَّبِيُّ لِي وَإِنِّي

کہی گئی اور نہ بھولا میں اس کو جس کا مجھ سے خدا نے وعدہ لیا اور بیشک میں بینہ پر ہوں اپنے پروردگار کی طرف سے

لَعَلَى الطَّرِيقِ الْوَاضِحِ أَلْفِظُهُ لَفْظاً صَدَقْتَ وَاللّٰهِ وَقُلْتَ الْحَقَّ

جس بینہ کو خدا نے اپنے نبی پر ظاہر کیا اور نبی نے مجھ پر یقیناً میں واضح راستہ پر ہوں اور میں سچ کہہ رہا ہوں مولا

فَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَاوَاكَ بِمَنْ نَاوَاكَ وَاللّٰهُ جَلَّ اسْمُهُ يَقُولُ

قسم خدا کی آپ نے سچ کہا اور حق بات ارشاد فرمائی پس خدا لعنت کرے اس شخص پر جو برابر سمجھے آپ کو اس شخص کے

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ فَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ

جو آپ کا مخالف ہو در حالانکہ خدا ارشاد فرماتا ہے کیا برابر ہو سکتے ہیں وہ لوگ جو علم رکھتے ہیں اور وہ لوگ جو علم

عَدَلَ بِكَ مَنْ فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وِلَايَتَكَ وَأَنْتَ وَلِيُّ اللّٰهِ وَ

نہیں رکھتے پس خدا لعنت کرے اس شخص پر جو آپ کے برابر سمجھے اس شخص کو جس پر خدا نے آپکی ولایت کو فرض کیا

أَخُو رَسُولِهِ وَالذَّابُّ عَنْ دِينِهِ وَالَّذِي نَطَقَ الْقُرْآنُ بِتَفْضِيلِهِ

اور آپ خدا کے ولی ہیں اسکے رسول کے بھائی ہیں اسکے دین سے دشمنوں کو دفع کرنیوالے ہیں اور وہ ہیں جنکی فضیلت پر

قَالَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ أَجْراً

قرآن گویا ہے چنانچہ خدا فرماتا ہے کہ خداوند عالم نے جہاد کرنیوالوں کو جہاد نہ کرنیوالوں پر اجر عظیم کیساتھ فضیلت دی ہے

عظيما درجات منه ومغفرة ورحمة وكان الله غفورا رحيما
وہ درجہ ہیں جو خدا کی طرف سے انکے لئے ہیں اور اسکی مغفرت اور رحمت ہے اور خدا ہمیشہ سے غفور و رحیم ہے اور یہ بھی

وقال الله تعالى أجعلتم سقاية الحاج وعمارة المسجد الحرام
خداوند عالم فرماتا ہے کہ کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجد حرام کو آباد

كمن آمن بالله واليوم الآخر وجاهد في سبيل الله لا
رکھنے والوں کو اس شخص کے برابر کر دیا ہے جو ہمیشہ سے خدا اور آخرت پر ایمان لائے ہوئے ہے اور راہ خدا میں

يستوون عند الله والله لا يهدي القوم الظالمين الذين آمنوا
جہاد کیا اور یہ لوگ خدا کے نزدیک آپس میں برابر نہیں ہو سکتے اللہ ظالم قوم کی ہدایت نہیں کرتا یہ لوگ

وهاجروا وجاهدوا في سبيل الله بأموالهم وأنفسهم أعظم
ایمان لا چکے ہجرت کر چکے اور راہ خدا میں اپنے مال اور جانوں سے جہاد کر چکے ہیں یہ لوگ خدا کے نزدیک

درجة عند الله وأولئك هم الفائزون يبشرهم ربهم برحمة
درجہ میں بہت بلند ہیں اور یہی لوگ کامیاب ہیں انہیں لوگوں کو خوشخبری دے رہا ہے ان کا پروردگار

منه ورضوان وجنات لهم فيها نعيم مقيم خالدين فيها أبدا
اپنی طرف سے رحمت کی، خوشنودی کی اور اس جنت کی جس میں ان لوگوں کیلئے دائمی نعمتیں ہیں اور یہ لوگ اس میں

إن الله عنده أجر عظيم أشهد أنك المخصوص بمدحة
ہمیشہ رہیں گے، بیشک خدا کے نزدیک اجر عظیم ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ خدا کی مدح کیساتھ مخصوص

الله المخلص لطاعة الله لم تبغ بالهدى بدلا ولم تشرك
ہیں اور اطاعت خدا خالص طریقہ سے کرنیوالے ہیں اپنے ہدایت کے معاوضہ میں کوئی چیز نہیں چاہی اور اپنے

بعبادة ربك أحدا وأن الله تعالى استجاب لنبيه صلى الله
پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہیں کیا اور بیشک خدا نے اپنے نبی کی دعا آپکے بارےمیں قبول فرمائی

عليه وآله فيك دعوته ثم أمره بإظهار ما أولاك لأمته
صلوات خدا ان پر اور انکی آل پر پھر انکو حکم دیا اس چیز کو امت پر ظاہر کرنیکا جو آپ کو عطا کی اپنی

إعلاء لشأنك وإعلانا لبرهانك ودحضا للأباطيل وقطعا للمعاذير فلما
شان کو ظاہر کرنیکے لئے آپکی دلیل کا اعلان کرنیکے لئے اور باطل چیزوں کو مٹانیکے لئے اور تمام عذروں کو

أَشْفَقَ مِنْ فِتْنَةِ الْفَاسِقِيْنَ وَاتَّقَى فِيْكَ الْمُنَافِقِيْنَ أَوْحَى

قطع کرنیکے لئے۔ پس جب پیغمبر فاسقوں کے فتنہ سے خوف زدہ ہوئے اور آپ کے بارے میں منافقین سے ڈرتے تو

إِلَيْهِ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ يَا أَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ

رب العالمین نے انپر وحی کی کہ اے رسول پہونچا دو اس حکم کو جو تمہارے پروردگار کیطرف سے نازل

رَبِّكَ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ

کیا گیا اور اگر تم نے نہ پہونچایا تو گویا اس کی رسالت ہی نہ پہونچائی اور خدا تم کو لوگوں سے محفوظ

النَّاسِ فَوَضَعَ عَلَى نَفْسِهِ أَوْزَارَ الْمَسِيْرِ وَنَهَضَ فِيْ رَمْضَاءِ الْهَجِيْرِ

رکھیگا۔ پس پیغمبر خدا نے اپنے نفس پر بار سفر اٹھایا اور دوپہر کی گرمی میں کھڑے ہوئے خطبہ دیا اور

فَخَطَبَ وَأَسْمَعَ وَنَادَى فَأَبْلَغَ ثُمَّ سَأَلَهُمْ أَجْمَعَ فَقَالَ هَلْ بَلَّغْتُ

اور سب کو سنایا ندا دی حکم خدا پہونچا دیا پھر کل حاضرین سے پوچھا کہ میں نے حکم خدا پہونچا دیا؟

فَقَالُوْا اللّٰهُمَّ بَلَى فَقَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ ثُمَّ قَالَ أَلَسْتُ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِيْنَ

سبھوں نے کہا بیشک آپنے پہونچا دیا اسوقت آنحضرت نے ارشاد فرمایا خداوندا گواہ رہنا! اس اقرار پر

مِنْ أَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْا بَلَى فَأَخَذَ بِيَدِكَ وَقَالَ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ

پھر آنحضرت نے سامعین سے پوچھا کہ کیا میں مومنین پر انکے نفسوں سے زیادہ اولیٰ نہیں ہوں سبھوں نے کہا

فَهٰذَا عَلِيٌّ مَوْلَاهُ اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ وَانْصُرْ

بیشک پس رسول نے آپکا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جس کا میں مولا ہوں اسکے یہ علی مولا ہیں خداوندا دوست رکھ اس کو

مَنْ نَصَرَهُ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَهُ فَمَا آمَنَ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْكَ عَلَى

جو علی کو دوست رکھے اور دشمن رکھ اوسے جو علی سے دشمنی رکھے اور مدد کر اس کی جو علی کی مدد کرے اور چھوڑ دے

نَبِيِّهِ إِلَّا قَلِيْلٌ وَلَا زَادَ أَكْثَرَهُمْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ وَلَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى

اس کو جو علی کو چھوڑ دے پس نہیں ایمان لائے اس حکم پر جو خدا نے آپ کے بارے میں اپنے پیغمبر پر نازل کیا

فِيْكَ مِنْ قَبْلُ وَهُمْ كَارِهُوْنَ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا مَنْ يَرْتَدَّ

مگر تھوڑے لوگ اونمیں سے اور اونمیں سے زیادہ تر کو گھاٹا ہی رہا اور یقیناً خدا نے آپ کے بارے میں اس سے

مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهُ أَذِلَّةٍ

پہلے بھی یہ آیت نازل فرمائی تھی درحالیکہ منافقین کراہت کر رہے تھے کہ اے وہ لوگ جو ایمان لاچکے ہو جو تم میں سے

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اپنے دین سے پھر جائے تو عنقریب خدا ایسی قوم کو لائیگا جسے وہ خود دوست رکھتا ہے اور وہ قوم بھی خدا کو دوست

وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ

رکھتی ہے وہ لوگ مومنین کیلئے نرم ہونگے اور کافروں پر سخت ہونگے راہ خدا میں جہاد کرینگے اور کسی ملامت

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا

کرنیوالے کی ملامت کی پرواہ نہ کرینگے یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ بڑا وسیع واقف کار ہے

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ وَ

اور یہ بھی نازل فرمایا کہ بیشک تمہارا ولی صرف اللہ ہے اور اسکا رسول ہے اور وہ لوگ ہیں جو ہمیشہ سے ایمان

مَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ

لائے ہیں نماز قائم رکھتے ہیں زکواۃ دیتے ہیں درحالیکہ رکوع میں ہوتے ہیں اور جو شخص خدا و رسول کو دوست

الْغَالِبُوْنَ رَبَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ

رکھے اور ایسے مومنین کو دوست رکھے تو یقیناً خدا کا یہ گروہ غالب ہی رہیگا اے میرے پالنے والے ہم ایمان لائے

الشّٰهِدِيْنَ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

ہیں ان چیزوں پر جو تونے نازل فرمایا اور ہم نے تیرے رسول کی پیروی کی لہذا تو ہمکو گواہی دینے والوں میں لکھ لے

لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا هُوَ

اے ہمارے پالنے والے ہمارے دلوں کو کج نہ ہونے دینا بعد اسکے کہ تونے ہماری ہدایت کر دی ہے اور ہم کو اپنی

الْحَقُّ مِنْ عِنْدِكَ فَالْعَنْ مَنْ عَارَضَهٗ وَاسْتَكْبَرَ وَكَذَّبَ بِهٖ وَ

طرف سے رحمت عطا فرما بیشک تو ہی عطا کرنیوالا ہے، خداوندا ہم جانتے ہیں کہ یہ امر حق ہے تیری طرف سے ہے، پس

كَفَرَ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

لعنت کر اسپر جس نے علی کا مقابلہ کیا اور ان کے مقابل تکبر کیا اور جس نے ان کو جھٹلایا اور کفر کیا اور عنقریب ہی

يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَسَيِّدَ الْوَصِيِّيْنَ وَاَوَّلَ الْعَابِدِيْنَ وَاَزْهَدَ

وہ لوگ جانینگے جنہوں نے ظلم کیا ہے کہ وہ کس طرح پلٹ کر جائینگے، سلام ہو آپ پر اے امیر المومنین اور اے

الزَّاهِدِيْنَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَصَلَوَاتُهٗ وَتَحِيَّاتُهٗ اَنْتَ

سارے اوصیاء کے سردار اور اے سب سے پہلے عبادت کرنیوالے اور اے تمام زاہدوں سے بڑھکر زاہد خدا کی رحمت ہو

مُطْعِمُ الطَّعَامِ عَلَى حُبِّهِ مِسْكِيناً وَيَتِيماً وَأَسِيراً لِوَجْهِ اللَّهِ لَا

آپ پر اور برکات اسکی اور صلوات اسکی اور سلام ہو آپ پر آپ ہی خدا کی محبت میں کھانا کھلانے والے تھے یتیموں کو

تُرِيدُ مِنْهُمْ جَزَاءً وَلَا شُكُوراً وَفِيكَ أَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى وَ

مسکینوں کو اسیروں کو محض خوشنودی خدا کیلئے آپ انسے نہ جزا چاہتے تھے اور نہ شکریہ اور آپ ہی کے بارے میں

يُؤْثِرُونَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَنْ يُوقَ شُحَّ

خدا نے نازل فرمایا ہے کہ لوگ مقدم کرتے ہیں دوسروں کو اپنے نفسوں پر اگرچہ انہیں خود بھی احتیاج ہوتی ہے

نَفْسِهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ وَأَنْتَ الْكَاظِمُ لِلْغَيْظِ وَالْعَافِي

اور جو شخص اپنے نفس کی حرص سے بچا لیا جائے وہ یقینی فلاح پائیگا آپ ہی غصہ کو ضبط کرنیوالے اور لوگوں کو

عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ وَأَنْتَ الصَّابِرُ فِي الْبَأْسَاءِ وَ

معاف کرنیوالے ہیں اور خدا نیکی کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے آپ ہی صبر کرنیوالے ہیں مصیبتوں پر ضرر کی حالتوں

الضَّرَّاءِ وَحِينَ الْبَأْسِ وَأَنْتَ الْقَاسِمُ بِالسَّوِيَّةِ وَالْعَادِلُ فِي

میں، اور میدان جنگ میں، اور آپ ہی برابر تقسیم کرنیوالے ہیں، اور رعیت میں عدل کرنیوالے ہیں، اور

الرَّعِيَّةِ وَالْعَالِمُ بِحُدُودِ اللَّهِ مِنْ جَمِيعِ الْبَرِيَّةِ وَاللَّهُ تَعَالَى أَخْبَرَ

حدود خدا کو سارے دنیا کے مقابلہ میں زیادہ جاننے والے ہیں اور خدا نے خبر دی ہے اس فضل کے متعلق

عَمَّا أَوْلَاكَ مِنْ فَضْلِهِ بِقَوْلِهِ أَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِناً كَمَنْ كَانَ فَاسِقاً

جو آپ کو عطا فرمایا ہے اپنے اس قول سے کہ کیا وہ شخص جو مومن ہے مثل فاسق کے ہوسکتا ہے مومن اور

لَا يَسْتَوُونَ أَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَى

فاسق برابر نہیں ہوسکتے لیکن وہ لوگ جو ایمان لائے اور سارے عمل صالح بجا لاچکے ہیں پس ان کیلئے

نُزُلاً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ وَأَنْتَ الْمَخْصُوصُ بِعِلْمِ التَّنْزِيلِ وَحُكْمِ

جنت الماویٰ ہے اور یہ جزا ہے ان اعمال کی جو وہ بجا لائے ہیں اور آپ ہی مخصوص ہیں علم تنزیل کیساتھ اور حکم

التَّأْوِيلِ وَنَصِّ الرَّسُولِ وَلَكَ الْمَوَاقِفُ الْمَشْهُودَةُ وَالْمَقَامَاتُ

تاویل کیساتھ اور نص رسول کیساتھ آپ کیلئے مشاہدہ کی ہوئی جگہ ہے اور مشہور مقامات ہیں اور

الْمَشْهُورَةُ وَالْأَيَّامُ الْمَذْكُورَةُ يَوْمَ بَدْرٍ وَيَوْمَ الْأَحْزَابِ

قابل ذکر ایام ہیں مثلاً ایام جنگ بدر ایام جنگ احزاب جبکہ بزدلوں کی

إِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِاللَّهِ

آنکھیں پتھرا گئی تھیں اور انکے دل منہ تک آ گئے تھے اور خدا کیساتھ مختلف گمان کرنے

الظُّنُونَا هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا وَإِذْ يَقُولُ

لگے تھے اسوقت مومنین آزمائے گئے اور بہت شدت کیساتھ جنبش میں لائے گئے اور جبکہ منافقین اور

الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا

وہ لوگ جنکے دلوں میں مرض تھا کہہ رہے تھے کہ خدا اور اس کے رسول نے جو ہمارے ساتھ وعدے کئے تھے

غُرُورًا وَإِذْ قَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ

وہ سب دھوکا ہی دھوکا تھا اور اسوقت بھی جبکہ انہیں سے ایک گروہ نے کہا اے اہل یثرب یہ تمہارے

فَارْجِعُوا وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيقٌ مِنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ

ٹہرنے کا مقام نہیں ہے، پلٹ چلو بلکہ انہیں میں کا ایک گروہ رسول سے پلٹ جانیکی اجازت مانگ رہا تھا

وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ إِنْ يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَارًا وَقَالَ اللَّهُ تَعَالَى وَلَمَّا رَأَى

اور یہ کہہ رہا تھا کہ یقیناً ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں حالانکہ انکے گھر غیر محفوظ نہ تھے یہ لوگ اس بہانے سے بھاگنا

الْمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ

چاہتے تھے جیسا کہ خدا ارشاد فرماتا ہے کہ اور جب مومنوں نے مشرکوں کے گروہوں کو دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ وہی ہے جسکا

اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا فَقَتَلْتَ عَمْرَهُمْ

ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا تھا اور خدا اور اسکے رسول نے سچ فرمایا تھا اور اس سے مومنوں کا ایمان

وَهَزَمْتَ جَمْعَهُمْ وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا

بھی بڑھا اور رضا بھی پس آپ نے احزاب کے عمرو کو قتل کیا اور اسکی جمعیت کو شکست دی اور خدا نے کافروں کو ان کے

وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا وَيَوْمِ أُحُدٍ

غیظ کے ساتھ پلٹا دیا اور انہوں نے کوئی نیکی نہ پائی۔ اور خدا نے مومنوں کی کفایت فرمائی اور مدد کی اور

إِذْ يُصْعِدُونَ وَلَا يَلْوُونَ عَلَى أَحَدٍ وَالرَّسُولُ يَدْعُوهُمْ فِي

اللہ ہمیشہ سے قوی و عزیز ہے اور جنگ احد میں بھی جبکہ لوگ پہاڑیوں پر بھاگے جا رہے تھے اور کسی کو مڑ کر بھی نہ

أُخْرَاهُمْ وَأَنْتَ تَذُودُ بِهِمُ الْمُشْرِكِينَ عَنِ النَّبِيِّ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَا

دیکھتے تھے حالانکہ رسول انکو پس پشت سے پکارتے رہے اسوقت بھی آپکا یہ عالم تھا کہ مشرکوں کو ہجوم کو رسول خدا کے

الشِّمَالِ حَتَّى رَدَّهُمُ اللهُ تَعَالَى عَنْكُمَا خَائِفِينَ وَنَصَرَ بِكَ الْخَاذِلِينَ

دائیں بائیں سے ہٹاتے رہے یہانتک کہ خدا نے ان مشرکوں کو آپ دونوں حضرات کے پاس سے خوفزدہ کر کے

وَيَوْمَ حُنَيْنٍ عَلَى مَا نَطَقَ بِهِ التَّنْزِيلُ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ

پسپا کر دیا باوجودیکہ لوگوں نے چھوڑ دیا تھا مگر آپ کے ذریعہ سے رسول کی مدد فرمائی اور جنگ حنین میں بھی جیسا کہ

عَنْكُمْ شَيْئاً وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُدْبِرِينَ

قرآن گویا ہے کہ اسوقت کو یاد کرو جبکہ تم کو تمہاری کثرت بہت پسند تھی لیکن وہ تمہیں کچھ فائدہ نہ پہونچا سکی اور زمین

ثُمَّ أَنْزَلَ اللهُ سَكِينَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنُونَ أَنْتَ

اپنی کشادگی کے باوجود تنگ ہو گئی تھی پھر تم پیٹھ پھیر کر بھاگے اسوقت خدا نے اپنی تسکین اپنے رسول اور مومنین پر

وَمَنْ يَلِيكَ وَعَمُّكَ الْعَبَّاسُ يُنَادِي الْمُنْهَزِمِينَ يَا أَصْحَابَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ

نازل فرمائی۔ اسوقت کے مومن سے مراد آپ اور وہ لوگ جو آپکے ساتھ تھے اور آپ کے چچا عباس ہزیمت اٹھانیوالوں کو

يَا أَهْلَ بَيْعَةِ الشَّجَرَةِ حَتَّى اسْتَجَابَ لَهُ قَوْمٌ قَدْ كَفَيْتَهُمُ الْمُؤْنَةَ وَ

آواز دے رہے تھے کہ اے سورہ بقر والو اور اے بیعت شجر والو یہانتک کہ ایک گروہ نے جناب عباس کی ندا پر

تَكَفَّلْتَ دُونَهُمُ الْمَعُونَةَ فَعَادُوا آيِسِينَ مِنَ الْمَثُوبَةِ رَاجِينَ

لبیک کہی مگر اسوقت جب آپ ان کے فرض کو انجام دے چکے تھے اور ان کے مقابل بدلے کے کفیل ہو گئے تھے چنانچہ وہ لوگ

وَعْدَ اللهِ تَعَالَى بِالتَّوْبَةِ وَذَلِكَ قَوْلُ اللهِ جَلَّ ذِكْرُهُ ثُمَّ

عباس کے پکارنے پر ثواب سے ناامید ہو کر اور خدا کے وعدہ توبہ پہ امید کر کے واپس آئے۔ خدائے جلیل کا یہ قول ہے پھر

يَتُوبُ اللهُ مِنْ بَعْدِ ذَلِكَ عَلَى مَنْ يَشَاءُ وَأَنْتَ حَائِزٌ دَرَجَةَ

اللہ معاف کر دیگا اسکے بعد جس کو چاہیگا اور آپ درجہ صبر اور اجر عظیم پر فائز ہیں، اور خیبر کے دن خدا نے

الصَّبْرِ فَائِزٌ بِعَظِيمِ الْأَجْرِ وَيَوْمَ خَيْبَرَ إِذْ أَظْهَرَ اللهُ خَوَرَ الْمُنَافِقِينَ

جب منافقوں کی سستی کو ظاہر کر دیا اور کافروں کی جڑیں کاٹ دیں

وَقَطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا

اور سب تعریفیں خدا ہی کے لئے ہیں جو تمام عالمین کا پالنے والا ہے درحالانکہ

اللهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ وَكَانَ عَهْدُ اللهِ مَسْئُولاً مَوْلَايَ

انہوں نے اس سے پہلے خدا سے عہد کیا تھا کہ وہ پیٹھ نہ پھیر نکلیں گے اور سامنے تھا کہ اس وعدہ کا سوال بھی کیا جائیگا

أَنْتَ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ وَالْمَحَجَّةُ الْوَاضِحَةُ وَالنِّعْمَةُ السَّابِغَةُ وَالْبُرْهَانُ

اے میرے مولا آپ کامل حجت ہیں، کھلا ہوا راستہ ہیں اور مکمل نعمت ہیں، اور روشن دلیل ہیں پس

الْمُنِيرُ فَهَنِيئاً لَكَ بِمَا آتَاكَ اللهُ مِنْ فَضْلٍ وَتَبّاً لِشَانِئِكَ ذِي الْجَهْلِ

مبارک ہو آپ کو جو خدا نے آپ کو فضل عطا فرمایا۔ اور ہلاکت طاری کرے اس پر جو آپ کی منزلت سے

شَهِدْتَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ جَمِيعَ حُرُوبِهِ وَمَغَازِيهِ تَحْمِلُ

انکار کرے آپ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کے ساتھ رہے تمام لڑائیوں میں اور غزوں میں اور انکے آگے آگے

الرَّايَةَ أَمَامَهُ وَتَضْرِبُ بِالسَّيْفِ قُدَّامَهُ ثُمَّ لِحَزْمِكَ الْمَشْهُورِ

علم کو لیکر قائم رہے اور انکے سامنے تلواریں چلاتے رہے پھر آپ کو مشہور دانشمند اور بابصیرت ہونے کی وجہ سے امیر بنایا

بَصِيرَتِكَ فِي الْأُمُورِ أُمِّرْتَ فِي الْمَوَاطِنِ وَلَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ أَمِيرٌ وَكَمْ مِنْ أَمْرٍ

اور آپ پر کوئی امیر نہیں رہا بہت سے ایسے موقع آپ کو پیش آئے جنہیں آپکے ارادہ کے پورا ہونے کو تقوی نے روکا

صَدَّكَ عَنْ إِمْضَاءِ عَزْمِكَ فِيهِ التُّقَى وَاتَّبَعَ غَيْرُكَ فِي مِثْلِهِ الْهَوَى

اور آپ کے غیر نے ایسے موقع پر خواہش نفسانی کی پیروی کی لہذا جاہلوں نے گمان کیا کہ

فَظَنَّ الْجَاهِلُونَ أَنَّكَ عَجَزْتَ عَمَّا إِلَيْهِ انْتَهَى ضَلَّ وَاللهِ الظَّانُّ لِذَلِكَ

آپ اس چیز میں عاجز ہیں جس میں آپ کا غیر کامیاب ہوا۔ خدا کی قسم

وَمَا اهْتَدَى وَلَقَدْ أَوْضَحْتَ مَا أَشْكَلَ مِنْ ذَلِكَ لِمَنْ تَوَهَّمَ وَامْتَرَى

وہ گمراہ ہے جس نے یہ گمان کیا اور ہدایت یافتہ نہیں ہے درحالانکہ آپ نے اس چیز کو جو ایسی باتوں میں مشکل

بِقَوْلِكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ قَدْ يَرَى الْحُوَّلُ الْقُلَّبُ وَجْهَ الْحِيلَةِ وَ

نظر آئی وہم کرنے والوں کے لئے اپنے قول سے واضح کردیا صلوات خدا ہو آپ پر یقیناً تجربہ کار و آزمودہ کار حیلہ کے

دُونَهَا حَاجِزٌ مِنْ تَقْوَى اللهِ فَيَدَعُهَا رَأْيَ الْعَيْنِ وَيَنْتَهِزُ فُرْصَتَهَا

رخ کو دیکھتا ہے اور اس کے سامنے تقوی جو خدا کی روک ہے موجود ہے اس حیلہ کو دیدہ دانستہ چھوڑ دیتا ہے اور

مَنْ لَا حَرِيجَةَ لَهُ فِي الدِّينِ صَدَقْتَ وَخَسِرَ الْمُبْطِلُونَ وَإِذْ مَاكَرَكَ

اسکی فرصت کو غنیمت سمجھتا ہے وہ شخص جسکو کوئی احتیاط دین میں نہیں ہوتی۔ خدا کی قسم آپ سچے، اور باطل

النَّاكِثَانِ فَقَالَا نُرِيدُ الْعُمْرَةَ فَقُلْتَ لَهُمَا لَعَمْرُكُمَا مَا تُرِيدَانِ

پرست گھاٹا اٹھانے والے ہیں، اور جس وقت آپ سے ان دونوں نے بیعت کو توڑ کر مکر کیا اور کہا کہ ہم عمرہ بجالانیکا ارادہ

الْعُمْرَةَ لَكِنْ تُرِيدَانِ الْغَدْرَةَ فَأَخَذْتَ الْبَيْعَةَ عَلَيْهِمَا وَجَدَّدْتَ

کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ تمہاری جان کی قسم تم عمرہ کا ارادہ نہیں رکھتے ہو لیکن غدر کرنا چاہتے ہو پھر آپ نے ان سے بیعت

الْمِيثَاقَ فَجَدَّا فِي النِّفَاقِ فَلَمَّا نَبَّهْتَهُمَا عَلَى فِعْلِهِمَا أَغْفَلَا وَعَادَا وَمَا

لی اور عہد و پیمان کی تجدید کرائی مگر ان دونوں نے نفاق میں کوشش کی۔ پس جب آپ نے ان دونوں کو ان کے اس فعل پر متنبہ

انْتَفَعَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهِمَا خُسْراً ثُمَّ تَلَاهُمَا أَهْلُ الشَّامِ فَسِرْتَ

کیا تو وہ غافل بن گئے نفاق کی طرف پلٹ گئے اور نفع حاصل نہ کر سکے اور ان کا انجام کار گھاٹا ہوا پھر ان دونوں کے

إِلَيْهِمْ بَعْدَ الْإِعْذَارِ وَهُمْ لَا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ وَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ

نقش قدم پر اہل شام چلے تو آپ نے بھی اس عذر کو ختم کرنے کے بعد حرکت فرمائی اور یہ وہی لوگ تھے جو دین کے مطیع

هَمَجٌ رَعَاعٌ ضَالُّونَ وَبِالَّذِي أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ فِيكَ كَافِرُونَ وَلِأَهْلِ

نہ تھے اور نہ قرآن میں غور و فکر کرنے والے تھے وہ مثل بھیڑوں اور لٹیروں کے تھے اور گمراہ تھے اور اس چیز کے ساتھ جو

الْخِلَافِ عَلَيْكَ نَاصِرُونَ وَقَدْ أَمَرَ اللّٰهُ تَعَالَى بِاتِّبَاعِكَ وَنَدَبَ

محمد مصطفی پر آپ کے بارے میں نازل کی گئی تھی کفر اختیار کئے ہوئے تھے اور آپ کی مخالفت کرنے والوں کے مددگار بنے ہوئے

الْمُؤْمِنِينَ إِلَى نَصْرِكَ وَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

تھے درآں حالانکہ خدا نے حکم دیا تھا آپ کی پیروی کا اور مومنوں کو دعوت دی تھی آپ کی امداد کی طرف چنانچہ ارشاد فرماتا ہے

وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ مَوْلَايَ بِكَ ظَهَرَ الْحَقُّ وَقَدْ نَبَذَهُ الْخَلْقُ

اے وہ لوگ جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرتے رہو اور صادقین کا ساتھ دو اے میرے مولا آپ ہی کے ذریعے سے

وَأَوْضَحْتَ السُّنَنَ بَعْدَ الدُّرُوسِ وَالطَّمْسِ فَلَكَ سَابِقَةُ الْجِهَادِ

حق ظاہر ہوا جبکہ مخلوق نے اسے چھوڑ دیا تھا۔ اور آپ ہی نے سنت پیغمبر خدا کو واضح کیا اس کے مٹ جانے کے بعد اور

عَلَى تَصْدِيقِ التَّنْزِيلِ وَلَكَ فَضِيلَةُ الْجِهَادِ عَلَى تَحْقِيقِ التَّأْوِيلِ

آپ ہی کو جہاد کی سبقت حاصل ہے بموافق تصدیق قرآن کے اور آپ ہی کو فضیلت جہاد حاصل ہے تاویل کی تحقیق

وَعَدُوُّكَ عَدُوُّ اللّٰهِ جَاحِدٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ يَدْعُو بَاطِلاً وَيَحْكُمُ

کی بنا پر اور آپ کا دشمن خدا کا دشمن ہے اور رسول خدا کا منکر ہے اور باطل کا مدعی ہے اور جور کے ساتھ حکم

جَائِراً وَيَتَأَمَّرُ غَاصِباً وَيَدْعُو حِزْبَهُ إِلَى النَّارِ وَعَمَّارٌ يُجَاهِدُ وَ

کرنے والا ہے اور غاصبانہ امیر بننے والا ہے، اور اپنے گروہ کو جہنم کی طرف کھینچ کر لیجانے والا ہے درحالانکہ عمار

يُنَادِي بَيْنَ الصَّفَّيْنِ الرَّوَاحَ الرَّوَاحَ إِلَى الْجَنَّةِ وَلَمَّا اسْتَسْقَى

کو بچی طرف سے جہاد کر رہے تھے اور دونوں صفوں کے درمیان پکار رہے تھے کہ جنت کی طرف چلو اور جب انہوں نے

فَسُقِيَ اللَّبَنَ كَبَّرَ وَقَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

پانی مانگا اور ان کو دودھ پلایا گیا تو انہوں نے تکبیر کہی اور کہا کہ مجھ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

آخِرُ شَرَابِكَ مِنَ الدُّنْيَا ضَيَاحٌ مِنْ لَبَنٍ وَتَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

ارشاد فرمایا ہے کہ تمہارا آخری گھونٹ تھوڑا پانی ملا ہوا دودھ ہوگا اور تم کو گروہ باغی قتل کریگا۔ چنانچہ ابوالعادیہ

فَاعْتَرَضَهُ أَبُو الْعَادِيَةِ الْفَزَارِيُّ فَقَتَلَهُ فَعَلَى أَبِي الْعَادِيَةِ لَعْنَةُ

فزاری نے آکر انکو قتل کر دیا پس ابوالعادیہ فزاری پر لعنت خدا ہو اور اسکے

اللّٰهِ وَلَعْنَةُ مَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ أَجْمَعِينَ وَعَلَى مَنْ سَلَّ سَيْفَهُ عَلَيْكَ

ملائکہ کی لعنت اور تمام مرسلین کی لعنت ہو اور اس پر بھی لعنت ہو جسنے اپنی تلوار آپ پر بلند کی اور اس پر بھی لعنت

وَسَلَلْتَ سَيْفَكَ عَلَيْهِ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَالْمُنَافِقِينَ

ہو جس پر آپ نے تلوار اٹھائی اے امیر المومنین خواہ وہ مشرکوں میں ہو یا منافقوں میں ہو تا قیامت تک اور اس پر

إِلَى يَوْمِ الدِّينِ وَعَلَى مَنْ رَضِيَ بِمَا سَاءَكَ وَلَمْ يَكْرَهْهُ وَأَغْمَضَ

بھی لعنت ہو جو اس بات پر راضی ہو جو آپ کو بری معلوم ہوئی اور اس نے ناپسند نہ کیا اور چشم پوشی کر گیا اور

عَيْنَهُ وَلَمْ يُنْكِرْ أَوْ أَعَانَ عَلَيْكَ بِيَدٍ أَوْ لِسَانٍ أَوْ قَعَدَ عَنْ نَصْرِكَ

اس سے انکار نہ کیا یا برخلاف آپ کے اور اپنے ہاتھ اور زبان سے مدد پہنچائی

أَوْ خَذَلَ عَنِ الْجِهَادِ مَعَكَ أَوْ غَمَطَ فَضْلَكَ وَجَحَدَ حَقَّكَ وَعَدَلَ

یا آپکی نصرت چھوڑ کر بیٹھ گیا یا آپکے ہمراہ رہکر جنگ کرنے سے پہلو تہی کی اور جس نے آپکے فضل کو کم سمجھا

بِكَ مَنْ جَعَلَكَ اللّٰهُ أَوْلَى بِهِ مِنْ نَفْسِهِ وَصَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكَ

آپ کے حق کا انکار کیا اور اسے آپ کے برابر سمجھا جس پر خدا نے آپ کو اسکے نفس سے زیادہ حاکم قرار دیا ہے

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ وَسَلَامُهُ وَتَحِيَّاتُهُ وَعَلَى الْأَئِمَّةِ مِنْ آلِكَ

صلوات خدا ہو آپ پر اور اسکی رحمتیں ہوں اسکی برکتیں ہوں اور اسکا سلام ہو اور تحیات ہوں اور ان اماموں پر بھی

الطَّاهِرِينَ إِنَّهُ حَمِيدٌ مَجِيدٌ وَالْأَمْرُ الْأَعْجَبُ وَالْخَطْبُ الْأَفْظَعُ

جو آپکی نسل سے پاک و پاکیزہ ہیں اور بیشک خدا حمید و مجید ہے اور سب سے عجیب تر امر اور سب سے دشوار تر معاملہ آپکی

بَعْدَ جَحْدِكَ حَقَّكَ غَصْبَ الصِّدِّيقَةِ الطَّاهِرَةِ الزَّهْرَاۤءِ سَيِّدَةِ

حق کا انکار کرنیکے بعد صدیقۂ طاہرہ فاطمہ زہرا سیدۃ النساء سے

النِّسَاۤءِ فَدَكاً وَرَدُّ شَهَادَتِكَ وَشَهَادَةِ السَّيِّدَيْنِ سُلَالَتِكَ

فدک چھین لینا ہے اور آپکی گواہی اور آپکے دونوں شہزادوں اور حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ

وَعِتْرَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكُمْ وَقَدْ اَعْلَى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَى

والہ وسلم کی اور صلوات خدا ہو آپ سب حضرات پر گواہی کو رد کرنا ہے حالانکہ خداوند عالم نے

الْاُمَّةِ دَرَجَتَكُمْ وَرَفَعَ مَنْزِلَتَكُمْ وَاَبَانَ فَضْلَكُمْ وَشَرَّفَكُمْ عَلَى

امت پر آپ حضرات کے درجہ کو بلند رکھا اور آپ حضرات کی منزلت کو بالا رکھا ہے آپ حضرات کی فضیلت کو ظاہر

الْعَالَمِيْنَ فَاَذْهَبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَكُمْ تَطْهِيْراً قَالَ اللّٰهُ

کر دیا اور سارے عالم پر آپ حضرات کو شرف عطا فرمایا چنانچہ آپ حضرات سے اس نے ہر برائی کو دور رکھا اور طہارت کا

عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعاً اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعاً وَ

اعلان کر دیا جیسا کہ ارشاد فرماتا ہے یقیناً انسان بے صبرا پیدا ہوا ہے جب اسکو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو فریاد کرنے

اِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعاً اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ فَاسْتَثْنَى اللّٰهُ تَعَالٰى نَبِيَّهُ

لگتا ہے اور جب اسے راحت پہونچتی ہے تو بخل اختیار کرتا ہے سوائے ان لوگوں کے جو نماز ادا کرتے ہیں پس خدا نے

الْمُصْطَفٰى وَاَنْتَ يَا سَيِّدَ الْاَوْصِيَاۤءِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَلْقِ فَمَا اَعْمَهَ مَنْ

مستثنیٰ کیا اپنے نبی محمد مصطفیٰ کو اور آپ کو اے سردار اوصیا سارے عالم کے۔ پس کسقدر حق سے پھرا ہوا ہے وہ

ظَلَمَكَ عَنِ الْحَقِّ ثُمَّ اَفْرَضُوْكَ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى مَكْراً وَاَحَادُوْهُ

اسکی بنیاد ڈالی اور اس کو مستحکم کرتے رہے اور قائم رہے آپ حضرات پر ظلم وستم کرنے پر اور آپ حضرات کی پیروی کرنے والوں پر

بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ مِنْهُمْ وَاَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ اِلَيْكُمْ بِمُوَالَاتِكُمْ وَ

بیزاری کرتا ہوں میں خدا کی طرف سے اور آپکی طرف ان لوگوں سے اور تقرب چاہتا ہوں میں خدا کیطرف پھر آپ حضرات کی طرف

مُوَالَاةِ وَلِيِّكُمْ وَبِالْبَرَائَةِ مِنْ اَعْدَائِكُمْ وَالنَّاصِبِيْنَ لَكُمُ الْحَرْبَ وَ

آپ حضرات کی دوستی سے اور آپکے دوستوں کی دوستی سے اور بیزاری سے آپ حضرات کے دشمنوں سے اور ان لوگوں سے جنھوں

بِالْبَرَائَةِ مِنْ اَشْيَاعِهِمْ وَاَتْبَاعِهِمْ اِنِّي سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ

نے آپ حضرات سے جنگ کی اور بیزاری سے انکی پیروی کرنیوالوں سے اور ان کی اتباع کرنے والوں سے، میں صلح کرنے والا ہوں ہر اس

وَوَلِيٌّ لِمَنْ وَالَاكُمْ وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاكُمْ فَاَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِيْ اَكْرَمَنِيْ

شخص سے جو آپ حضرات سے صلح کرے اور جنگ کرنے والا ہوں جو آپ حضرات سے جنگ کرے اور دوست ہوں اس شخص کا جو

بِمَعْرِفَتِكُمْ وَمَعْرِفَةِ اَوْلِيَائِكُمْ وَرَزَقَنِي الْبَرَائَةَ مِنْ اَعْدَائِكُمْ اَنْ

آپ حضرات کو دوست رکھے اور دشمن ہوں ہر اس شخص کا جو آپ حضرات سے دشمنی رکھے۔ پس میں سوال کرتا ہوں اس خدا سے جس نے

يَجْعَلَنِيْ مَعَكُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاَنْ يُثَبِّتَ لِيْ عِنْدَكُمْ قَدَمَ

مجھے بزرگی عطا فرمائی آپ کی معرفت کی وجہ سے اور آپکے دوستوں کی معرفت کیوجہ سے اور نصیب کیا بیزاری کرنا آپکے دشمنوں
سے یہ کہ قرار دے مجھ کو آپ حضرات کے ساتھ دنیا وآخرت میں اور یہ کہ ثابت قدم رکھے مجھ کو آپ کی محبت میں

صِدْقٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَسْأَلُهُ أَنْ يُبَلِّغَنِيَ الْمَقَامَ الْمَحْمُودَ لَكُمْ

سچائی کے ساتھ دنیا و آخرت میں اور سوال کرتا ہوں میں خدا سے کہ پہونچائے مجھ کو مقام محمود میں جو آپ حضرات

عِنْدَ اللّٰهِ وَأَنْ يَرْزُقَنِي طَلَبَ ثَارِكُمْ مَعَ إِمَامٍ مَهْدِيٍّ ظَاهِرٍ نَاطِقٍ بِالْحَقِّ

کے لئے خدا کے نزدیک ہے اور یہ کہ خدا نصیب کرے مجھ کو طلب کرنا حق آپکے خون کا ساتھ حضرت امام مہدی آخرالزمان کے جو ظاہر

مِنْكُمْ وَأَسْأَلُ اللّٰهَ بِحَقِّكُمْ وَبِالشَّأْنِ الَّذِي لَكُمْ عِنْدَهُ أَنْ يُعْطِيَنِي بِمُصَابِي

ہونے والے ہیں گویا ہونیوالے ہیں حق کے ساتھ جو آپ میں سے ہیں اور سوال کرتا ہوں میں خدا سے واسطہ دیکر آپ حضرات کا اور آپ حضرات

بِكُمْ أَفْضَلَ مَا يُعْطِي مُصَاباً بِمُصِيبَتِهِ مَا أَعْظَمَهَا وَأَعْظَمَ رَزِيَّتَهَا فِي

کی اس شان کا جو اسکے نزدیک ہے یہ کہ عطا کرے اجر مجھ کو آپکی مصیبت میں بہتر اس اجر سے جو دیگا کسی مصیبت زدہ کو اسکی مصیبت کا

الْإِسْلَامِ وَفِي جَمِيعِ أَهْلِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي فِي مَقَامِي

کسقدر عظیم ہے مصیبت آپ کی اور بڑی ہے بلا اسکی اسلام میں اور تمام اہل آسمانوں اور اہل زمین پر خداوندا قرار دے مجھ کو اس

هٰذَا مِمَّنْ تَنَالُهُ مِنْكَ صَلَوَاتٌ وَرَحْمَةٌ وَمَغْفِرَةٌ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مَحْيَايَ

مقام میں ان لوگوں سے جن کو حاصل ہوتی ہے تیری بارگاہ سے رحمت اور برکت مغفرت خداوندا قرار دے میری زندگی کو زندگی محمد

مَحْيَا مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَمَمَاتِي مَمَاتَ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ إِنَّ هٰذَا يَوْمٌ

و آل محمد کے ساتھ اور میری موت کو موت محمد و آل محمد کے ساتھ خداوندا یہ وہ دن ہے جس کو بنی امیہ نے

تَبَرَّكَتْ بِهِ بَنُو أُمَيَّةَ وَابْنُ آكِلَةِ الْأَكْبَادِ اللَّعِينُ ابْنُ اللَّعِينِ عَلٰى

برکت کا دن قرار دیا ہے اور بیٹے نے زن جگر خوارہ کے جو ملعون ہے اور بیٹا ہے ملعون کا تیرے قول سے اور تیرے نبی کے

لِسَانِكَ وَلِسَانِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ فِي كُلِّ مَوْطِنٍ وَمَوْقِفٍ وَقَفَ

قول سے صلوات خدا ہو ان پر اور ان کی آل پر ہر محل وقوع اور جائے قیام میں جس میں قیام کیا تیرے

فِيهِ نَبِيُّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ أَبَا سُفْيَانَ وَمُعَاوِيَةَ ابْنَ أَبِي

نبی نے صلوات خدا ہو ان پر اور ان کی آل پر خداوندا لعنت کر ابوسفیان پر اور معاویہ پر جو بیٹا ہے

سُفْيَانَ وَيَزِيدَ ابْنَ مُعَاوِيَةَ عَلَيْهِمْ مِنْكَ اللَّعْنَةُ أَبَدَ الْآبِدِينَ وَهٰذَا

ابوسفیان کا اور یزید جو بیٹا ہے معاویہ کا اور ان سب پر تیری طرف سے لعنت ہو ہمیشہ ہمیشہ اور یہ وہ دن ہے

يَوْمٌ فَرِحَتْ بِهِ آلُ زِيَادٍ وَآلُ مَرْوَانَ بِقَتْلِهِمُ الْحُسَيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

کہ اس دن خوشی کی اولاد زیاد نے اور آل مروان نے قتل کرنے سے امام حسینؑ کو صلوات خدا ہو ان پر

عه ۱۔ اگر علاوہ روز عاشورا کے پڑھے تو بجائے ھذا یوم کے ھذا یوم عاشورا پڑھے۔

عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ فَضَاعِفْ عَلَيْهِمُ اللَّعْنَ مِنْكَ وَالْعَذَابَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ

خداوندا زیادہ کر ان سب پر لعنت کو اور عذاب کو خداوندا میں تقرب چاہتا ہوں تیری بارگاہ میں آج کے دن

اِلَيْكَ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَفِيْ مَوْقِفِيْ هٰذَا وَاَيَّامِ حَيٰوتِيْ بِالْبَرَائَةِ مِنْهُمْ وَ

اور اپنے اس جائے قیام میں اور اپنے تمام ایام زندگی میں بہ سبب بیزاری کرنے ان ملعونوں کے اور

اللَّعْنَةِ عَلَيْهِمْ وَبِالْمُوَالَاةِ لِنَبِيِّكَ وَاٰلِ نَبِيِّكَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اس کے بعد

ان سب پر لعنت کرنے کی وجہ سے اور بہ سبب دوستی کے تیرے نبی کے اور تیرے نبی کی آل کے ان سب حضرات پر سلام ہو۔

سو مرتبہ کہے۔ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاٰخِرَ

خداوندا لعنت کر تو پہلے ظلم کرنے والے پر جس نے چھینا حق محمد مصطفےٰ کا اور ان کی آل کا اور آخر تک

تَابِعٍ لَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْعِصَابَةَ الَّتِيْ جَاهَدَتِ الْحُسَيْنَ وَشَايَعَتْ

کرنے والوں پر اس کے اس ظلم میں خداوندا لعنت کر تو ان لوگوں پر جنھوں نے جنگ کی حضرت امام حسینؑ سے اور پیروی

وَبَايَعَتْ وَتَابَعَتْ عَلٰى قَتْلِهٖ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ جَمِيْعًا پھر سو مرتبہ کہے۔ اَلسَّلَامُ

کی جنگ کرنیوالوں کی اور بیعت کی اور پیروی کی آنحضرت کے قتل پر خداوندا سبھوں پر لعنت کر سلام ہو آپ پر

عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِيْ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِكَ

اے ابو عبداللہ الحسینؑ اور ان روحوں پر جو نازل ہوئیں آپ کے صحن خانہ میں اور مقیم ہیں آپ کے روضۂ اقدس میں آپ

عَلَيْكَ مِنِّيْ سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَلَا جَعَلَهُ اللّٰهُ

میری طرف سے سلام خدا ہو ہمیشہ جبتک کہ میں زندہ ہوں اور روز و شب باقی ہیں اور نہ قرار دے خدا میری اس

اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنِّيْ لِزِيَارَتِكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ وَعَلٰى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰى

زیارت کو آپ کی آخری زیارت سلام ہو میرے مولا امام حسینؑ پر اور شہزادہ علی اکبر پسر امام حسینؑ پر اور جملہ اولاد

اَوْلَادِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰى اَصْحَابِ الْحُسَيْنِ۔ پھر کہے اَللّٰهُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ

امام حسینؑ پر اور اصحاب امام حسینؑ پر۔ خداوندا مخصوص کر تو پہلے ظالم کو

ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّيْ وَابْدَأْ بِهٖ اَوَّلًا ثُمَّ الثَّانِيَ ثُمَّ الثَّالِثَ ثُمَّ الرَّابِعَ

میری طرف سے لعنت کے ساتھ اور ابتدا کر پہلے اسی ظالم سے پھر دوسرے پہ پھر تیسرے پر پھر چوتھے پر

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ يَزِيْدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ خَامِسًا وَالْعَنْ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ

خداوندا لعنت کر تو یزید بن معاویہ ملعون پر پانچویں پر اور لعنت کر تو عبیداللہ بن زیاد پر

وَابْنِ مَرْجَانَةَ وَعُمَرَ بْنِ سَعْدٍ وَشِمْرًا وَآلِ اَبِیْ سُفْیَانَ وَآلِ زِیَادٍ
جو بیٹا ہے ابن مرجانہ کا اور عمر بن سعد پر اور شمر ملعون پر اور اولاد ابوسفیان پر اور آل زیاد پر

وَآلِ مَرْوَانَ وَبَنِیْ اُمَیَّةَ قَاطِبَةً اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ. پھر سجدے میں جائے
اور آل مروان پر اور تمام بنی امیہ پر تا قیامت

اور کہے۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاكِرِیْنَ لَكَ عَلٰی مُصَابِهِمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی
خداوندا سب تعریفیں تیرے ہی لئے ہیں ان شکر کرنے والوں کی جنھوں نے تیری حمد کی اپنی

عَظِیْمِ رَزِیَّتِیْ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ شَفَاعَةَ الْحُسَیْنِ یَوْمَ الْوُرُوْدِ وَثَبِّتْ لِیْ
مصیبت پر تمام تعریفیں خدا ہی کے لئے ہیں میری شدید مصیبت پر خداوندا نصیب کر تو مجھ کو شفاعت حضرت

قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَكَ مَعَ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِ الْحُسَیْنِ الَّذِیْنَ بَذَلُوْا مُهَجَهُمْ
امام حسینؑ کی قیامت کے دن اور ثابت قدم رکھ سچائی پر مجھ کو اپنے نزدیک ہمراہ حضرت امام حسینؑ اور اصحاب آنحضرت کے

دُوْنَ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ
جنھوں نے اپنی جانیں دیدیں حضرت امام حسینؑ کے سامنے ان کی نصرت میں۔

علقمہ کہتے ہیں کہ فرمایا حضرت امام محمد باقرؑ نے کہ اگر روزانہ آنحضرت کی اسی طرح زیارت کیجائے تو خداوند عالم ہر روز یہی ثواب عطا فرمائے گا۔

دوسرا طریقہ زیارت حضرت سید الشہداء بروز عاشورا

بسند معتبرہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جس کو آنحضرت نے عبداللہ بن سنان کو تعلیم فرمایا ہے کہ پہلے چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اس طرح کہ پہلی رکعت میں بعد سورۂ الحمد کے قل یاایھا الکافرون اور دوسری رکعت میں بعد سورہ الحمد کے سورۂ قل ہو اللہ اور تیسری رکعت میں بعد سورۂ الحمد کے سورہ احزاب اور چوتھی رکعت میں بعد سورۂ الحمد کے سورہ منافقون اور اگر یہ سورے یاد نہوں تو جو یاد ہوں انھیں کو پڑھے بعد فراغت نماز متوجہ ہو طرف قبر مطہر حضرت امام حسین علیہ السلام کے اور آنحضرت کی اولاد اقربا اور اصحاب کی شہادت کو مدنظر رکھ کر کہے۔

السلام علیک یا ابا عبد اللہ وصلی اللہ علیک یا ابا عبد اللہ اللھم

سلام ہو آپ پر اے ابو عبد اللہ الحسینؑ اور صلوات خدا ہو آپ پر اے ابو عبد اللہ الحسینؑ خداوندا

العن قتلۃ الحسین واصحابہ

لعنت کر تو قاتلان حسینؑ پر اور قاتلان اصحاب آنحضرت پر

پھر جس مقام پر کھڑا ہے وہاں سے چند قدم آگے بڑھے اور کہتا رہے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون رضا بقضائہ وتسلیما لامرہ

ہم خدا ہی کے لئے ہیں اور ہم اسی کی طرف واپس ہوں گے راضی ہوں ہیں اسکی قضا پر اور تسلیم کرنیوالا ہوں اسکے حکم کا

پھر اسی مقام پر یہی کہتا ہوا واپس آئے پھر یہی کہتا ہوا آگے بڑھے اس طرح سات مرتبہ کرے بعد اس کے اپنے مقام پر رک جائے اور کہے۔

اللھم عذب الفجرۃ الذین شاقوا رسولک وحاربوا اولیائک و

خداوندا عذاب کر تو ان فاجروں پر جنھوں نے مخالفت کی تیرے رسولؐ کی اور جنگ کی تیرے اولیا سے اور

عبدوا غیرک واستحلوا محارمک والعن القادۃ والاتباع ومن

عبادت کی انھوں نے تیرے غیر کی اور حلال کیا انھوں نے تیرے حرام کو اور لعنت کر تو ان کے رہنما اور پیروی کرنے

کان منھم فخب واوضع معھم اورضی بفعلھم لعنا کثیرا اللھم وعجل

والوں پر جو ان میں سے ہوں جنھوں نے جلدی کی چلنے میں اور ان کے ساتھ دوڑ گئے رہے اور ان کے اس فعل سے

فرج آل محمد واجعل صلواتک علیھم واستنقذھم من ایدی المنافقین

وہ خوش رہے۔ ایسی لعنت جو بہت کثیر ہو۔ خداوندا بہت جلد آل محمد کو کشادگی بخش اور اپنی صلوات ان سب حضرات

والمضلین والکفرۃ الجاحدین وافتح لھم فتحا یسیرا واتح لھم

پر بھیج اور ان کو منافقین کے ہاتھوں سے نجات دے اور گمراہ کرنے والے اور انکار کرنے والے کافروں سے ان کو فتح عطا

روحا وفرجا قریبا واجعل لھم من لدنک علی عدوک وعدوھم سلطانا نصیرا

فرما کھلی فتح اور مقصود فرمان کے لئے خوشی وکشادگی بہت جلد اور قرار دے تو اپنی جانب سے ان کو اپنے دشمن اور

ان کے دشمن پر ایک طاقتور ناصر۔

بعد اس کے دونوں ہاتھوں کو آسمان کیطرف بلند کرے اور قصد کرے دشمنان آل محمدؐ کا

اَللّٰهُمَّ اِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْاُمَّةِ نَاصَبَتِ الْمُسْتَحْفِظِينَ مِنَ الْاَئِمَّةِ وَكَفَرَتْ

خداوندا بہت سے لوگوں نے امت کے عداوت پیدا کی ان ائمہ سے جنکو تو نے محافظ دین قرار دیا ہے اور انکار

بِالْكَلِمَةِ وَعَكَفَتْ عَلَى الْقَادَةِ الظَّلَمَةِ وَهَجَرَتِ الْكِتَابَ وَالسُّنَّةَ وَعَدَلَتْ

کیا انہوں نے تیرے کلمہ کا اور جھکے رہے انکو کی طرف جو ظالم قائد اور سردار تھے اور چھوڑ دیا انہوں نے قرآن اور سنت کو

عَنِ الْحَبْلَيْنِ اللَّذَيْنِ اَمَرْتَ بِطَاعَتِهِمَا وَالتَّمَسُّكِ بِهِمَا فَاَمَاتَتِ الْحَقَّ وَجَارَتْ

اور روگردانی کی انہوں نے ان دونوں رشتہ مضبوط جنکی طاعت اور جن سے تمسک کرنیکا تو نے حکم دیا ہے پس حق کو

عَنِ الْقَصْدِ وَمَالَاَتِ الْاَحْزَابَ وَحَرَّفَتِ الْكِتَابَ وَكَفَرَتْ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهَا

انہوں نے مار ڈالا اور ہٹ گئے میانہ راہ سے اور طرفداری کی انہوں نے گروہ کفار کی اور تحریف کیا قرآن میں اور انکار

وَتَمَسَّكَتْ بِالْبَاطِلِ لَمَّا اعْتَرَضَهَا وَضَيَّعَتْ حَقَّكَ وَاَضَلَّتْ خَلْقَكَ وَقَتَلَتْ

کیا حق سے جب حق ان تک پہونچا اور تمسک کیا انہوں نے باطل سے جب وہ انکے سامنے آیا اور برباد کیا انہوں نے

اَوْلَادَ نَبِيِّكَ وَخِيَرَةَ عِبَادِكَ وَحَمَلَةَ عِلْمِكَ وَوَرَثَةَ حِكْمَتِكَ وَوَحْيِكَ اَللّٰهُمَّ

تیرے حق کو اور گمراہ کیا تیری مخلوق کو اور قتل کیا تیرے نبی کی اولاد کو اور تیرے بہترین بندوں کو اور تیرے حاملان

فَزَلْزِلْ اَقْدَامَ اَعْدَائِكَ وَاَعْدَاءِ رَسُولِكَ وَاَهْلِ بَيْتِ رَسُولِكَ اَللّٰهُمَّ وَاَخْرِبْ

علم کو اور تیرے وارثان حکمت و وحی کو خداوندا متزلزل کردے پیروں کو اپنے دشمنوں کے اور اپنے رسول کے

دِيَارَهُمْ وَافْلُلْ سِلَاحَهُمْ وَخَالِفْ كَلِمَتَهُمْ وَفُتَّ فِي اَعْضَادِهِمْ وَاَوْهِنْ

دشمنوں کے اور اپنے رسول کے اہلبیت کے دشمنوں کے خداوندا برباد کردے تو انکے گھروں کو اور کند کردے

كَيْدَهُمْ وَاضْرِبْهُمْ بِسَيْفِكَ الْقَاطِعِ وَارْمِهِمْ بِحَجَرِكَ الدَّامِغِ وَطُمَّهُمْ بِالْبَلَاءِ

انکے اسلحوں کو اور اختلاف ڈالدے انکے باتوں میں اور توڑدے انکے بازوں کو اور بیکار کردے انکے مکروں کو اور

طَمًّا وَقُمَّهُمْ بِالْعَذَابِ قَمًّا وَعَذِّبْهُمْ عَذَابًا نُكْرًا وَخُذْهُمْ بِالسِّنِينَ وَالْمَثُلَاتِ

مار تو انکو اس تلوار سے جو قطع کرنیوالی ہو اور پھینک تو انپر وہ پتھر جو سر توڑ دینے والے ہوں اور غیرت کردے

الَّتِي اَهْلَكْتَ بِهَا اَعْدَاءَكَ اِنَّكَ ذُو نِقْمَةٍ مِّنَ الْمُجْرِمِينَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ سُنَّتَكَ

انکو پوری طرح بلا کے ذریعہ سے اور عذاب دے انکو عذاب کے ذریعہ پوری طرح سے اور انپر عجیب عجیب طرح کے عذاب

ضائعة واحكامك معطلة وعترة نبيك في الارض هائمة فاعن

ضائع و برباد ہو گئے تیرے احکامات معطل ہو گئے تیری نبی کی اولاد زمین پر پریشان و سرگرداں کر دی گئی پس تو

الحق واهله واقمع الباطل واهله ومن علينا بالنجاة واهدنا الى

مدد کر حق کی اور صاحبان حق کی اور ذلیل کر دے باطل کو اور باطل پرستوں کو اور احسان کر ہم پر نجات دیکر اور

الايمان وعجل فرجنا وانظمه بفرج اوليائك واجعلهم لنا ودا

ہدایت کر ہماری ایمان کیطرف اور جلدی کر ہماری کشائش میں اور متصل کر دے اپنے دوستوں کی کشائش سے

واجعلنا لهم وفدا اللهم واهلك من جعل يوم قتل ابن نبيك وخيرتك

اور قرار دے ان حضرات کا ہمکو دوست اور ہمکو ان حضرات کا مہمان خداوندا ہلاک کر تو اسکو جس نے تیرے نبی کے

عيدا واستهل به فرحا ومرحا وخذ اخرهم كما اخذت اولهم و

فرزند کے اور تیرے بہترین خلق کے روز قتل کو عید قرار دیا اور اس دن مسرت اور خوشی کی اور عیوض لے انکے آخر

اضعف اللهم العذاب والتنكيل على ظالمي اهلبيت نبيك واهلك اشياعهم

والوں سے جسطرح عیوض لیا تو نے انکے اول والوں سے اور زیادہ کر خداوندا انپر عذاب کو اور سخت عذاب کو اپنے نبی کے

وقادتهم وابر حماتهم وجماعتهم اللهم فضاعف صلواتك ورحمتك

اہلبیت پر ظلم کرنے والوں پر اور ہلاک کر تو ظالمین کے گروہوں کو اور سرداروں کو اور نیست کر انکے مددگاروں کو

وبركاتك على عترة نبيك العترة الضائعة الخائفة المستذلة بقية

اور انکی جماعتوں کو خداوندا زیادہ کر اپنی صلوات کو اپنی رحمت کو اپنے برکات کو اولاد پر اپنے نبی کے جو اولاد

من الشجرة الطيبة الزاكية المباركة واعل اللهم كلمتهم وافلج حجتهم و

برباد کی گئی خوف زدہ کی گئی ذلیل سمجھی گئی جو بقیہ ہے شجرہ پاک و پاکیزہ و مبارک کی اور بلند کر خداوندا انکے کلام کو

اكشف البلاء واللاواء وحنادس الاباطيل والعمى عنهم وثبت قلوب شيعتهم

اور غالب کر تو انکی حجت کو دور کر انسے بلا اور شدت کو اور تاریکیوں، باطل اور نابینائیوں کو اور ثابت رکھ

وحزبك على طاعتك وولايتهم ونصرتهم وموالاتهم واعنهم و

انکے اور اپنے گروہ کے شیعوں کے قلوب کو اپنی اطاعت پر اور ان سب حضرات کی دوستی پر اور مدد پر اور انکی محبت پر

امنحهم الصبر على الاذى فيك واجعل لهم اياما مشهودة واوقاتا

اور مدد کر انکی اور عطا کر صبر کرنا اذیتوں پر جو تیری راہ میں گوارا کی ہیں اور قرار دے انکے لئے ایسے دن جسمیں سب حاضر ہوں

اور اوقات پسندیدہ سعیدہ کو۔

مَحْمُوْدَةً مَسْعُوْدَةً تُوْشِكُ فِيْهَا فَرَجَهُمْ وَتُوْجِبُ فِيْهَا تَمْكِيْنَهُمْ وَنَصْرَهُمْ

کہ تو جلد ظاہر کرے اسمیں انکی کشائش کو اور واجب کرے تو اسمیں انکی قدرت کو اور انکی مدد کو

كَمَا ضَمِنْتَ لِاَوْلِيَائِكَ فِيْ كِتَابِكَ الْمُنْزَلِ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ وَعَدَ

جس طرح کہ ضامن ہوا تو اپنے دوستوں کیلئے اپنی کتاب میں جو نازل کیگئی ہے پس تو نے فرمایا ہے اور فرمانا تیرا حق ہے

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا

وعدہ کیا ہے اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لا چکے ہیں تم میں سے اور نیک عمل کئے ہیں اس امر کا کہ ان سب کو

اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ

خلیفہ کریگا زمین پر جسطرح خلیفہ کیا اس نے انلوگوں کو جو انکے پہلے تھے اور استوار کریگا ان کیلئے اس دین کو جو

وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا اَللّٰهُمَّ

انکے لئے پسند فرماتا ہے اور ضرور بدل دیگا انکے خوف کو امان کیساتھ وہ صرف میری عبادت کریں گے اور کسی چیز کو

اكْشِفْ غُمَّتَهُمْ يَا مَنْ لَا يَمْلِكُ كَشْفَ الضُّرِّ اِلَّا هُوَ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

وہ میرا شریک نہ گردانیں گے۔ خداوندا دور کر تو انکے غم واندوہ کو اے وہ خدا کہ نہیں ہے کوئی قادر دور کرنے پر

وَاَنَا يَا اِلٰهِيْ عَبْدُكَ الْخَائِفُ مِنْكَ وَالرَّاجِعُ اِلَيْكَ السَّائِلُ لَكَ الْمُقْبِلُ

ضرر کو مگر وہی خدا جو یکتا ہے اکیلا ہے زندہ ہے قائم ہے اور اے معبود میرے میں تیرا بندہ ہوں جو ڈرتا ہوں

عَلَيْكَ اللَّاجِئُ اِلٰى فِنَائِكَ الْعَالِمُ بِاَنَّهُ لَا مَلْجَأَ مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ

تجھ سے اور تیری طرف واپس ہونے والا ہوں اور سوال کرنیوالا ہوں تجھ سے متوجہ ہوں تیری طرف التجا کرتا ہوں

فَتَقَبَّلْ دُعَائِيْ وَاسْمَعْ يَا اِلٰهِيْ عَلَانِيَتِيْ وَنَجْوَايَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ رَضِيْتَ

تیری جناب میں یہ جانتا ہوں کہ کسی طرف جاؤ پناہ نہیں سوائے تیری طرف کے خداوندا قبول کر تو میری دعا کو

عَمَلَهُ وَقَبِلْتَ نُسُكَهُ وَنَجَّيْتَهُ بِرَحْمَتِكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ اَللّٰهُمَّ

اور سن لے اے معبود میرے میری ہر دعا کو جو علانیہ کروں یا خاموشی سے کروں اور قرار دے مجھکو انلوگوں میں سے

وَصَلِّ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

جنکے عمل سے تو راضی ہے اور قبول کی انکی بندگی کو اور رہائی دی انکو اپنی رحمت کی وجہ سے تحقیق کہ تو صاحب

وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ بِاَكْمَلِ وَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ

عزت وکرم ہے خداوندا صلوات بھیج تو ابتدا سے انتہا تک محمد و آل محمد پر اور برکت نازل کر تو محمد و آل محمد پر

عَلٰی اَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ وَمَلٰٓئِکَتِکَ وَحَمَلَۃِ عَرْشِکَ بِلَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَللّٰھُمَّ
اپنے انبیاء و مرسلین اور اپنے ملائکہ اور اپنے حاملان عرش پر بواسطہ اس حقیقت کا کہ

وَلَا تُفَرِّقْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَوٰتُکَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ
نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے خداوندا جدائی نہ ڈال میرے درمیان اور محمدؐ و آل محمدؐ کے درمیان تیری

وَاجْعَلْنِیْ یَا مَوْلَایَ مِنْ شِیْعَۃِ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ وَّفَاطِمَۃَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ
صلوات ہو ان سب حضرات پر اور قرار دے تو مجھکو اے مالک میرے شیعوں میں سے حضرت محمد مصطفیٰؐ و حضرت علیؑ

وَذُرِّیَّتِھِمُ الطَّاھِرَۃِ الْمُنْتَجَبَۃِ وَھَبْ لِیَ التَّمَسُّکَ بِحَبْلِھِمْ وَالرِّضَا
مرتضیٰ و حضرت فاطمہ زہراؑ و حضرت حسن مجتبیٰؑ و حضرت حسین شہید کربلاؑ کے اور انکی اولاد میں سے جو پاکیزہ

بِسَبِیْلِھِمْ وَالْاَخْذَ بِطَرِیْقَتِھِمْ اِنَّکَ جَوَادٌ کَرِیْمٌ ۔ پس اپنے چہرہ کو
اور برگزیدہ ہیں اور عطا کر تو مجھے توفیق وابستہ ہونیکی انکی رسن محبت سے اور رضا جوئی انکے راستہ کی اور حاصل

خاک پر رکھے اور کہے یَا مَنْ یَّحْکُمُ مَا یَشَآءُ وَیَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ اَنْتَ حَکَمْتَ
کرنیکی انکے طریقہ کو یقیناً تو صاحب بخشش و کرم ہے ۔ اے وہ خدا کہ جو چاہتا ہے حکم کرتا ہے اور جو چاہتا ہے کرتا ہے تو ہی نے

فَلَکَ الْحَمْدُ مَحْمُوْدًا مَّشْکُوْرًا فَعَجِّلْ یَا مَوْلَایَ فَرَجَھُمْ وَفَرَجَنَا بِھِمْ فَاِنَّکَ
حکم کیا ہے پس تیرے ہی لئے سب تعریفیں ہیں تو ہی محمود اور مشکور ہے پس جلدی کر اے مالک میرے کشائش پر انکے

ضَمِنْتَ اِعْزَازَھُمْ بَعْدَ الذِّلَّۃِ وَتَکْثِیْرَھُمْ بَعْدَ الْقِلَّۃِ وَاِظْھَارَھُمْ بَعْدَ الْخُمُوْلِ
اور بہ سبب انکے ہماری کشائش پر تحقیق کہ تو ضامن ہوا ہے انکی عزت کرنیکا بعد ذلت کے اور کثرت دینے کا بعد

یَآ اَصْدَقَ الصَّادِقِیْنَ وَیَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ فَاَسْئَلُکَ یَآ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ
قلت کے اور انکے ظاہر کرنیکا بعد پوشیدگی کے اے زیادہ سچ بولنے والے سب سچ بولنے والوں سے اور اے زیادہ

مُتَضَرِّعًا اِلَیْکَ بِجُوْدِکَ وَکَرَمِکَ بَسْطَ اَمَلِیْ وَالتَّجَاوُزَ عَنِّیْ وَقَبُوْلَ قَلِیْلِ
رحم کرنیوالے سب رحم کرنیوالوں سے پس سوال کرتا ہوں تجھ سے اے معبود میرے اے مالک میرے عجز و نیاز کے

عَمَلِیْ وَکَثِیْرِہٖ وَالزِّیَادَۃَ فِیْٓ اَیَّامِیْ وَتَبْلِیْغِیْ ذٰلِکَ الْمَشْھَدَ وَاَنْ تَجْعَلَنِیْ
کیساتھ واسطہ سے تیرے جود و کرم کے اپنی آرزوؤں کے بر آنیکا اور درگذر کرنیکا اپنے گناہوں کے اور قبول ہونیکا

مِمَّنْ یُّدْعٰی فَیُجِیْبُ اِلٰی طَاعَتِھِمْ وَمُوَالَاتِھِمْ وَنَصْرِھِمْ وَتُرِیَنِیْ ذٰلِکَ
اپنے اعمال کا خواہ وہ کم ہوں یا زیادہ اور اپنے طول عمر کا اور پہونچنے کا اس مشہد میں اور قرار دے تو مجھکو انلوگوں

میں کہ جو بلائے جاتے ہیں ۔ پس قبول کرتے ہیں انکی اطاعت کو اور انکی دوستی کو انکی نصرت کو اور دکھا دے تو مجھ کو اس میری

قَرِیْباً سَرِیْعاً فِیْ عَافِیَةٍ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

قبول ہونیکو بہت جلد عافیت کیساتھ تحقیق کہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

پھر سر کو آسمان کیطرف بلند کرے اور کہے۔

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ اَیَّامَكَ وَاَعِذْنِیْ یَا

پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ میں ان لوگوں میں شمار کیا جاؤں جو تجھ سے امید نہیں رکھتے تیری نعمتوں کی

اِلٰهِیْ بِرَحْمَتِكَ مِنْ ذَالِكَ

اے معبود میرے بواسطہ اپنی رحمت کے اس امر سے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس عمل کا بجالانا ہزاروں حج و عمرے کے بجالانے سے بہتر ہے اور بکثرت ثواب ارشاد فرمائے مگر بخیال طول اسی پر اکتفا کیگئی۔

زیارت حضرت سید الشہداء آخر روز عاشورا

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ نُوْحٍ

سلام ہو آپ پر اے جناب آدم برگزیدہ خدا کے وارث سلام ہو آپ پر اے جناب نوح نبی اللہ کے

نَبِیِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ

وارث سلام ہو آپ پر اے جناب ابراہیم خلیل اللہ کے وارث سلام ہو آپ پر اے جناب موسیٰ

مُوْسٰی كَلِیْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ عِیْسٰی رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ

کلیم اللہ کے وارث سلام ہو آپ پر اے جناب عیسیٰ روح اللہ کے وارث سلام ہو آپ پر

یَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ عَلِیٍّ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَلِیِّ

اے وارث حضرت محمد مصطفیٰ حبیب خدا الٰہی سلام ہو آپ پر اے وارث حضرت علی مرتضیٰ جو امیر المومنین اور ولی

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ الْحَسَنِ الشَّهِیْدِ سِبْطِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

خدا ہیں سلام ہو آپ پر اے وارث حضرت حسن مجتبیٰ جو شہید راہ خدا اور نواسہ رسول خدا ہیں سلام ہو

عَلَیْكَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ وَابْنَ سَیِّدِ

آپ پر اے فرزند رسول خدا سلام ہو آپ پر اے فرزند بشیر و نذیر کے اور فرزند

اَلْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاۤءِ سَیِّدَةِ نِسَاۤءِ الْعَالَمِیْنَ

سردار اوصیاء کے سلام ہو آپ پر اے فرزند فاطمہ زہرا کے جو سردار ہیں تمام عورات عالم کی

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خِیَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِیَرَتِهٖ

سلام ہو آپ پر اے ابوعبداللہ الحسین سلام ہو آپ پر اے برگزیدہ خدا اور فرزند برگزیدہ خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الْوِتْرُ الْمَوْتُوْرُ

سلام ہو آپ پر اے وہ شہید راہ خدا جس کے خون کا طالب خدا ہے۔ اور فرزند بھی اس شہید کے جس کے خون کا

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِیْ الزَّكِیُّ وَعَلٰی اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَاۤئِكَ

طالب خدا ہی ہے سلام ہو آپ پر اے وہ بزرگوار جو خود شہید ہوئے اور اسکے عزیز بھی شہید کیے گئے سلام ہو آپ پر

وَاَقَامَتْ فِیْ جِوَارِكَ وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ مِنِّیْ مَا بَقِیْتُ

اے امام ہدایت کرنیوالے۔ پاک و پاکیزہ اور ان روحوں پر بھی سلام ہو جو آپکے صحن میں اتریں اور قیام کیا آپ کے

وَبَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ الرَّزِیَّةُ وَجَلَّ الْمُصَابُ فِی

جوار میں اور اتریں آپکے زائروں کیساتھ سلام ہو آپ پر میری جانب سے جبتک میں زندہ رہوں اور روز و شب

الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَفِیْ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ اَجْمَعِیْنَ وَفِیْ سُكَّانِ الْاَرَضِیْنَ

باقی رہیں۔ پس تحقیق بہت عظیم ہوئی شہادت آپ کی اور بہت زیادہ ہوئی مصیبت آپکی تمام مومنین پر اور مسلمانوں پر

فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ وَصَلَوَاتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَتَحِیَّاتُهٗ عَلَیْكَ

اور تمام اہل آسمان پر اور تمام ساکنین زمین پر یقیناً ہم خدا ہی کیلئے ہیں اور اسی کیطرف ہماری بازگشت ہے

وَعَلٰی اٰبَاۤئِكَ الطَّیِّبِیْنَ الْمُنْتَجَبِیْنَ وَعَلٰی ذُرِّیَّاتِهِمُ الْهُدَاةِ الْمَهْدِیِّیْنَ

صلوات خدا اور اسکے برکات اور تحیات ہوں آپ پر اور آپ کے آباء پاکیزہ و برگزیدہ پر اور انکی ذریت پر جو

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَوْلَایَ وَعَلَیْهِمْ وَعَلٰی رُوْحِكَ وَعَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَعَلٰی

ہدایت کرنیوالی اور خود ہدایت یافتہ ہے سلام ہو آپ پر اے آقا میرے اور سب حضرات پر اور آپکی روح پاک پر

تُرْبَتِهِمْ اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَرِضْوَانًا وَرَوْحًا وَ

اور سب روحوں پر اور سب کی تربتوں پر خداوندا ملاقات ان سب حضرات سے رحمت و خوشنودی آسائش و

رَیْحَانًا اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَوْلَایَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ یَا ابْنَ خَاتَمِ

راحت کو سلام ہو آپ پر اے آقا میرے اے ابوعبداللہ الحسین اے فرزند خاتم النبیین کے

النَّبِيِّيْنَ وَيَا ابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ وَيَا ابْنَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ

اور اے فرزند سردار اوصیاء کے اور اے فرزند سردار عورات عالم کے سلام ہو آپ پر

عَلَيْكَ يَا شَهِيْدُ وَيَا ابْنَ الشَّهِيْدِ يَا اَخَا الشَّهِيْدِ يَا اَبَا الشُّهَدَاءِ اَللّٰهُمَّ

اے شہید راہ خدا اور فرزند شہید راہ خدا کے اور بھائی شہید راہ خدا کے اور پدر بزرگوار شہداء کے خداوندا پہونچا تو

بَلِّغْهُ عَنِّيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَفِيْ هٰذَا الْوَقْتِ وَفِيْ

ان حضرات کو میری طرف سے اسی ساعت اور آج کے دن اور اسی وقت اور ہر وقت تحیہ

كُلِّ وَقْتٍ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَسَلَامًا سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

اور سلام بکثرت سلام خدا ہو آپ پر اور رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات

يَا ابْنَ سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ وَعَلَى الْمُسْتَشْهَدِيْنَ مَعَكَ سَلَامًا مُتَّصِلًا مَا

اسکے اے فرزند سردار عالمین کے اور ان شہداء پر جو آپ کے ساتھ شہید ہوئے ایسا سلام جو متصل ہو جب تک متصل

اتَّصَلَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الشَّهِيْدِ اَلسَّلَامُ عَلٰى

رہیں دن و رات سلام ہو حضرت امام حسینؑ فرزند علیؑ پر جو شہید ہیں سلام ہو

عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ اَلسَّلَامُ عَلَى الْعَبَّاسِ بْنِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الشَّهِيْدِ

شہزادہ علی اکبر فرزند حضرت امام حسینؑ شہید پر سلام ہو جناب عباس ابن امیر المومنینؑ پر جو شہید ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ

سلام ہو ان شہداء پر جو اولاد حضرت امیر المومنینؑ ہیں

وُلْدِ الْحَسَنِ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ

سلام ہو ان شہداء پر جو اولاد حضرت امام حسنؑ ہیں سلام ہو ان شہداء پر جو اولاد

مِنْ وُلْدِ جَعْفَرٍ وَعَقِيْلٍ اَلسَّلَامُ عَلٰى كُلِّ مُسْتَشْهَدٍ مَعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

حضرت امام حسینؑ ہیں سلام ہو ان شہداء پر جو اولاد جناب عقیل و جناب جعفر ہیں سلام ہو ان شہداء پر جو مومنین میں سے آپکے ساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَلِّغْهُمْ عَنِّيْ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَّسَلَامًا

شہید ہوئے خداوندا صلوات بھیج محمد و آل محمد پر اور پہونچا تو میری طرف سے ان پر بکثرت تحیہ و سلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِيْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ

سلام ہو آپ پر اے رسول خدا خدا آپ کو بہتر صبر عطا فرمائے آپکے فرزند حضرت امام حسینؑ کے غم میں

اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا فَاطِمَةُ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكِ الْعَزَاۤءَ فِیْ وَلَدِكِ الْحُسَیْنِ
سلام ہو آپ پر اے فاطمہ زہرا خدا آپ کو بہتر صبر عطا فرمائے آپ کے فرزند حضرت امام حسین کے غم میں

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاۤءَ فِیْ وَلَدِكَ الْحُسَیْنِ
سلام ہو آپ پر اے امیر المومنین خدا آپ کو بہتر صبر عطا فرمائے آپکے فرزند حضرت امام حسین ؑ کے غم میں

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا مُحَمَّدِ نِ الْحَسَنِ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاۤءَ فِیْ اَخِیْكَ
سلام ہو آپ پر اے ابو محمد حضرت امام حسن خدا آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے آپ کے بھائی حضرت امام حسین

الْحُسَیْنِ یَا مَوْلَایَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَنَا ضَیْفُ اللّٰهِ وَضَیْفُكَ وَجَارُ اللّٰهِ
کے غم میں اے آقا میرے اے ابو عبداللہ الحسین میں خدا کا مہمان اور آپ کا مہمان ہوں اور خدا کا ہمسایہ

وَجَارُكَ وَلِكُلِّ ضَیْفٍ وَجَارٍ قِرًى وَقِرَایَ فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ اَنْ تَسْئَلَ
اور آپکا ہمسایہ ہوں اور ہر مہمان اور ہمسایہ کے لئے دعوت ہوتی ہے اور میری دعوت یہ ہے کہ اس وقت

اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی اَنْ یَّرْزُقَنِیْ فَكَاكَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ اِنَّهٗ سَمِیْعُ
حق سبحانہ تعالیٰ سے سوال کیجئے کہ وہ مجھ کو آتش جہنم سے آزاد کر دے تحقیق کہ وہ سننے والا ہے دعا کا اور قبول

الدُّعَاۤءِ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ
کرنے والا ہے

اور چاہیئے کہ آخر وقت پانی سے فاقہ شکنی کرے اور ایسا کھانا کھائے جو صاحب غم کیلئے مناسب ہو طعام لذیذ اور پر تکلف کھانے سے پرہیز کرے۔ دعا سلامتی سال اس روز پڑھنا ممنوع ہے کیونکہ یہ دعائیں مخالفین کی ہیں اور انھیں کی ایجاد ہیں اس لئے کہ وہ روز عاشورا کو روز برکت جانتے ہیں اور آج کے دن درازی عمر کی دعائیں پڑھتے ہیں اور درازی عمر کے خواہاں ہوتے ہیں۔

زیارت حضرت سید الشہدا بروز اربعین

کتب معتبرہ میں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے روایت ہے کہ علامات مومن سے پانچ چیزیں ہیں اکاون ۵۱ رکعت نماز فریضہ و نافلہ روز و شب میں پڑھنا، زیارت حضرت سید الشہداؑ روز اربعین یعنی بیسویں صفر کو پڑھنا، داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا، پیشانی کو سجدے میں خاک پر رکھنا، نماز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم بآواز بلند کہنا۔ پس جب آفتاب بلند ہو جائے تو بخشوع و خضوع متوجہ ہو قبر مطہر حضرت سید الشہداؑ کی طرف اور کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلٰی وَلِیِّ اللّٰهِ وَحَبِیْبِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی خَلِیْلِ اللّٰهِ وَنَجِیْبِهٖ اَلسَّلَامُ
سلام ہو خدا کے ولی اور اس کے حبیب پر سلام ہو خدا کے خلیل اور اس کے برگزیدہ پر سلام ہو

عَلٰی صَفِیِّ اللّٰهِ وَابْنِ صَفِیِّهٖ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ الْمَظْلُوْمِ الشَّهِیْدِ اَلسَّلَامُ

خدا کے منتخب پر اور فرزند پر اسکے منتخب کے سلام ہو حضرت امام حسین مظلوم و شہید پر سلام ہو

عَلٰی اَسِیْرِ الْکُرُبَاتِ وَقَتِیْلِ الْعَبَرَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّهٗ وَلِیُّكَ وَ

گرفتار رنج و بلا پر اور کشتۂ گریہ و بکا پر خداوندا میں گواہی دیتا ہوں کہ تحقیق تیرے ولی اور

ابْنُ وَلِیِّكَ وَصَفِیُّكَ وَابْنُ صَفِیِّكَ الْفَائِزُ بِكَرَامَتِكَ اَکْرَمْتَهٗ بِالشَّهَادَةِ

فرزند تیرے ولی کے اور تیرے منتخب اور فرزند تیرے منتخب کے جو فائز ہیں شہادت پر تیری کرامتوں کیوجہ سے

وَحَبَوْتَهٗ بِالسَّعَادَةِ وَاجْتَبَیْتَهٗ بِطِیْبِ الْوِلَادَةِ وَجَعَلْتَهٗ سَیِّدًا مِّنَ السَّادَةِ

اور عطا کی ان کو تو نے سعادت اور منتخب کیا تو نے پاکیزہ ولادت کیساتھ اور قرار دیا تو نے انکو ایک سردار

وَقَائِدًا مِّنَ الْقَادَةِ وَذَائِدًا مِّنَ الذَّادَةِ وَاَعْطَیْتَهٗ مَوَارِیْثَ الْاَنْبِیَاءِ

سرداروں میں سے اور قائد قائدوں میں سے اور حامی دین حامیان دین میں سے اور عطا کیا ان کو وراثت انبیاء کی

وَجَعَلْتَهٗ حُجَّةً عَلٰی خَلْقِكَ مِنَ الْاَوْصِیَاءِ فَاَعْذَرَ فِی الدُّعَاءِ وَمَنَحَ

اور قرار دیا انکو حجت تمام خلق پر اپنے اوصیاء میں سے پس حجت تمام کر دی انہوں نے دعوت حق میں اور اپنی

النُّصْحَ وَبَذَلَ مُهْجَتَهٗ فِیْكَ لِیَسْتَنْقِذَ عِبَادَكَ مِنَ الْجَهَالَةِ وَحَیْرَةِ

نصیحت کو پیش کیا اور اپنے خون دل کو تیری راہ میں بہا دیا تاکہ تیرے بندوں کو جہالت اور ضلالت کی سرگردانی

الضَّلَالَةِ وَقَدْ تَوَازَرَ عَلَیْهِ مَنْ غَرَّتْهُ الدُّنْیَا وَبَاعَ حَظَّهٗ بِالْاَرْذَلِ

سے نکال لیں مگر باندھ لی انکی مخالفت پر ان لوگوں نے جنکو دنیا نے دھوکے میں ڈال رکھا اور جنہوں نے اپنے

الْاَدْنٰی وَشَرٰی اٰخِرَتَهٗ بِالثَّمَنِ الْاَوْکَسِ وَتَغَطْرَسَ وَتَرَدّٰی فِیْ هَوَاهُ

نصیب کو بیچ ڈالا بہت ہی ادنیٰ شے کے بدلہ میں اور بیچا اپنی آخرت کو بہت ہی کم قیمت پر اور تکبر سے کام لیا اپنے

وَاَسْخَطَكَ وَاَسْخَطَ نَبِیَّكَ وَاَطَاعَ مِنْ عِبَادِكَ اَهْلَ الشِّقَاقِ وَ

خواہشات نفسانی کی پیروی میں ہلاک ہوئے اور تجھکو ناراض کیا اور تیرے نبی کو اور اطاعت کی تیرے دشمن

النِّفَاقِ وَحَمَلَةَ الْاَوْزَارِ الْمُسْتَوْجِبِیْنَ النَّارَ فَجَاهَدَهُمْ فِیْكَ صَابِرًا

اور اہل نفاق کی اور ان لوگوں کی پیروی کی جو اپنے اوپر گناہوں کے بوجھ اٹھائے ہیں اور وہ مستحق جہنم ہیں

مُحْتَسِبًا حَتّٰی سُفِكَ فِیْ طَاعَتِكَ دَمُهٗ وَاسْتُبِیْحَ حَرِیْمُهٗ اَللّٰهُمَّ فَالْعَنْهُمْ

پس جہاد کیا ان حضرات نے ان لوگوں سے صبر کیساتھ اور تیری رضا اور خوشنودی کیلئے یہاں تک کہ تیری اطاعت میں

لَعْناً وَبِيلاً وَعَذِّبْهُمْ عَذَاباً أَلِيماً اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ اَلسَّلَامُ

شدید لعنت اور عذاب گراں پر بہت سخت عذاب سلام ہو آپ پر اے فرزند رسول خدا کے سلام ہو

عَلَيْكَ يَا ابْنَ سَيِّدِ الْأَوْصِيَاءِ أَشْهَدُ أَنَّكَ أَمِينُ اللهِ وَابْنُ أَمِينِهِ عِشْتَ سَعِيداً

آپ پر اے فرزند سردار اوصیاء کے میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ امین خدا ہیں اور فرزند ہیں

وَمَضَيْتَ حَمِيداً وَمُتَّ فَقِيداً مَظْلُوماً شَهِيداً وَأَشْهَدُ أَنَّ اللهَ مُنْجِزٌ مَا وَعَدَكَ

اس کے امین کے آپ نے سعادت کیساتھ زندگی بسر کی اور گزر گئے قابل تعریف ہو کر اور شہید ہوئے آپ

وَمُهْلِكٌ مَنْ خَذَلَكَ وَمُعَذِّبٌ مَنْ قَتَلَكَ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ وَفَيْتَ بِعَهْدِ اللهِ وَ

بہت مظلومی کیساتھ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یقینا خدا پورا کریگا اس وعدہ کو جو آپ سے کیا ہے اور ہلاک کریگا ان

جَاهَدْتَ فِي سَبِيلِهِ حَتَّى أَتَاكَ الْيَقِينُ فَلَعَنَ اللهُ مَنْ قَتَلَكَ وَلَعَنَ اللهُ مَنْ

لوگوں کو جنہوں نے آپ کو چھوڑ دیا اور عذاب کریگا ان پر جنہوں نے آپ کو قتل کیا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ

ظَلَمَكَ وَلَعَنَ اللهُ أُمَّةً سَمِعَتْ بِذَلِكَ فَرَضِيَتْ بِهِ اَللَّهُمَّ إِنِّي أُشْهِدُكَ

آپ نے عہد خدا کو پورا کیا اور جہاد کیا اسکی راہ میں یہاں تک کہ آپ کو شہید کیا گیا پس لعنت کرے خدا اس پر جس نے

أَنِّي وَلِيٌّ لِمَنْ وَالاهُ وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاهُ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ أَشْهَدُ

آپ کو قتل کیا اور لعنت کرے خدا اس پر جس نے آپ پر ظلم کیا اور لعنت کرے خدا اس گروہ پر جس نے آپکی شہادت

أَنَّكَ كُنْتَ نُوراً فِي الْأَصْلَابِ الشَّامِخَةِ وَالْأَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْكَ الْجَاهِلِيَّةُ

کو سنا اور اس پر راضی رہا خداوندا میں تجھکو گواہ کرتا ہوں کہ میں یقینا دوست ہوں اس کا جو ان کو دوست رکھے اور

بِأَنْجَاسِهَا وَلَمْ تُلْبِسْكَ الْمُدْلَهِمَّاتُ مِنْ ثِيَابِهَا وَأَشْهَدُ أَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ

دشمن ہوں اس کا جو ان سے دشمنی رکھے میرے ماں باپ فدا ہوں آپ پر اے فرزند رسول خدا کے

الدِّينِ وَأَرْكَانِ الْمُسْلِمِينَ وَمَعْقِلِ الْمُؤْمِنِينَ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ الْإِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ

میں گواہی دیتا ہوں کہ تحقیق کہ آپ ایک ہی نور تھے پشتہائے بزرگ و برتر میں رحمہائے پاک

الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ الْهَادِي الْمَهْدِيُّ وَأَشْهَدُ أَنَّ الْأَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ كَلِمَةُ التَّقْوَى

و پاکیزہ میں اور نہیں آلودہ کیا آپ کو جاہلیت نے اپنی نجاستوں سے اور نہ پہنایا آپ کو جہالت کی تاریکیوں نے

وَأَعْلَامُ الْهُدَى وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقَى وَالْحُجَّةُ عَلَى أَهْلِ الدُّنْيَا وَأَشْهَدُ أَنِّي بِكُمْ

اپنا لباس اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ دین خدا کے ستون اور ارکان ہیں مسلمانوں کے اور جائے پناہ ہیں مومنین کے

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یقینا آپ امام، پرہیزگار راضی برضائے الٰہی، پاک و پاکیزہ ہدایت کرنیوالے، اور ہدایت یافتہ ہیں

مُؤْمِنٌ وَ بِاِيَابِكُمْ مُوقِنٌ بِشَرَائِعِ دِيْنِيْ وَخَوَاتِيْمِ عَمَلِيْ وَ قَلْبِيْ لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ

ایمان لایا ہوں اور آپکی رجعت پر یقین رکھتا ہوں لینے دین کے طریقوں پر اور اپنے عمل کے خاتمہ پر اور

وَاَمْرِيْ لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ وَنُصْرَتِيْ لَكُمْ مُعَدَّةٌ حَتّٰى يَاْذَنَ اللّٰهُ لَكُمْ فَمَعَكُمْ

قلب میرا آپ سے صلح رکھنے والا ہے اور امر میرا آپ کے حکم کے تابع ہے اور نصرت میری آپ کیلئے حاضر ہے یہاں

مَعَكُمْ لَا مَعَ عَدُوِّكُمْ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى اَرْوَاحِكُمْ وَاَجْسَادِكُمْ وَ

تک کہ خدا آپ کو اذن رجعت عطا فرمائے پس میں آپکے ساتھ ہوں آپکے دشمنوں کا ساتھی نہیں ہوں صلوات

وَشَاهِدِكُمْ وَغَائِبِكُمْ وَظَاهِرِكُمْ وَبَاطِنِكُمْ اٰمِيْنَ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ

خدا ہو آپ سب حضرات پر اور آپکی روح پر اور آپکے جسدوں اور آپکے حاضر پر اور آپ کے غائب پر اور آپکے

ظاہر پر اور آپ کے باطن پر آمین اے تمام عالمین کے پالنے والے۔

پس دو رکعت نماز پڑھے اور دعا کرے پھر متوجہ ہو زیارت حضرت شہزادہ علی اکبرؑ و سائر شہداء کی طرف پھر روضہ حضرت ابوالفضل العباس پر جائے اور زیارت سے مشرف ہو۔

زیارت حضرت سید الشہداء اول رجب و نیمہ رجب

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا آلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا صَفْوَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا

سلام ہو آپ حضرات پر اے آل خدا سلام ہو آپ حضرات پر اے برگزیدہ خدا سلام ہو آپ حضرات پر

خِيَرَةَ اللّٰهِ مِنْ خَلْقِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا سَادَاتِ السَّادَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا لُيُوْثَ

اے برگزیدہ خدا اس کے خلق میں سلام ہو آپ حضرات پر اے سرداروں کے سردار سلام ہو آپ حضرات پر

الْغَابَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا سُفُنَ النَّجَاةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ

اے شیران بیشہ شجاعت کے سلام ہو آپ پر اے حضرات کشتی نجات سلام ہو آپ پر اے ابو عبداللہ الحسینؑ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِلْمِ الْاَنْبِيَاءِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے وارث علم تمام انبیاء کے رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اسکے سلام ہو

عَلَيْكَ يَا وَارِثَ آدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ

آپ پر اے جناب آدم صفی اللہ کے وارث سلام ہو آپ پر اے جناب نوح نبی اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيمَ خَلِيلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِسْمٰعِيلَ

سلام ہو آپ پر اے جناب براہیم خلیل اللہ کے وارث سلام ہو آپ پر اے جناب اسمٰعیلؑ

ذَبِيحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوسٰى كَلِيمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ

ذبیح اللہ کے وارث سلام ہو آپ پر اے جناب موسیٰ کلیم اللہ کے وارث سلام ہو آپ پر اے جناب عیسیٰؑ

عِيسٰى رُوحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

روح اللہ کے وارث سلام ہو آپ پر اے وارث حضرت محمد مصطفیٰؐ حبیب خدا کے سلام ہو آپ پر

يَا بْنَ مُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ عَلِيٍّ الْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ

اے فرزند حضرت محمد مصطفیٰؐ کے سلام ہو آپ پر اے فرزند حضرت علی مرتضیٰ کے سلام ہو آپ پر اے

فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ خَدِيجَةَ الْكُبْرٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

فرزند حضرت فاطمہ زہرا کے سلام ہو آپ پر اے فرزند جناب خدیجہ کبری کے سلام ہو آپ پر اے

شَهِيدُ بْنَ الشَّهِيدِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَتِيلُ بْنَ الْقَتِيلِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ

شہید راہ خدا اور فرزند شہید راہ خدا کے سلام ہو آپ پر اے قتیل اور فرزند قتیل کے سلام ہو آپ پر اے

اللّٰهِ وَابْنَ وَلِيِّهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ وَابْنَ حُجَّتِهِ عَلٰى خَلْقِهِ اَشْهَدُ

ولی خدا اور فرزند ولی خدا کے سلام ہو آپ پر اے حجت خدا اور فرزند حجت خدا کے تمام خلق پر میں گواہی

اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَآتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَيْتَ عَنِ

دیتا ہوں کہ یقیناً آپ نے نماز قائم کی اور زکواۃ دی اور اچھی باتوں کا حکم دیا اور بری باتوں سے روکا

الْمُنْكَرِ وَرُزِئْتَ بِوَالِدَيْكَ وَجَاهَدْتَ عَدُوَّكَ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ تَسْمَعُ الْكَلَامَ

اور آپ غمزدہ ہوئے اپنے جد و پدر کی جدائی میں اور جہاد کیا اپنے دشمنوں سے اور گواہی دیتا ہوں کہ

وَتَرُدُّ الْجَوَابَ وَاَنَّكَ حَبِيبُ اللّٰهِ وَخَلِيلُهُ وَنَجِيبُهُ وَصَفِيُّهُ وَابْنُ صَفِيِّهِ

یقیناً آپ کلام سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں اور بیشک آپ حبیب خدا اور اسکے خلیل اور اسکے منتخب ہیں

زُرْتُكَ مُشْتَاقًا فَكُنْ لِي شَفِيعًا اِلَى اللّٰهِ يَا سَيِّدِي وَاسْتَشْفِعُ اِلَى اللّٰهِ بِجَدِّكَ

اور برگزیدہ اور برگزیدہ کے فرزند ہیں میں نے زیارت کی آپکی ایسی حالت میں کہ بہت مشتاق تھا پس شفاعت کیجئے میری

سَيِّدِ النَّبِيِّيْنَ وَ بِاَبِيْكَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ وَ بِاُمِّكَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ

سردار انبیاء کے اور آپکے پدر عالیمقدار سردار اوصیاء کے اور آپکی والدۂ ماجدہ سردار عورات عالم کے

لَعَنَ اللّٰهُ قَاتِلِيْكَ وَظَالِمِيْكَ وَسَالِبِيْكَ وَمُبْغِضِيْكَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ

شفاعت چاہتا ہوں لعنت کرے خدا آپکے قاتلوں پر اور آپکے ظالموں پر اور جو آپ کا لباس لیلئے ان پر

الْاٰخِرِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ۔

اور جنہوں نے آپسے بغض رکھا وہ خواہ اولین میں ہوں یا آخرین میں اور صلوات خدا ہو ہمارے سردار حضرت

پس ضریح اقدس کو بوسہ دے آنکھوں سے لگائے پھر متوجہ ہو ضریح جناب شہزادہ علی اکبر

کیطرف اور اُس جناب کی زیارت کرے اور کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ وَابْنَ مَوْلَايَ لَعَنَ اللّٰهُ قَاتِلِيْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ ظَالِمِيْكَ

سلام ہو آپ پر اے مولا میرے اور فرزند میرے مولا کے لعنت کرے خدا آپ کے قاتلوں پر اور لعنت کرے

اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ بِزِيَارَتِكُمْ وَبِمَحَبَّتِكُمْ وَاَبْرَءُ اِلَى اللّٰهِ مِنْ اَعْدَائِكُمْ

خدا آپکے ظالموں پر یقیناً میں قربت چاہتا ہوں خدا سے آپکی زیارت اور محبت کے ذریعہ سے اور بیزاری کرتا

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

ہوں میں آپکے دشمنوں سے درگاہ خدا میں اور سلام ہو آپ پر اے مولا میرے اور رحمت خدا ہو اور برکات اوسکے۔

پس اپنے رخسارہ کو ضریح پر ملے اور بوسہ دے پھر متوجہ ہو سارے شہداء کیطرف اور کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَرْوَاحِ الْمُنِيْخَةِ بِقَبْرِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَلسَّلَامُ

سلام ہو ان روحوں پر جنہوں نے اپنی سواریوں کو قبر حضرت ابو عبد اللہ الحسین علیہ السلام کے نزدیک بٹھایا سلام ہو

عَلَيْكُمْ يَا شِيْعَةَ اللّٰهِ وَشِيْعَةَ رَسُوْلِهٖ وَشِيْعَةَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْحَسَنِ وَ

آپ حضرات پر اے گروہ خدا و گروہ اس کے رسول کے اور گروہ حضرت امیر المومنین ع و حضرت امام حسن ع

الْحُسَيْنِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا طَاهِرِيْنَ مِنَ الدَّنَسِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا مَهْدِيُّوْنَ

و حضرت امام حسین ع کے سلام ہو آپ حضرات پر اے کثافت سے پاک و طاہر سلام ہو آپ سب حضرات پر اے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَبْرَارَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ الْحَافِّيْنَ بِقُبُوْرِكُمْ

ہدایت یافتہ۔ سلام ہو آپ حضرات پر اے نیکو کار بندگان خدا سلام ہو آپ حضرات پر اور ان ملائکہ پر جو آپ

أَجْمَعِيْنَ جَمَعَنَا اللّٰهُ وَإِيَّاكُمْ فِيْ مُسْتَقَرِّ رَحْمَتِهٖ وَتَحْتَ عَرْشِهٖ إِنَّهٗ أَرْحَمُ

جمع کرے خدا ہم کو بھی آپ حضرات کے ہمراہ اپنی رحمت سے زیر عرش بتحقیق کہ وہ سب رحم کرنیوالوں سے

الرَّاحِمِيْنَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

زیادہ رحیم ہے سلام ہو آپ حضرات پر اور رحمت خدا ہو اور برکات اس کے۔

پس دو رکعت نماز پڑھے اور دعا کرے پھر روضہ حضرت ابو الفضل العباسؑ پر حاضر ہو اور بعد اذن دخول وغیرہ کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا الْفَضْلِ الْعَبَّاسَ بْنَ

سلام ہو آپ پر اے ابو القاسم سلام ہو آپ پر اے ابو الفضل العباسؑ فرزند

أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ أَشْهَدُ لَقَدْ بَالَغْتَ فِي النَّصِيْحَةِ وَأَدَّيْتَ

امیر المومنینؑ حضرت علی ابن ابی طالب کے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے بلیغ کوشش کی نصیحت کرنے میں اور

الْأَمَانَةَ وَجَاهَدْتَ عَدُوَّكَ وَعَدُوَّ أَخِيْكَ فَصَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلٰى رُوْحِكَ

ادا کیا آپ نے امانت کو اور جہاد کیا آپنے اپنے دشمن سے اور اپنے بھائی کے دشمن سے پس صلوات خدا ہو

الطَّيِّبَةِ وَجَزَاكَ اللّٰهُ مِنْ أَخٍ خَيْرًا وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

آپکی پاک و پاکیزہ روح اقدس پر اور آپکو اللہ اس کی جزا دے اور بہتر دے جزا آپ کے بھائی کیطرف سے۔

پس دو رکعت نماز زیارت پڑھکر دعا کرے۔

زیارت سید الشہداءؑ شب نیمۂ شعبان

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے نیمۂ شعبان کے متعلق سوال کیا گیا تو آپنے ارشاد فرمایا کہ یہ شب لیلۃ القدر کے بعد تمام شبوں سے بہتر ہے خداوند عالم اس شب میں اپنے بندوں کو فضل عطا فرماتا ہے اور اپنے احسان و کرم سے انہیں بخشدیتا ہے لہذا اس شب میں تقرب خدا کی کوشش کرو کیونکہ یہ وہ شب ہے کہ جسکے لئے خدا نے اپنی ذات اقدس کی قسم کھائی ہے کہ اس شب اپنی بارگاہ سے کسی سائل کو محروم واپس نہ کریگا مگر وہ شخص

جو کسی حرام کا طالب ہو یہ وہ شب ہے جسے خداوند عالم نے ہمارے لئے قرار دیا ہے پس اس شب میں دعا کرو اور اسکی مدح و ثنا میں کوشش کرو اور زیارت سید الشہداء بجا لاؤ

پس بعد بجا لانے آداب صحن و دروازہ کے داخل حرم ہو اور پشت بقبلہ کھڑے ہو کر کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ

سلام ہو آپ پر اے رسول خداؐ سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ سلام ہو آپ پر

يَا فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ

اے فاطمہ زہراؑ جو سردار ہیں تمام عورات عالم کی سلام ہو آپ پر اے ابو محمد حسن مجتبیٰؑ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ عَلِيَّ بْنَ

سلام ہو آپ پر اے ابو عبد اللہ الحسینؑ سلام ہو آپ پر اے ابو محمد علی ابن الحسینؑ

الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے ابو جعفر محمد بن علی سلام ہو آپ پر اے ابو عبد اللہ

جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا اِبْرَاهِيْمَ مُوْسَى بْنَ جَعْفَرٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

جعفر بن محمدؑ سلام ہو آپ پر اے ابو ابراہیم موسیٰ ابن جعفرؑ سلام ہو آپ پر

يَا اَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُوْسَى الرِّضَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ

اے ابو الحسن علی ابن موسیٰ الرضاؑ سلام ہو آپ پر اے ابو جعفر محمد ابن علیؑ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ

سلام ہو آپ پر اے ابو الحسن علی ابن محمد سلام ہو آپ پر اے ابو محمد حسن ابن علیؑ

بْنَ عَلِيٍّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ بْنَ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ اَجْمَعِيْنَ

سلام ہو آپ پر اے حجت ابن الحسنؑ صلوات خدا ہو آپ سب حضرات پر

پس سو مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہے۔ پھر کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے فرزند رسول خداؐ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

سلام ہو آپ پر اے فرزند خاتم الانبیاء سلام ہو آپ پر اے فرزند سید المرسلین

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ السَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے فرزند سید الوصیین سلام ہو آپ پر اے ابو عبد اللہ الحسینؑ سلام ہو

عَلَیْکَ یَا حُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ فَاطِمَۃَ الزَّہْرَآءِ سَیِّدَۃِ

آپ پر اے حسین ابن علیؑ سلام ہو آپ پر اے فرزند فاطمہ زہرا کے جو سردار ہیں

نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ وَابْنَ وَلِیِّہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

تمام عورات عالم کی سلام ہو آپ پر اے ولی خدا اور فرزند ولی خدا کے سلام ہو آپ پر

حُجَّۃَ اللّٰہِ وَابْنَ حُجَّتِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفِیَّ اللّٰہِ وَابْنَ صَفِیِّہٖ اَلسَّلَامُ

اے حجت خدا اور فرزند حجت خدا کے سلام ہو آپ پر اے برگزیدہ خدا اور فرزند برگزیدہ خدا کے سلام ہو

عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ وَابْنَ حَبِیْبِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَفِیْرَ اللّٰہِ وَابْنَ سَفِیْرِہٖ

آپ پر اے حبیب خدا اور فرزند حبیب خدا کے سلام ہو آپ پر اے سفیر خدا اور فرزند سفیر خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَازِنَ الْکِتَابِ الْمَسْطُوْرِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَارِثَ التَّوْرَاۃِ

سلام ہو آپ پر اے خزینہ دار کتاب محفوظ کے سلام ہو آپ پر اے وارث توریت

وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَرِیْکَ

و انجیل و زبور کے سلام ہو آپ پر اے امین خدائے رحمان کے سلام ہو آپ پر اے شریک

الْقُرْاٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَمُوْدَ الدِّیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَابَ حِکْمَۃِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

قرآن مجید کے سلام ہو آپ پر اے ستون دین سلام ہو آپ پر اے دروازہ حکمت رب العالمین

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَابَ حِطَّۃٍ الَّذِیْ مَنْ دَخَلَہٗ کَانَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر اے دروازہ مغفرت کے کہ جو بھی اس میں داخل ہوا وہ امان والوں میں سے ہوا سلام ہو

یَا عَیْبَۃَ عِلْمِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْضِعَ سِرِّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ثَارَ اللّٰہِ

آپ پر اے ظرف علم خدا کے سلام ہو آپ پر اے جگہ راز خدا کے سلام ہو آپ پر اے وہ بزرگوار

وَابْنَ ثَارِہٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلَی الْاَرْوَاحِ الَّتِیْ حَلَّتْ بِفِنَائِکَ

جسکے خون کا طالب خدا ہے اور فرزند اسکے کہ جسکے خون کا طالب خدا ہے اور جو سبب مصیبت ہو اور

وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِکَ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ وَنَفْسِیْ وَمَالِیْ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ لَقَدْ

مصیبت زدہ ہو سلام ہو آپ پر اور ان نفوس پر جو آپکی بارگاہ میں اتریں اور آپکے پاس منزل کی میرے ماں باپ میری جان اور

عَظُمَتِ الْمُصِيبَةُ وَجَلَّتِ الرَّزِيَّةُ بِكَ عَلَيْنَا وَعَلَى جَمِيعِ أَهْلِ الْإِسْلَامِ فَلَعَنَ اللهُ

بیشک یہ مصیبت آپکی بہت عظیم ہوئی اور آپ کا غم بہت بڑا ہوا ہم سب کو اور تمام اہل اسلام کو پس لعنت

أُمَّةً أَسَّسَتْ أَسَاسَ الظُّلْمِ وَالْجَوْرِ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ وَلَعَنَ اللهُ أُمَّةً دَفَعَتْكُمْ

کرے خدا اس گروہ پر جنہوں نے آپ اہلبیت اطہار پر ظلم و جور کی بنیاد قائم کی اور لعنت کرے خدا اس گروہ پر

عَنْ مَقَامِكُمْ وَأَزَالَتْكُمْ عَنْ مَرَاتِبِكُمُ الَّتِي رَتَّبَكُمُ اللهُ فِيهَا بِأَبِي أَنْتَ وَ

جنہوں نے آپ حضرات کو اپنے مقام سے ہٹایا اور آپ حضرات کو اس مرتبہ سے کم سمجھا جو خدا نے آپ حضرات کیلئے

أُمِّي وَنَفْسِي يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ أَشْهَدُ لَقَدِ اقْشَعَرَّتْ لِدِمَائِكُمْ أَظِلَّةُ الْعَرْشِ

مقرر فرمایا ہے۔ میرے ماں باپ اور میری جان فدا ہو آپ پر اے ابو عبداللہ الحسینؑ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ

مَعَ أَظِلَّةِ الْخَلَائِقِ وَبَكَتْكُمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَسُكَّانُ الْجِنَانِ وَ

خون بہنے سے کانپ اٹھے عرش کے رہنے والے اور انکے ساتھ کانپ اٹھی تمام مخلوق عالم اور روئے آپ پر

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ عَدَدَ مَا فِي عِلْمِ اللهِ لَبَّيْكَ دَاعِيَ اللهِ إِنْ كَانَ

آسمان اور زمین اور پہاڑ اور جنت کے رہنے والے خشکی و تری کے رہنے والے صلوات خدا ہو آپ پر اس تعداد میں جو

لَمْ يُجِبْكَ بَدَنِي عِنْدَ اسْتِغَاثَتِكَ وَلِسَانِي عِنْدَ اسْتِنْصَارِكَ فَقَدْ أَجَابَكَ

علم الہی میں ہے حاضر ہوں اے خدا کی طرف پکارنے والے اگرچہ میرے جسم نے آپکے استغاثہ کے وقت لبیک

قَلْبِي وَسَمْعِي وَبَصَرِي سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُولًا أَشْهَدُ أَنَّكَ

نہیں کہی تھی اور میری زبان نے آپکے نصرت طلب کرنے کے وقت جواب نہیں دیا لیکن میرے دل اور سماعت

طُهْرٌ طَاهِرٌ مُطَهَّرٌ مِنْ طُهْرٍ طَاهِرٍ مُطَهَّرٍ طَهُرْتَ وَطَهُرَتْ بِكَ الْبِلَادُ وَ

و بصارت نے لبیک کہی تھی پاک و منزہ ہے ہمارا پروردگار جو وعدہ کرتا ہے وہ پورا ہو کر رہتا ہے میں گواہی

طَهُرَتْ أَرْضٌ أَنْتَ بِهَا وَطَهُرَ حَرَمُكَ أَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ أَمَرْتَ بِالْقِسْطِ وَ

دیتا ہوں کہ یقیناً آپ پاکیزہ ہیں پاک ہیں اور پاک کیے گئے ہیں اور آپ اس نسل سے ہیں جو پاکیزہ ہیں پاک

الْعَدْلِ وَدَعَوْتَ إِلَيْهِمَا وَأَنَّكَ صَادِقٌ صِدِّيقٌ صَدَقْتَ فِيمَا دَعَوْتَ

ہیں اور پاک رکھی گئی ہے اور آپکی وجہ سے تمام دنیا پاک ہو گئی اور وہ زمین خاص طور پر پاک ہو گئی جس پر

إِلَيْهِ وَأَنَّكَ ثَارُ اللهِ فِي الْأَرْضِ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ عَنِ اللهِ وَ

آپ کا حرم مبارک ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے عدل و انصاف کا حکم دیا اور عدل و انصاف کی طرف دعوت

عَنْ جَدِّكَ رَسُولِ اللّٰهِ وَعَنْ اَبِيكَ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَعَنْ اَخِيكَ الْحَسَنِ وَ

رسولخدا کیطرف سے اور اپنے پدر عالیمقدار حضرت امیر المومنین کیطرف سے اور اپنے بھائی حضرت امام حسنؑ کیطرف سے اور نصیحت کی اور جہاد کیا

نَصَحْتَ وَجَاهَدْتَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَعَبَدْتَهُ مُخْلِصًا حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِينُ

آپ نے راہ خدا میں اور بہت خلوص کیساتھ اسکی عبادت کی یہاں تک کہ آپ شہید ہوئے

فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرَ جَزَاءِ السَّابِقِينَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ تَسْلِيمًا كَثِيرًا

پس خدا آپکو جزا دے بہترین جزا جو سابقین کیلئے ہے اور صلوات خدا ہو آپ پر اور سلام اس کا جو حق ہے سلام کا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَصَلِّ عَلَى الْحُسَيْنِ الْمَظْلُومِ الشَّهِيدِ الرَّشِيدِ

کثرت سے خداوندا صلوات بھیج محمد و آل محمد پر اور صلوات بھیج حضرت امام حسینؑ پر جو مظلوم و شہید اور رشید ہیں

قَتِيلِ الْعَبَرَاتِ وَاَسِيرِ الْكُرُبَاتِ صَلَاةً نَامِيَةً زَاكِيَةً مُبَارَكَةً يَصْعَدُ

کشتۂ گریہ و بکا ہیں اسیر مصیبت و بلا ہیں ایسی صلوات جو بڑھتی رہے پاک ہو مبارک ہو ابتدا اسکی

اَوَّلُهَا وَلَا يَنْفَدُ اٰخِرُهَا اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِنْ اَوْلَادِ

بلند ہوتی رہے اور آخر اس کا ختم نہ ہو ایسی صلوات جو بہتر ہو اس صلوات سے جو تو نے اپنے انبیاء و مرسلین

اَنْبِيَائِكَ الْمُرْسَلِينَ يَا اِلٰهَ الْعَالَمِينَ ۔ پس ضریح مبارک شہزادہ جناب علی اکبرؑ

کی اولاد پر نازل کی ہو اے معبود تمام عالمین کے ۔

کیطرف متوجہ ہو اور کہے ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الصِّدِّيقُ الطَّيِّبُ الزَّكِيُّ

سلام ہو آپ پر اے صدیق پاک و پاکیزہ

الْحَبِيبُ الْمُقَرَّبُ وَابْنُ رَيْحَانَةِ رَسُولِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ شَهِيدٍ

حبیب و مقرب خدا اور فرزند دختر رسول خدا کے سلام ہو آپ پر جو خدا کی راہ میں

مُحْتَسِبٍ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ مَا اَكْرَمَ مَقَامَكَ وَاَشْرَفَ مُنْقَلَبَكَ

شہید ہوئے اور رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اوس کے کس قدر بلند ہے مقام آپ کا اور کس قدر بزرگ

مدت رکھتی ہیں اور قیام ان کا دائمی ہے اور اس بلا میں ان کیلئے کمی نہ ہوگی جو اس میں گرفتار ہوں گے

وَانْتِقَامِكَ وَسَخَطِكَ وَهٰذَا مَا لَا تَقُوْمُ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ يَا سَيِّدِيْ

کیونکہ وہ ان کا عذاب تیرے غضب اور تیرے انتقام اور تیرے غصہ کی وجہ سے ہوگا اور یہ وہ چیزیں ہیں

فَكَيْفَ بِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ الضَّعِيْفُ الْحَقِيْرُ الْمِسْكِيْنُ الْمُسْتَكِيْنُ يَا اِلٰهِيْ وَرَبِّيْ

جن کی برداشت نہ آسمان کر سکتے ہیں نہ زمین اے مالک میرے پس میرے ساتھ کیا برتاؤ ہوگا جبکہ میں

وَسَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ لِاَيِّ الْاُمُوْرِ اِلَيْكَ اَشْكُوْ وَلِمَا مِنْهَا اَضِجُّ وَاَبْكِيْ

تیرا ایک کمزور اور حقیر و مسکین و عاجز بندہ ہوں اے معبود میرے اور اے پالنے والے میرے اور اے

لِاَلِيْمِ الْعَذَابِ وَشِدَّتِهٖ اَمْ لِطُوْلِ الْبَلَاءِ وَمُدَّتِهٖ فَلَئِنْ صَيَّرْتَنِيْ فِي الْعُقُوْبَاتِ

مالک میرے اور اے آقا میرے میں کس کس بات کی تیری بارگاہ میں شکایت کروں گا اور کن کن باتوں کو

مَعَ اَعْدَائِكَ وَجَمَعْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اَهْلِ بَلَائِكَ وَفَرَّقْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

روؤں گا اور چلاؤں گا دردناک عذاب اور اسکی شدت کیوجہ سے؟ یا طویل بلا اور اسکی طویل مدت کیلئے؟

أَحِبَّائِكَ وَأَوْلِيَائِكَ فَهَبْنِي يَا إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَمَوْلَايَ وَرَبِّي

اور اپنے اولیاء کے درمیان تو اے میرے معبود اور اے سردار میرے اور اے آقا میرے اور پالنے والے

صَبَرْتُ عَلٰى عَذَابِكَ فَكَيْفَ أَصْبِرُ عَلٰى فِرَاقِكَ وَهَبْنِي صَبَرْتُ عَلٰى

میرے میں تیرے عذاب پر تو صبر کر لوں گا مگر تیری رحمت کی جدائی پر کیسے صبر کروں گا تیرے آتش جہنم پر

حَرِّ نَارِكَ فَكَيْفَ أَصْبِرُ عَنِ النَّظَرِ إِلٰى كَرَامَتِكَ أَمْ كَيْفَ أَسْكُنُ فِي النَّارِ

صبر کر لونگا لیکن تیری کرامت کا نظارہ کرنے پر کیسے صبر کروں گا یا آتش جہنم میں کیسے رہوں گا جبکہ مجھے

وَرَجَائِي عَفْوُكَ فَبِعِزَّتِكَ يَا سَيِّدِي وَمَوْلَايَ أُقْسِمُ صَادِقًا لَئِنْ

تیری معافی کی امید لگی ہے پس تیری ہی عزت کی قسم اے مالک میرے اور اے آقا میرے قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر

تَرَكْتَنِي نَاطِقًا لَأَضِجَّنَّ إِلَيْكَ بَيْنَ أَهْلِهَا ضَجِيجَ الْآمِلِينَ وَلَأَصْرُخَنَّ

تو نے مجھے گویا رکھا تو میں اہل جہنم کے درمیان رہ کر تیرے حضور چلاؤں گا جسطرح امیدوار چلایا کرتے ہیں

إِلَيْكَ صُرَاخَ الْمُسْتَصْرِخِينَ وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَيْكَ بُكَاءَ الْفَاقِدِينَ وَلَأُنَا

اور تیری بارگاہ میں اسطرح چیخوں گا جیسے فریادی چیختے ہیں اور تیری دوری پر اسی طرح روؤں گا جسطرح

دِيَنَّكَ أَيْنَ كُنْتَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِينَ يَا غَايَةَ آمَالِ الْعَارِفِينَ يَا غِيَاثَ

محبوب کو یاد کرنیوالے روتے ہیں اور فریاد کروں گا تجھے یوں پکاروں گا کہ اے مومنوں کے مالک تو کہاں ہے اے

الْمُسْتَغِيثِينَ يَا حَبِيبَ قُلُوبِ الصَّادِقِينَ يَا إِلٰهَ الْعَالَمِينَ أَفَتُرَاكَ سُبْحَانَكَ

صاحبان معرفت کی امیدگاہ اے فریادیوں کے فریادرس اے سچوں کے دلوں کے محبوب اے تمام عالم کے

يَا إِلٰهِي وَبِحَمْدِكَ تَسْمَعُ فِيهَا صَوْتَ عَبْدٍ مُسْلِمٍ سُجِنَ فِيهَا بِمُخَالَفَتِهِ وَ

معبود کیا یہ ممکن ہے دراں حالیکہ تو ہر نقص سے منزہ ہے اے معبود اور ساری حمد تیری ہی لئے ہے کیا تو

ذَاقَ طَعْمَ عَذَابِهَا بِمَعْصِيَتِهِ وَحُبِسَ بَيْنَ أَطْبَاقِهَا بِجُرْمِهِ وَجَرِيرَتِهِ

جہنم سے آواز اس بندہ مسلم کی سنے گا جو اس میں تیری مخالفت کے سبب مقید کیا گیا ہوگا اور اس کے عذاب کا

وَهُوَ يَضِجُّ إِلَيْكَ ضَجِيجَ مُؤَمِّلٍ لِرَحْمَتِكَ وَيُنَادِيكَ بِلِسَانِ أَهْلِ تَوْحِيدِكَ

مزہ اپنی نافرمانی کے سبب چکھ رہا ہو اور محبوس کیا گیا ہو اس جہنم کے طبقوں میں اپنے جرم اور معصیت کے سبب

وَيَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِرُبُوبِيَّتِكَ يَا مَوْلَايَ فَكَيْفَ يَبْقٰى فِي الْعَذَابِ وَهُوَ

اور وہ تیری رحمت کا امیدوار ہو کر تجھ کو پکارتا ہو اور تیری توحید کے ماننے والوں کی زبان سے مجھے

يَرْجُو مَا سَلَفَ مِنْ حِلْمِكَ وَرَأْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ اَمْ كَيْفَ تُؤْلِمُهُ النَّارُ وَهُوَ
تیرے گذشتہ حلم اور مہربانی اور رحمت کا امیدوار ہو یا کیونکر آتش جہنم اس کو تکلیف پہونچائے گی

يَأْمُلُ فَضْلَكَ وَرَحْمَتَكَ اَمْ كَيْفَ يُحْرِقُهُ لَهِيبُهَا وَاَنْتَ تَسْمَعُ صَوْتَهُ
جبکہ وہ تیرے فضل رحمت کا امیدوار رہا ہو اور جہنم کا شعلہ اسے کیونکر جلائیگا درحالیکہ تو اسکی آواز کو سن

وَتَرىٰ مَكَانَهُ اَمْ كَيْفَ تَشْتَمِلُ عَلَيْهِ زَفِيرُهَا وَاَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفَهُ
رہا ہوگا اور اسکی جگہ کو دیکھ رہا ہوگا یا کیونکر جہنم کے شعلے اس سے لپٹینگے جبکہ تو اسکی کمزوری سے واقف ہے یا

اَمْ كَيْفَ يَتَقَلْقَلُ بَيْنَ اَطْبَاقِهَا وَاَنْتَ تَعْلَمُ صِدْقَهُ اَمْ كَيْفَ تَزْجُرُهُ
کیونکر وہ اس کے طبقوں میں مضطرب ہوگا جبکہ تو اسکی سچائی سے واقف ہو یا کیونکر اسکے نگہبان اس بندہ کو

زَبَانِيَتُهَا وَهُوَ يُنَادِيكَ يَا رَبَّهُ اَمْ كَيْفَ يَرْجُو فَضْلَكَ فِي عِتْقِهِ مِنْهَا
جھڑکیں گے جبکہ وہ برابر تجھے پکار رہا ہوگا کہ اے پالنے والے یا یہ کیونکر ہو سکتا ہے جبکہ وہ جہنم سے رہا ہونیکے

فَتَتْرُكُهُ فِيهَا هَيْهَاتَ مَا ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ وَلَا الْمَعْرُوفُ مِنْ فَضْلِكَ
لئے تیرے فضل کا امیدوار ہوگا اور تو اسے اسی جہنم میں چھوڑ دیگا۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا اور نہ تیری طرف

وَلَا مُشْبِهٌ لِمَا عَامَلْتَ بِهِ الْمُوَحِّدِينَ مِنْ بِرِّكَ وَاِحْسَانِكَ فَبِالْيَقِينِ
ایسا گمان ہو سکتا ہے اور نہ تیرے فضل سے ایسا کسی کے ساتھ ہوا اور نہ تو شبہ میں رکھے گا اس سلوک کے

اَقْطَعُ لَوْلَا مَا حَكَمْتَ بِهِ مِنْ تَعْذِيبِ جَاحِدِيكَ وَقَضَيْتَ بِهِ مِنْ
متعلق جو تو نے اہل توحید کے ساتھ اپنی نیکی اور احسان کی وجہ سے کیا ہے پس مجھے یقین ہے کہ اگر تو اپنے

اِخْلَادِ مُعَانِدِيكَ لَجَعَلْتَ النَّارَ كُلَّهَا بَرْدًا وَسَلَامًا وَمَا كَانَتْ لِاَحَدٍ
منکروں کو عذاب دینے کا حکم نہ لگایا ہوتا اور اپنے مخالفین کو آتش جہنم میں دوامی سزا دینے کا فیصلہ نہ صادر

فِيهَا مَقَرًّا وَلَا مُقَامًا لٰكِنَّكَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَاؤُكَ اَقْسَمْتَ اَنْ تَمْلَاَهَا
کر دیا ہوتا تو آتش جہنم کو بالکل سرد اور سلامتی بنا دیتا اور کسی ایک کا اسمیں مقام اور رہنے قرار نہ مقرر فرماتا

مِنَ الْكَافِرِينَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ وَاَنْ تُخَلِّدَ فِيهَا الْمُعَانِدِينَ
لیکن خود تو نے کہ تیرے سارے نام مقدس ہیں قسم کھائی ہے کہ جہنم کو نافرمانی کرنیوالے جنوں اور آدمیوں سے

وَاَنْتَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ قُلْتَ مُبْتَدِئًا وَتَطَوَّلْتَ بِالْاِنْعَامِ مُتَكَرِّمًا اَفَمَنْ
بھر دیگا اور عناد رکھنے والوں کو ہمیشہ کیلئے اس میں ڈالدیگا اور تو کہ تیری تعریف بہت جلیل ہے اول ہی ارشاد

كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسْتَوُوْنَ اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ فَاَسْئَلُكَ

شخص جو مومن ہو اس کے مانند ہو سکتا ہے جو فاسق ہو یہ برابر نہیں ہو سکتے اے معبود میرے اور اے مالک میرے

بِالْقُدْرَةِ الَّتِيْ قَدَّرْتَهَا وَبِالْقَضِيَّةِ الَّتِيْ حَتَمْتَهَا وَغَلَبْتَ مَنْ عَلَيْهِ

پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں واسطہ دیکر اس قدرت کاملہ کا جو تجھی کو حاصل ہے اور اس فیصلہ کا واسطہ دیکر

اَجْرَيْتَهَا اَنْ تَهَبَ لِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ كُلَّ جُرْمٍ

جو حتمی ہے اور جن پر تو نے اس کو جاری کیا یہ کہ تو بخش دے میرے لئے آج کی رات میں اور

اَجْرَمْتُهُ وَكُلَّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهُ وَكُلَّ قَبِيْحٍ اَسْرَرْتُهُ وَكُلَّ جَهْلٍ عَمِلْتُهُ

اسوقت میں کہ اسیوقت میرے وہ گناہ جو مجھ سے ہو گئے ہوں اور جو جرم مجھ سے سرزد ہو گئے ہوں اور ہر وہ برائی

كَتَمْتُهُ اَوْ اَعْلَنْتُهُ اَخْفَيْتُهُ اَوْ اَظْهَرْتُهُ وَكُلَّ سَيِّئَةٍ اَمَرْتَ بِاِثْبَاتِهَا

جو میں نے چھپ کر کیا ہو اور وہ ہر جہالت مجھ سے جو عمل میں آئی جس کو میں نے چھپایا ہو یا ظاہر کیا پوشیدہ اس کا

الْكِرَامَ الْكَاتِبِيْنَ الَّذِيْنَ وَكَّلْتَهُمْ بِحِفْظِ مَا يَكُوْنُ مِنِّيْ وَجَعَلْتَهُمْ

ارتکاب کیا یا علانیہ اور ہر وہ بدی جس کے اندراج کا تو نے کراماً کاتبین کو حکم دیا جن کو تو نے میرے ہر فعل کی

شُهُوْدًا عَلَيَّ مَعَ جَوَارِحِيْ وَكُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيَّ مِنْ وَّرَائِهِمْ

نگرانی سپرد کی ہے اور میرے اعضاء و جوارح کے ساتھ ان کو بھی میرے اعمال کا گواہ قرار دیا ہے اور ان کے

وَالشَّاهِدَ لِمَا خَفِيَ عَنْهُمْ وَبِرَحْمَتِكَ اَخْفَيْتَهُ وَبِفَضْلِكَ سَتَرْتَهُ

علاوہ تو خود میرے ہر اعمال کا نگران ہے اور شاہد ہے اس کے عمل کا بھی جو ان فرشتوں سے پوشیدہ رہا۔

وَاَنْ تُوَفِّرَ حَظِّيْ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ تُنْزِلُهُ اَوْ اِحْسَانٍ تُفْضِلُهُ اَوْ بِرٍّ تَنْشُرُهُ

اور تو نے اپنی رحمت سے اسے چھپایا اور اپنے فضل سے اس پر پردہ ڈالا اور یہ سوال کرتا ہوں کہ میرا حصہ زیادہ کر

اَوْ رِزْقٍ تَبْسُطُهُ اَوْ ذَنْبٍ تَغْفِرُهُ اَوْ خَطَاءٍ تَسْتُرُهُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ

اس نیکی میں سے جو تو نازل کرے گا، یا اس احسان میں سے جو وارد کریگا یا اس عمل خیر میں سے جسے تو پھیلائے گا یا

يَا رَبِّ يَا اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ وَمَالِكَ رِقِّيْ يَا مَنْ بِيَدِهٖ

اس رزق میں سے جسے وسیع کریگا، یا اس گناہ میں سے جسے بخشے گا یا اس کی خطائیں کہ جسے تو چھپائے گا۔

نَاصِيَتِيْ يَا عَلِيْمًا بِضُرِّيْ وَمَسْكَنَتِيْ يَا خَبِيْرًا بِفَقْرِيْ وَفَاقَتِيْ

اے پالنے والے اے پالنے والے اے پالنے والے اے میرے معبود اے میرے مالک اور میرے سردار اور

يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ أَسْأَلُكَ بِحَقِّكَ وَقُدْسِكَ وَأَعْظَمِ صِفَاتِكَ وَأَسْمَائِكَ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے حق کا واسطہ دیکر اور تیری قدوسیت کا واسطہ دیکر اور تیری بڑی سی بڑی صفت

أَنْ تَجْعَلَ أَوْقَاتِي فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ بِذِكْرِكَ مَعْمُورَةً وَبِخِدْمَتِكَ مَوْصُولَةً

اور اسمائے مبارکہ کا واسطہ دیکر کہ میرے رات دن کے اوقات کو اپنے ذکر سے معمور کردے اور اپنی

وَأَعْمَالِي عِنْدَكَ مَقْبُولَةً حَتَّى تَكُونَ أَعْمَالِي وَأَوْرَادِي كُلُّهَا وِرْداً وَاحِداً

ہی خدمت سے متصل رکھ اور میرے اعمال کو اپنی بارگاہ میں مقبول فرما تاکہ میرے کل اعمال اور وظائف

وَحَالِي فِي خِدْمَتِكَ سَرْمَداً يَا سَيِّدِي يَا مَنْ عَلَيْهِ مُعَوَّلِي يَا مَنْ إِلَيْهِ

ایک ہی طرح ہو جائیں اور میری حالت خدمت میں دائم رہے اے میرے مالک اے وہ جس کا

شَكَوْتُ أَحْوَالِي يَا رَبِّ يَا رَبِّ قَوِّ عَلَى خِدْمَتِكَ جَوَارِحِي وَاشْدُدْ

مجھے آسرا ہے اے وہ جس کی بارگاہ میں اپنی ہر حالت کی شکایت کرتا ہوں اے پالنے والے اے پالنے والے

عَلَى الْعَزِيمَةِ جَوَانِحِي وَهَبْ لِيَ الْجِدَّ فِي خَشْيَتِكَ وَالدَّوَامَ فِي الْاِتِّصَالِ

اے پالنے والے مضبوط کردے اپنی خدمت کے لئے میرے اعضا کو اور اسی ارادے کے لئے

بِخِدْمَتِكَ حَتَّى أَسْرَحَ إِلَيْكَ فِي مَيَادِينِ السَّابِقِينَ وَأُسْرِعَ إِلَيْكَ فِي

میرے قلب کو مضبوط کردے اور مجھے توفیق عطا فرما کہ تجھ سے بہت خائف رہوں اور ہمیشہ

الْمُبَادِرِينَ وَأَشْتَاقَ إِلَى قُرْبِكَ فِي الْمُشْتَاقِينَ وَأَدْنُوَ مِنْكَ دُنُوَّ الْمُخْلِصِينَ

تیری عبادت میں لگا رہوں تاکہ دوڑوں تیری طرف سبقت کرنیوالوں کے میدانوں میں اور جلد

وَأَخَافَكَ مَخَافَةَ الْمُوقِنِينَ وَأَجْتَمِعَ فِي جِوَارِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ اللَّهُمَّ

پہونچوں تیرے پاس عبادت کرنیوالوں میں مشتاق رہوں تیرے قرب کا اشتیاق رکھنے والوں میں اور قریب

وَمَنْ أَرَادَنِي بِسُوءٍ فَأَرِدْهُ وَمَنْ كَادَنِي فَكِدْهُ وَاجْعَلْنِي مِنْ أَحْسَنِ

ہوں تجھ سے خلوص والوں کی طرح اور تجھ سے خوف کروں جس طرح یقین والے خوف کرتے ہیں اور تیرے

عِبَادِكَ نَصِيباً عِنْدَكَ وَأَقْرَبِهِمْ مَنْزِلَةً مِنْكَ وَأَخَصِّهِمْ زُلْفَةً

جوار میں ساتھ ہو جاؤں مومنوں کے خداوندا اور جو شخص برائی کیساتھ میرا ارادہ کرے تو تو بھی اسی طرح

لَدَيْكَ فَإِنَّهُ لَا يُنَالُ ذٰلِكَ إِلَّا بِفَضْلِكَ وَجُدْ لِي بِجُودِكَ وَاعْطِفْ

اس کا ارادہ کر، اور جو مجھ سے کید کرے تو تو بھی اس سے کید کر اور قرار دے تو مجھے ان بندوں میں جو تیرے

عَلٰى مَجْدِكَ وَاحْفَظْنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَاجْعَلْ لِسَانِيْ بِذِكْرِكَ لَهِجًا وَّقَلْبِيْ

بموجب مجد پر مہربانی کرنا اور اپنی رحمت سے میری حفاظت کر اور میری زبان کو اپنے ذکر میں متحرک رکھ اور میرے

بِحُبِّكَ مُتَيَّمًا وَّمُنَّ عَلَيَّ بِحُسْنِ اِجَابَتِكَ وَاَقِلْنِيْ عَثْرَتِيْ وَاغْفِرْلِيْ زَلَّتِيْ

قلب کو اپنی محبت میں شرمسار رکھ اور میری دعا کو خوبی کیساتھ قبول فرما کر احسان کر اور میری برائیاں دور فرما اور

فَاِنَّكَ قَضَيْتَ عَلٰى عِبَادِكَ بِعِبَادَتِكَ وَاَمَرْتَهُمْ بِدُعَائِكَ وَضَمِنْتَ

اور میری لغزشوں کو بخشدے اسلئے کہ تو نے اپنے بندوں کو حکم دیا ہے اپنی عبادت کا

لَهُمُ الْاِجَابَةَ فَاِلَيْكَ يَا رَبِّ نَصَبْتُ وَجْهِيْ وَاِلَيْكَ يَا رَبِّ مَدَدْتُ

اور ان کو یہ حکم تو نے دیا ہے کہ تجھ سے دعا مانگا کریں اور قبولیت دعا کا تو خود ضامن ہوا ہے پس اے پالنے

يَدِيْ فَبِعِزَّتِكَ اسْتَجِبْ لِيْ دُعَائِيْ وَبَلِّغْنِيْ مُنَايَ وَلَا تَقْطَعْ مِنْ فَضْلِكَ

والے میں نے تیری طرف اپنی لو لگائی اے پالنے والے میں نے تیری بارگاہ میں اپنے ہاتھ پھیلادے پس اپنی

رَجَائِيْ وَاكْفِنِيْ شَرَّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنْ اَعْدَائِيْ يَا سَرِيْعَ الرِّضَا اغْفِرْ

عزت کے صدقے میں میری دعا قبول فرمالے اور مجھے میری آرزو تک پہونچادے اور نہ قطع کر اپنے فضل سے میری آرزو

لِمَنْ لَّا يَمْلِكُ اِلَّا الدُّعَاءَ فَاِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا تَشَاءُ يَا مَنِ اسْمُهٗ دَوَاءٌ وَّذِكْرُهٗ

کو اور بچالے مجھے شر سے جنوں اور آدمیوں کے جو بھی میرے دشمن ہوں اے جلد راضی ہونے والے بخشدے اسے

شِفَاءٌ وَّطَاعَتُهٗ غِنًى اِرْحَمْ مَنْ رَّاْسُ مَالِهِ الرَّجَاءُ وَسِلَاحُهُ الْبُكَاءُ يَا

جس کا دعا کرنے کے سوا کوئی بس نہ ہو اسلئے کہ تو جو چاہتا ہے کرتا ہے اے وہ کہ جس کا نام ہر مرض کی دوا ہے اور

سَابِغَ النِّعَمِ يَا دَافِعَ النِّقَمِ يَا نُوْرَ الْمُسْتَوْحِشِيْنَ فِي الظُّلَمِ يَا عَالِمًا لَّا يُعَلَّمُ

جس کا ذکر شفا ہے اور جس کی اطاعت غنی کر دیتی ہے رحم کر اس شخص پر جس کی پونجی امید ہی ہے اور جس کا ہتیار

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِيْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

رونا ہے اے کامل نعمتوں والے اے بلاؤں کے دفع کرنیوالے اے اندھیرے میں گھبرانے والوں کو روشنی پہنچانیوالے

رَسُوْلِهٖ وَالْاَئِمَّةِ الْمَيَامِيْنَ مِنْ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

اور اے وہ عالم جسے تعلیم نہیں دیجاتی صلوات بھیج تو محمد و آل محمد پر اور میرے حق میں وہ کر جس کا تو اہل ہے۔

صلوات خدا ہو اسکے رسول پر اور انکی اولاد میں جو صاحب برکت امام ہیں ایسا سلام جو سلام بھیجنے کا حق ہے۔

زیارت طفلان جناب مسلم ابن عقیلؑ

روضہ ان بچوں کا کربلا معلی سے ۲۱ میل کے فاصلہ پر کنارہ نہر فرات واقع ہے۔

(یہ زیارت عام طور پر رائج ہے)

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا قُرَّتَیْ عَیْنِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا فِلْذَتَیْ کَبِدِ ابْنِ

سلام ہو آپ دونوں پر اے خنکی چشم رسولخداؐ سلام ہو آپ دونوں پر اے پارہ جگر ابن عم

عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا نَاصِرَیْ سِبْطِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا

رسولخداؐ سلام ہو آپ دونوں پر اے ناصران سبط رسولخداؐ سلام ہو آپ دونوں

اَیُّهَا السَّابِقَانِ فِی الشَّهَادَةِ مِنْ ذِیْ رَحِمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا اَیُّهَا

پر اے وہ جنہوں نے قرابت داران رسول خدا میں سے شہادت میں سبقت کی سلام ہو آپ دونوں پر

الشَّهِیْدَانِ فِیْ نُصْرَةِ دِیْنِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا اَیُّهَا الْمَظْلُوْمَانِ الْقَتِیْلَانِ

جو شہید ہوئے نصرت دین خدا میں سلام ہو آپ پر جو مظلوم قتل کئے گئے

بِاَرْضِ کَرْبَلَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا اَیُّهَا الْمَظْلُوْمَانِ بِاَیْدِی الْاَشْقِیَاءِ اَلسَّلَامُ

زمین کربلا پر سلام ہو آپ دونوں پر جن پر اشقیا نے ظلم کیا سلام ہو

عَلَیْکُمَا اَیُّهَا الْمُخَلَّفَانِ مِنْ مُسْلِمِ ابْنِ عَقِیْلِ الْقَتِیْلِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا اَیُّهَا الذَّبِیْحَانِ

آپ دونوں پر جو پس ماندگان جناب مسلم ابن عقیل شہید راہ خدا ہیں سلام ہو آپ دونوں پر اے دو ذبیح

مِنْ نَسْلِ اِسْمَاعِیْلَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا اَیُّهَا الْحَیَّانِ الْمَرْزُوْقَانِ عِنْدَ رَبِّکُمَا

نسل جناب اسمٰعیل سے سلام ہو آپ دونوں پر اے زندہ اور رزق پانے والے اپنے پروردگار

الْجَلِیْلِ اَشْهَدُ اَنَّکُمَا جَاهَدْتُمَا فِیْ نُصْرَةِ دِیْنِ اللّٰہِ وَحِمَایَةِ عِتْرَةِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

جلیل کی بارگاہ سے میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ دونوں نے وہ جہاد کیا نصرت دین خدا میں اور حمایت

حَقَّ الْجِهَادِ فَجَزَاکُمَا اللّٰہُ عَنْہُ وَعَنْ نَبِیِّہٖ وَاَهْلِبَیْتِہٖ وَعَنِ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِ

عترت رسول خدا کیلئے جو حق ہے جہاد کا پس خدا آپ دونوں کو جزائے خیر دے اپنی طرف سے اور اپنے نبیؐ کی طرف

اور ان کے اہلبیت کی طرف سے اور سلام ہو اہل اسلام کیطرف سے۔

وَاَهْلِبَيْتِهٖ وَعَنِ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ اَفْضَلَ جَزَاۤءِ الشُّهَدَاۤءِ وَاَنْمٰى حُظُوْظِ السُّعَدَاۤءِ

اور ان کے اہلبیت کی طرف سے اور اسلام اور اہل اسلام کی طرف سے بہترین جزا جو شہدا کے لئے ہے اور جو نیک بندوں کیلئے

وَاَرْفَعَ دَرَجَاتِ الْاَتْقِيَاۤءِ وَاَلْحَقَكُمَا اللّٰهُ وَاِيَّانَا بِجَدِّكُمَا وَبِاٰبَاۤئِكُمَا الشُّرَفَاۤءِ مِنَ الْاَنْبِيَاۤءِ

ہے۔ اور بلند ترین درجہ جو اتقیا کے لئے ہیں اور ملحق کرے خدا آپ دونوں کو اور ہم کو آپ کے جد اور آپ کے آبا و اجداد کے طفیل میں جو

وَالشُّهَدَاۤءِ وَالصُّلَحَاۤءِ وَحَسُنَ اُولٰۤئِكَ رَفِيْقًا وَلَا خَيَّبَنَا اللّٰهُ مِنْ هٰذِهِ السَّعَادَةِ

بزرگ ہیں انبیا میں سے اوصیا میں سے شہدا میں سے صلحا میں اور یہ کیسے اچھے رفیق ہیں اور خدا ہم کو محروم نہ کرے

وَشَفَاعَةِ هٰۤؤُلَاۤءِ الشُّفَعَاۤءِ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمَا وَرَحْمَةُ

اس سعادت سے اور شفاعت سے ان تمام شفاعت کرنیوالوں کی آمین آمین اے پالنے والے تمام عالم کے اور

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

سلام ہو آپ دونوں پر اور رحمت خدا ہو اور برکات اُس کے

زیارت حضرت امام موسیٰ کاظم و حضرت امام محمد تقی علیہما السلام

کاظمین وہ مقدس مقام ہے کہ یہیں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اور حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کا روضۂ مبارکہ ہے۔ ان حضرات کی زیارت کی فضیلت میں کثرت سے حدیثیں وارد ہیں مختصر یہ کہ آپ حضرات کی زیارت کا بھی وہی ثواب ہے جو زیارت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ و حضرت امیر المومنین و حضرت سید الشہداء علیہم السلام کا ہے جب زیارت کا ارادہ کرے تو غسل کرے لباس پاک پہنے، خوشبو لگائے اور جب دروازہ حرم پر پہونچے تو کہے:۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى هِدَايَتِهٖ

اللہ بزرگ ہے اللہ بزرگ ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ ہے سب تعریفیں ہیں خدا کے لئے جس نے ہدایت

لِدِيْنِهٖ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا دَعَاۤ اِلَيْهِ مِنْ سَبِيْلِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَكْرَمُ مَقْصُوْدٍ

فرمائی اپنے دین کیطرف اور توفیق عطا فرمائے راہ حق کے اختیار کرنے کی جس طرف دعوت دی خداوند تحقیق تو بزرگ ترین

مقصود اور

أَكْرَمُ مَا أَتَى وَقَدْ أَتَيْتُكَ مُتَقَرِّبًا إِلَيْكَ بِابْنِ بِنْتِ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ

بزرگ ترین مطلوب ہے اور آیا ہوں میں تیری طرف تقرب حاصل کرتے ہوئے نواسۂ نبی کے ذریعہ سے صلوات ہوانپر اور ان کے

وَعَلَى آبَائِهِ الطَّاهِرِينَ وَأَبْنَائِهِ الطَّيِّبِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

آباء طاہرین پر اور انکی پاک و پاکیزہ اولاد پر خداوندا صلوات بھیج محمد مصطفےٰ ص اور انکی آل پر

وَلَا تُخَيِّبْ سَعْيِي وَلَا تَقْطَعْ رَجَائِي وَاجْعَلْنِي عِنْدَكَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَ

میری کوشش کو رائیگاں نہ کر اور نہ میری امید کو منقطع کر اور مجھے اپنی بارگاہ سے گرامی اور دنیا و

وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ

آخرت میں مقربین میں قرار دے

پس داہنے پیر سے داخل حرم ہو اور کہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

داخل ہوتا ہوں اللہ کا نام لے کر اور اسی کی مدد سے اس کی خوشنودی کے لئے اور ملت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

پر قائم رہتے ہوئے۔ خداوندا بخش دے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور تمام مومنین و مومنات کو

جب دروازہ حرم پر پہونچے تو کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا سَيِّدَيَّ يَا آلَ بَيْتِ الْمُصْطَفَى أَنَا عَبْدُكُمَا وَابْنُ عَبْدِكُمَا

سلام ہو آپ دونوں حضرات پر اے دونوں آقا میرے اے اہلبیت حضرت محمد مصطفےٰ ص غلام آپ دونوں حضرات کا اور بیٹا

الذَّلِيلُ بَيْنَ يَدَيْكُمَا الْمُعْتَرِفُ بِحَقِّكُمَا جَاءَكُمَا مُسْتَجِيرًا بِذِمَّتِكُمَا قَاصِدًا

آپکے غلام کا ذلیل و خوار آپ دونوں حضرات کے سامنے حاضر ہے اور معترف ہے آپکے حق کا حاضر ہوا ہے آپ کے سامنے پناہ

إِلَى حَرَمِكُمَا مُتَوَجِّهًا إِلَى مَقَامِكُمَا مُتَوَسِّلًا إِلَى اللّٰهِ تَعَالَى بِكُمَا أَأَدْخُلُ يَا

مانگتے ہوئے آپ دونوں کی ذمہ داری کے ساتھ قصد کرتے ہوئے آپکے حرم کا متوجہ ہو کر آپکے مقام کی طرف توسل کرتے ہوئے

اللّٰهُ أَأَدْخُلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَأَدْخُلُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَأَدْخُلُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ

خدا کیطرف آپ دونوں حضرات کے ذریعہ سے کیا داخل ہوں اے خدا کیا داخل ہوں اے رسول خدا ص کیا داخل ہوں اے نبی خدا کیا داخل

ءَاَدْخُلُ يَا فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءَ سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ ءَاَدْخُلُ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ

کیا داخل ہوں اے فاطمہ زہرا اے سردار تمام عورات عالم کی کیا داخل ہوں اے ابو محمدؐ اے امام حسنؑ

ءَاَدْخُلُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنَ ءَاَدْخُلُ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ ءَاَدْخُلُ

کیا داخل ہوں اے ابو عبد اللہ اے امام حسینؑ کیا داخل ہوں اے ابو محمد اے علی ابن الحسینؑ کیا داخل ہوں

يَا اَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ ءَاَدْخُلُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ ءَاَدْخُلُ يَا مَوْلَايَ

اے ابو جعفر اے محمد ابن علیؑ کیا داخل ہوں اے ابو عبد اللہ اے جعفر ابن محمدؑ کیا داخل ہوں اے مولا

يَا اَبَا الْحَسَنِ مُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ ءَاَدْخُلُ يَا مَوْلَايَ يَا عَلِيَّ بْنَ مُوسَى الرِّضَا ءَاَدْخُلُ

میرے اے ابو الحسن اے موسیٰ ابن جعفرؑ کیا داخل ہوں اے مولا میرے اے علی ابن موسیٰ الرضا کیا داخل

يَا مَوْلَايَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ ءَاَدْخُلُ يَا اَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ ءَاَدْخُلُ يَا اَبَا

ہوں اے مولا میرے اے محمد ابن علیؑ کیا داخل ہوں اے ابو الحسنؑ علی ابن محمدؑ کیا داخل ہوں اے

مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ ءَاَدْخُلُ يَا اَبَا الْقَاسِمِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ فِي اَرْضِهِ ءَاَدْخُلُ

ابو محمد الحسن ابن علیؑ کیا داخل ہوں میں اے ابو القاسم اے حجت خدا اس کی زمین میں کیا داخل

يَا مَلَائِكَةَ اللّٰهِ الْحَافِّينَ بِحَوْلِ حَرَمِكُمَا وَالْمُسْتَغْفِرِينَ لِزُوَّارِكُمَا وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

ہوں اے ملائکہ خدا جو جمع ہیں گرد آپ دونوں حضرات کے حرم کے اور جو استغفار کرتے ہیں آپ حضرات کے زائرین کے لئے رحمت خدا اور برکات اس کی

پس داخل حرم محترم ہو اور کہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ رَبِّ اَدْخِلْنِي

داخل ہوتا ہوں میں اللہ کا نام لے کر اور اسی کی مدد سے اس کی خوشنودی کے لئے اور ملت رسول خداؐ پر قائم رہتے ہوئے اے

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَاَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْنِي مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيرًا

پالنے والے داخل کر مجھ کو صدق کے ساتھ اور خارج کر مجھ کو صدق کے ساتھ اور میرے لئے ایسا سلطان بھیج دے جو مددگار رہو

پس چار مرتبہ اللہ اکبر کہے اور متوجہ ہو ضریح اقدس حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کیطرف اور کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ وَابْنَ وَلِيِّهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ وَابْنَ

سلام ہو آپ پر اے ولی خدا اور فرزند ولی خدا کے سلام ہو آپ پر اے حجت خدا اور فرزند

حُجَّتِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَفِيَّ اللهِ وَابْنَ صَفِيِّهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْنَ اللهِ

اس کی حجت کے سلام ہو آپ پر اے برگزیدۂ خدا اور فرزند برگزیدۂ خدا کے سلام ہو آپ پر اے امین خدا

وَابْنَ اَمِيْنِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللهِ فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

اور فرزند امین خدا کے سلام ہو آپ پر اے نور خدا زمین کی تاریکیوں میں سلام ہو آپ پر

يَا اِمَامَ الْهُدٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَلَمَ الدِّيْنِ وَالتُّقٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَازِنَ

اے امام ہدایت سلام ہو آپ پر اے نشان دین و تقویٰ کے سلام ہو آپ پر اے خزینہ دار

عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَازِنَ عِلْمِ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَائِبَ الْاَوْصِيَاءِ

علم تمام انبیاء کے سلام ہو آپ پر اے خزینہ دار علم تمام مرسلین کے سلام ہو آپ پر اے جانشین تمام اوصیائے

السَّابِقِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَعْدِنَ الْوَحْيِ الْمُبِيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الْعِلْمِ

گزشتہ کے سلام ہو آپ پر جو معدن ہیں کھلی ہوئی وحی کے سلام ہو آپ پر اے صاحب علم

الْيَقِيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَيْبَةَ عِلْمِ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَيُّهَا الْاِمَامُ الصَّالِحُ

یقین سلام ہو آپ پر اے ظرف علم المرسلین کے سلام ہو آپ پر اے امام صالح

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الزَّاهِدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْعَابِدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر اے امام زاہد سلام ہو آپ پر اے امام عابد سلام ہو آپ پر

اَيُّهَا الْاِمَامُ السَّيِّدُ الرَّشِيْدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمَقْتُوْلُ الشَّهِيْدُ اَلسَّلَامُ

اے امام سید و رشید سلام ہو آپ پر اے مقتول و شہید سلام ہو

عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللهِ وَابْنَ وَصِيِّهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ مُوْسَى بْنَ جَعْفَرٍ وَرَحْمَةُ

آپ پر اے فرزند رسول خدا کے اور ان کے وصی کے سلام ہو آپ پر اے مولا میرے اے موسیٰ بن جعفر رحمت

اللهِ وَبَرَكَاتُهُ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ عَنِ اللهِ مَا حَمَّلَكَ وَحَفِظْتَ مَا

خدا ہو آپ پر اور برکات اسکی بیں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ نے پہونچایا خدا کی طرف سے جو خدا نے آپ کے سپرد

اسْتَوْدَعَكَ وَحَلَّلْتَ حَلَالَ اللهِ وَحَرَّمْتَ حَرَامَ اللهِ وَاَقَمْتَ اَحْكَامَ اللهِ

کیا اور حفاظت کی آپ نے اس کی ودیعت کی حلال رکھا حلال خدا کو آپ نے حرام رکھا حرام خدا کو آپ نے قائم رکھا احکام خدا کو

وَتَلَوْتَ كِتَابَ اللهِ وَصَبَرْتَ عَلَى الْاَذٰى فِيْ جَنْبِ اللهِ وَجَاهَدْتَ

آپ نے قائم رکھا کتاب خدا کی تلاوت فرمائی اذیتوں پر خدا کی خوشنودی کیلئے صبر کیا اور وہ جہاد کیا آپ نے خدا کیلئے جو حق ہے

فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مَضَيْتَ عَلٰى مَا مَضٰى

جہاد کا یہاں تک کہ آپ شہید کئے گئے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اسی طریقہ پر چلے جس پر چلے آپ کے

عَلَيْهِ اٰبَاۤؤُكَ الطَّاهِرُوْنَ وَاَجْدَادُكَ الطَّيِّبُوْنَ الْاَوْصِيَاۤءُ الْهَادُوْنَ الْاَئِمَّةُ

آبائے طاہرین و اجداد طیبین اور ہدایت کرنے والے اوصیاء ہدایت یافتہ ائمہ

الْمَهْدِيُّوْنَ لَمْ تُؤْثِرْ عَمًى عَلٰى هُدًى وَلَمْ تَمِلْ مِنْ حَقٍّ اِلٰى بَاطِلٍ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ

نہ آپنے راہ ہدایت چھوڑ کر تاریکی اختیار کی اور نہ راہ حق چھوڑ کر باطل کی طرف مائل ہوئے میں گواہی دیتا

نَصَحْتَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنَّكَ اَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ وَاجْتَنَبْتَ الْخِيَانَةَ

ہوں کہ تحقیق آپنے نصیحت کی خدا کے بارے میں اور اسکے رسول کے بارے میں اور حضرت امیرالمومنینؑ کے متعلق اور تحقیق آپنے

وَاَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

امانت پہونچادی اور خیانت سے کنارہ کش رہے اور نماز قائم رکھی زکوٰۃ ادا کرتے رہے اچھے کاموں کا حکم دیتے رہے بری باتوں

عَبَدْتَ اللّٰهَ مُخْلِصًا مُجْتَهِدًا مُحْتَسِبًا حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ فَجَزَاكَ اللّٰهُ عَنِ الْاِسْلَامِ

سے روکا کئے اور عبادت خدا کی خالص طور پر جد و جہد کرتے محض خوشنودی خدا کے لئے یہاں تک کہ آپ شہید کئے گئے پس خدا آپکو جزا

وَاَهْلِهٖ اَفْضَلَ الْجَزَاۤءِ وَاَشْرَفَ الْجَزَاۤءِ اَتَيْتُكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ زَاۤئِرًا

عطا فرمائے اسلام اور اہل اسلام کیطرف سے بہترین جزا اور بزرگ ترجزا حاضر ہوا ہوں آپکی بارگاہ میں اے فرزند رسولؐ زیارت

عَارِفًا بِحَقِّكَ مُقِرًّا بِفَضْلِكَ مُحْتَمِلًا لِعِلْمِكَ مُحْتَجِبًا بِذِمَّتِكَ عَاۤئِذًا بِقَبْرِكَ

کے لئے آپکا حق پہچانتے ہوئے آپکے فضل کا اقرار کرتے ہوئے آپ کے علم کو لئے ہوئے آپکے دامن میں چھپتے ہوئے

لَاۤئِذًا بِضَرِيْحِكَ مُسْتَشْفِعًا بِكَ اِلَى اللّٰهِ مُوَالِيًا لِاَوْلِيَاۤئِكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَاۤئِكَ

آپکی قبر مطہر سے پناہ لیتے ہوئے آپکی ضریح اقدس کی آڑ لیتے ہوئے آپکی شفاعت خدا کیطرف چاہتے ہوئے دوستی کرتے ہوئے

مُسْتَبْصِرًا بِشَاْنِكَ وَبِالْهُدَى الَّذِيْ اَنْتَ عَلَيْهِ عَالِمًا بِضَلَالَةِ مَنْ خَالَفَكَ

آپ کے دوستوں سے دشمنی رکھتے ہوئے آپکے دشمنوں کو بصیرت حاصل کرتے ہوئے آپکی شان والی ہدایت سے جس پر آپ قائم

وَبِالْعَمَى الَّذِيْ هُمْ عَلَيْهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ وَنَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوَلَدِيْ

ہیں یہ یقین کرتے ہوئے کہ آپکے مخالفین گمراہ ہیں اور وہ کور باطن ہیں میرے ماں باپ اور میرا نفس اور میرے اہل و مال اور

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَتَيْتُكَ مُتَقَرِّبًا بِزِيَارَتِكَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَمُسْتَشْفِعًا بِكَ

میری اولاد فدا ہو آپ پر اے فرزند رسول خدا حاضر ہوا ہوں آپ کی زیارت کے ذریعہ سے تقرب چاہتے ہوئے خدا سے اور شفاعت

چاہتے ہوئے آپ کے ذریعہ سے۔

إِلَيْهِ فَاشْفَعْ لِي عِنْدَ رَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِي ذُنُوبِي وَيَعْفُوَ عَنْ جُرْمِي وَيَتَجَاوَزَ عَنْ سَيِّئَاتِي

پس آپ شفاعت کیجئے میری اپنے رب سے تاکہ وہ میرے گناہوں کو بخشدے اور میرے جرموں کو معاف کردے

وَيَمْحُوَ عَنِّي خَطِيئَاتِي وَيُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ وَيَتَفَضَّلَ عَلَيَّ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ وَيَغْفِرَ لِي

اور میرے سیئات سے درگذر فرمائے اور میری خطائیں مٹادے اور مجھے داخل کرے جنت میں اور میرے ساتھ

وَلِآبَائِي وَلِإِخْوَانِي وَأَخَوَاتِي وَلِجَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فِي مَشَارِقِ الْأَرْضِ

وہ تفضل کرے جس کا وہ اہل ہے اور بخشدے مجھ کو اور میرے باپ دادا کو اور میرے بھائیوں اور بہنوں کو اور

وَمَغَارِبِهَا بِفَضْلِهِ وَجُودِهِ وَمَنِّهِ

تمام مومنین اور مومنات کو جو مشرق میں ہوں یا مغرب میں اپنے فضل وجود واحسان کیوجہ سے۔

پس ضریح اقدس کو بوسہ دے کر اپنے رخساروں کو اس پر ملے پھر جانب سر آوے اور کہے۔

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ يَا مُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ أَشْهَدُ أَنَّكَ

سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اے موسیٰ بن جعفر رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اوس کے میں گواہی دیتا ہوں

الْإِمَامُ الْهَادِي وَالْوَلِيُّ الْمُرْشِدُ وَأَنَّكَ مَعْدِنُ التَّنْزِيلِ وَصَاحِبُ التَّأْوِيلِ

بتحقیق آپ ہدایت کرنیوالے امام ہیں اور ولی خدا ہیں راہ حق کے بتانیوالے ہیں اور بتحقیق کہ آپ معدن التنزیل

وَحَامِلُ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْعَالِمُ الْعَادِلُ وَالصَّادِقُ الْعَامِلُ يَا مَوْلَايَ

اور صاحب تاویل ہیں اور حامل توراۃ وانجیل ہیں اور عالم عادل اور عامل صادق ہیں اے مولا میرے

أَنَا أَبْرَأُ إِلَى اللَّهِ مِنْ أَعْدَائِكَ وَأَتَقَرَّبُ إِلَى اللَّهِ بِمُوَالاتِكَ فَصَلَّى اللَّهُ عَلَيْكَ

میں خدا سے چاہتا ہوں کہ آپ کے دشمنوں سے بری رکھے اور تقرب چاہتا ہوں خدا سے آپ کی محبت کے ذریعہ سے پس

وَعَلَى آبَائِكَ وَأَجْدَادِكَ وَأَبْنَائِكَ وَشِيعَتِكَ وَمُحِبِّيكَ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ

صلوات خدا ہو آپ پر اور آپ کے آباو اجداد پر اور آپکی اولاد پر اور آپ کے شیعوں اور دوستوں پر اور

پس ضریح کو بوسہ دے پھر دعا کرے۔ دو رکعت نماز پڑھے۔ بعد فراغت تسبیح حضرت فاطمہ زہرا سجدے میں جائے اور کہے۔

اللَّهُمَّ إِلَيْكَ اعْتَمَدْتُ وَإِلَيْكَ قَصَدْتُ وَبِفَضْلِكَ رَجَوْتُ وَتِسْرَ أَمَامِي

خداوندا میں تجھ پر اعتماد رکھتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اور تیرے فضل کی امید کرتا ہوں اور اپنے

اَلَّذِیْ اَوْجَبْتَ عَلَیَّ طَاعَتَهٗ زُرْتُهٗ بِهٖ اِلَیْكَ تَوَسَّلْتُ فَبِحَقِّهِمُ الَّذِیْ اَوْجَبْتَ

اس امام کی زیارت کی ہے جس کی اطاعت تونے مجھ پر واجب کی ہے اور اسکی ذریعہ سے تیری طرف توسل

عَلٰی نَفْسِكَ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَا كَرِیْمُ۔

چاہتا ہوں پس واسطہ ان کے حق کا جو تونے اپنے اوپر واجب کرلیا ہے کہ مجھ کو بخشدے اور میرے والدین کو

پھر داہنے رخسار کو خاک پر رکھ کر کہے۔

اَللّٰهُمَّ قَدْ عَلِمْتَ حَوَائِجِیْ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاقْضِهَا

خداوندا تو جانتا ہے میری حاجتیں کو پس صلوات بھیج تو محمد و آل محمد پر اور پوری کردے میرے حاجتوں کو

پھر بائیں رخسار کو رکھ کر کہے۔

اَللّٰهُمَّ قَدْ اَحْصَیْتَ ذُنُوْبِیْ فَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ

خداوندا تو میرے گناہوں کا احصا کرچکا ہے پس بحق محمد مصطفیٰ (صلوات ہو ان پر اور انکی آل پر) بخشدے

اغْفِرْهَا وَتَصَدَّقْ عَلَیَّ بِمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ

گناہوں کو اور عطا فرما اس چیز کو جس کا تو اہل ہے۔

پھر پیشانی کو خاک پر رکھکر سو مرتبہ شُکْرًا شُکْرًا کہے۔ پس سر اٹھائے اور دعا کرے اس کے بعد اس صلوات کو پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَیْتِهٖ وَصَلِّ عَلٰی مُوْسَی ابْنِ جَعْفَرٍ وَّصِیِّ

خداوندا صلوات بھیج حضرت محمد مصطفیٰؐ اور ان کے اہلبیت پر اور صلوات بھیج حضرت موسیٰ بن جعفرؑ پر

الْاَبْرَارِ وَاِمَامِ الْاَخْیَارِ وَعَیْبَةِ الْاَنْوَارِ وَوَارِثِ السَّكِیْنَةِ وَالْوَقَارِ وَالْحِكَمِ

جو وصی ہیں نیک بندوں کے اور امام ہیں نیک بختوں کے اور جگہ ہیں انوار الٰہی کی اور وارث ہیں سکینہ اور

وَالْاٰثَارِ الَّذِیْ كَانَ یُحْیِی اللَّیْلَ بِالسَّهَرِ اِلَی السَّحَرِ بِمُوَاصَلَةِ الْاِسْتِغْفَارِ

وقار کے اور حکمتوں کے اور آثار کے ایسے امام جس نے ساری رات جاگنے میں بسر کرکے صبح کی مسلسل

حَلِیْفِ السَّجْدَةِ الطَّوِیْلَةِ وَالدُّمُوْعِ الْغَزِیْرَةِ وَالْمُنَاجَاتِ الْكَثِیْرَةِ وَالضَّرَاعَاتِ

استغفار کے ساتھ بہت طولانی سجدہ کیساتھ اور شدت گریہ کیساتھ اور کثرت سے مناجات کے ساتھ اور برابر

الْمُتَّصِلَةِ وَمَقَرِّ النُّهٰى وَالْعَدْلِ وَالْخَيْرِ وَالْفَضْلِ وَالنَّدٰى وَالْبَذْلِ وَمَأْلَفِ

اور جو جائے قرار ہیں عقل اور عدل کے اور خیر و فضل کے اور سخاوت اور بذل کے اور جو مورد بلا و صبر

الْبَلْوٰى وَالصَّبْرِ وَالْمُضْطَهَدِ بِالظُّلْمِ وَالْمَقْبُوْرِ بِالْجَوْرِ وَالْمُعَذَّبِ فِيْ قَعْرِ

ہیں جو مغلوب کئے گئے ظلم سے اور دفن کئے گئے جور سے جو قید کئے گئے گہرے قید خانوں اور تاریک

السُّجُوْنِ وَظُلَمِ الْمَطَامِيْرِ ذِي السَّاقِ الْمَرْضُوْضِ بِحَلَقِ الْقُيُوْدِ وَالْجَنَازَةِ الْمُنَادٰى

کوٹھڑیوں میں جنکے پائے اقدس آہنی زنجیروں سے زخمی ہوئے جنکے جنازے کیساتھ ندا کی گئی

عَلَيْهَا بِذُلِّ الْاِسْتِخْفَافِ وَالْوَارِدِ عَلٰى جَدِّهِ الْمُصْطَفٰى وَاَبِيْهِ الْمُرْتَضٰى وَاُمِّهٖ

توہین کے الفاظ میں اور جو پہونچے اپنے جد حضرت محمد مصطفیٰؐ اور اپنے دادا علی مرتضیٰؑ اور اپنی

سَيِّدَةِ النِّسَاۤءِ بِاِرْثٍ مَغْصُوْبٍ وَوَلَاۤءٍ مَسْلُوْبٍ وَاَمْرٍ مَغْلُوْبٍ وَدَمٍ مَطْلُوْبٍ وَ

دادی سیدۃ نساء العالمین کی خدمت میں ایسے حال میں کہ ان کا حق غصب کیا جا چکا اور حرمت چھین

سَمٍّ مَشْرُوْبٍ اَللّٰهُمَّ وَكَمَا صَبَرَ عَلٰى غَلِيْظِ الْمِحَنِ وَتَجَرَّعَ غُصَصَ الْكُرَبِ وَاسْتَسْلَمَ

لی گئی اور امر انکا مغلوب کر دیا گیا اور خون محترم بہایا جا چکا اور زہر انکو پلایا گیا خدا وندا جسطرح انہوں نے

لِرِضَاكَ وَاَخْلَصَ الطَّاعَةَ لَكَ وَمَحَضَ الْخُشُوْعَ وَاسْتَشْعَرَ الْخُضُوْعَ وَعَادَى

صبر کیا سخت سے سخت مصیبت پر اور برداشت کیا کرب کو اور پسند کیا تیری رضا کو اور تیری خالص

الْبِدْعَةَ وَاَهْلَهَا وَلَمْ يَلْحَقْهُ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ اَوَامِرِكَ وَنَوَاهِيْكَ لَوْمَةُ لَاۤئِمٍ

اطاعت کی اور خالص کیا خشوع کو اور لباس پہنا خضوع کا اور دشمن رہے بدعت اور اہل بدعت کے

صَلِّ عَلَيْهِ صَلٰوةً نَامِيَةً مُنِيْفَةً زَاكِيَةً تُوْجِبُ لَهٗ بِهَا شَفَاعَةَ اُمَمٍ

اور تیرے اوامر اور نواہی کی تبلیغ میں ملامت کرنیوالونکی ملامت کی پرواہ نہیں کی صلوات بھیج ان پر ایسی

مِّنْ خَلْقِكَ وَقُرُوْنٍ مِّنْ بَرَايَاكَ وَبَلِّغْهُ عَنَّا تَحِيَّةً وَّسَلَامًا وَّاٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ

صلوات جو بڑھتی رہے بلند ہوتی رہے پاک ہو جو سبب بنے انکے لئے امتوں کی شفاعت کرنیمیں اور تیرے

فِيْ مُوَالَاتِهٖ فَضْلًا وَّاِحْسَانًا وَّمَغْفِرَةً وَّرِضْوَانًا اِنَّكَ ذُو الْفَضْلِ

مخلوقات کی جو پہلے گذر چکے ہیں اور پہنچا ہماری طرف سے انکو تحیہ و سلام اور عطا فرما اپنی طرف سے انکی

الْعَمِيْمِ وَالتَّجَاوُزِ الْعَظِيْمِ بِرَحْمَتِكَ يَاۤ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

محبت کے سلسلہ میں فضل و احسان اور مغفرت و رضوان بیشک تو عام لوگوں پر فضل کرنیوالا ہے اور صاحب عفو عظیم ہے

پس متوجہ ہو ضریح مطہر حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی طرف اور کہے۔

زیارت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ الْبَرَّ التَّقِیَّ الْاِمَامَ الْوَفِیَّ اَلسَّلَامُ
سلام ہو آپ پر اے ابو جعفر محمد ابن علی جو نیک و تقی اور وفا کرنیوالے امام ہیں سلام ہو

عَلَیْکَ اَیُّهَا الرَّضِیُّ الزَّکِیُّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَجِیَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَفِیْرَ
آپ پر اے پسندیدہ و پاک سلام ہو آپ پر اے خدا سے مناجات کرنیوالے سلام ہو آپ پر اے

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سِرَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا
سفیر خدا سلام ہو آپ پر اے ولی خدا سلام ہو آپ پر اے راز خدا سلام ہو آپ پر اے

ضِیَاءَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَنَاءَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا کَلِمَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
تجلی خدا سلام ہو آپ پر اے جلوہ خدا سلام ہو آپ پر کلمہ خدا سلام ہو

عَلَیْکَ یَا رَحْمَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النُّوْرُ السَّاطِعُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
آپ پر اے رحمت خدا سلام ہو آپ پر اے نور منور سلام ہو آپ پر اے

اَیُّهَا الْبَدْرُ الطَّالِعُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الطَّیِّبُ مِنَ الطَّیِّبِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
چمکتے ہوئے ماہ کامل سلام ہو آپ پر اے وہ جو خود پاک ہیں اور پاکیزہ نسل سے ہیں سلام ہو آپ پر

اَیُّهَا الطَّاهِرُ مِنَ الْمُطَهَّرِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْاٰیَةُ الْعُظْمٰی اَلسَّلَامُ
اے وہ جو خود طاہر ہیں اور طاہرین کی نسل سے ہیں سلام ہو آپ پر اے خدا کی بہت بڑی نشانی سلام ہو

عَلَیْکَ اَیُّهَا الْحُجَّةُ الْکُبْرٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْمُطَهَّرُ مِنَ الزَّلَّاتِ اَلسَّلَامُ
آپ پر اے خدا کی بہت بڑی حجت سلام ہو آپ پر جو جملہ لغزشوں سے پاک ہیں سلام ہو

عَلَیْکَ اَیُّهَا الْمُنَزَّهُ عَنِ الْمُعْضِلَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْعَلِیُّ عَنْ نَقْصِ
آپ پر جو دشواریوں سے الگ ہیں سلام ہو آپ پر جو نقص اوصاف سے کہیں بلند ہیں

الْاَوْصَافِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الرَّضِیُّ عِنْدَ الْاَشْرَافِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا
سلام ہو آپ پر جو اشراف میں بہت زیادہ پسندیدہ ہیں سلام ہو آپ پر اے

عَمُودَ الدِّیْنِ اَشْهَدُ اَنَّکَ وَلِیُّ اللّٰهِ وَحُجَّتُهٗ فِیْ اَرْضِهٖ وَاَنَّکَ جَنْبُ اللّٰهِ

اے دین خدا کے ستون میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ ولیٔ خدا اور زمین پر اسکی حجت ہیں خدا کے پہلو ہے

وَخِیَرَةُ اللّٰهِ وَمُسْتَوْدَعُ عِلْمِ اللّٰهِ وَعِلْمِ الْاَنْبِیَآءِ وَرُکْنُ الْاِیْمَانِ وَتَرْجُمَانُ

مستقر ہیں اور برگزیدہ خدا ہیں اور جگہ ہیں علم خدا وعلم انبیا کی اور ایمان کے رکن ہیں اور صحیح

الْقُرْاٰنِ وَاَشْهَدُ اَنَّ مَنِ اتَّبَعَکَ عَلَی الْحَقِّ وَالْهُدٰی وَاَنَّ مَنْ اَنْکَرَکَ وَنَصَبَ

معنی بتانے والے ہیں قرآن کے اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک جس نے آپ کا اتباع کیا وہ حق اور ہدایت پر ہے

لَکَ الْعَدَاوَةَ عَلَی الضَّلَالَةِ وَالرَّدٰی اَبْرَءُ اِلَی اللّٰهِ وَاِلَیْکَ مِنْهُمْ فِی الدُّنْیَا

اور جس نے آپ کے امر سے انکار کیا اور آپ سے دشمنی کی وہ یقیناً گمراہی اور ہلاکت میں ہے برارت کرتا ہوں

وَالْاٰخِرَةِ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ مَا بَقِیْتُ وَبَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ

خدا کی طرف اور آپ کی جانب ان دشمنوں سے دنیا و آخرت میں سلام ہو آپ پر جبتک میں باقی ہوں اور

پس ضریح اقدس کو بوسہ دے کر اپنی رخساروں کو اس پر ملے پھر کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

سلام ہو آپ پر اے ولی اللہ سلام ہو آپ پر اے حجت خدا سلام ہو آپ پر اے

نُوْرَ اللّٰهِ فِیْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

نور خدا زمین کی تاریکیوں میں سلام ہو آپ پر اے فرزند رسولخداؐ سلام ہو آپ پر

وَعَلٰی اٰبَآئِکَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰی اَبْنَآئِکَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰی اَوْلِیَآئِکَ

اور آپ کے آباء اجداد پر سلام ہو آپ پر اور آپکی اولاد پر سلام ہو آپ پر اور آپ کے دوستوں پر

اَشْهَدُ اَنَّکَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَیْتَ الزَّکٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا فرمائی اور اچھی باتوں کا حکم دیا اور بری

نَهَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتَلَوْتَ الْکِتَابَ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ وَجَاهَدْتَ فِی اللّٰهِ حَقَّ

باتوں سے روکا اور کتاب خدا کی اس طرح تلاوت فرمائی جو حق ہے تلاوت کا اور راہ خدا میں اسطرح

جِهَادِهٖ وَصَبَرْتَ عَلَی الْاَذٰی فِیْ جَنْبِهٖ حَتّٰی اَتَاکَ الْیَقِیْنُ اَتَیْتُکَ زَائِرًا عَارِفًا

جہاد کیا جو حق ہے جہاد کرنیکا اور مصیبتوں پر صبر کیا خوشنودی خدا کے لئے یہاں تک کہ آپ شہید کئے گئے ہیں۔

بحقک وموالیا لاولیائک ومعادیا لاعدائک فاشفع لی عند ربک

پہچانتے ہوئے اور دوست رکھتے ہوئے آپ کے دوستوں کو دشمن رکھتے ہوئے آپکے دشمنوں کو پس شفاعت کیجئے

پس ضریح اقدس کو بوسہ دیکر دعا کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے اور بعد فراغت تسبیح جناب سیدہ ؑ سجدے میں جائے اور کہے۔

ارحم من اساء واقترف واستکان واعترف پس اپنے داہنے رخسار کو خاک پر رکھکر کہے

رحم فرما اس شخص پر جسنے برائی کی اور گناہ کیا، اور عاجز ہوا اور بااعتراف ہے اپنے گناہوں کا

ان کنت بئس العبد فانت نعم الرب۔ پس بائیں رخسار کو خاک پر رکھکر کہے۔

اگرچہ میں تیرا برا بندہ ہوں لیکن تو یقیناً اچھا رب ہے۔

عظم الذنب من عبدک فلیحسن العفو من عندک یا کریم۔

تیرے بندے نے بڑے گناہ کئے ہیں پس تو اچھے طرح سے معاف کردے اپنی طرف سے اے کریم

پھر پیشانی خاک پر رکھکر سو مرتبہ شکراً شکراً کہے پس سر اوٹھا کر دعا کرے بعدہٗ اس صلوات کو پڑھے۔

اللھم صل علی محمد واھل بیتہ وصل علی محمد بن علی الزکی التقی و

خداوندا صلوات بھیج محمد مصطفیٰ ؐ اور انکے اہلبیت پر اور صلوات بھیج محمد ابن علی پر جو زکی اور تقی و نیک

البر الوفی والمھذب النقی ھادی الامۃ ووارث الائمۃ وخازن الرحمۃ

وفادار ہیں اور صاحب تہذیب نقی ہیں امت کے ہادی اور وارث ائمہ ہیں اور خزینہ دار رحمت ہیں

وینبوع الحکمۃ وقائد البرکۃ وعدیل القرآن فی الطاعۃ وواحد الاوصیاء

اور چشمہ حکمت ہیں اور کھینچنے والے برکت کے ہیں اور قرآن کے ہم پلہ ہیں اطاعت میں یکتا و فرد ہیں اوصیاء

فی الاخلاص والعبادۃ وحجتک العلیا ومثلک الاعلی وکلمتک الحسنی

کی خلوص و عبادت میں اور حجت تیری بڑی حجتوں کے ہیں اور تیری مثل اعلیٰ اور تیرے کلمہ حسنیٰ

الداعی الیک والدال علیک الذی نصبتہ علما لعبادک ومترجما

ہیں تیری طرف دعوت دینے والے ہیں اور دلیل ہیں تجھ پر جسکو تو نے اپنی نشانی قرار دیا ہے اپنے بندوں کیلئے

يلبّيا بك وصادعا بامرك وناصرا لدينك وحجة على خلقك ونورا

کرنیوالے ہیں اور تیرے احکام کو بجا لانیوالے ہیں اور تیرے دین کے ناصر ہیں اور حجت ہیں تیری تمام مخلوق پر

تخرق به الظلم وقدوة تدرك بها الهداية وشفيعا تنال به الجنة

اور وہ نور ہیں جنکی وجہ سے تو تاریکیوں کو ہٹاتا ہے اور وہ پیشوا ہیں جنکے ذریعہ سے ہدایت حاصل ہوتی ہے

اللهم وكما اخذ في خشوعه لك حظه واستوفى من خشيتك نصيبه

اور ایسے شفیع ہیں کہ انکے ذریعہ سے جنت ملتی ہے خداوندا جسطرح انھوں نے تیری بارگاہ میں خشوع

فصل عليه اضعاف ما صليت على ولي ارتضيت طاعته وقبلت

کرکے اپنا حصہ حاصل کیا اور پورا پورا پایا تیرے خوف سے اپنے نصیب کو پس تو بھی انپر صلوات بھیج بہت

خدمته وبلغه منا تحية وسلاما وآتنا في موالاته من لدنك فضلا

زیادہ اس صلوات سے جو تو نے اپنے ولی پر بھیجی ہو جنکی اطاعت کو پسند کیا ہو اور انکی خدمت کو قبول

واحسانا ومغفرة ورضوانا انك ذو المن القديم والصفح الجميل

فرمایا ہو اور پہونچادے ہماری طرف سے ان کو تحیہ و سلام اور عطا کر انکی محبت کے صلہ میں ہمکو اپنی طرف سے

پس دعا کرے اور جب رخصت ہونا چاہے تو پہلے ضریح مطہر حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام کی طرف متوجہ ہو کر کہے۔

السلام عليك يا مولاي يا ابا الحسن ورحمة الله وبركاته استودعك

سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اے ابا الحسن رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اوس کے میں آپ کو

الله واقرأ عليك السلام آمنا بالله وبالرسول وبما جئت به ودللت

خدا کے سپرد کرتا ہوں اور میں آپ پر سلام کرتا ہوں خدا پر اور رسول خدا پر ایمان لایا ہوں اور اس چیز پر جو

عليه اللهم فاكتبنا مع الشاهدين

آپ خدا کی طرف سے لائے ہیں اور جسکی طرف رہنمائی کی ہے خداوندا تو مجھکو شاہدین میں شمار کر۔

پھر متوجہ ہو ضریح مطہر حضرت امام محمد تقیؑ کی طرف اور کہے۔

السلام عليك يا مولاي يا ابن رسول الله ورحمة الله وبركاته استودعك

سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اے فرزند رسول خدا رحمت خدا ہو آپ پر اور اسکے برکات ہوں میں آپکو خدا کے

اللّٰہِ وَاَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلَامُ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَبِالرَّسُوْلِ وَبِمَا جِئْتَ

اور آپ پر سلام کرتا ہوں خدا پر اور رسول خدا پر ایمان لایا ہوں اور اس چیز پر جو آپ خدا

بِہٖ وَدَلَلْتَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ فَاکْتُبْنَا مَعَ الشَّاھِدِیْنَ۔

کیطرف سے لائے ہیں اور جسکی طرف رہنمائی کی ہے خداوندا تو مجھکو شاہدین میں شمار کر۔

حرم سے اس طرح باہر نکلے کہ پشت ضریح کی طرف نہ ہونے پائے۔

زیارت جناب السید محمد ابن حضرت امام علی النقی علیہ السلام

آپ کا روضہ مابین کاظمین و سامرہ ہے جب قصد کرے آنجناب کی زیارت کا تو دروازہ پر کھڑا ہو کر کہے۔ (یہ عبارت رائج ہے)

سَلَامُ اللّٰہِ وَسَلَامُ مَلٰٓئِکَتِہِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَاَنْبِیَآئِہِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعِبَادِہٖ

سلام ہو خدا کا اور اسکے ملائکہ مقربین کا اور اسکے انبیاء مرسلین کا اور اسکے نیک بندوں کا اور تمام

الصَّالِحِیْنَ وَجَمِیْعِ الشُّھَدَآءِ وَالصِّدِّیْقِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ وَابْنَ

شہداء اور صدیقین کا سلام ہو آپ پر اے آقا میرے اور فرزند

سَیِّدِیْ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

میرے آقا کے اے فرزند رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کے رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اوسکے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَنَا مِنَ الْمُوَالِیْنَ لِاَنْبِیَآئِہٖ وَاَوْصِیَآءِ اَنْبِیَآئِہٖ وَاَوْلِیَآئِہٖ

سب تعریفیں ہیں اوس خدا کے لئے جس نے ہمکو قرار دیا دوستوں میں اپنے انبیاء و اوصیاء و اولیاء کے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ وَفَّقَنَا لِزِیَارَۃِ اَوْلِیَآئِنَا وَسَادَاتِنَا وَشُفَعَآئِنَا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سب تعریفیں ہیں اس خدا کے لئے جس نے توفیق عطا فرمائی ہمکو زیارت کی ہمارے آقاؤں ہمارے سرداروں

یَا سَیِّدِیْ وَابْنَ سَیِّدِیْ یَا مَوْلَایَ وَابْنَ مَوْلَایَ یَا ابْنَ الْعَلِیِّ الْھَادِیْ

ہمارے شفیعوں کی سلام ہو آپ پر اے آقا میرے اور فرزند میرے آقا کے اے مولا میرے اور فرزند میرے مولا کے

وَاَخَا الْحَسَنِ الْعَسْکَرِیِّ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ یَا مَوْلَایَ اَنَا زَآئِرُکَ وَاَبِیْکَ

اے فرزند حضرت امام علی الہادی کے اور بھائی حضرت امام حسن عسکری کے صلوات خدا ہو آپ حضرات پر اے مولا میرے

أَتَأْذَنُ لِي بِالدُّخُولِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي اسْتَأْذَنْتُكَ وَاسْتَأْذَنْتُ رَسُولَكَ لِأَنَّكَ

عالیمقدار کا آیا اجازت ہے کہ اندر آؤں خداوندا تحقیق میں تجھ سے اور تیرے رسول سے اجازت چاہتا ہوں

قُلْتَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ اَللّٰهُمَّ

اسلئے کہ تو نے ارشاد فرمایا ہے کہ اے وہ لوگ جو ایمان لائے ہو نہ داخل ہو نبی کے گھروں میں جبتک کہ تم کو

إِنِّي اسْتَأْذَنْتُ مَلَائِكَتَكَ الْمُوَكَّلِينَ بِهٰذَا الْحَرَمِ الشَّرِيفِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

اجازت نہ دیجائے خداوندا میں طلب اذن کرتا ہوں تیرے ان ملائکہ سے جو مقرر ہیں اس حرم شریف میں اور رحمت خدا ہو

پس داخل ہو اور ضریح کے پاس کھڑا ہو کر کہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ

سلام ہو آپ پر اے بندہ صالح اور اے ولی

وَالْوَلِيُّ النَّاصِحُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا السَّيِّدُ الزَّكِيُّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الطَّاهِرُ

ناصح سلام ہو آپ پر اے سردار پاکیزہ سلام ہو آپ پر اے طاہر اور

الْوَفِيُّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا التَّقِيُّ النَّقِيُّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الرَّضِيُّ الْمَرْضِيُّ اَلسَّلَامُ

وفادار سلام ہو آپ پر اے صاحب تقوی اور پاکیزہ سلام ہو آپ پر اے راضی برضا اور پسندیدہ خدا

عَلَيْكَ أَيُّهَا الْعَالِمُ الْجَلِيلُ وَالْمُهَذَّبُ النَّبِيلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الْبَدْرُ الْوَاضِحُ

سلام ہو آپ پر اے صاحب جلالت عالم اور صاحب تہذیب و بزرگی سلام ہو آپ پر اے تاباں اور

وَالنَّجْمُ اللَّائِحُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ السَّادَاتِ الْأَنْجَابِ وَالْأَنْجُمِ الْمَيَامِينِ الْأَطْيَابِ

ستارہ درخشاں سلام ہو آپ پر اے فرزند صاحب شرف سرداروں کے اور بابرکت و پاکیزہ نجموں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ الدَّلَائِلَ الْوَاضِحَاتِ وَالْكَرَامَاتِ الْبَاهِرَاتِ

اور اماموں کے سلام ہو آپ پر اے وہ جسے خدا نے عطا کیں واضح دلیلیں اور حیران کرنیوالی کرامتیں اور

وَالْمُعْجِزَاتِ الْمَشْهُورَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ عِنْدَهُ تُسْتَجَابُ الدَّعَوَاتُ

مشہور معجزے سلام ہو آپ پر اے وہ جسکی ضریح کے پاس قبول ہوتی ہیں دعائیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ فَضَائِلُهُ مَعْرُوفَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الْقُرٰى وَالْأَطْيَابِ

سلام ہو آپ پر اے وہ جس کے فضائل مشہور و معروف ہیں قریہ والوں اور پاکیزہ لوگوں کے نزدیک

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الْحَافِظُ لِلْجِيرَانِ وَالْقَامِعُ عَنْهُمْ شَرَّ الْعُدْوَانِ وَالْكَافُّ

سلام ہو آپ پر اے وہ جو محافظ ہیں اپنے ہمسایوں کے اور دور کرنیوالے ہیں ان سے برائی کو ستم کشی کرنیوالوں کی

عَنْهُمْ مُلِمَّاتِ الْاَشْجَانِ وَالْاَحْزَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ شَرَّفَهُ اللّٰهُ

ان سے آنے والے رنج وغم کے سلام ہو آپ پر اے وہ جسے شرافت بخشی ہے خدا نے

بِالْكَرَامَاتِ ذَاتِ الْبَيَانِ وَالْبَرَاهِيْنِ الْمُدَمِّرِ لِلسَّارِقِيْنَ الْحَافِّيْنَ بِكَ بَاطِلًا

واضح کرامتوں کے ساتھ اور ان دلیلوں کیساتھ جو ہلاک کرنیوالی ہیں ان چوروں کو جو آپ کے اردگرد باطل

وَكَذِبًا عَجَّلَ اللّٰهُ لَهُمْ بِالْاِنْتِقَامِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا جَعْفَرٍ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ

اور کذب کی غرض سے موجود ہیں خدا ان سے جلد انتقام لے، آپ پر سلام اے ابو جعفر محمد بن علی ہادی

الْهَادِيْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ الْاِمَامِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَخَا الْاِمَامِ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے فرزند امام کے سلام ہو آپ پر اے برادر امام کے سلام ہو

عَلَيْكَ يَا عَمَّ الْاِمَامِ الْاٰخِذِ بِالثَّارِ الْمَهْدِيِّ صَاحِبِ الزَّمَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپ پر اے چچا اس امام کے جو خون حسینؑ کا بدلہ لیں گے یعنی حضرت امام مہدی صاحب الزمانؑ سلام ہو

اَيُّهَا الضَّامِنُ لِلْوَافِدِيْنَ عَلَيْهِ وَالْقَاصِدِيْنَ اِلَيْهِ وَالزَّائِرِيْنَ لَهُ

آپ پر اے ضامن ان لوگوں کے جو آپکی خدمت میں حاضر ہوتے اور آپ کے ارادے سے آتے ہیں

يَا مَوْلَايَ اَتَيْتُكَ وَافِدًا قَاصِدًا زَائِرًا فَاقْضِ حَاجَتِيْ وَاَجِرْنِيْ فَاَنَا ضَيْفُكَ

اور آپکی زیارت کرتے ہیں، اے میرے مولیٰ، میں آپکی خدمت کو حاضر ہوا ہوں آپ کا قصد کرکے آپکی زیارت

وَجَارُكَ اَنَا قَاصِدٌ اِلَيْكَ وَوَافِدٌ عَلَيْكَ فَلَا تَرُدَّنِيْ خَائِبًا خَاسِرًا اَنَا

کیلئے، پس میری حاجت پوری کیجئے اور مجھے پناہ دیجئے میں آپ کا مہمان اور ہمسایہ ہوں، میں آپ کے ارادہ سے

وَلِيٌّ لِمَنْ وَالَاكَ وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاكَ يَا مَوْلَايَ فَازَ وَلِيُّكَ وَضَلَّ مُفَارِقُكَ

آیا ہوں اور آپ ہی کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں لہذا مجھے ناامید اور بے فائدہ واپس نہ کیجئے میں اس کا دوست

وَنَجَا مُصَدِّقُكَ وَخَابَ وَخَسِرَ مُكَذِّبُكَ وَالْمُتَخَلِّفُ عَنْكَ اِشْهَدْ لِيْ بِهٰذِهِ

ہوں جو آپ سے دوستی کرے، اور اس کا دشمن ہوں جو آپ سے دشمنی کرے اے آقا، کامیاب ہے دوست آپ کا

الشَّهَادَةِ عِنْدَكَ لِاَكُوْنَ مِنَ الْفَائِزِيْنَ بِمَعْرِفَتِكَ وَتَصْدِيْقِكَ وَمَحَبَّتِكَ

اور گمراہ ہے آپکو چھوڑنے والا اور ناجی ہے آپکی تصدیق کرنیوالا اور ناامید و زیاں کار ہے آپکی تکذیب کرنیوالا، اور

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

آپ سے علیحدہ رہنے والا آپ میری گواہی دیں اس حاضری کی جو آپکی خدمت میں دی ہے تاکہ میں کامیاب لوگوں میں ہوجاؤں

پس پائین پا آنجناب کے آکر کہے ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی جَدِّكَ الْمُصْطَفٰى اَلسَّلَامُ عَلٰى

سلام ہو آپ کے جد محمد مصطفےٰ پر سلام ہو

اَبِيكَ الْمُرْتَضٰى الرِّضَا اَلسَّلَامُ عَلَى السَّيِّدَيْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ

آپ کے پدر بزرگوار علی مرتضیٰ رضی برضا پر سلام ہو دونوں سردار امام حسن و امام حسین پر سلام ہو

عَلٰى خَدِيجَةَ اُمِّ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ اَلسَّلَامُ عَلٰى فَاطِمَةَ اُمِّ الْاَئِمَّةِ

خدیجہ اور سردار زنان عالم پر سلام ہو فاطمہ زہرا مادر ائمہ

الطَّاهِرِينَ اَلسَّلَامُ عَلَى النُّفُوسِ الْفَاخِرَةِ وَبُحُورِ الْعُلُومِ الزَّاخِرَةِ وَشُفَعَائِي

طاہرین پر سلام ہو ان نفوس پر جو صاحب افتخار و علوم کثیرہ کے بحر ذخار جو میرے شفیع ہیں

فِي الْآخِرَةِ وَاَوْلِيَائِي عِنْدَ عَوْدِ الرُّوحِ اِلَى الْعِظَامِ النَّاخِرَةِ الْاَئِمَّةِ

قیامت کے دن اور جو میرے ولی و حاکم ہیں اس وقت جب روح بوسیدہ ہڈیوں میں واپس آئیگی جو امام

الْخَلْقِ وَوَاَوْلِيَائِي عِنْدَ عَوْدِ الرُّوحِ اِلَى الْعِظَامِ النَّاخِرَةِ الْاَئِمَّةِ الْخَلْقِ

خلق ہیں اور حاکم برحق ہیں

وَوُلَاةِ الْحَقِّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الشَّخْصُ الشَّرِيفُ الطَّاهِرُ الْكَرِيمُ اَتَيْتُكَ

سلام ہو آپ پر باشرافت و باطہارت و باکرامت میں آپ کے

يَا مَوْلَايَ لِتَقَرُّبِكَ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِتَسْئَلَ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

پاس آیا ہوں اے آقا میرے آنزدیکی مانگی جاتی ہے آپ کے ذریعہ خدائے عزوجل کے نزدیک تاکہ آپ خدائے

اَنْ يَغْفِرَ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيعِ اِخْوَانِي وَاَخَوَاتِي مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

تبارک وتعالیٰ سے سوال کریں کہ وہ مجھے بخش دے اور میرے والدین کو اور میرے تمام بھائیوں اور بہنوں کو

فَاَنَا تَائِبٌ مِنْ جَمِيعِ ذُنُوبِي وَاِسْرَافِي عَلٰى نَفْسِي اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

جو مومنین و مومنات میں سے ہوں پس میں توبہ کرتا ہوں اپنے تمام گناہوں سے اور اپنی زیادتی سے جو اپنے

وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ وَمُصْطَفَاهُ وَاَنَّ عَلِيًّا وَلِيُّهُ وَمُجْتَبَاهُ وَاَنَّ

نفس پر کی ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود برحق مگر اللہ کے، اور یہ کہ محمد مصطفیٰ اس کے بندے

الْاَئِمَّةَ فِي وُلْدِهِ اِلٰى يَوْمِ الدِّينِ نَعْلَمُ ذٰلِكَ عِلْمَ الْيَقِينِ وَنَحْنُ لِذٰلِكَ

اور اس کے رسول اور اس کے برگزیدہ ہیں اور یہ کہ علیؑ مرتضیٰ اسکے ولی اور اسکے پسندیدہ ہیں اور یہ سارے امام

مُعْتَقِدُوْنَ وَفِیْ نَصْرِهِمْ مُجْتَهِدُوْنَ فَاَسْتَوْدِعُكَ یَا مَوْلَایَ ذَنْبِیْ وَخَوَاتِمَ

کوشش کرنیوالے ہیں، پس میں آپ کے سپرد کرتا ہوں اے مولی میرے اپنے گناہ کو اور اپنے عمل کے خاتمے کو

عَمَلِیْ اِلٰی مُنْتَهٰی اَجَلِیْ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ وَعَلٰی اٰبَائِكَ وَاَجْدَادِكَ

اپنے آخر عمر تک کے سلام ہو اور آپ پر اے میرے سردار اور آپ کے آبا و اجداد پر جو طیب

الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَعَلَی الْمَلَائِكَةِ الْمُقِیْمِیْنَ حَوْلَ مَرْقَدِكَ الشَّرِیْفِ

و طاہر ہیں، اور ان ملائکہ پر جو مقیم ہیں آپ کے مرقد شریف کے گرد، اور خدا کی رحمت

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اور اسکی برکتیں ہوں۔

پس دو رکعت نماز ہدیہ پڑھے۔ دعا کرے انشاء اللہ مستجاب ہوگی۔

زیارت حضرت امام علی نقی و حضرت امام حسن عسکری علیہما السلام

بسند معتبر حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے منقول ہے فرمایا آنحضرت نے کہ قبر میری کا سر من رائے میں امان ہے دوست و دشمن دونوں کے لئے بلاؤں سے اور عذاب خدا سے اور ابن قولویہ علیہ الرحمہ نے کامل الزیارت میں تحریر کیا ہے کہ معصوم سے روایت ہے کہ جب چاہے زیارت قبر حضرت امام علی نقی و حضرت امام حسن عسکری علیہما السلام بجالائے تو پہلے غسل کرے لباس پاکیزہ پہنے پھر دروازہ روضہ اقدس پر کھڑے ہو کر کہے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی هِدَایَتِهٖ

اللہ بزرگ ہے اللہ بزرگ ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ ہے، سب تعریفیں

لِدِیْنِهٖ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا دَعَا اِلَیْهِ مِنْ سَبِیْلِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَكْرَمُ مَقْصُوْدٍ

ہیں اس خدا کے لئے جس نے ہدایت فرمائی اپنے دین کی طرف اور توفیق عطا فرمائی اپنی راہ اختیار کرنیکی

وَاَكْرَمُ مَاْتِیٍّ وَقَدْ اَتَیْتُكَ مُتَقَرِّبًا اِلَیْكَ بِابْنِ بِنْتِ نَبِیِّكَ صَلَوَاتُكَ

جسکی دعوت دی، خداوندا بتحقیق کہ تو بزرگ ترین مقصود ہے اور بزرگ ترین میزبان ہے میں آیا ہوں تیری

عَلَيْهِ وَعَلَى آبَائِهِ الطَّاهِرِينَ وَأَبْنَائِهِ الطَّيِّبِينَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ

اور انکے آباء طاہرین پر اور انکے پاک و پاکیزہ اولاد پر خداوندا صلوات بھیج محمد مصطفیٰ

وَآلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تُخَيِّبْ سَعْيِي وَلَا تَقْطَعْ رَجَائِي وَاجْعَلْنِي عِنْدَكَ وَجِيهاً

اور انکی آل پر میری کوشش کو رائگاں نہ کرنا اور نہ میری امید کو منقطع کرنا اور مجھے اپنی بارگاہ

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ۔ پس داہنے پیر سے داخل ہو اور کہے۔

گرامی دنیا و آخرت میں اور مقربین میں سے قرار دے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

داخل ہوتا ہوں میں اللہ کا نام لیکر اور اسی کی مدد سے اور اسکی خوشنودی کیلئے اور ملت رسول خدا صلی اللہ

آلِهِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ۔ جب دروازہ

علیہ وآلہ وسلم پر قائم رہتے ہو خداوندا بخشدے مجھ کو اور میرے والدین کو اور تمام مومنین اور مومنات کو

حرم پر پہونچے تو کہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا سَيِّدَيَّ يَا آلَ بَيْتِ الْمُصْطَفَى أَنَا عَبْدُكُمَا

سلام ہو آپ دونوں حضرات پر اے آقا میرے اے اہلبیت حضرت محمد مصطفیٰ

وَابْنُ عَبْدِكُمَا الذَّلِيلُ بَيْنَ يَدَيْكُمَا الْمُعْتَرِفُ بِحَقِّكُمَا جَاءَكُمَا مُسْتَجِيراً بِذِمَّتِكُمَا

غلام آپ دونوں حضرات کا اور بیٹا آپ دونوں حضرات کے غلام کا ذلیل و خوار آپ دونوں حضرات کے سامنے

قَاصِداً إِلَى حَرَمِكُمَا مُتَوَجِّهاً إِلَى مَقَامِكُمَا مُتَوَسِّلاً إِلَى اللّٰهِ تَعَالَى بِكُمَا ءَ

حاضر ہے اور معترف ہے آپ حضرات کے حق کا حاضر ہے آپکے سامنے پناہ مانگتے ہوئے آپ دونوں حضرات کی

أَدْخُلُ يَا اللّٰهُ ءَأَدْخُلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ءَأَدْخُلُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ءَأَدْخُلُ

ذمہ داری کے ساتھ قصد کرتے ہوئے آپکے حرم کا متوجہ ہو کر آپ کی منزلت کی جانب توسل چاہتے ہوئے

يَا فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ ءَأَدْخُلُ يَا مَوْلَايَ الْحَسَنَ بْنَ

خدا کی طرف آپ کے ذریعہ سے کیا داخل ہوں میں اے خدا کیا داخل ہوں میں اے رسول خدا کیا داخل

عَلِيٍّ ءَأَدْخُلُ يَا مَوْلَايَ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ ءَأَدْخُلُ يَا مَوْلَايَ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ

ہوئیں اے امیر المومنینؑ کیا داخل ہوئیں اے فاطمہ زہراؑ جو سردار ہو تمام عورات عالم کی

ءَأَدْخُلُ يَا مَوْلَايَ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ ءَأَدْخُلُ يَا مَوْلَايَ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ ءَأَدْخُلُ

کیا داخل ہوئیں اے آقا میرے اے حسن ابن علیؑ کیا داخل ہوئیں اے آقا میرے اے حسین ابن علیؑ

یَا مَوْلَایَ مُوسَی بْنَ جَعْفَرٍ ءَاَدْخُلُ یَا مَوْلَایَ عَلِیَّ بْنَ مُوسَی ءَاَدْخُلُ یَا

اے موسیٰ ابن جعفرؑ کیا داخل ہوں میں اے مولا میرے اے علی ابن موسیٰ کیا داخل ہوں میں

مَوْلَایَ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ ءَاَدْخُلُ یَا مَوْلَایَ عَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدٍ ءَاَدْخُلُ یَا مَوْلَایَ

اے آقا میرے اے محمد ابن علیؑ کیا داخل ہوں میں اے آقا میرے اے علی ابن محمدؑ کیا داخل ہوں میں اے آقا

الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ ءَاَدْخُلُ یَا مَلٰئِکَةَ اللّٰهِ الْمُوَکَّلِیْنَ بِهٰذَا الْحَرَمِ الشَّرِیْفِ

میرے اے حسن ابن علیؑ کیا داخل ہوں میں اے ملائکہ خدا جو تعینات ہو اس حرم مبارک میں۔

پس داہنے قدم سے داخل حرم ہو اور قریب ضریح حضرت امام علی نقی علیہ السلام پشت بقبلہ کھڑا ہو پہلے سو مرتبہ اللہ اکبر کہے پھر کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا الْحَسَنِ عَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدٍ الزَّکِیَّ الرَّاشِدَ النُّوْرَ الثَّاقِبَ

سلام ہو آپ پر اے ابوالحسن اے حضرت علی بن محمدؑ اے پاکیزہ، ہدایت یافتہ، چمکتے نور

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفِیَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سِرَّ

وسیع اور خدا کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں، سلام ہو آپ پر اے خدا کے برگزیدہ، سلام ہو آپ پر خدا کے راز

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اٰلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خِیَرَةَ

سلام ہو آپ پر اے خدا کی رسی مضبوط سلام ہو آپ پر اے خدا کی آل، سلام ہو آپ پر اے خدا کے

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفْوَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْنَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

بہترین مخلوق، سلام ہو آپ پر اے خدا کے انتخاب کئے ہوئے، سلام ہو آپ پر خدا کے امین، سلام ہو آپ پر

یَا حَقَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ اَلسَّلَامُ

اے خدا کے حق، سلام ہو آپ پر اے خدا کے پیارے، سلام ہو آپ پر اے نوروں کے نور، سلام ہو

عَلَیْکَ یَا زَیْنَ الْاَبْرَارِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَلِیْلَ الْاَخْیَارِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

آپ پر اے نیکوکاروں کی زینت، سلام ہو آپ پر اے اچھوں کی اولاد، سلام ہو آپ پر اے

عُنْصُرَ الْاَطْهَارِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ الرَّحْمٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رُکْنَ الْاِیْمَانِ

پاکیزہ لوگوں کی اصل، سلام ہو آپ پر اے رحمٰن کی حجت، سلام ہو آپ پر اے ایمان کے ستون

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ الصَّالِحِیْنَ

سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے مولیٰ، سلام ہو آپ پر اے صالحین کے آقا

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَلَمَ الْهُدٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَلِیْفَ التُّقٰی اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے ہدایت کے نشان سلام ہو آپ پر اے تقویٰ کے ساتھی سلام ہو

عَلَیْکَ یَا عَمُوْدَ الدِّیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

آپ پر اے دین کے ستون سلام ہو آپ پر اے فرزند خاتم انبیاء کے سلام ہو آپ پر اے

یَا ابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سَیِّدَةِ

بیٹے سردار اوصیاء کے سلام ہو آپ پر اے فرزند فاطمہ زہرا کے جو سردار ہیں تمام عورات

نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْاَمِیْنُ الْوَفِیُّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا

عالم کی سلام ہو آپ پر اے وفا کرنیوالے امین سلام ہو آپ پر اے پسندیدہ

الْعَلَمُ الرَّضِیُّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الزَّاهِدُ التَّقِیُّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْحُجَّةُ

نشانی خدا کی سلام ہو آپ پر اے زاہد و متقی سلام ہو آپ پر اے خدا کی حجت

عَلَی الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا التَّالِیْ لِلْقُرْاٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سارے عالم پر سلام ہو آپ پر اے قرآن کے مثل سلام ہو آپ پر

اَیُّهَا الْمُبَیِّنُ لِلْحَلَالِ مِنَ الْحَرَامِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْوَلِیُّ النَّاصِحُ اَلسَّلَامُ

اے جدا کرنے والے حلال کو حرام سے سلام ہو آپ پر اے خالص حاکم نصیحت کرنیوالے سلام ہو

عَلَیْکَ اَیُّهَا الطَّرِیْقُ الْوَاضِحُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّجْمُ اللَّائِحُ اَشْهَدُ یَا مَوْلَایَ

آپ پر اے خدا کے واضح راستے سلام ہو آپ پر اے ہدایت کے روشن ستارے میں گواہی

یَا اَبَا الْحَسَنِ اَنَّکَ حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ وَخَلِیْفَتُهٗ فِیْ بَرِیَّتِهٖ وَاَمِیْنُهٗ فِیْ بِلَادِهٖ

دیتا ہوں اے میرے آقا اے حضرت ابوالحسن کہ آپ بیشک خدا کی حجت ہیں اسکی مخلوقات پر اور اسکے خلیفہ ہیں

وَشَاهِدُهٗ عَلٰی عِبَادِهٖ وَاَشْهَدُ اَنَّکَ کَلِمَةُ التَّقْوٰی وَبَابُ الْهُدٰی وَالْعُرْوَةُ

تمام عالم میں اور اس کے امین ہیں اسکی مملکت میں اور اسکے گواہ ہیں اس کے بندوں پر اور میں گواہی دیتا ہوں

الْوُثْقٰی وَالْحُجَّةُ عَلٰی مَنْ فَوْقَ الْاَرْضِ وَمَنْ تَحْتَ الثَّرٰی وَاَشْهَدُ اَنَّکَ

بیشک آپ کلمہ تقویٰ ہیں۔ ہدایت کے باب ہیں، مضبوط حلقہ ہیں، اور حجت خدا ہیں اہل زمین پر اور زمین کے نیچے

الْمُطَهَّرُ مِنَ الذُّنُوْبِ الْمُبَرَّءُ مِنَ الْعُیُوْبِ وَالْمُخْتَصُّ بِکَرَامَةِ اللّٰهِ وَالْمَحْبُوُّ

رہنے والوں پر، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ گناہوں سے پاک اور ساری برائیوں سے بری ہیں

وَحُجَّةُ اللهِ وَالْمَوْهُوبُ لَهُ كَلِمَةُ اللهِ وَالرُّكْنُ الَّذِي يَلْجَأُ إِلَيْهِ الْعِبَادُ وَ

خدا کی دلیل کیساتھ اور دے گئے ہیں خدا کے کلام، اور وہ رکن ہیں جسکی طرف بندے پناہ لیتے ہیں اور

تُحْيَى بِهِ الْبِلَادُ وَأَشْهَدُ يَا مَوْلَايَ أَنِّي بِكَ وَبِآبَائِكَ وَأَبْنَائِكَ مُوقِنٌ

جس سے شہر آباد رہتے ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں اے میرے مولا کہ میں آپ کا اور آپ کے آباء کرام کا

مُقِرٌّ وَلَكُمْ تَابِعٌ فِي ذَاتِ نَفْسِي وَشَرَائِعِ دِينِي وَخَاتِمَةِ عَمَلِي وَمُنْقَلَبِي وَ

اور آپ کے فرزندوں پر یقین رکھتا ہوں اور مقر ہوں اور آپ کا تابع ہوں اپنی ذات میں اور دین کے احکام میں

مَثْوَايَ وَأَنِّي وَلِيٌّ لِمَنْ وَالَاكُمْ وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاكُمْ مُؤْمِنٌ بِسِرِّكُمْ

اور اپنے خاتمہ عمل میں اور اپنی بازگشت اور قیام میں اور میں دوست ہوں اس کا جو آپ کا دوست ہے اور

وَعَلَانِيَتِكُمْ وَأَوَّلِكُمْ وَآخِرِكُمْ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ

دشمن ہوں اس کا جو آپ کا دشمن ہے ایمان رکھتا ہوں آپکی باطنی منزلت اور ظاہری مرتبہ پر اور آپکے

اللهِ وَبَرَكَاتُهُ

اول پر اور آپکے آخر پر، میرے باپ ماں آپ پر قربان ہوں اور آپ پر سلام اور خدا کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں

پس ضریح اقدس کو بوسہ دیکر اپنے دونوں رخساروں کو ضریح اقدس پر ملے۔ پھر کہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَصَلِّ عَلٰى حُجَّتِكَ الْوَفِيِّ وَوَلِيِّكَ الزَّكِيِّ

خداوندا درود بھیج محمد و آل محمد پر اور درود بھیج اپنی مکمل حجت پر اور اپنے پاکیزہ ولی پر

وَأَمِينِكَ الْمُرْتَضٰى وَصَفِيِّكَ الْهَادِي وَصِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيمِ وَالْجَادَّةِ الْعُظْمٰى

اور اپنے پسندیدہ امین پر اور اپنے برگزیدہ ہادی پر اور اپنی صراط مستقیم پر اور اپنے بڑے

وَالطَّرِيقَةِ الْوُسْطٰى نُورِ قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ وَوَلِيِّ الْمُتَّقِينَ وَصَاحِبِ الْمُخْلِصِينَ

راستہ پر اور اپنی درمیانی راہ پر، مومنوں کے دلوں کے نور پر متقیوں کے ولی پر اور مخلصوں کے سردار پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ وَصَلِّ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الرَّاشِدِ

خداوندا درود بھیج ہمارے سردار محمد مصطفیٰؐ پر اور ان کے اہلبیت اطہار پر اور درود بھیج حضرت علی بن محمد پر

الْمَعْصُومِ مِنَ الزَّلَلِ وَالطَّاهِرِ مِنَ الْخَلَلِ وَالْمُنْقَطِعِ إِلَيْكَ بِالْأَمَلِ الْمَبْلُوِّ

جو ہادی ہیں اور لغزش سے محفوظ ہیں عیب سے پاک ہیں آرزو میں تجھی سے وابستہ ہیں فتنوں میں

بِالْفِتَنِ وَالْمُخْتَبَرِ بِالْمِحَنِ وَالْمُمْتَحَنِ بِحُسْنِ الْبَلْوٰى وَصَبْرِ الشَّكْوٰى مُرْشِدِ عِبَادِكَ

آزمائے ہوئے اور محنتوں میں جانچے ہوئے ہیں اچھی آزمائشوں کیساتھ امتحان کئے گئے ہیں اور تکالیف میں صبر

وَبَرَكَةِ بِلَادِكَ وَمَحَلِّ رَحْمَتِكَ وَمُسْتَوْدَعِ حِكْمَتِكَ وَالْقَائِدِ اِلٰى جَنَّتِكَ الْعَالِمِ

کرتے ہیں تیرے بندوں کے ہادی ہیں اور تیری مملکت کی برکت ہیں اور تیری رحمت کا محل ہیں تیری حکمت کے

فِيْ بَرِيَّتِكَ وَالْهَادِيْ فِيْ خَلِيْقَتِكَ الَّذِيْ ارْتَضَيْتَهُ وَانْتَجَبْتَهُ وَاخْتَرْتَهُ

حامل ہیں، اور تیری جنت کی جانب رہبر ہیں، تیری مخلوقات بھر میں عالم ہیں اور تیرے بندوں کے ہادی ہیں،

لِمَقَامِ رَسُوْلِكَ فِيْ اُمَّتِهِ وَاَلْزَمْتَهُ حِفْظَ شَرِيْعَتِهِ فَاسْتَقَلَّ بِاَعْبَاءِ الْوَصِيَّةِ

جن کو تو نے پسند کیا ہے اور چن لیا ہے اور اختیار فرمایا انکو مقام پر اپنے رسول کے انکی امت میں

نَاهِضًا بِهَا وَمُضْطَلِعًا بِحَمْلِهَا لَمْ يَعْثُرْ فِيْ مُشْكِلٍ وَلَا هَفَا فِيْ مُعْضِلٍ بَلْ

ان پر حفظ شریعت لازم کردی، چنانچہ آپ نے وصیت کا بوجھ اٹھالیا اور اس کے برداشت کرنے پر

كَشَفَ الْغُمَّةَ وَسَدَّ الْفُرْجَةَ وَاَدَّى الْمُفْتَرَضَ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا اَقْرَرْتَ نَاظِرَ

قادر رہے کسی مشکل مسئلہ میں ٹھوکر کھائی اور نہ کسی سخت مسئلہ میں بیقاعدہ بولے بلکہ پوشیدگیوں کو ظاہر کردیا،

نَبِيِّكَ بِهِ فَرَقِّ دَرَجَتَهُ وَاَجْزِلْ لَدَيْكَ مَثُوْبَتَهُ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَبَلِّغْهُ

خلل کو دور کیا اور فرض کو انجام دیا، خداوندا، پس جسطرح تو نے اپنے نبی کی آنکھیں اس امام کے ذریعہ ٹھنڈی

مِنَّا تَحِيَّةً وَسَلَامًا وَاٰتِنَا مِنْ لَدُنْكَ فِيْ مُوَالَاتِهِ فَضْلًا وَاِحْسَانًا وَمَغْفِرَةً

کی ہیں اسی طرح ان کے درجہ کو بلند کر اپنے نزدیک ان کے اجر کو کثیر قرار دے اور ان پر رحمت نازل کر

وَرِضْوَانًا اِنَّكَ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔

اور ہماری جانب سے ان کی خدمت میں تحیہ اور سلام پہونچا اور ہمیں اپنے پاس سے ان کی محبت میں

پس دعا کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے اور بعد فراغت تسبیح حضرت فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا اس دعا کو پڑھے۔

يَا ذَا الْقُدْرَةِ الْجَامِعَةِ وَالرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ وَالْمِنَنِ الْمُتَتَابِعَةِ وَالْاٰلَاءِ

اے مکمل قدرت والے اے وسیع رحمت والے اے مسلسل احسان کرنیوالے اے پے در پے

الْمُتَوَاتِرَةِ وَالْاَيَادِي الْجَلِيْلَةِ وَالْمَوَاهِبِ الْجَزِيْلَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ

نعمت عطا کرنیوالے اے بڑے بڑے انعام دینے والے اے کثیر عطاؤں والے درود بھیج تو محمد مصطفی اور انکی آل

الصَّادِقِيْنَ وَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ وَاجْمَعْ شَمْلِيْ وَلُمَّ شَعْثِيْ وَزَكِّ عَمَلِيْ وَلَا

جو صادقین ہیں اور میرے سوال کو پورا کر میرے گروہ کو مجتمع کر میری پراگندگی کو دور فرما اور میرے عمل

تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِيْ وَلَا تُزِلَّ قَدَمِيْ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ

کو پاکیزہ بنا اور میرے دل کو کج نہ ہونے دے بعد اس کے کہ تو نے میری ہدایت فرما دی ہے میرے قدم کو پھسلنے نہ دے اور مجھے

عَيْنٍ اَبَدًا وَلَا تُخَيِّبْ طَمَعِيْ وَلَا تُبْدِ عَوْرَتِيْ وَلَا تَهْتِكْ سِتْرِيْ وَلَا

میرے نفس کے حوالہ نہ کر کہ پلک مارنے تک بھی ہمیشہ کے لئے اور میری آرزو کو ناکام نہ کر، میرے عیب کو ظاہر نہ فرما، میرا پردہ

تُوْحِشْنِيْ وَلَا تُؤْيِسْنِيْ وَكُنْ بِيْ رَؤُوْفًا رَحِيْمًا وَاهْدِنِيْ وَزَكِّنِيْ وَطَهِّرْنِيْ

فاش نہ کر، مجھے وحشت میں نہ ڈال، مجھے مایوس نہ کر اور مجھ پر رؤف و رحیم رہ میری ہدایت فرما، مجھے پاک بنا

وَصَفِّنِيْ وَاصْطَفِنِيْ وَخَلِّصْنِيْ وَاسْتَخْلِصْنِيْ وَاصْنَعْنِيْ وَاصْطَنِعْنِيْ

مجھے طاہر کر، مجھے صاف بنا، مجھے برگزیدہ کر، مجھے خالص بنا، اور مجھے اپنا مخلص بنا لے، مجھے تربیت کر اور مجھے اپنے لئے تربیت یافتہ

وَقَرِّبْنِيْ اِلَيْكَ وَلَا تُبَاعِدْنِيْ مِنْكَ وَالْطُفْ بِيْ وَلَا تَجْفُنِيْ وَاَكْرِمْنِيْ

بنا، مجھے اپنے سے قریب کر اور دور نہ کر۔ مجھ پر لطف فرما اور مجھ پر جفا نہ ہو، مجھے مکرم بنا مجھے حقیر نہ کر اور جو کچھ تجھ سے مانگتا ہوں

وَلَا تُهِنِّيْ وَمَا اَسْئَلُكَ فَلَا تَحْرِمْنِيْ وَمَا لَا اَسْئَلُكَ فَاجْمَعْهُ لِيْ بِرَحْمَتِكَ

اس سے محروم نہ کر اور جو نہیں مانگتا اسے میرے لئے جمع کر دے اپنی رحمت سے اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَاَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحُرْمَةِ نَبِيِّكَ

اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری ذات کریم کی حرمت کے واسطہ سے اور تیرے نبی حضرت محمد مصطفےٰ صلی

مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَبِحُرْمَةِ اَهْلِ بَيْتِ رَسُوْلِكَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اللہ علیہ و آلہ کی حرمت کے واسطے اور تیرے نبی کے اہلبیت کی حرمت کے ذریعہ یعنی امیر المومنین حضرت علیؑ

عَلِيٍّ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيٍّ وَمُحَمَّدٍ وَجَعْفَرٍ وَمُوْسٰى وَعَلِيٍّ وَمُحَمَّدٍ

حضرت امام حسنؑ و حضرت امام حسینؑ، حضرت علیؑ و حضرت محمد باقرؑ و حضرت جعفر صادقؑ و حضرت موسیٰ کاظمؑ و حضرت علی رضاؑ

وَعَلِيٍّ وَالْحَسَنِ وَالْخَلَفِ الْبَاقِيْ صَلَوَاتُكَ وَبَرَكَاتُكَ عَلَيْهِمْ اَنْ تُصَلِّيَ

حضرت محمد تقیؑ و حضرت علی نقیؑ و حضرت حسن عسکری اور خلف باقی کی حرمت کا واسطہ دے کر ان پر تیری صلوات اور برکتیں ہوں

عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَتُعَجِّلَ فَرَجَ قَائِمِهِمْ بِاَمْرِكَ وَتَنْصُرَهٗ وَتَنْتَصِرَ بِهٖ لِدِيْنِكَ وَتَجْعَلَنِيْ

یہ کہ تو ان سب پر صلوات بھیج اور انکے قائم کو جلد کشائش عطا فرما جو تیرے امر کا قائم کرنے والا ہے اور انکی مدد فرما اور ان سے اپنے دین کی مدد لے اور

فِیْ جُمْلَةِ النّٰاجِیْنَ بِہٖ وَالْمُخْلِصِیْنَ فِیْ طَاعَتِہٖ وَاَسْئَلُکَ بِحَقِّہِمْ لَمَّا اسْتَجَبْتَ

مجھے اس گروہ میں قرار دے جو ان کے ذریعہ ناجی ہوں اور تیری طاعت میں اخلاص کریں اور میں تجھ سے

لِیْ دَعْوَتِیْ وَقَضَیْتَ لِیْ حَاجَتِیْ وَاَعْطَیْتَنِیْ سُؤْلِیْ وَکَفَیْتَنِیْ مَا اَهَمَّنِیْ مِنْ اَمْرِ

سوال کرتا ہوں ان حضرات کے حق کے واسطہ سے کہ میری دعا قبول فرما اور میری حاجت پوری کر اور مجھے میرا

دُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ یَا نُوْرُ یَا بُرْهَانُ یَا مُنِیْرُ یَا مُبِیْنُ یَا رَبِّ

مقصود عطا فرما اور میری مہموں میں میری کفایت فرما خواہ وہ دنیا کی مہم ہوں یا آخرت کی اے سب رحم کرنیوالوں سے

اِکْفِنِیْ شَرَّ الشُّرُوْرِ وَاٰفَاتِ الدُّهُوْرِ وَاَسْئَلُکَ النَّجَاةَ یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ ۔

زیادہ رحم کرنیوالے اے نور، اے دلیل، اے روشن کرنیوالے، اے بیان کرنیوالے، اے پالنے والے میری
کفایت فرما تمام برائیوں سے اور زمانہ کی آفتوں سے اور میں تجھ سے نجات چاہتا ہوں اس دن جب صور پھونکا جائیگا۔

پس دعا کرے۔ حدیث معتبر میں ہے کہ منصور نے خدمت بابرکت حضرت امام علی نقیؑ میں عرض کیا کہ اے سید و آقا میرے ایسی کوئی دعا مجھکو تعلیم فرمائیے کہ میں اسکے سبب سے تقرب خدا حاصل کروں آنحضرت نے فرمایا کہ اس دعا کو میں بکثرت پڑھتا ہوں اور خدا سے سوال کرتا ہوں پس جو شخص میرے بعد میرے روضہ میں اس دعا کو پڑھے خداوند عالم اس کو ناامید نہ کریگا اور وہ دعا یہ ہے۔

یَا عُدَّتِیْ عِنْدَ الْعُدَدِ وَیَا رَجَائِیْ وَالْمُعْتَمَدُ وَیَا کَهْفِیْ وَالسَّنَدُ یَا وَاحِدُ یَا

اے سامان میرے وقت اور سامانوں کے اور اے امید میری اور معتمد میرے اور اے جائے پناہ میری اور سہارا

اَحَدُ وَیَا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَسْئَلُکَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَنْ خَلَقْتَ مِنْ خَلْقِکَ

میرا اور اے واحد و یکتا اور اے قل ھو اللہ احد سوال کرتا ہوں میں تجھ سے خداوندا بواسطہ اس بزرگوار کے

وَلَمْ تَجْعَلْ فِیْ خَلْقِکَ مِثْلَهُمْ اَحَدًا اَصَلِّ عَلٰی جَمَاعَتِهِمْ وَافْعَلْ بِیْ ۔

جسکو تو نے خلق کیا ہے اپنے خلق سے اور نہیں قرار دیا تو نے اپنی خلق میں کسی کو مثل انکے صلوات بھیج تو انکی جماعت
اور سلوک کر میرے ساتھ پس حاجت بیان کرے انشاءاللہ پوری ہوگی۔

پس متوجہ ہو ضریح حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کیطرف اور کہے

زیارت حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلَایَ یَا حَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ الْهَادِیَ الْمُهْتَدِیَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے میرے مولیٰ اے حضرت امام حسن بن علیؑ جو ہادی ہیں خلق کے اور ہدایت یافتہ خدا کی جانب سے

وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ وَابْنَ اَوْلِیَآئِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

اور اسکی برکتیں ہوں سلام ہو آپ پر اے ولی خدا اور فرزند اسکے اولیا کے سلام ہو آپ پر اے

حُجَّۃَ اللّٰہِ وَابْنَ حُجَجِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفِیَّ اللّٰہِ وَابْنَ اَصْفِیَآئِہٖ اَلسَّلَامُ

خدا کی حجت اور فرزند اسکی حجتوں کے سلام ہو آپ پر اے برگزیدہ اور فرزند برگزیدہ حضرات کے سلام ہو

عَلَیْکَ یَا خَلِیْفَۃَ اللّٰہِ وَابْنَ خُلَفَآئِہٖ وَاَبَا خَلِیْفَتِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ خَاتَمِ

آپ پر اے خلیفۂ خدا اور فرزند اس کے خلفاء برحق کے اور باپ اسکے خلیفہ کے سلام ہو آپ پر اے فرزند

النَّبِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

خاتم الانبیا کے سلام ہو آپ پر اے فرزند سید الاوصیا کے سلام ہو آپ پر اے فرزند حضرت امیر المومنین کے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ سَیِّدَۃِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ الْاَئِمَّۃِ

سلام ہو آپ پر اے فرزند سردار زنان عالم کے سلام ہو آپ پر اے فرزند ہدایت

الْہَادِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ الْاَوْصِیَآءِ الرَّاشِدِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عِصْمَۃَ

کرنیوالے اماموں کے سلام ہو آپ پر اے فرزند راہنما اوصیاء کے سلام ہو آپ پر اے متقیوں کی

الْمُتَّقِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اِمَامَ الْفَآئِزِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رُکْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ

حفاظت کرنیوالے سلام ہو آپ پر اے کامیابوں کے امام سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے رکن

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا فَرَجَ الْمَلْہُوْفِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَارِثَ الْاَنْبِیَآءِ الْمُنْتَجَبِیْنَ

سلام ہو آپ پر اے غمگینوں کے مددگار سلام ہو آپ پر اے وارث انبیا کے جو شرافت والے تھے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَازِنَ عِلْمِ وَصِیِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّہَا الدَّاعِیْ

سلام ہو آپ پر اے خزانہ دار علم وصی رسول خدا کے سلام ہو آپ پر اے دین کی طرف دعوت

بِحُکْمِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّہَا النَّاطِقُ بِکِتَابِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّۃَ

دینے والے حکم خدا سے سلام ہو آپ پر اے کلام کرنے والے بذریعہ کتاب خدا کے سلام ہو آپ پر اے دلیلوں کی

الْحُجَجِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ہَادِیَ الْاُمَمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ النِّعَمِ اَلسَّلَامُ

دلیل سلام ہو آپ پر اے تمام امتوں کے ہادی سلام ہو آپ پر اے نعمتوں کے مالک سلام ہو

عَلَیْکَ یَا عَیْبَۃَ الْعِلْمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَفِیْنَۃَ الْحِلْمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

آپ پر اے علم کے ظرف سلام ہو آپ پر اے حلم کی کشتی سلام ہو آپ پر اے

وَاَبَا الْاِمَامِ الْمُنْتَظَرِ الظَّاهِرَةِ لِلْعَاقِلِ حُجَّتُهُ وَالثَّابِتَةِ فِی الْیَقِیْنِ مَعْرِفَتُهُ

باپ امام منتظر کے جن کی حجت عاقل کے لئے ظاہر ہے اور جنکی معرفت یقین کے اندر

الْمُحْتَجَبِ عَنْ اَعْیُنِ الظَّالِمِیْنَ وَالْمُغَیَّبِ عَنْ دَوْلَةِ الْفَاسِقِیْنَ وَالْمُعِیْدِ

پائدار ہے اور جو ظالموں کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں اور جو فاسقوں کی حکومت سے

رَبُّنَا بِهِ الْاِسْلَامَ جَدِیْدًا بَعْدَ الْاِنْطِمَاسِ وَالْقُرْاٰنَ غَضًّا بَعْدَ الْاِنْدِرَاسِ

غائب ہیں، جن کے ذریعہ ہمارا پروردگار اسلام کا اعادہ کریگا نیا کر کے جبکہ وہ مٹ رہا ہوگا، اور

اَشْهَدُ یَا مَوْلَایَ اَنَّکَ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَیْتَ الزَّکٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ

قرآن کو تازہ کر کے جب وہ محو ہوتا ہوگا میں گواہی دیتا ہوں اے میرے مولا! کہ آپ نے نماز کو قائم کیا، زکواۃ

وَنَهَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَدَعَوْتَ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

ادا کرتے رہے اور اچھی باتوں کا حکم دیتے رہے اور بری باتوں سے منع کرتے رہے اور اپنے پروردگار کی طرف بلاتے رہے

وَعَبَدْتَ اللّٰهَ مُخْلِصًا حَتّٰی اَتَاکَ الْیَقِیْنُ اَسْئَلُ اللّٰهَ بِالشَّاْنِ الَّذِیْ لَکُمْ

حکمت کے ساتھ اور موعظہ حسنہ کے ساتھ اور آپ اخلاص کے ساتھ خدا کی عبادت کرتے رہے یہانتک کہ آپکو شہید

عِنْدَهُ اَنْ یَّتَقَبَّلَ زِیَارَتِیْ لَکُمْ وَیَشْکُرَ سَعْیِیْ اِلَیْکُمْ وَیَسْتَجِیْبَ دُعَائِیْ

کر دیا گیا میں خدا سے سوال کرتا ہوں اس شان کے واسطے سے جو آپ حضرات کو اس کے نزدیک حاصل ہے کہ وہ میری زیارت

بِکُمْ وَیَجْعَلَنِیْ مِنْ اَنْصَارِ الْحَقِّ وَاَتْبَاعِهِ وَاَشْیَاعِهِ وَمَوَالِیْهِ وَمُحِبِّیْهِ

کو قبول فرمائے اور میری حاضری کو آپکی بارگاہ میں پسند کرے اور میری دعا کو آپکے واسطہ سے قبول کرے اور مجھے حق کی نصرت

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ

کرنیوالوں اور انکی پیروی کرنیوالوں میں انکے گروہ میں، انکے دوستوں اور محبت کرنیوالوں میں قرار دے اور آپ پر سلام ہو اور خدا کی رحمت

پس ضریح اقدس کو بوسہ دے کر اپنے چہرہ کو ملے پھر کہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَیْتِهِ وَصَلِّ عَلَی الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ

خداوندا درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ اور انکے اہلبیت پر اور درود بھیج حضرت امام حسن بن علیؑ پر جو

الْهَادِیْ اِلٰی دِیْنِکَ وَالدَّاعِیْ اِلٰی سَبِیْلِکَ عَلَمِ الْهُدٰی وَمَنَارِ التُّقٰی وَ

ہدایت کرنے والے ہیں تیرے دین کیطرف اور بلانے والے ہیں تیری راہ کیطرف جو ہدایت کے نشان ہیں اور تقویٰ کے

مَعْدِنِ الْحِجَى وَمَأْوَى النُّهَى وَغَيْثِ الْوَرَى وَسَحَابِ الْحِكْمَةِ وَبَحْرِ الْمَوْعِظَةِ

منارہ ہیں، عقل کے معدن ہیں فہم کی جائے پناہ ہیں دنیا کے فریاد رس ہیں، حکمت کے بادل ہیں موعظہ کے دریا ہیں

وَوَارِثِ الْأَئِمَّةِ وَالشَّهِيدِ عَلَى الْأُمَّةِ الْمَعْصُومِ الْمُهَذَّبِ وَالْفَاضِلِ الْمُقَرَّبِ

اماموں کے وارث ہیں امت پر گواہ ہیں جو معصوم اور تہذیب یافتہ ہیں صاحب فضل اور مقرب ہیں

وَالْمُطَهَّرِ مِنَ الرِّجْسِ الَّذِي وَرَّثْتَهُ عِلْمَ الْكِتَابِ وَأَلْهَمْتَهُ فَصْلَ الْخِطَابِ

رجس کی آلودگی سے بری ہیں وہ ہیں جو علم کتاب کے وارث ہیں اور انھیں واضح کلام عطا کیا ہے

وَنَصَبْتَهُ عَلَماً لِأَهْلِ قِبْلَتِكَ وَقَرَنْتَ طَاعَتَهُ بِطَاعَتِكَ وَفَرَضْتَ مَوَدَّتَهُ

اور ان کو اہل قبلہ کے لئے علامت قرار دیا ہے اور انکی اطاعت کو اپنی اطاعت سے متصل کر دیا ہے اور واجب

عَلَى جَمِيعِ خَلِيقَتِكَ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا أَنَابَ بِحُسْنِ الْإِخْلَاصِ فِي تَوْحِيدِكَ

کی ہے انکی پائیدار محبت اپنے تمام مخلوقات پر۔ خداوندا پس جس طرح ان لوگوں نے اچھی طرح خلوص کیا تیری

وَأَرْدَى مَنْ خَاضَ فِي تَشْبِيهِكَ وَحَامَى عَنْ أَهْلِ الْإِيمَانِ بِكَ فَصَلِّ

توحید میں اور ہلاک کیا اس کو جس نے غور کیا تیری تشبیہ میں اور حمایت کی اہل ایمان کی تیرے لئے پس صلوات بھیج

يَا رَبِّ عَلَيْهِ صَلَاةً يَلْحَقُ بِهَا مَحَلَّ الْخَاشِعِينَ وَيَعْلُو فِي الْجَنَّةِ بِدَرَجَةِ

اے پالنے والے ان پر وہ صلوات جس سے خاشعین اور جنت میں اپنے جد خاتم النبین کے درجہ میں رہیں،

جَدِّهِ خَاتَمِ النَّبِيِّينَ وَبَلِّغْهُ مِنَّا تَحِيَّةً وَسَلَاماً وَآتِنَا مِنْ لَدُنْكَ فِي

اور پہونچا ان تک ہماری طرف سے تحیہ وسلام اور عطا کر ہم کو اپنے پاس سے ان کی محبت میں فضل و

مُوَالَاتِهِ فَضْلًا وَإِحْسَاناً وَمَغْفِرَةً وَرِضْوَاناً إِنَّكَ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ وَمَنٍّ

احسان اور مغفرت و رضوان بیشک تو بڑا فضل والا ہے اور بڑا احسان

جَسِيمٍ ۔ پس نماز پڑھے اور بعد فراغت تسبیح حضرت فاطمہ زہراؑ اس دعا کو پڑھے۔

والا ہے۔

يَا دَائِمُ يَا دَيْمُومُ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا كَاشِفَ الْكَرْبِ وَالْهَمِّ وَيَا فَارِجَ

اے ہمیشہ رہنے والے اے ہمیشگی کے مالک اے حیات والے اے قائم رکھنے والے اے تکلیف اور رنج کو دور کرنیوالے اے غم کے

الْغَمِّ وَيَا بَاعِثَ الرُّسُلِ وَيَا صَادِقَ الْوَعْدِ وَيَا حَيُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

مٹانیوالے اے پیغمبروں کے بھیجنے والے، اے وعدے کے سچے اے صاحب حیات نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے

أَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِحَبِيبِكَ مُحَمَّدٍ وَوَصِيِّهِ عَلِيٍّ ابْنِ عَمِّهِ وَصِهْرِهِ عَلَى

میں وسیلہ چاہتا ہوں تیری طرف تیرے حبیب حضرت محمد مصطفےٰ اور ان کے وصی اور ابن عم اور ان کے داماد حضرت علی

ابْنَتِهِ الَّذِيْنَ خَتَمْتَ بِهِمَا الشَّرَائِعَ وَفَتَحْتَ بِهِمَا التَّأْوِيلَ وَالطَّلَائِعَ

کے ذریعے کہ تونے ان دونوں کے ذریعے شریعتوں کو ختم کیا اور ان کے ذریعہ حقیقت کا دروازہ کھولا

فَصَلِّ عَلَيْهِمَا صَلٰوةً يَشْهَدُ بِهَا الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ وَيَنْجُو بِهَا الْأَوْلِيَاءُ

پس صلوات بھیج ان دونوں بزرگوں پر وہ صلوات جس کی گواہی دیں اولین وآخرین اور نجات پائیں اس کے سبب سے

وَالصَّالِحُونَ وَأَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِفَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ وَالِدَةِ الْأَئِمَّةِ الْمَهْدِيِّينَ

اولیا اور صالحین اور میں تیری طرف وسیلہ ڈھونڈتا ہوں بذریعہ حضرت فاطمہ زہراؑ جو ہدایت یافتہ اور ائمہ کی مادر گرامی

وَسَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ الْمُشَفَّعَةِ فِي شِيعَةِ أَوْلَادِهَا الطَّيِّبِينَ فَصَلِّ عَلَيْهَا

ہیں اور زنان عالم کی سردار ہیں جو صاحب شفاعت ہیں شیعوں کے بارے میں اپنی اولاد پاکیزہ کے پس رحمت

صَلٰوةً دَائِمَةً أَبَدَ الْآبِدِينَ وَدَهْرَ الدَّاهِرِينَ وَأَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِالْحَسَنِ

نازل فرما ان پر دائمی رحمت ابد الآباد کے لئے اور بقاء زمانہ تک اور میں تیری جانب وسیلہ طلب کرتا ہوں بذریعہ حضرت

الرَّضِيِّ الطَّاهِرِ الزَّكِيِّ وَالْحُسَيْنِ الْمَظْلُومِ الْمَرْضِيِّ الْبَرِّ التَّقِيِّ سَيِّدَيْ شَبَابِ

امام حسنؑ کے جو پسندیدہ، پاک وپاکیزہ ہیں حضرت امام حسینؑ مظلوم کے ذریعہ جو پسندیدہ خدا ہے نیکوکار اور متقی ہیں اور یہ دونوں

أَهْلِ الْجَنَّةِ الْإِمَامَيْنِ الْخَيِّرَيْنِ الطَّيِّبَيْنِ التَّقِيَّيْنِ النَّقِيَّيْنِ الطَّاهِرَيْنِ

امام جوانان جنت کے سردار ہیں، امام ہیں صاحب خیر ہیں پاکیزہ ہیں، متقی ہیں پاک ہیں، طاہر ہیں،

الشَّهِيدَيْنِ الْمَظْلُومَيْنِ الْمَقْتُولَيْنِ فَصَلِّ عَلَيْهِمَا مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ وَمَا غَرَبَتْ

شہید ہیں، مظلوم ہیں، مقتول ہیں پس ان پر صلوات بھیج جب تک آفتاب نکلتا اور ڈوبتا رہے

صَلٰوةً مُتَتَالِيَةً وَأَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ سَيِّدِ الْعَابِدِينَ

ایسی صلوات جو مسلسل اور پے در پے ہو اور میں تجھ تک وسیلہ قرار دیتا ہوں بذریعہ حضرت علی ابن الحسینؑ کے جو

الْمَحْجُوبِ مِنْ خَوْفِ الظَّالِمِينَ وَبِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَاقِرِ الطَّاهِرِ النُّورِ الزَّاهِرِ

عابدوں کے سردار ہیں، جو ظالموں کے خوف سے پوشیدہ رہے بذریعہ حضرت محمد بن علی کے جو باقر ہیں طاہر ہیں اور نور

الْإِمَامَيْنِ السَّيِّدَيْنِ مِفْتَاحَيِ الْبَرَكَاتِ وَمِصْبَاحَيِ الظُّلُمَاتِ فَصَلِّ عَلَيْهِمَا

واضح ہیں اور یہ دونوں امام ہیں سردار ہیں، برکت کی کنجی ہیں، تاریکیوں کے چراغ ہیں پس صلوات بھیج ان

فاسری لیل وما اضاء نهار صلواة تغدو وتروح واتوسل الیك

دونوں بزرگوں پر جب تک رات آتی رہے اور دن روشن ہوتا رہے صلوات بھیج صبح شام اور میں وسیلہ ڈھونڈھتا

بجعفر بن محمد الصادق عن الله والناطق فی علم الله وبموسی بن

ہوں تیری طرف بذریعہ حضرت جعفر بن محمد کے جو خدا کی طرف سے سچ بولنے والے اور علم خدا کے ساتھ گویا ہے اور موسیٰ بن

جعفر العبد الصالح فی نفسه والوصی الناصح الامینین الهادیین

جعفر کے ذریعہ جو تیرے بندے اور درحقیقت صالح اور وصی ناصح ہیں اور یہ دونوں بزرگ امام و صادق ہیں ہدایت

المهدیین الوافیین الکافیین فصل علیهما ما سبح لك ملك وتحرك

یافتہ ہیں، وفا کرنے والے اور کفایت کرنیوالے ہیں پس ان پر صلوات بھیج جب تک کوئی فرشتہ تیری تسبیح کرتا رہے اور

لك فلك صلواة تنمی وتزید ولا تفنی ولا تبید واتوسل الیك بعلی بن

آسمان تیرے حکم سے متحرک رہے: وہ صلوات جو بڑھتی رہے زیادہ ہوتی رہے اور ختم نہ ہو اور ضائع نہ ہو اور میں وسیلہ

موسی الرضا وبمحمد بن علی المرتضی الامامین المطهرین المنتجبین فصل

اختیار کرتا ہوں تیری طرف بذریعہ علی ابن موسیٰ امام رضا اور محمد بن علی اور امام تقی پسندیدہ کے اور یہ دونوں امام

علیهما ما اضاء صبح ودام صلوة ترقیهما الی رضوانك فی العلیین

پاکیزہ اور صاحب شرافت ہیں پس صلوات بھیج ان پر جب تک صبح روشن ہوتی رہے جو ان حضرات کو تیری رضا تک علیین

من جنانك واتوسل الیك بعلی بن محمد الراشد والحسن بن علی

میں جنت میں بلند کرتی رہے اور میں وسیلہ اختیار کرتا ہوں تیری طرف بذریعہ علی ابن محمد کے جو ہادی ہیں اور بذریعہ

الهادی القائمین بامر عبادك المختبرین بالمحن الهائلة والصابرین

حسن بن علی کے جو رہبر ہیں اور یہ دونوں تیرے بندوں کا امر درست رکھنے والے سخت محنت کے ساتھ آزمائے ہوئے

فی الاحن المائلة فصل علیهما کفاء اجر الصابرین وازاء ثواب الفائزین

اور دشمنوں کے کینوں پر صبر کرنے والے ہیں۔ پس ان پر صلوات بھیج جو صابروں کے اجر کی قائم مقام اور فائزین کے ثواب کے

صلواة تمهد لهما الرفعة واتوسل الیك یا رب بامامنا ومحقق

مقابل ہو وہ صلوات جو ان کی بلندی کا ذریعہ ہو اور وسیلہ اختیار کرتا ہوں تیری طرف اے پروردگار اپنے امام کے ذریعہ جو

زماننا الیوم الموعود والشاهد المشهود والنور الازهر والضیاء الانور

ہمارے زمانہ کے محقق وعدہ کئے ہوئے دن کے مقصود، شاہد اور مشہود، نور واضح تر اور ضیاء نورانی تر

الْمَنْصُورِ بِالرُّعْبِ وَالْمُظَفَّرِ بِالسَّعَادَةِ فَصَلِّ عَلَيْهِ عَدَدَ الثَّمَرِ وَأَوْرَاقِ

رعب کے ساتھ منصور اور نیک بختی کے ساتھ مظفر ہیں۔ پس ان پر صلوات بھیج اثمار کے برابر، درختوں کے پتوں

الشَّجَرِ وَأَجْزَاءِ الْمَدَرِ وَعَدَدَ الشَّعْرِ وَالْوَبَرِ وَعَدَدَ مَا أَحَاطَ بِهِ عِلْمُكَ وَ

اور اجزائے خاک کے برابر، جانداروں کے بالوں اور روئیں کے برابر اور ان چیزوں کے عدد کے برابر جسے تیرے علم نے احاطہ کیا ہے

أَحْصَاهُ كِتَابُكَ صَلَاةً يَغْبِطُهُ بِهَا الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ اللّٰهُمَّ وَاحْشُرْنَا

اور تیری کتاب نے احصار کر رکھا ہے وہ صلوات جس کے ذریعہ ان پر اولین و آخرین غبطہ کریں۔ خداوندا ہم کو ان کے

فِي زُمْرَتِهِ وَاحْفَظْنَا عَلَى طَاعَتِهِ وَاحْرُسْنَا بِدَوْلَتِهِ وَاتْحِفْنَا بِوِلَايَتِهِ وَ

گروہ میں محشور کر، اور ہماری حفاظت کر ان کی اطاعت پر اور ہماری نگہبانی کر ان کی حکومت سے اور ہمیں تحفہ دے

انْصُرْنَا عَلَى أَعْدَائِنَا بِعِزَّتِهِ وَاجْعَلْنَا يَا رَبِّ مِنَ التَّوَّابِينَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

ان کی حکومت کا اور ہمیں مدد دے ہمارے دشمنوں پر ان کے غلبہ سے اور قرار دے ہم کو اے پالنے والے توبہ کرنے والوں میں

اللّٰهُمَّ وَإِنَّ إِبْلِيسَ الْمُتَمَرِّدَ اللَّعِينَ قَدِ اسْتَنْظَرَكَ لِإِغْوَاءِ خَلْقِكَ

اے ارحم الراحمین، خداوندا بیشک ابلیس سرکش ملعون نے مہلت مانگی ہے تجھ سے تیرے خلق کو بہکانے کے لئے۔

فَأَنْظَرْتَهُ وَاسْتَمْهَلَكَ لِإِضْلَالِ عَبِيدِكَ فَأَمْهَلْتَهُ لِسَابِقِ عِلْمِكَ فِيهِ

تو تو نے اسے مہلت دی اور اس نے موقع چاہا تیرے بندوں کو بھٹکانے کے لئے تو اسے تو نے موقع دیا اپنے سابق علم کے سبب جو

وَقَدْ عَشَّشَ وَكَثُرَتْ جُنُودُهُ وَازْدَحَمَتْ جُيُوشُهُ وَانْتَشَرَتْ دُعَاتُهُ

اس کے بارے میں تجھے ہے اور اس نے آشیانے بنا رکھے ہیں اس کا لشکر بڑھ گیا ہے اور اس کی فوج انسانوں کی مزاحم ہو رہی

فِي أَقْطَارِ الْأَرْضِ فَأَضَلُّوا عِبَادَكَ وَأَفْسَدُوا دِينَكَ وَحَرَّفُوا الْكَلِمَ

ہے۔ اس کے نائب منتشر ہو رہے ہیں زمین کے حصوں میں چنانچہ انھوں نے تیرے بندوں کو بہکا رکھا ہے اور فاسد

عَنْ مَوَاضِعِهِ وَجَعَلُوا عِبَادَكَ شِيَعًا مُتَفَرِّقِينَ وَأَحْزَابًا مُتَمَرِّدِينَ

کر دیا ہے تیرے دین کو، اور ہٹا دیا ہے کلمات قرآن کو ان کی جگہوں سے اور بنا رکھا ہے تیرے بندوں کو

وَقَدْ وَعَدْتَ نَقْضَ بُنْيَانِهِ وَتَمْزِيقَ شَأْنِهِ فَأَهْلِكْ أَوْلَادَهُ وَجُيُوشَهُ

فرقہ فرقہ، اور مختلف سرکش گروہ اور تو نے وعدہ کیا اس کی عمارت کے ڈھا دینے اور اس کی حالت کو بگاڑ دینے کا

وَطَهِّرْ بِلَادَكَ مِنِ اخْتِرَاعَاتِهِ وَاخْتِلَافَاتِهِ وَأَرِحْ عِبَادَكَ مِنْ مَذَاهِبِهِ

اپنے شہروں کو اس کی بدعتوں اور اختلافات سے اور راحت پہونچا اپنے بندوں کو محو کر کے اس کے مذہبوں کو

وَنَيَّاسَاتِهِ وَاجْعَلْ دَائِرَةَ السَّوْءِ عَلَيْهِمْ وَابْسُطْ عَدْلَكَ وَاَظْهِرْ دِيْنَكَ

اور نیاسوں کو اور ڈال دے برا چکر ان کے اوپر اور پھیلا اپنا عدل اور ظاہر کر اپنا دین اور قوت دے

وَقَوِّ اَوْلِيَاءَكَ وَاَوْهِنْ اَعْدَاءَكَ وَاَوْرِثْ دِيَارَ اِبْلِيْسَ

اپنے اولیاء کو اور ضعیف کر دے اپنے دشمنوں کو اور وارث بنا ابلیس کے ملکوں کا اور اس کے دوستوں

وَدِيَارَ اَوْلِيَائِهِ اَوْلِيَاءَكَ وَخَلِّدْهُمْ فِي الْجَحِيْمِ وَاَذِقْهُمْ مِنَ الْعَذَابِ

کے ملکوں کا اپنے دوستوں کو اور ہمیشہ ابلیس اور اس کے دوستوں کو جہنم میں رکھ اور چکھا ان کو دردناک

الْاَلِيْمِ وَاجْعَلْ لَعَائِنَكَ الْمُسْتَوْدَعَةَ فِي مَنَاحِسِ الْخِلْقَةِ وَمَشَاوِيْهِ

عذاب اور اپنی ان پھٹکاروں کو جو سپرد ہیں پیدائشی منحوسوں میں اور فطری بدصورتوں میں

الْفِطْرَةِ دَائِرَةً عَلَيْهِمْ وَمُوَكَّلَةً بِهِمْ وَجَارِيَةً فِيْهِمْ كُلَّ صَبَاحٍ وَمَسَاءٍ

انپر دار کر تارہ اور انپر مسلط کر دے اور انھیں میں جاری رکھ ہر صبح اور ہر شام اے

وَغُدُوٍّ وَرَوَاحٍ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا

ہمارے پروردگار ہم کو دنیا میں بھی نیکی عطا کر اور آخرت میں بھی نیکی دے اور بچا ہم کو اپنی

بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ النَّارِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ پس دعا کرے۔

رحمت کے ساتھ عذاب جہنم سے اے ارحم الراحمین۔

اگر دونوں اماموں کی ایک ہی زیارت پڑھنا ہو تو کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا وَلِيَّيِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا حُجَّتَيِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا

سلام ہو آپ دونوں اماموں پر اے ولی خدا سلام ہو آپ دونوں حضرات پر اے حجت خدا سلام ہو آپ دونوں

يَا نُوْرَيِ اللّٰهِ فِي ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا مَنْ بَدَا لِلّٰهِ فِي شَاْنِكُمَا

حضرات پر اے نور خدا زمین کی تاریکیوں میں سلام ہو آپ دونوں حضرات پر اے وہ امام کہ ظاہر کیا خدا نے فضیلت کو آپ

اَتَيْتُكُمَا زَائِراً عَارِفاً بِحَقِّكُمَا مُعَادِياً لِاَعْدَائِكُمَا مُوَالِياً لِاَوْلِيَائِكُمَا

دونوں کی شان میں آیا ہوں میں زائر ہو کر عارف ہوں آپ دونوں کے حق کا، دشمن ہوں آپ دونوں کے دشمنوں کا

مُؤْمِناً بِمَا آمَنْتُمَا بِهِ كَافِراً بِمَا كَفَرْتُمَا بِهِ مُحَقِّقاً لِمَا حَقَّقْتُمَا مُبْطِلاً لِمَا

دوست ہوں آپ دونوں کے دوستوں کا ایمان لایا ہوں جس پر آپ دونوں حضرات ایمان لائے ہیں، منکر ہوں جس کے آپ حضرات منکر ہیں

الْمُبْطِلِيْنَ اَسْئَلُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمَا اَنْ يَّجْعَلَ حَظِّيْ مِنْ زِيَارَتِكُمَا الصَّلٰوةَ

باطل سمجھنے والا ہوں جسکو آپ حضرات نے باطل سمجھا سوال کرتا ہوں میں خدا سے جو میرا اور آپحضرات کا رب ہے کہ گردانے میرا حصہ آپ دونوں

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَنْ يَّرْزُقَنِيْ مُرَافَقَتَكُمَا فِي الْجِنَانِ مَعَ اٰبَائِكُمَا الصَّالِحِيْنَ

حضرات کی زیارت سے صلوات ہو محمد و آل محمد پر اور یہ کہ عطا کرے مجھ کو رفاقت آپ دونوں حضرات کی جنتوں میں آپ دونوں کے

وَاَسْئَلُهٗ اَنْ يُّعْتِقَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ وَيَرْزُقَنِيْ شَفَاعَتَكُمَا وَمُصَاحَبَتَكُمَا وَ

آبائے صالحین کے ساتھ اور سوال کرتا ہوں میں خدا سے کہ آزاد کرے مجھکو آتش جہنم سے اور عطا کرے مجھ کو آپ دونوں کی شفاعت

يُعَرِّفَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمَا وَلَا يَسْلُبَنِيْ حُبَّكُمَا وَحُبَّ اٰبَائِكُمَا الصَّالِحِيْنَ وَاَنْ لَّا

مصاحبت اور تعارف پیدا کرے میرا اور آپ دونوں حضرات کے درمیان اور نہ سلب کرے مجھ سے محبت آپ دونوں حضرات کی اور نہ

يَجْعَلَهٗ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ زِيَارَتِكُمَا وَيَحْشُرَنِيْ مَعَكُمَا فِي الْجَنَّةِ بِرَحْمَتِهٖ اَللّٰهُمَّ

آپکے آبائے صالحین کی اور نہ قرار دے اس زیارت کو میری آخری زیارت اور محشور کرے خدا مجھ کو آپکے ہمراہ جنت میں اپنی

ارْزُقْنِيْ حُبَّهُمَا وَتَوَفَّنِيْ عَلٰى مِلَّتِهِمَا اَللّٰهُمَّ الْعَنْ ظَالِمِيْ اٰلِ مُحَمَّدٍ حَقَّهُمْ

رحمت سے خداوندا عطا کر مجھ کو محبت ان دونوں اماموں کی اور خاتمہ کر میرا ان دونوں کی ملت پر۔ خداوندا لعنت کر ظالموں پر

وَانْتَقِمْ مِنْهُمْ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْاَوَّلِيْنَ مِنْهُمْ وَالْاٰخِرِيْنَ وَضَاعِفْ عَلَيْهِمُ

آل محمد کے جنھوں نے انکے حق کو چھین لیا اور عوض لے ان سے۔ خداوندا لعنت کر ان کے اولین پر اور ان کے آخرین پر اور زیادہ کر انپر

الْعَذَابَ وَابْلُغْ بِهِمْ وَبِاَشْيَاعِهِمْ وَمُحِبِّيْهِمْ وَمُتَّبِعِيْهِمْ اَسْفَلَ دَرْكٍ مِّنَ

عذاب کو اور پہونچا تو انکو اور انکے ماننے والوں کو اور انکے دوستوں کو اور انکی پیروی کرنے والوں کو سب سے نیچے کے درجہ میں آتش جہنم

الْجَحِيْمِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ عَجِّلْ فَرَجَ وَلِيِّكَ وَابْنِ وَلِيِّكَ

کے بتحقیق کہ تو ہر چیز پر قادر ہے خداوندا جلدی کر کشائش میں اپنے ولی اور اپنے ولی کے فرزند کے لئے اور قرار دے ہماری

وَاجْعَلْ فَرَجَنَا مَعَ فَرَجِهِمْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

کشائش کو ان کی کشائش کے ساتھ اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔

زیارت وداع حضرت امام علی نقی و حضرت امام حسن عسکری علیہما السلام

جب ارادہ کرے حرم سے باہر آنے کا تو ضریح اقدس کی طرف متوجہ ہو کر کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا وَلِیَّیِ اللّٰہِ اَسْتَوْدِعُکُمَا اللّٰہَ وَاَقْرَءُ عَلَیْکُمَا السَّلَامَ

سلام ہو آپ دونوں حضرات پر اے ولی خدا میں آپ دونوں حضرات کو خدا کے سپرد کرتا ہوں اور آپ دونوں حضرات پر سلام

اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَبِالرَّسُوْلِ وَبِمَا جِئْتُمَا بِہٖ وَدَلَلْتُمَا عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ اکْتُبْنَا مَعَ الشَّاھِدِیْنَ

کرتا ہوں ایمان لایا ہوں خدا اور رسول پر اور اس امر پر جو آپ حضرات خدا کی طرف سے لائے ہیں اور جس کی رہنمائی فرمائی ہے خدا

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنْ زِیَارَتِیْ اِیَّاھُمَا وَارْزُقْنِی الْعَوْدَ

وندا لکھ لے مجھ کو شاہدین کے ساتھ خدا وندا نہ قرار دے میری اس زیارت کو آخری زیارت ان دونوں حضرات کی اور پھر

اِلَیْھِمَا وَاحْشُرْنِیْ مَعَھُمَا وَمَعَ اٰبَائِھِمَا الطَّاھِرِیْنَ وَالْقَائِمِ الْحُجَّۃِ مِنْ

نصیب کر مجھ کو واپس آنا ان دونوں حضرات کیطرف اور محشور کر مجھ کو ان دونوں حضرات اور ان کے آبائے طاہرین کے ساتھ

ذُرِّیَّتِھِمَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اور حضرت قائم حجت کے ساتھ جو ان دونوں حضرات کی اولاد سے ہیں اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالے

زیارت ملکہ دین ودنیا جناب نرجس خاتون والدہ حضرت حجت علیہما السلام

اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہِ الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ اَلسَّلَامُ عَلٰی

سلام ہو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ پر جو صادق و امین ہیں سلام ہو ہمارے

مَوْلَانَا اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَی الْاَئِمَّۃِ الطَّاھِرِیْنَ الْحُجَجِ الْمَیَامِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰی

آقا امیر المومنین ع پر سلام ہو کل ائمہ طاہرین پر جو حجتہائے مبارک ہیں سلام ہو مادر

وَالِدَۃِ الْاِمَامِ وَالْمُوْدَعَۃِ اَسْرَارَ الْمَلِکِ الْعَلَّامِ وَالْحَامِلَۃِ لِاَشْرَفِ الْاَنَامِ

گرامی پر امام ع کی اور ان معظمہ پر جن کو سپرد کئے گئے ہیں اسرار اس مالک کے جو بڑا جاننے والا ہے اور جو حامل

اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ اَیَّتُھَا الصِّدِّیْقَۃُ الْمَرْضِیَّۃُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا شَبِیْھَۃَ اُمِّ

ہوئیں شریف ترین خلق کی سلام ہو آپ پر اے وہ معظمہ جو بڑی سچی اور پسندیدہ خدا ہیں سلام ہو آپ پر اے مشابہ مادر جناب موسیٰ کی

مُوْسٰی وَابْنَۃَ حَوَارِیِّ عِیْسٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ اَیَّتُھَا التَّقِیَّۃُ النَّقِیَّۃُ اَلسَّلَامُ

اور اے دختر حوارین جناب عیسیٰ کی سلام ہو آپ پر اے پرہیزگار و پاکیزہ سلام ہو آپ پر اے راضی برضا و پسندیدہ خدا

عَلَیْکِ اَیَّتُھَا الرَّضِیَّۃُ الْمَرْضِیَّۃُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ اَیَّتُھَا الْمَنْعُوْتَۃُ فِی الْاِنْجِیْلِ

سلام ہو آپ پر اے وہ معظمہ جن کی تعریف کی گئی انجیل میں اور جن کا خطبہ کیا گیا ہے روح اللہ سے

وَالْمُسْتَوْدَعَةُ اَسْرَارَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَعَلٰى اٰبَائِكِ الْحَوَارِيِّيْنَ

اور جو جائے ودیعت ہیں رازہائے پروردگار عالم کے سلام ہو آپ پر اور آپکے آبائے حواریین پر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَعَلٰى بَعْلِكِ وَوَلَدِكِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَعَلٰى رُوْحِكِ

سلام ہو آپ پر اور آپ کے شوہر پر اور فرزند پر سلام ہو آپ پر اور آپ کی روح پر

وَبَدَنِكِ الطَّاهِرِ اَشْهَدُ اَنَّكِ اَحْسَنْتِ الْكَفَالَةَ وَاَدَّيْتِ الْاَمَانَةَ وَاجْتَهَدْتِ

اور آپکے جسم پاکیزہ پر میں گواہی دیتا ہوں کہ آپنے بہت اچھے طور سے کفالت کی اور ادا کیا امانت کو

فِيْ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَصَبَرْتِ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ وَحَفِظْتِ سِرَّ اللّٰهِ وَحَمَلْتِ وَلِيَّ

اور آپنے کوشش کی خدا کی خوشنودی میں اور صبر کیا آپنے خدا کی راہ میں اور حفاظت کی آپنے راز خدا کی اور حامل ہوئیں

اللّٰهِ وَبَالَغْتِ فِيْ حِفْظِ حُجَّةِ اللّٰهِ وَرَغِبْتِ فِيْ وُصْلَةِ اَبْنَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

آپ ولی خدا کی اور کوشش کی آپنے حفاظت حجت خدا میں اور رغبت کی آپنے رشتہ میں اولاد رسول خدا کے ایسی

عَارِفَةً بِحَقِّهِمْ مُؤْمِنَةً بِصِدْقِهِمْ مُعْتَرِفَةً بِمَنْزِلَتِهِمْ مُسْتَبْصِرَةً بِاَمْرِهِمْ

حالت میں کہ پہچانتی تھیں آپ ان کے حق کو ایمان لانے والی تھیں ان کے صادق ہونے پر اقرار کرنیوالی تھیں انکی

مُشْفِقَةً عَلَيْهِمْ مُؤْثِرَةً هَوَاهُمْ وَاَشْهَدُ اَنَّكِ مَضَيْتِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ مِنْ

منزلت پر اجب نصرت تھیں انکے امر کی شفیق تھیں انپر اختیار کرنیوالی تھیں انکی خواہش کو اور گواہی دیتا ہوں میں کہ یقینا آپ

اَمْرِكِ مُقْتَدِيَةً بِالصَّالِحِيْنَ رَاضِيَةً مَرْضِيَّةً تَقِيَّةً نَقِيَّةً زَكِيَّةً فَرَضِيَ

گذر گئیں ساتھ بصیرت کے اپنے امر میں درحالیکہ آپ اقتدا کرنیوالی تھیں صالحین کی راضی تھیں خدا سے اور پسندیدہ تھیں خدا کی پرہیزگار تھیں

اللّٰهُ عَنْكِ وَاَرْضَاكِ وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَنْزِلَكِ وَمَاْوَاكِ فَلَقَدْ اَوْلَاكِ

اور پاک و پاکیزہ تھیں پس راضی ہو خدا آپ سے اور آپکو راضی رکھے اور قرار دے خدا جنت کو منزل اور بازگشت آپکی پس تحقیق کہ ولی خدا نے

مِنَ الْخَيْرَاتِ مَا اَوْلَاكِ وَاَعْطَاكِ مِنَ الشَّرَفِ مَا بِهِ اَغْنَاكِ فَهَنَّاكِ

آپکو نیکیوں کی وہ چیز کہ جو عطا کی آپکو اور بخشا آپکو خدا نے شرف سے وہ امر جس سے آپ غنی ہوگئیں پس مبارک کرے خدا

اللّٰهُ بِمَا مَنَحَكِ مِنَ الْكَرَامَةِ وَاَمْرَاكِ بعد اس کے اپنے سر کو بلند کرے اور کہے۔

آپکو وہ چیز جو عطا کی آپ کو اپنی کرامت سے اور گوارا کرے آپ کو۔

اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ اعْتَمَدْتُ وَلِرِضَاكَ طَلَبْتُ وَبِاَوْلِيَائِكَ اِلَيْكَ تَوَسَّلْتُ

خداوندا میں تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں اور تیری خوشنودی کو طلب کرتا ہوں بواسطہ تیرے اولیا کے تجھ سے توسل کرتا ہوں

وَعَلٰی غُفْرَانِكَ وَحِلْمِكَ اتَّكَلْتُ وَبِكَ اعْتَصَمْتُ وَبِقَبْرِ اُمِّ وَلِيِّكَ لُذْتُ

اور تیری بخشش پر اور تیرے حلم پر توکل کرتا ہوں اور تجھ سے تمسک کرتا ہوں اور تیرے ولی کی والدہ کے قبر سے پناہ لیتا ہوں

فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَانْفَعْنِيْ بِزِيَارَتِهَا وَثَبِّتْنِيْ عَلٰی مَحَبَّتِهَا وَلَا تَحْرِمْنِيْ

پس صلوات بھیج تو محمد وآل محمد پر اور نفع دے تو مجھ کو ان کی زیارت کی وجہ سے اور ثابت قدم رکھ تو مجھ کو ان کی محبت پر

شَفَاعَتَهَا وَشَفَاعَةَ وُلْدِهَا وَارْزُقْنِيْ مُرَافَقَتَهَا وَاحْشُرْ لِيْ مَعَهَا وَمَعَ

اور نہ محروم رکھ تو مجھ کو ان کی شفاعت اور ان کے فرزند کی شفاعت سے اور نصیب کر تو مجھ کو رفاقت ان کی اور محشور کر

وُلْدِهَا كَمَا وَفَّقْتَنِيْ لِزِيَارَةِ وَلَدِهَا وَزِيَارَتِهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ

مجھ کو ان کے ساتھ اور ان کے فرزند کے ساتھ جس طرح کہ تو نے توفیق دی مجھ کو انکی اور انکے فرزند کی زیارت کی خداوندا

اِلَيْكَ بِالْاَئِمَّةِ الطَّاهِرِيْنَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِالْحُجَجِ الْمَيَامِيْنِ مِنْ اٰلِ طٰهٰ

میں متوجہ ہوتا ہوں تجھ سے ساتھ ائمہ طاہرین کے اور متوسل ہوتا ہوں تجھ سے ساتھ حجتہائے مبارک آل طٰہٰ و یاسین

وَيٰسٓ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الطَّيِّبِيْنَ وَاَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنَ

کے اس بات میں کہ تو درود بھیج محمد وآل محمد پر جو پاکیزہ ہیں اور یہ کہ گردان تو مجھ کو ان لوگوں میں سے جو مطمئن اور

الْمُطْمَئِنِّيْنَ الْفَائِزِيْنَ الْفَرِحِيْنَ الْمُسْتَبْشِرِيْنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

فائز و فرحناک و بشارت دیئے گئے ہیں اس امر کی کہ ان لوگوں پر نہ خوف ہے اور نہ وہ لوگ محزون ہوں گے اور

يَحْزَنُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ قَبِلْتَ سَعْيَهٗ وَيَسَّرْتَ اَمْرَهٗ وَكَشَفْتَ ضُرَّهٗ وَاٰمَنْتَ

قرار دے مجھ کو ان لوگوں سے جن کی کوشش کو تو نے قبول کیا اور ان کے امر کو آسان کیا اور دور کیا تو نے انکے ضرر کو

خَوْفَهٗ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تَجْعَلْهُ

اور خوف کے عوض میں امن عطا کیا خداوندا بواسطہ محمد وآل محمد صلوات بھیج محمد وآل محمد پر اور نہ قرار دے تو میری

اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ زِيَارَتِيْ اِيَّاهَا وَارْزُقْنِي الْعَوْدَ اِلَيْهَا اَبَدًا مَا اَبْقَيْتَنِيْ وَاِذَا

اس زیارت کو آخری زیارت خاصکر ان معظمہ کی اور ہمیشہ آنا نصیب کر ان کی زیارت کے لئے جب تک کہ تو مجھ کو زندہ رکھے اور

تَوَفَّيْتَنِيْ فَاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَتِهَا وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ شَفَاعَةِ وُلْدِهَا وَشَفَاعَتِهَا

جب تو مجھ کو موت دے تو محشور کر تو مجھ کو ان کے زمرے میں اور داخل کر تو مجھ کو ان کے فرزند کی شفاعت اور انکی

وَاغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

شفاعت میں اور بخشدے تو مجھ کو اور میرے والدین کو اور تمام مومنین و مومنات کو اور عطا کر ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت

الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ النَّارِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا سَادَاتِي
میں نیکی اور اپنی رحمت سے بچا تو مجھ کو عذاب جہنم سے اور سلام ہو آپ حضرات پر اے آقا میرے اور رحمت خدا ہو
وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ
آپ حضرات پر اور برکات اس کے

پس دعا کرے پھر متوجہ ہو ضریح جناب حکیمہ خاتون دختر حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کیطرف کہ وہ معظمہ بہت جلیل القدر اور مخصوصین اصحاب راز ائمہؑ سے تھیں اور زمانہ حضرت امام حسن عسکریؑ میں اور بعد اُن حضرت کے خدمت حضرت صاحب الامرؑ میں رہیں اور چار اماموں کی خدمت کی ہے پس پائین ضریح عسکریینؑ کے کھڑا ہو اور کہے۔

زیارت حکیمہ خاتون دختر امام حضرت محمد تقی علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَى آدَمَ صَفْوَةِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَى نُوحٍ نَبِيِّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَى
سلام ہو جناب آدم برگزیدہ خدا پر سلام ہو جناب نوح نبی اللہ پر سلام ہو جناب
إِبْرَاهِيمَ خَلِيلِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَى مُوسَى كَلِيمِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَى عِيسَى رُوحِ
ابراہیم خلیل اللہ پر سلام ہو جناب موسیٰ کلیم اللہ پر سلام ہو جناب عیسیٰ روح
اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
اللہ پر سلام ہو آپ پر اے رسول خدا سلام ہو آپ پر اے بہترین خلق خدا سلام ہو آپ پر
يَا صَفِيَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللهِ خَاتَمَ النَّبِيِّينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
اے برگزیدہ خدا سلام ہو آپ پر اے حضرت محمد مصطفیٰ فرزند جناب عبداللہ کے اے تمام انبیا کے خاتم سلام ہو آپ پر
يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَصِيَّ رَسُولِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ
اے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ وصی رسول خدا سلام ہو آپ پر اے حضرت فاطمہ زہرا
سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا سِبْطَيِ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدَيْ شَبَابِ
جو سردار ہیں تمام عورات عالم کی سلام ہو آپ دونوں حضرات پر اے نواسہ رحمت خدا اور سرداران تمام
أَهْلِ الْجَنَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ سَيِّدَ الْعَابِدِينَ
جوانان اہل جنت کے سلام ہو آپ پر اے حضرت علی ابن الحسینؑ سردار تمام عبادت گذاروں کے اور

وَقُرَّةَ عَيْنِ النَّاظِرِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ بَاقِرَ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ
خنکی چشم تمام دیکھنے والوں کے سلام ہو آپ پر اے حضرت محمد باقر ابن علی وارث تمام علم انبیاء کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدِنِ الصَّادِقَ الْبَارَّ الْاَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
سلام ہو آپ پر اے حضرت جعفر ابن محمد جو صادق القول اور نیکوکار و امین ہیں سلام ہو آپ پر

يَا مُوْسَى بْنَ جَعْفَرِنِ الطَّاهِرَ الطُّهْرَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَلِيَّ بْنَ مُوْسَى الرِّضَا
اے موسیٰ کاظمؑ فرزند جعفر صادقؑ کے جو پاک و پاکیزہ ہیں سلام ہو آپ پر اے حضرت علی ابن موسیٰ الرضاؑ آپ

الْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيِّنِ التَّقِيَّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَلِيَّ بْنَ
پسندیدہ خدا ہیں سلام ہو آپ پر اے حضرت محمد ابن علی الرضا صاحب تقویٰ ہیں سلام ہو آپ پر اے حضرت علی ابن

مُحَمَّدِنِ النَّقِيَّ النَّاصِحَ الْاَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ اَلسَّلَامُ عَلَى
محمد اے نقی اے نصیحت کرنیوالے امین سلام ہو آپ پر اے حضرت حسن ابن علی نقیؑ سلام ہو اس

الْوَصِيِّ مِنْ بَعْدِهِ اَلسَّلَامُ عَلَى نُوْرِكَ وَسِرَاجِكَ وَوَلِيِّ وَلِيِّكَ وَوَصِيِّ
وصی پر جو حسن ابن علی کے بعد ہیں سلام ہو تیرے نور پر اور تیرے چراغ پر اور تیرے ولی کے ولی پر اور تیرے وصی

وَصِيِّكَ وَحُجَّتِكَ عَلَى خَلْقِكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
کے وصی پر اور تیری حجت پر جو تیری خلق پر ہے سلام ہو آپ پر اے دختر رسول خدا سلام ہو

عَلَيْكِ يَا بِنْتَ فَاطِمَةَ وَخَدِيْجَةَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
آپ پر اے صاحبزادی حضرت فاطمہ زہراؑ و جناب خدیجہ کی سلام ہو آپ پر اے دختر حضرت امیر المومنینؑ کی

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ وَلِيِّ
سلام ہو آپ پر اے دختر حضرت امام حسنؑ کی و امام حسینؑ کی سلام ہو آپ پر اے دختر ولی اللہ

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا اُخْتَ وَلِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا عَمَّةَ وَلِيِّ
کی سلام ہو آپ پر اے بہن ولی خدا کی سلام ہو آپ پر اے پھوپھی ولی

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ مُحَمَّدِنِ التَّقِيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ
خدا کی سلام ہو آپ پر اے صاحبزادی حضرت امام محمد تقیؑ کی رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اسکی

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ عَرَّفَ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ فِي الْجَنَّةِ وَحَشَرَنَا فِيْ زُمْرَتِكُمْ
سلام ہو آپ پر اے معظمہ خدا ہمارے اور آپکے درمیان تعارف پیدا کرے جنت میں اور محشور کرے ہمکو آپ حضرات

وَاَوْرَدَنَا حَوْضَ نَبِيِّكُمْ وَسَقَانَا بِكَاْسِ جَدِّكُمْ مِنْ يَدِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْطَالِبٍ

کے زمرہ میں اور وارد کرے ہم کو آپکے نبی کے حوض پر اور سیراب کرے ہم کو آپکے جد بزرگوار کے پیالہ سے اور حضرت علی ابن

صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اَسْئَلُ اللّٰهَ اَنْ يُرِيَنَا فِيْكُمُ السُّرُوْرَ وَالْفَرَجَ وَ

ابیطالب کے ہاتھ سے صلوات خدا ہو آپ حضرات پر اور سوال کرتا ہوں میں خدا سے یہ کہ دکھا دے ہم کو آپ حضرات کے بارے میں

اَنْ يَجْمَعَنَا وَاِيَّاكُمْ فِيْ زُمْرَةِ جَدِّكُمْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَنْ لَا

مسرت و کشائش کو اور یکجا کرے ہم کو اور آنحضرات کو زمرہ میں آنحضرات کے جد حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کے اور یہ کہ

يَسْلُبَنَا مَعْرِفَتَكُمْ اِنَّهٗ وَلِيٌّ قَدِيْرٌ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ بِحُبِّكُمْ وَالْبَرَاءَةِ مِنْ

نہ سلب کرے ہمارے دلوں سے معرفت آنحضرات کی اس لئے کہ وہ ولی و قادر ہے نزدیکی چاہتا ہوں خدا کی طرف آنحضرات کی محبت کے

اَعْدَائِكُمْ وَالتَّسْلِيْمِ اِلَى اللّٰهِ رَاضِيًا بِهٖ غَيْرَ مُنْكِرٍ وَلَا مُسْتَكْبِرٍ وَعَلٰى يَقِيْنِ

سبب سے اور بیزاری سے اور اپنے کو خدا کے سپرد کر کے راضی ہو کر اسکے ساتھ نہ منکر ہو کر نہ تکبر کر کے اس کے مقابل اور یقین کرتے ہو

مَا اَتٰى بِهٖ مُحَمَّدٌ نَطْلُبُ بِذٰلِكَ وَجْهَكَ يَا سَيِّدِيْ اَللّٰهُمَّ وَرِضَاكَ

ان باتوں کا جو لائے ہیں محمد مصطفےٰ ہم طلب کرتے ہیں اس کے ذریعہ تیری توجہ اے مالک میرے۔ اے خدا اور تیری خوشنودی اور آخرت

وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ يَا حَكِيْمَةُ اشْفَعِيْ لِيْ فِي الْجَنَّةِ فَاِنَّ لَكِ عِنْدَ اللّٰهِ

کو اے جناب حکیمہ میری شفاعت کیجئے جنت میں اس لئے کہ آپکے لئے خدا کے نزدیک ہے شان بزرگ شان سے

شَاْنًا مِنَ الشَّاْنِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَخْتِمَ لِيْ بِالسَّعَادَةِ فَلَا تَسْلُبْ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تمام کر تو میرے لئے سعادت کو پس نہ سلب کر تو مجھ سے اس چیز کو

مِنِّيْ مَا اَنَا فِيْهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ

جو مجھ میں ہے یعنی محبت ان کی اور نہیں ہے مدد اور قوت مگر خدائے بلند و بزرگ کے سبب سے خداوندا قبول فرما

لَنَا وَتَقَبَّلْهُ بِكَرَمِكَ وَعِزَّتِكَ وَبِرَحْمَتِكَ وَعَافِيَتِكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

میری دعا کو مستجاب کر اس کو اپنے کرم و عزت و رحمت و عافیت سے اور صلوات خدا ہو حضرت

مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

محمد مصطفےٰ اور ان کی تمام اولاد پر اور سلام ہو سلام کامل اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالے

زیارت حضرت حجت علیہ الصلوٰۃ والسلام

جاننا چاہیئے کہ زیارت حضرت امام زماں صاحب الامرؑ کی ہر مقام پر خصوصاً سرداب مقدس میں پڑھنا مستحب ہے کہ وہ محل غیبت آنحضرت کا ہے پس جب قصد زیارت کا کرے تو غسل کرے لباس پاکیزہ پہنے خوشبو لگائے بخلوص جاکر دروازۂ سرداب مقدس پر کھڑے ہو کر کہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّي قَدْ وَقَفْتُ عَلٰى بَابِ بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِ نَبِيِّكَ وَآلِ نَبِيِّكَ

خداوندا میں کھڑا ہوں دروازہ پر ایک گھر کے جو تیرے نبی کے اور تیرے نبی کی آل کے گھروں میں سے ہے اور ان سب

وَآلِ نَبِيِّكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَقَدْ مَنَعْتَ النَّاسَ الدُّخُوْلَ اِلٰى

حضرات پر سلام ہو بتحقیق کہ تو نے منع کیا ہے لوگوں کو داخل ہونے سے ان کے گھروں میں مگر اجازت

بُيُوْتِهٖ اِلَّا بِاِذْنِ نَبِيِّكَ فَقُلْتَ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ

لے کر تیرے نبی کی پس تو نے فرمایا ہے اے وہ لوگ جو ایمان لائے ہو مت داخل ہو تم گھروں میں نبی کے

النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ اَللّٰهُمَّ وَاِنِّي اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ صَاحِبِ هٰذَا

جب تک کہ تم اجازت نہ دی جائے خداوندا میں اعتقاد رکھتا ہوں اس مقام شریف کے صاحب کی حرمت

الْمَقَامِ الشَّرِيْفِ فِيْ غَيْبَتِهٖ كَمَا اَعْتَقِدُهَا فِيْ حَضْرَتِهٖ وَاَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَكَ

کا ان کی غیبت میں جس طرح اعتقاد رکھتا ہوں ان کی حضوری میں اور جانتا ہوں میں کہ یقیناً تیرے

وَخُلَفَاءَكَ اَحْيَاءٌ عِنْدَكَ يُرْزَقُوْنَ يَرَوْنَ مَكَانِيْ فِيْ وَقْتِيْ هٰذَا

رسل اور خلفاء زندہ ہیں تیرے نزدیک وہ سب رزق پاتے ہیں وہ دیکھتے ہیں وہ میرے موجود ہونے کو اس وقت

وَزَمَانِيْ وَيَسْمَعُوْنَ كَلَامِيْ فِيْ وَقْتِيْ هٰذَا وَيَرُدُّوْنَ عَلٰى سَلَامِيْ

اور میرے زمانہ میں اور وہ سنتے ہیں میرے کلام کو اس وقت اور جواب دیتے ہیں مجھ کو میرے سلام

وَاَنَّكَ حَجَبْتَ عَنْ سَمْعِيْ كَلَامَهُمْ وَفَتَحْتَ بَابَ فَهْمِيْ بِلَذِيْذِ مُنَاجَاتِهِمْ

کا اور بتحقیق کہ تو نے پوشیدہ رکھا ہے میری سماعت سے ان کے کلام کو اور کھولدیا ہے تو نے دروازہ

فَاِنِّي اَسْتَاْذِنُكَ يَا رَبِّ اَوَّلًا وَاَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ

کو میرے فہم کے بسبب ان کے لذیذ مناجات کے پس میں تجھ سے اجازت چاہتا ہوں اے پالنے والے پھر اجازت

چاہتا ہوں تیرے رسولؐ سے صلوات ہو تیری انپر اور ان کی آل پر

اِلَیْهِ ثَانِیًا وَاَسْتَاْذِنُ خَلِیْفَتَکَ الْمَفْرُوْضَ عَلَیَّ طَاعَتُهٗ فِی الدُّخُوْلِ فِیْ سَاعَتِیْ

اور اجازت چاہتا ہوں تیرے خلیفہ سے جن کی اطاعت فرض کی گئی ہے مجھ پر داخل ہونے میں اسوقت

هٰذِهٖ اِلٰی مَقَامِهٖ وَاَسْتَاْذِنُ مَلٰٓئِکَتَکَ الْمُوَکَّلِیْنَ بِهٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَکَةِ

اس مقام میں اور اجازت چاہتا ہوں تیرے ملائکہ سے جو موکل ہیں اس بقعہ شریف پر ایسے ملائکہ

الْمُطِیْعَةِ لِلّٰهِ السَّامِعَةِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَیُّهَا الْمَلٰٓئِکَةُ الْمُوَکَّلُوْنَ فِیْ هٰذَا

جو مطیع ہیں خدا کے اور فرمانبردار ہیں سلام ہو تم پر اے ملائکہ جو موکل ہو اس مقام

الْمَقَامِ الشَّرِیْفِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاِذْنِ رَسُوْلِهٖ وَاِذْنِ

شریف میں اور رحمت خدا ہو اور برکات اس کے باذن خدا و باذن اس کے رسول اور باذن

خُلَفَآئِهٖ وَاِذْنِکُمْ صَلَوٰتُ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ اَجْمَعِیْنَ اَدْخُلُ هٰذَا الْبُقْعَةَ الْمُبَارَکَةَ

اس کے خلفاء کے اور تمہارے اذن سے (رحمت خدا ہو تم سب پر) داخل ہوتا ہوں میں اس بقعۂ مبارکہ میں

مُتَقَرِّبًا اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ فَکُوْنُوْا مَلٰٓئِکَةَ اللّٰهِ اَعْوَانِیْ

درحالیکہ تقرب چاہتا ہوں خدا سے اور اس کے رسول حضرت محمد مصطفےٰ اور ان کی آل طاہرین سے پس ہو جاؤ اے

وَکُوْنُوْا اَنْصَارِیْ حَتّٰی اَدْخُلَ هٰذَا الْمَقَامَ وَاَدْعُوَ اللّٰهَ بِفُنُوْنِ الدَّعَوَاتِ

ملائکہ خدا میرے مددگار اور ہو جاؤ میرے ناصر یہاں تک کہ داخل ہوں میں اس مقام میں اور دعا کروں خدا سے

وَاَعْتَرِفَ لِلّٰهِ بِالْعُبُوْدِیَّةِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِاَبْنَآئِهٖ صَلَوٰتُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ

ساتھ ہر قسم کی دعاؤں کے اور اعتراف کروں میں خدا کے لئے اپنی بندگی کا اور رسول کے لئے اور واسطے تیرے

بِالطَّاعَةِ پس چوکھٹ کو بوسہ دے پھر بسم اللہ کہکر داخل ہو اور زینہ اترتے وقت کہے۔

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے لئے اپنی اطاعت کا۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَعَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

داخل ہوتا ہوں میں اللہ کا نام لے کر اسی کی مدد سے راہ خدا میں ملت رسول خدا پر ہوں (صلوات خدا ہو انپر اور ان کی آل پر)

وَاٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

خداوندا بخشدے مجھ کو اور رحم کر مجھ پر اور توبہ قبول کر میری تحقیق کہ تو بڑا توبہ قبول کرنے والا اور رحیم ہے۔

پس جب داخلِ سرداب مقدس ہو تو کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَى الْحَقِّ الْجَدِيدِ وَالْعَالِمِ الَّذِي عِلْمُهُ لَا يَبِيدُ اَلسَّلَامُ عَلَى مُحْيِي الْمُؤْمِنِينَ

سلام ہو حق موجودہ پر اور اس عالم پر جس کا علم ضائع نہ ہوگا سلام ہو زندہ کرنیوالے پر مومنوں کے

وَمُبِيرِ الْكَافِرِينَ اَلسَّلَامُ عَلَى مَهْدِيِّ الْاُمَمِ وَجَامِعِ الْكَلِمِ اَلسَّلَامُ عَلَى خَلَفِ

اور ہلاک کرنیوالے پر کافروں کے سلام ہو مہدی پر ساری امتوں کے اور جمع کرنے والے پر کلموں کے سلام ہو فرزند صالح

السَّلَفِ وَصَاحِبِ الشَّرَفِ اَلسَّلَامُ عَلَى حُجَّةِ الْمَعْبُودِ وَكَلِمَةِ الْمَحْمُودِ اَلسَّلَامُ

پر گذشتہ انبیاء کے اور صاحب شرف پر سلام ہو معبود کی حجت پر اور محمود کے کلمہ پر سلام ہو

عَلَى مُعِزِّ الْاَوْلِيَاءِ وَمُذِلِّ الْاَعْدَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَى وَارِثِ الْاَنْبِيَاءِ وَخَاتَمِ الْاَوْصِيَاءِ

دوستوں کے عزت دینے والے پر اور دشمنوں کے ذلیل کرنے والے پر سلام ہو انبیاء کے وارث پر اور اوصیاء کے خاتم پر

اَلسَّلَامُ عَلَى الْقَائِمِ الْمُنْتَظَرِ وَالْعَدْلِ الْمُشْتَهَرِ اَلسَّلَامُ عَلَى السَّيْفِ الشَّاهِرِ وَالْقَمَرِ

سلام ہو اس قائم پر جس کا انتظار ہے اور جو عادل مشہور ہے سلام ہو کھینچی ہوئی خدا کی تلوار پر و ماہ تاباں پر

الزَّاهِرِ وَالنُّورِ الْبَاهِرِ اَلسَّلَامُ عَلَى شَمْسِ الظَّلَامِ وَالْبَدْرِ التَّمَامِ اَلسَّلَامُ عَلَى

و نور درخشاں پر سلام ہو ظلمت کے آفتاب پر اور ماہ کامل پر سلام ہو انسانوں

رَبِيعِ الْاَنَامِ وَنَضْرَةِ الْاَيَّامِ اَلسَّلَامُ عَلَى صَاحِبِ الصَّمْصَامِ وَفَلَّاقِ الْهَامِ

کی بہار پر اور زمانہ کی تازگی پر سلام ہو صاحب شمشیر پر اور سروں کے کاٹنے والے پر

اَلسَّلَامُ عَلَى الدِّينِ الْمَأْثُورِ وَالْكِتَابِ الْمَسْطُورِ اَلسَّلَامُ عَلَى بَقِيَّةِ اللّٰهِ فِي

سلام ہو خدا کے دین پر جو پیمبر سے منقول ہے، اور خدا کی کتاب پر جو لوح میں مرقوم ہے۔ سلام ہو بقیہ خدا پر جو

بِلَادِهِ وَحُجَّتِهِ عَلَى عِبَادِهِ الْمُنْتَهَى اِلَيْهِ مَوَارِيثُ الْاَنْبِيَاءِ وَلَدَيْهِ مَوْجُودٌ

اس کی مملکت میں اور اسکی حجت پر اسکے بندوں میں وہ جس کے پاس پہونچیں سب میراثیں سب انبیاء کی اور جس کے پاس

آثَارُ الْاَصْفِيَاءِ الْمُؤْتَمَنِ عَلَى السِّرِّ وَالْوَلِيِّ لِلْاَمْرِ اَلسَّلَامُ عَلَى الْمَهْدِيِّ الَّذِي

موجود ہیں سب آثار برگزیدہ لوگوں کے، وہ جس پر اعتماد ہے راز خدا کے متعلق اور جو ولی امر ہے۔ سلام ہو اس مہدی پر جس کے

وَعَدَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ الْاُمَمَ اَنْ يَجْمَعَ بِهِ الْكَلِمَ وَيَلُمَّ بِهِ الشَّعَثَ وَيَمْلَاَ

ساتھ وعدہ کیا ہے خدائے عز و جل نے امتوں سے کہ جمع کر دے گا ان کے ذریعہ سے کلمہ کو اور دور کرے گا پراگندگی کو اور بھر دیگا

بِهِ الْاَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا وَيُمَكِّنَ لَهُ وَيُنْجِزَ بِهِ وَعْدَ الْمُؤْمِنِينَ اَشْهَدُ

ان کے ذریعہ زمین انصاف و عدل سے اور ان کو قدرت دے گا اور پورا کرے گا ان سے وعدہ مومنوں کا میں گواہی

یَا مَوْلَایَ اَنَّکَ وَالْاَئِمَّةَ مِنْ اٰبَائِکَ اَئِمَّتِیْ وَمَوَالِیَّ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ

دیتا ہوں اے آقا میرے کہ آپ اور وہ ائمہ جو آپکے آباء میں سے ہیں میرے امام ہیں اور میرے مولیٰ ہیں زندگانی دنیا

یَوْمَ یَقُوْمُ الْاَشْهَادُ اَسْئَلُکَ یَا مَوْلَایَ اَنْ تَسْئَلَ اللّٰهَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی

میں بھی اور اس دن بھی جب گواہی دینے والے اٹھیں گے میں سوال کرتا ہوں آپ سے اے آقا میرے یہ کہ آپ اللہ تبارک و

فِیْ صَلَاحِ شَانِیْ وَقَضَاءِ حَوَائِجِیْ وَغُفْرَانِ ذُنُوْبِیْ وَالْاَخْذِ بِیَدِیْ فِیْ

تعالیٰ سے سوال کریں میری حالت کے درست کرنے میں اور پورے کرنے میں میری حاجتوں کے اور بخشنے میں میرے گناہوں

دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ وَلِاِخْوَانِیْ وَاَخَوَاتِیْ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ کَافَّةً

کے اور میری دستگیری کرنے میں میرے دین و دنیا اور آخرت میں اور میرے بھائیوں اور بہنوں کے لئے جو مومن ہیں

اِنَّکَ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ

اور مومنہ ہیں سب کے لئے۔ تو بیشک بڑا بخشنے والا اور بڑا رحم کرنے والا ہے

پس دو دو رکعت کرکے بارہ رکعت نمازیں پڑھے اور بعد فراغت تسبیح حضرت فاطمہ زہراؑ اپنے لئے اور تمام مومنین و مومنات کے لئے دعا کرے۔

زیارت دیگر

بسند صحیح و معتبر جناب محمد ابن عبد اللہ حمیری سے منقول ہے کہ ناحیہ مقدسہ سے فرمان حضرت صاحب الامر علیہ السلام کا انکی طرف آیا کہ جب تم چاہو کہ متوجہ ہو ہمارے واسطے سے خدا کی طرف اور ہماری طرف تو وہ کلمات کہو جس کا خدا نے حکم دیا ہے وہ یہ ہیں۔ پس کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلٰی اٰلِ یٰسِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا دَاعِیَ اللّٰهِ وَرَبَّانِیَّ اٰیَاتِهٖ اَلسَّلَامُ

سلام ہو حضرات آل یٰسین پر سلام ہو آپ پر اے بلانیوالے خدا کیطرف اور عالم اس کے آیات کے سلام ہو

عَلَیْکَ یَا بَابَ اللّٰهِ وَدَیَّانَ دِیْنِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْفَةَ اللّٰهِ وَنَاصِرَ حَقِّهٖ

آپ پر اے باب خدا اور حاکم اس کے دین کے سلام ہو آپ پر اے خلیفۂ خدا اور مددگار اس کے حق کے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ وَدَلِیْلَ اِرَادَتِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا تَالِیَ کِتَابِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے حجت خدا اور رہنما اس کے ارادے کے سلام ہو آپ پر اے ساتھ پڑھنے والے کتاب خدا کے

وَتَرْجُمَانَهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ فِيْ آنَاءِ لَيْلِكَ وَاَطْرَافِ نَهَارِكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

اور اس کے ترجمہ کرنیوالے سلام ہو آپ پر ساعتوں میں آپکی شب کے اور اطراف میں آپکے دن کے سلام ہو آپ پر اے بقیۂ خدا

يَا بَقِيَّةَ اللّٰهِ فِيْ اَرْضِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مِيْثَاقَ اللّٰهِ الَّذِيْ اَخَذَهٗ وَ

اس کی زمین میں سلام ہو آپ پر اے وہ عہد جو لیا ہے خدا نے اور تاکید کی ہے اس کی سلام ہو آپ پر اے وہ وعدۂ خدا جس کا خدا

وَكَّدَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَعْدَ اللّٰهِ الَّذِيْ ضَمِنَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَلَمُ

ضامن ہے سلام ہو آپ پر اے وہ نشان جو نصب کیا گیا اور وہ علم جو نازل کیا گیا اور فریادرس اور رحمت وسیع

الْمَنْصُوْبُ وَالْعِلْمُ الْمَصْبُوْبُ وَالْغَوْثُ وَالرَّحْمَةُ الْوَاسِعَةُ وَعْدًا غَيْرَ

از روئے وعدۂ خدا کہ جو جھوٹا نہیں ہے سلام ہو آپ پر جب کہ آپ کھڑے

مَكْذُوْبٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ تَقُوْمُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ تَقْعُدُ اَلسَّلَامُ

ہوں سلام ہو آپ پر جب کہ آپ بیٹھے ہوں سلام ہو آپ پر جب کہ آپ

عَلَيْكَ حِيْنَ تَقْرَءُ وَتُبَيِّنُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ تُصَلِّيْ وَتَقْنُتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ

پڑھیں کتاب خدا کو اور بیان کریں اس کے معنی کو سلام ہو آپ پر جبکہ آپ نماز و قنوت میں ہوں سلام ہو آپ پر

تَرْكَعُ وَتَسْجُدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ تُهَلِّلُ وَتُكَبِّرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ تَحْمَدُ

جبکہ آپ رکوع و سجدے میں ہوں سلام ہو آپ پر جبکہ آپ لا الہ الا اللہ اور تکبیر کہیں سلام ہو آپ پر جبکہ آپ حمد خدا و

وَتَسْتَغْفِرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ تُصْبِحُ وَتُمْسِيْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ فِي اللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ

استغفار کریں سلام ہو آپ پر جبکہ آپ صبح و شام کریں سلام ہو آپ پر شب میں جبکہ تاریک ہو اور دن میں جبکہ وہ روشن

اِذَا تَجَلّٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْمَاْمُوْنُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمُقَدَّمُ الْمَاْمُوْلُ اَلسَّلَامُ

ہو سلام ہو آپ پر اے وہ امام جو بے خوف ہے سلام ہو آپ پر اے وہ امام جو خلق پر مقدم ہے اور جس سے امید کی گئی سلام ہو آپ پر

بِجَوَامِعِ السَّلَامِ اُشْهِدُكَ يَا مَوْلَايَ اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

ساتھ ہر قسم کے سلام کے گواہ کرتا ہوں میں آپ کو اے مولا میرے کہ میں گواہی دیتا ہوں اس امر کی کہ نہیں ہے کوئی معبود

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ لَا حَبِيْبَ

سوائے اللہ کے کہ وہ یکتا ہے اور کوئی اس کا شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفیٰ ص اسکے بندے اور رسول ہیں

اِلَّا هُوَ وَاَهْلُهٗ وَاُشْهِدُكَ اَنَّ عَلِيًّا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ حُجَّتُهٗ وَالْحَسَنَ حُجَّتُهٗ

کوئی دوست نہیں ہے مگر وہ جناب اور ان کے اہلبیت اور گواہ کرتا ہوں میں آپ کو کہ حضرت علی ابن ابیطالب مومنوں کے امیر

وَالْحُسَيْنُ حُجَّتُهُ وَعَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ حُجَّتُهُ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ حُجَّتُهُ وَجَعْفَرُ

اور حضرت امام حسینؑ اسکی حجت ہیں اور حضرت علی فرزند حسینؑ اس کی حجت ہیں اور حضرت محمد فرزند علیؑ اسکی حجت ہیں اور حضرت جعفر

بْنُ مُحَمَّدٍ حُجَّتُهُ وَمُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ حُجَّتُهُ وَعَلِيُّ بْنُ مُوسَى حُجَّتُهُ وَمُحَمَّدُ

فرزند محمد اس کی حجت ہیں اور حضرت موسیٰؑ فرزند جعفرؑ اس کی حجت ہیں اور حضرت علیؑ فرزند موسیٰؑ اس کی حجت ہیں اور حضرت محمدؑ

بْنُ عَلِيٍّ حُجَّتُهُ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حُجَّتُهُ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ حُجَّتُهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ

فرزند علیؑ اسکی حجت ہیں اور حضرت علیؑ فرزند محمد اس کی حجت ہیں اور حضرت حسنؑ فرزند علیؑ اس کی حجت ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں

حُجَّةُ اللهِ اَنْتُمُ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَاَنَّ رَجْعَتَكُمْ حَقٌّ لَا رَيْبَ فِيهَا يَوْمَ

کہ آپ حجت خدا ہیں اور آپ تمام آئمہ حضرات سب سے اول اور سب سے آخر ہیں اور یقیناً رجعت آنحضرات کی حق ہے کوئی شک رجعت میں نہیں

لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِي اِيمَانِهَا خَيْرًا

ہے جس روز نہ نفع دے گا کسی ایسے شخص کو اس کا ایمان جو اس وقت سے پہلے ایمان نہ لایا ہوگا یا اس نے اپنے ایمان میں خیر

وَاَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَاَنَّ نَاكِرًا وَنَكِيرًا حَقٌّ وَاَشْهَدُ اَنَّ النَّشْرَ حَقٌّ وَالْبَعْثَ

حاصل نہ کیا ہوگا اور بتحقیق کہ موت حق ہے اور فرشتہ منکر و نکیر حق ہیں اور گواہی دیتا ہوں میں کہ نشر حق ہے اور قبر سے

حَقٌّ وَالصِّرَاطَ حَقٌّ وَالْمِرْصَادَ حَقٌّ وَالْمِيزَانَ حَقٌّ وَالْحَشْرَ حَقٌّ وَالْحِسَابَ

زندہ ہو کر اٹھنا حق ہے اور گذرنا صراط سے حق ہے اور انتظار گاہ حق ہے اور میزان اور حشر حق ہے اور حساب کا

حَقٌّ وَالْجَنَّةَ وَالنَّارَ حَقٌّ وَالْوَعْدَ وَالْوَعِيدَ بِهِمَا حَقٌّ يَا مَوْلَايَ

دینا حق ہے اور جنت اور آتش جہنم حق ہے اور وعدہ جنت اور تخویف جہنم دونوں حق ہیں اے مولا میرے

شَقِيَ مَنْ خَالَفَكُمْ وَسَعِدَ مَنْ اَطَاعَكُمْ فَاشْهَدْ عَلَى مَا اَشْهَدْتُكَ عَلَيْهِ

شقی ہے وہ شخص جو آپکے خلاف کرے اور نیک بخت ہے وہ شخص جو آپکی اطاعت کرے پس آپ گواہ رہیئے گا اس امر

وَاَنَا وَلِيٌّ لَكَ بَرِيءٌ مِنْ عَدُوِّكَ فَالْحَقُّ مَا رَضِيتُمُوهُ وَالْبَاطِلُ

جس امر میں آپکو گواہ کرتا ہوں اور جانتا ہوں کہ میں دوست ہوں آپکا بری ہوں آپکے دشمن سے پس حق وہی ہے جس سے آنحضرات

مَا اَسْخَطْتُمُوهُ وَالْمَعْرُوفُ مَا اَمَرْتُمْ بِهِ وَالْمُنْكَرُ مَا نَهَيْتُمْ عَنْهُ فَنَفْسِي

خوشنود ہوں اور باطل وہی امر ہے جو آنحضرات کی مرضی کے خلاف ہو معروف وہی امر ہے جسکا آنحضرات حکم کریں اور منکر وہی امر ہے جس سے

مُؤْمِنَةٌ بِاللهِ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِرَسُولِهِ وَبِاَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَبِكُمْ

آنحضرات منع کریں پس نفس میرا ایمان لانیوالا ہے خدا پر جو یکتا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اور اسکے رسول پر اور حضرت امیرالمومنین پر اور آنحضرات

يَا مَوْلَايَ اَوَّلِكُمْ وَاٰخِرِكُمْ وَنُصْرَتِيْ مُعَدَّةٌ لَكُمْ وَمَوَدَّتِيْ خَالِصَةٌ

اے مولیٰ میرے آپ حضرات کے اول و آخر پر اور نصرت و مدد میری مہیا ہے آپحضرات کے لئے اور دوستی میری خالص ہے

لَكُمْ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ بعد اس کے یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ

آپحضرات کیلئے خدا قبول کرے خدا قبول کرے خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو صلوات

عَلٰى مُحَمَّدٍ نَبِيِّ رَحْمَتِكَ وَكَلِمَةِ نُوْرِكَ وَاَنْ تَمْلَاَ قَلْبِيْ نُوْرَ الْيَقِيْنِ وَ

بھیج محمد مصطفےٰؐ پر جو تیرے نبی رحمت اور کلمۂ نور ہیں اور یہ کہ بھر دے میرے قلب کو نور یقین سے اور میرے سینہ کو

صَدْرِيْ نُوْرَ الْاِيْمَانِ وَفِكْرِيْ نُوْرَ النِّيَّاتِ وَعَزْمِيْ نُوْرَ الْعِلْمِ وَقُوَّتِيْ

نور ایمان سے اور میری فکر کو نیتوں کے نور سے اور میرے ارادہ کو نور علم سے اور میری قوت کو

نُوْرَ الْعَمَلِ وَلِسَانِيْ نُوْرَ الصِّدْقِ وَدِيْنِيْ نُوْرَ الْبَصَائِرِ مِنْ عِنْدِكَ وَبَصَرِيْ

نور عمل سے اور میری زبان کو نور راستی سے اور میرے دین کو نور بصیرت سے اپنی طرف سے اور میری آنکھوں کو

نُوْرَ الضِّيَاۤءِ وَسَمْعِيْ نُوْرَ الْحِكْمَةِ وَمَوَدَّتِيْ نُوْرَ الْمُوَالَاةِ لِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

نور ضیاء و روشنی سے اور میرے کانوں کو نور حکمت سے اور میری مودت کو نور موالات محمد و آل محمدؐ

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ حَتّٰى اَلْقَاكَ وَقَدْ وَفَيْتُ بِعَهْدِكَ وَمِيْثَاقِكَ فَتُغَشِّيَنِيْ

علیہم السلام سے یہاں تک کہ میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوں درحالیکہ میں وفا کر چکا ہوں تیرے عہد و میثاق پر پس

رَحْمَتُكَ يَا وَلِيُّ يَا حَمِيْدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى حُجَّتِكَ فِيْ اَرْضِكَ وَخَلِيْفَتِكَ

چھپالے تو مجھے اپنی رحمت سے اے ولی اے حمید خداوندا صلوات بھیج تو اپنی حجت پر جو تیری زمین میں ہے اور اپنے خلیفہ پر

فِيْ بِلَادِكَ وَالدَّاعِيْ اِلٰى سَبِيْلِكَ وَالْقَاۤئِمِ بِقِسْطِكَ وَالثَّاۤئِرِ بِاَمْرِكَ

جو تیرے شہروں میں ہے اور جو بلانیوالا ہے تیری راہ کیطرف اور جو قائم ہے تیرے قسط و عدل کے ساتھ اور انتقام لینے والا ہے

وَلِيِّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَبَوَارِ الْكَافِرِيْنَ وَمُجَلِّي الظُّلْمَةِ وَمُنِيْرِ الْحَقِّ وَالنَّاطِقِ

تیرے حکم سے جو ولی ہے مومنین کا اور ہلاک کرنیوالا ہے کافروں کا اور دور کرنیوالا ہے ظلمت کا اور منور کرنیوالا ہے حق کا اور گویا

بِالْحِكْمَةِ وَالصِّدْقِ وَكَلِمَتِكَ التَّاۤمَّةِ فِيْ اَرْضِكَ الْمُرْتَقِبِ الْخَاۤئِفِ

ہونیوالا ہے حکمت اور سچائی کے ساتھ اور تیرا پورا کلمہ ہے تیری زمین میں جو منتظر ہے حکم خدا کا اور خوف کرنیوالا ہے خدا سے

وَالْوَلِيِّ النَّاصِحِ سَفِيْنَةِ النَّجَاةِ وَعَلَمِ الْهُدٰى وَنُوْرِ اَبْصَارِ الْوَرٰى وَخَيْرِ

اور وہ ولی ہے جو نصیحت کرنیوالا ہے اور کشتی نجات ہے اور نشان ہدایت ہے اور نور ہے خلق کی آنکھوں کا اور بہتر ہے

مَنْ تَقَمَّصَ وَارْتَدٰى وَمُجَلِّي الْعَمَاءِ الَّذِيْ يَمْلَاُ الْاَرْضَ عَدْلًا وَقِسْطًا

سب لوگوں سے جنہوں نے لباس پہنا اور ردا اوڑھی اور دور کرنے والا ہے تاریکی کا اور وہ امام جو زمین کو بھر دے گا عدل و

كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

داد سے جس طرح بھر چکی ہو گی ظلم و جور سے بتحقیق کہ تو ہر شئے پر قادر ہے خداوندا صلوات بھیج تو اپنے ولی پر اور

وَلِيِّكَ وَابْنِ اَوْلِيَائِكَ الَّذِيْنَ فَرَضْتَ طَاعَتَهُمْ وَاَوْجَبْتَ حَقَّهُمْ

فرزند پر اپنے اولیاء کے جن کی اطاعت تو نے فرض کی ہے اور واجب کیا ہے تو نے ان کے حق کو اور دور رکھا ہے

وَاَذْهَبْتَ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرْتَهُمْ تَطْهِيْرًا اَللّٰهُمَّ انْصُرْهُ وَانْتَصِرْ بِهٖ

تو نے ان سے نجاست کو اور پاک کیا ہے ان کو کمال پاکیزگی کے ساتھ خداوندا تو مدد کر ان کی اور نصرت کر تو

لِدِيْنِكَ وَانْصُرْ بِهٖ اَوْلِيَائَكَ وَاَوْلِيَائَهٗ وَشِيْعَتَهٗ وَاَنْصَارَهٗ وَاجْعَلْنَا

ان سے اپنے دین کی اور بہ سبب ان کے مدد کر اپنے اولیاء کی اور ان کے اولیا اور ان کے شیعوں کے اور ان کے انصار کے

مِنْهُمْ اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ شَرِّ كُلِّ بَاغٍ وَطَاغٍ وَمِنْ شَرِّ جَمِيْعِ خَلْقِكَ

اور گردان تو ہم کو ان کے انصار سے خداوندا حفاظت کر تو ان کی شر سے ہر باغی اور سرکش اور شر سے اپنے تمام

وَاحْفَظْهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَاحْرُسْهُ

خلق کے اور حفاظت کر ان کی ان کے سامنے سے اور پس پشت سے اور داہنے طرف سے اور بائیں طرف سے اور حفاظت

وَامْنَعْهُ مِنْ اَنْ يُوْصَلَ اِلَيْهِ بِسُوْءٍ وَاحْفَظْ فِيْهِ رَسُوْلَكَ وَاٰلَ

کر تو ان کی اور محفوظ رکھ تو انکو ہر اس امر سے جس سے پہونچے ان تک کوئی تکلیف اور حفاظت کر اس بارے میں

رَسُوْلِكَ وَاَظْهِرْ بِهِ الْعَدْلَ وَاَيِّدْهُ بِالنَّصْرِ وَانْصُرْ نَاصِرِيْهِ وَاخْذُلْ

اپنے رسول کی اور آل رسول کی اور ظاہر کر ان کی سبب سے عدل کو اور تائید کر تو ان کی نصرت سے اور نصرت کر تو ان کے ناصروں

خَاذِلِيْهِ وَاقْصِمْ قَاصِمِيْهِ وَاقْصِمْ بِهٖ جَبَابِرَةَ الْكُفْرِ وَاقْتُلْ بِهِ

کی اور چھوڑ دے تو ان کے ترک کرنیوالوں کو اور کمر توڑ دے تو ظالموں کی اور شکست دے تو ان کے سبب سے جباربن کفر کو

الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَجَمِيْعَ الْمُلْحِدِيْنَ حَيْثُ كَانُوْا مِنْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ

اور قتل کر تو ان کے سبب سے کفار اور منافقین اور تمام ملحدین کو جہاں بھی ہوں زمین مشرق میں یا زمین مغرب میں

وَمَغَارِبِهَا بَرِّهَا وَبَحْرِهَا وَامْلَاْ بِهِ الْاَرْضَ عَدْلًا وَاَظْهِرْ بِهٖ دِيْنَ

صحرا میں ہوں یا دریا میں بھر تو ان حضرات کے سبب سے زمین کو عدل سے اور ظاہر کر دے تو ان کے سبب سے دین کو اپنے

نَبِیِّكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَاجْعَلْنِی اَللّٰهُمَّ مِنْ اَنْصَارِهٖ وَاَعْوَانِهٖ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کے اور قرار دے مجھ کو خداوندا ان کی مدد کرنے والوں اور ان کے اعوان

وَاَتْبَاعِهٖ وَشِیْعَتِهٖ وَاَرِنِیْ فِیْ آلِ مُحَمَّدٍ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ مَا یَاْمُلُوْنَ وَفِیْ

اور تابعین اور شیعہ سے اور دکھادے تو مجھ کو آل محمد علیہم السلام کے بارے میں اس امر کو جس کے وہ

عَدُوِّهِمْ مَا یَحْذَرُوْنَ اِلٰهَ الْحَقِّ آمِیْنَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا اَرْحَمَ

امیدوار ہیں اور ان کے دشمن کے بارے میں جس سے ان کو خوف ہے اے معبود برحق ایسا ہی کر اے صاحب جلال

الرَّاحِمِیْنَ = پس دعا کرے

کرم اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

زیارت مصافقہ

حضرات ائمہ معصومین علیہم السلام اور ان کے عہد کی تجدید جیسے محدث نوریؒ نے مزار قدیم سے نقل فرمایا ہے پس جب قصد کرے تو بعد زیارت حضرات معصومین علیہم السلام بخشوع وخضوع عرض کرے۔

جِئْتُكَ یَا مَوْلَایَ زَائِرًا لَكَ وَمُسَلِّمًا عَلَیْكَ وَلَائِذًا بِكَ اُجَدِّدُ مَا

میں حاضر ہوا ہوں اے آقا میرے آپ کی زیارت کرتے ہوئے اور آپ پر سلام کرتے ہوئے آپ سے پناہ لیتے ہوئے میں

اَخَذَ اللّٰهُ لَكُمْ فِیْ رَقَبَتِیْ مِنَ الْعَهْدِ وَالْمِیْثَاقِ وَالْوِلَایَةِ لَكُمْ

تازہ کرتا ہوں اس عہد ومیثاق کو اور آپ حضرات کی ولایت اور آپ حضرات کے دشمنوں کی برأت کو جو خداوند

وَالْبَرَاءَةِ مِنْ اَعْدَائِكُمْ مُعْتَرِفًا بِالْفَرْضِ مِنْ طَاعَتِكُمْ۔ پھر داہنا ہاتھ

عالم نے میری گردن پر لازم کر دیا ہے میں معترف ہوں آپ حضرات کی اطاعت کے واجب ہونیکا

ضریح اقدس پر رکھ کر کہے هٰذِهٖ یَدُ مُصَافَقَةٍ لَكَ عَلَی الْبَیْعَةِ الْوَاجِبَةِ عَلَیْنَا

یہ وہ ہاتھ ہے جو آپ سے پیمان باندھتا ہے اس بیعت پر جو ہم سب پر واجب ہے

فَاقْبَلْ مِنِّیْ ذٰلِكَ یَا اِمَامِیْ فَقَدْ زُرْتُكَ وَاَنَا مُعْتَرِفٌ بِحَقِّكَ مَعَ مَا

پس آپ قبول فرمائیے مجھے اے امام میرے۔ میں نے یقیناً آپ کی زیارت کی ہے اور میں اقرار کرتا ہوں آپکے حق کا ہیں

اَلزَمَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی مِنْ نُصْرَتِکَ وَھٰذِہٖ یَدِیْ مُصَافِقَۃٌ عَلٰی

فرض کیا ساتھ جو آپ کی نصرت کا خدا نے لازم قرار دیا ہے اور میرا یہ ہاتھ آپ سے معاہدہ کرتا ہے اس فرض پر جو خدائے

مَا اَمَرَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ مُوَالَاتِکُمْ وَالْاِقْرَارِ بِالْمُفْتَرَضِ مِنْ طَاعَتِکُمْ

عزوجل نے آپ حضرات کی محبت کا اور اطاعت کا مفروضہ کے اقرار کا اور آپ حضرات کے دشمنوں سے برائت

وَالْبَرَائَۃِ مِنْ اَعْدَائِکُمْ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ۔

کا لازم کیا ہے اور سلام ہو آپ حضرات پر اور رحمتیں خدا ہو اور برکات اس کی ۔

پس ضریح اقدس کو بوسہ دے کر کہے ۔ یَا سَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ وَاِمَامِیَ الْمُفْتَرَضُ

اے آقا میرے اور اے مولا میرے اے امام میرے جن کی اطاعت

طَاعَتُہٗ اَشْھَدُ اَنَّکَ بَقِیْتَ عَلَی الْوَفَاءِ بِالْوَعْدِ وَالدَّوَامِ عَلَی الْعَھْدِ وَقَدْ

فرض ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ قائم ہیں اپنے وعدہ کی وفا اور عہد کی ہمیشگی پر اور بیشک گزر چکا

سَلَفَ مِنْ جَمِیْلِ وَعْدِکَ لِمَنْ زَارَ قَبْرَکَ مَا اَنْتَ الْمَرْجُوُّ لِلْوَفَاءِ بِہٖ وَالْمَاْمُوْلُ

ہے آپ کے اچھے وعدوں میں سے اپنے قبر کے زائر کے لئے وہی وعدہ جس کے وفا کی آپ سے امید اور جس کے پورا کرنے کی

لِتَمَامِہٖ وَقَدْ قَصَدْتُکَ مِنْ بَلَدِیْ وَجَعَلْتُکَ عِنْدَ اللّٰہِ مُعْتَمَدِیْ

آرزو ہے اور میں نے یہی قصد کیا ہے اپنے شہر سے اور میں نے قرار دیا ہے آپ کو خدا کے نزدیک اپنا معتمد

فَحَقِّقْ ظَنِّیْ وَمَخِیْلَتِیْ فِیْکَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا اَللّٰھُمَّ

پس تصدیق کیجئے میرے گمان وخیال کی اپنے بارے میں صلوات خدا ہو آپ پر اور سلامتی عطا فرمائے آپ پر جو حق ہے

اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ بِزِیَارَتِیْ اِیَّاہُ وَاَرْجُوْ مِنْکَ النَّجَاۃَ لِیْ مِنَ النَّارِ

خداوندا میں تقرب چاہتا ہوں تیری طرف اس زیارت کے ذریعہ سے اور تجھ سے نجات کی امید کرتا ہوں جہنم سے انکے واسطہ

وَبِآبَائِہٖ وَاَبْنَائِہٖ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ رَضِیْنَا بِھِمْ اَئِمَّۃً وَسَادَۃً

سے صلوات خدا ہو ان سب پر ہم سب ان سے راضی ہیں ان کے امام ہونے پر، ان کے سردار ہونے پر، ان کے رہبر ہونے پر

وَقَادَۃً اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْنِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَھُمْ فِیْہِ وَاَخْرِجْنِیْ مِنْ کُلِّ

خداوندا مجھے داخل کر ہر اس نیکی میں جس میں تو نے ان کو داخل کیا ہے اور مجھے نکال ہر اس برائی سے جس سے تو نے

سُوْءٍ اَخْرَجْتَھُمْ فِیْہِ وَاجْعَلْنِیْ مَعَھُمْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

انکو باہر رکھا ہے اور مجھے ان کے ساتھ کر دنیا میں اور آخرت میں بھی اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

زیارت حضرت حجتؑ صلوات اللہ علیہ

اس زیارت کو جب کوئی مشکل امر درپیش ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے تو بعد نماز صبح و عشا خلوص سے پڑھے انشاء اللہ ضرور بالضرور وہ مشکل حل اور مصیبت دفع ہو جائے گی۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الْاَمْرِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ التَّدْبِيْرِ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے صاحب الامر سلام ہو آپ پر اے صاحب تدبیر سلام ہو

عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الرَّاْيِ الْمَسْمُوْعِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْقَائِمُ الْمُنْتَظَرُ

آپ پر اے مالک اس رائے کے جو سنی جاتی ہے۔ سلام ہو آپ پر اے قائم جس کا انتظار ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْخَلَفُ الصَّالِحُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْمُتَّقِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر اے فرزند صالح سلام ہو آپ پر اے متقیوں کے امام سلام ہو آپ پر

يَا اِمَامَ الْمُسْلِمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْفَةَ

اے مسلمانوں کے امام سلام ہو آپ پر اے ولی خدا سلام ہو آپ پر اے رسول خدا

رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَضْعَةَ اَكْبَادِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ

کے جانشین سلام ہو آپ پر اے خدا کے جگروں کے ٹکڑے سلام ہو آپ پر اے حجت

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَوْنَ الْمَظْلُوْمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا غَوْثَ الْمَلْهُوْفِيْنَ

خدا سلام ہو آپ پر اے مظلوموں کے مددگار سلام ہو آپ پر اے غم زدوں کے فریادرس

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قُطْبَ الْعَالَمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْغَيْثُ الدَّافِقُ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے عالم کے قطب سلام ہو آپ پر اے برسنے والے ابر کرم سلام ہو

عَلَيْكَ اَيُّهَا الْغَوْثُ اللَّاحِقُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپ پر اے آخری فریادرس سلام ہو آپ پر اے نور خدا سلام ہو آپ پر

يَا اِمَامَ الْمَسِيْحِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَدِيْلَ الْخِضْرِ وَقُوَيْمَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

اے جناب عیسیٰ کے پیشوا سلام ہو آپ پر اے مثل جناب خضر کے زندہ رہنے والے سلام ہو آپ پر

اَیُّهَا الْاِمَامُ الْحَاضِرُ الْغَائِبُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الْغَائِبُ الْحَاضِرُ

اے وہ امام جو حاضر بھی ہے اور غائب بھی سلام ہو آپ پر اے وہ امام جو غائب بھی ہے اور حاضر بھی

اَدْرِكْنِیْ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ فِیْ مَضَائِقِ الْاُمُوْرِ وَشَدَائِدِهَا اَعِنِّیْ

میری مدد فرمائیے میرے کل کاموں میں جو تنگ ہوں یا دشوار میری مدد

وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَكُنْ لِیْ وَلَا تَكُنْ عَلَیَّ وَلَا تُفَارِقْنِیْ

فرمائیے میرے خلاف کسی کی مدد نہ فرمائیے اور میری نصرت فرمائیے میرے خلاف کسی دشمن کی مدد نہ کیجیے

خَوْفَ ظَاهِرٍ بِحَقِّ وِلَایَتِكَ وَغَیْبَتِكَ وَشَهَادَتِكَ وَبِحَقِّ اٰبَائِكَ الْمَعْصُوْمِیْنَ

میرے لئے مفید رہئے میرے لئے مضر نہ ہوئیگا مجھ سے جدا نہ ہوئیے گا۔ کسی خیال سے آپکو اپنے حق ولایت و غیبت

صَلَوَاتُ اللهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ

وشہادت کی قسم اور آپکو اپنے آبائے معصومین کے حق کی قسم صلوات ہو ان سب حضرات پر

پس دعا کرے اور بکثرت صلوات بھیجے محمدؐ و آل محمدؐ پر۔

مسجد براثا

یہ مسجد درمیان کاظمین و بغداد ہے۔ یہ مسجد خانۂ جناب مریمؑ ہے۔ اس میں اکثر پیغمبران خدا نے نمازیں پڑھی ہیں حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا کہ جناب ابراہیمؑ نے بھی یہاں نماز پڑھی ہے۔ اور جابر ابن عبد اللہ انصاری نے بیان کیا ہے کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اس وقت اس مسجد میں نماز پڑھی جب وہ حضرت جنگ خوارج سے واپس ہوئے۔ اس وقت ہم لوگ ایک لاکھ آدمیوں سے زائد تھے، ایک نصرانی یا بردا ایک راہب صومعہ سے اپنے نکلا اور پوچھا کہ سردار لشکر تمہارا کون ہے، جابر کہتے ہیں کہ میں نے اشارہ کیا حضرت امیر المومنینؑ کیطرف۔ پس وہ حضرت کیخدمت میں حاضر ہوا اور کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ حَقًّا حَقًّا۔ یعنی سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے امیر برحق حضرت نے پوچھا کہ تو نے کیونکر جانا کہ میں امیر المومنینؑ برحق ہوں۔ اس نے عرض کیا کہ مجھ کو میری کتابوں نے خبر دی ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ اے حباب جب اس نے اپنا نام سنا تو

عرض کیا کہ ہاتھ بڑھایئے کہ میں بیعت کروں اور گواہی دوں، وحدانیت خدا اور رسالت حضرت محمد مصطفےٰ پر اور شہادت دوں کہ آپ علی ابن ابیطالبؑ وصی ان جناب کے ہیں حضرت نے فرمایا کہ تو کہاں رہتا ہے اس نے عرض کیا کہ اسی دیر میں، حضرت نے فرمایا کہ ایک مسجد بنوا اور جو شخص مسجد کو بنائے اس کے نام پر اس مسجد کا نام رکھ دے۔ پس براثا نامی ایک شخص نے اس مسجد کو بنایا۔ اسی وجہ سے اس کا نام "براثا" رکھا گیا۔ اس کے بعد حضرت نے پوچھا کہ تو پانی کہاں سے پیتا ہے اس نے کہا کہ دجلہ سے۔ فرمایا کہ یہاں کنواں یا چشمہ کیوں نہیں کھودتا اس نے عرض کیا جہاں کھودتا ہوں پانی کھاری نکلتا ہے۔ حضرت نے ایک جگہ کا نشان دیا جب وہاں کھودا تو ایک بہت بڑا پتھر ظاہر ہوا جس کے اٹھانے پر وہ راہب قادر نہ ہوا۔ حضرت نے اس پتھر کو اٹھا کر پھینک دیا اس کے نیچے سے ایک چشمہ نکلا جس کا پانی شیریں تھا۔ فرمایا کہ اے حباب عنقریب اس مسجد کے پہلو میں ایک شہر آباد ہوگا جس میں جبارین بکثرت آباد ہوں گے اور اس میں بکثرت فتنہ ہائے عظیم برپا ہوں گے یہاں تک کہ ہر شب جمعہ ستر ہزار عورتوں سے لوگ زنا کریں گے (مراد اس شہر سے بغداد ہے) وہیں پر ایک درخت عوسجہ کا تھا جس میں کانٹے بکثرت تھے۔ حضرت نے اپنی شمشیر سے کانٹوں کو درخت سے علیحدہ کیا اور فرمایا کہ یہاں پر قبر ہے ایک پیغمبر کی۔ پس بہتر ہے کہ اس مسجد میں دو رکعت نماز پڑھے اور دعائیں کرے۔ انشاءاللہ مستجاب ہوں گی۔

زیارت جناب سلمان فارسیؓ

فضیلت جناب سلمان فارسی میں یہ امر کافی ہے کہ خداوند عالم نے ان کی مدح قرآن مجید میں فرمائی ہے اور وہ ایسے برگزیدہ تھے کہ اہلبیت رسولؐ میں داخل کرلئے گئے۔ جب آپ نے بحالت والئی مدائن ۳۵ھ میں ۲۵۰ سال کی عمر میں انتقال فرمایا تو حضرت امیرالمؤمنینؑ مدینہ سے مدائن تشریف لائے اور خود بنفس نفیس آنحضرت نے غسل دیا کفن پہنایا اور بالصفوف ملائکہ نماز جنازہ پڑھائی۔ جناب سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب مصباح الزائرین

آپ کی زیارت کا ذکر فرمایا ہے۔ پس چاہیے کہ نزدیک قبر رو بہ بقبلہ کھڑے ہو کر کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰی

سلام ہو خدا کے رسول حضرت محمد مصطفےٰ ؐ فرزند جناب عبداللہ پر جو کہ خاتم الانبیاء ہیں سلام ہو حضرت

اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَی الْاَئِمَّۃِ الْمَعْصُوْمِیْنَ الرَّاشِدِیْنَ

امیرالمومنین ؑ پر جو کہ سید الاوصیاء ہیں سلام ہو ان ائمہ پر جو معصوم و ہدایت یافتہ ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَی الْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰہِ الْاَمِیْنِ

سلام ہو تمام ملائکہ مقربین پر سلام ہو آپ پر اے صحابی حضرت رسولخدا کے جو کہ امین خدا ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُوْدَعَ اَسْرَارِ السَّادَاتِ

سلام ہو آپ پر اے محب حضرت امیرالمومنین ؑ کے سلام ہو آپ پر اے امانت دار بابرکت سادات کے

الْمَیَامِیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَقِیَّۃَ اللّٰہِ مِنَ الْبَرَرَۃِ الْمَاضِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

راز کے سلام ہو آپ پر اے باقی ماندہ ان بندگان خدا کے جو نیکوکار تھے اور گزر گئے سلام ہو آپ پر

یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَشْہَدُ اَنَّکَ اَطَعْتَ اللّٰہَ کَمَا اَمَرَکَ

اے باپ عبداللہ کے اور رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اس کی میں گواہی دیتا ہوں کہ آپنے اطاعت خدا کی

وَاتَّبَعْتَ الرَّسُوْلَ کَمَا نَدَبَکَ وَتَوَلَّیْتَ خَلِیْفَتَہٗ کَمَا اَلْزَمَکَ وَدَعَوْتَ

جس طرح اس نے حکم دیا تھا اور پیروی کی آپنے رسول ؐ کی جس طرح انھوں نے آپکو بلایا اور دوست رکھا آپنے انکے خلیفہ کو جس طرح

اِلَی الْاِہْتِمَامِ بِذُرِّیَّتِہٖ کَمَا وَقَّفَکَ وَعَلِمْتَ الْحَقَّ یَقِیْنًا وَاعْتَمَدْتَہٗ کَمَا

انھوں نے لازم کیا آپ پر اور بلایا آپنے اہتمام کیطرف انکی ذریت کے متعلق جس طرح خدانے توفیق دی آپ کو اور آپنے جانا

اَمَرَکَ وَاَشْہَدُ اَنَّکَ بَابُ وَصِیِّ الْمُصْطَفٰی وَطَرِیْقُ حُجَّۃِ اللّٰہِ الْمُرْتَضٰی

حق کو یقین کیساتھ اور اسپر آپنے بھروسہ کیا جس طرح آپکو حکم دیا گیا اور گواہی دیتا ہوں میں کہ آپ دروازہ ہیں وصی حضرت

وَاَمِیْنُ اللّٰہِ فِیْمَا اسْتُوْدِعْتَ مِنْ عُلُوْمِ الْاَصْفِیَاءِ اَشْہَدُ اَنَّکَ مِنْ اَہْلِ بَیْتِ

محمد مصطفےٰ ؐ کے اور آپ راہ ہیں اس حجت خدا کی جو مرتضیٰ ؑ ہے اور آپ امین خدا ہیں اس امر کے جو سپرد کیا گیا آپکو علم اصفیا میں سے

النَّبِیِّ النُّجَبَاءِ الْمُخْتَارِیْنَ لِنُصْرَۃِ الْوَصِیِّ اَشْہَدُ اَنَّکَ صَاحِبُ الْعَاشِرَۃِ

گواہی دیتا ہوں میں کہ بیشک آپ نبی ؐ کے اہلبیت میں سے ہیں جو نجیب و منتخب کئے گئے ہیں وصی کی مدد کے لئے گواہی دیتا ہوں میں کہ آپ ہی

کے دسویں درجوں پر فائز اور آپ مصبوط

وَالْبَرَاهِيْنِ وَالدَّلَائِلِ الْقَاهِرَةِ وَاَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ

براہنوں اور دلیلوں کے مالک ہیں اور قائم رکھا آپ نے نماز کو اور ادا کیا آپ نے زکوٰۃ کو اور حکم دیا آپ نے معروف کا

وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ وَنَصَحْتَ لِلّٰهِ

اور روکا آپ نے منکر سے اور ادا کیا آپ نے امانت کو اور اخلاص کیا آپ نے خدا اور اس کے رسول کے بارے میں اور صبر

وَلِرَسُوْلِهٖ وَصَبَرْتَ عَلَى الْاَذٰى فِيْ جَنْبِهٖ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ لَعَنَ اللّٰهُ

کیا آپ نے اذیتوں پر اس کی خوشنودی کے لیے یہاں تک کہ آپ کو موت آ گئی لعنت کرے خدا اس پر جس نے آپ کے

مَنْ جَحَدَكَ حَقَّكَ وَحَطَّ مِنْ قَدْرِكَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ اٰذَاكَ فِيْ مَوَالِيْكَ

حق کا انکار کیا اور پست کیا آپ کے قدر کو اور لعنت کرے خدا اس پر جس نے آپ کو اذیت پہونچائی آپ کے آقاؤں کے

لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ اَعْنَتَكَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِكَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَامَكَ فِيْ سَادَاتِكَ

بارے میں لعنت کرے خدا اس پر جس نے آپ کو رنج پہونچایا اہلبیت کے بارے میں لعنت کرے خدا اس پر جس نے آپ کی ملامت کی

لَعَنَ اللّٰهُ عَدُوَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَضَاعَفَ

آپ کے سادات کے بارے میں لعنت کرے خدا دشمن آل محمد پر خواہ وہ قوم جن سے ہوں یا انسانوں میں سے وہ اولین سے ہوں یا آخرین

عَلَيْهِمُ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ

سے اور زیادہ کرے ان پر عذاب سخت کو رحمت نازل کرے خدا آپ پر اے باپ عبد اللہ کے رحمت نازل کرے خدا آپ پر

يَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَعَلَيْكَ يَا مَوْلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے صحابی جناب رسولخداؐ کے صلوات خدا ہو انپر اور ان کی آل پر اے آزاد کردہ حضرت امیر المومنینؑ کے

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رُوْحِكَ الطَّيِّبِ وَجَسَدِكَ الطَّاهِرِ وَاَلْحَقَنَا بِمَنِّهٖ وَرَاْفَتِهٖ

رحمت بھیجے خدا آپ کی روح پاکیزہ پر اور جسم پاک پر اور ملحق کرے ہم کو اپنے احسان و کرم سے جب وہ ہم کو

اِذَا تَوَفَّانَا بِكَ وَبِمَحَلِّ السَّادَةِ الْمَيَامِيْنِ وَجَمَعَنَا مَعَهُمْ بِجِوَارِهِمْ فِيْ

موت دے آپ کے ساتھ اور بابرکت سادات کے محل و مرتبہ کے ساتھ اور جمع کرے خدا ہم کو ان حضرات کے ساتھ ان کی

جَنَّاتِ النَّعِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اِخْوَانِكَ

ہمسائگی کے ذریعہ جنات نعیم میں رحمت خدا ہو آپ پر اے باپ عبد اللہ کے اور رحمت خدا ہو آپ کے بھائیوں پر ؟

الشِّيْعَةِ الْبَرَرَةِ مِنَ السَّلَفِ الْمَيَامِيْنِ وَاَدْخَلَ الرَّوْحَ وَالرِّضْوَانَ

شیعہ تھے نیک عامل تھے گزشتہ بابرکت لوگوں میں سے اور داخل کرے خدا راحت اور خوشنودی کو ان مومنین

عَلَی الْخَلَفِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلْحَقَنَا وَاِیَّاهُمْ بِمَنْ تَوَلَّاهُ مِنَ الْعِتْرَةِ

پر جو بعد میں آنے والے ہیں اور ملحق کرے خدا ہمکو اور ان کو ان کے ساتھ جنھیں آپ دوست رکھتے ہیں یعنی

الطَّاهِرِیْنَ وَعَلَیْكَ وَعَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

آل پاک حضرت محمد مصطفےٰ کو اور آپ پر اور ان سب حضرات پر سلام ہو اور رحمت خدا ہو اور برکات اس کی

اس کے بعد سات مرتبہ سورۂ انا انزلناہ پڑھے اور نماز سنتی جس قدر چاہے پڑھے اور جب وہاں سے رخصت ہونا چاہے تو کہے۔

زیارت وداع

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَنْتَ بَابُ اللّٰهِ الْمُؤْتٰی مِنْهُ وَالْمَاْخُوْذُ عَنْهُ

سلام ہو آپ پر اے باپ عبد اللہ کے آپ خدا کے وہ دروازہ ہیں جس سے عطا ہوتی ہے اور جس سے فیض لیا

اَشْهَدُ اَنَّكَ قُلْتَ حَقًّا وَنَطَقْتَ صِدْقًا وَدَعَوْتَ اِلٰی مَوْلَایَ وَمَوْلَاكَ

جاتا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ہمیشہ حق بولے اور سچی بات کہی اور دعوت دی آپ نے میرے مولیٰ اور اپنے مولیٰ کیطرف

عَلَانِیَةً وَسِرًّا اَتَیْتُكَ زَائِرًا وَحَاجَاتِیْ لَكَ مُسْتَوْدِعًا وَهَا اَنَا ذَا مُوَدِّعُكَ

علانیہ اور خفیہ طور پر میں حاضر ہوا ہوں آپ کی زیارت کی غرض سے اور اپنی حاجتیں آپ کو سپرد کرنے کے لئے

اَسْتَوْدِعُكَ دِیْنِیْ وَاَمَانَتِیْ وَخَوَاتِیْمَ عَمَلِیْ وَجَوَامِعَ اَمَلِیْ اِلٰی مُنْتَهٰی

اور اب میں آپ کو رخصت کرتا ہوں اور آپ کے پاس امانت رکھتا ہوں اپنے دین کو اور اپنی امانت کو اور اپنے

اَجَلِیْ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

اعمال کے نتیجہ کو اور تمام آرزوؤں کو اپنی موت کے آنے تک سلام ہو آپ پر اور رحمت خدا ہو اور برکات اس کی

اٰلِهِ الْاَخْیَارِ

اور صلوات خدا ہو محمد مصطفےٰ اور ان کی نیک آل پر

پھر قبر حذیفہ یمانی پر حاضر ہو اور جس قدر چاہے سنتی نمازیں پڑھے۔

حُذیفہ بن الیمان عبسی

جناب حذیفہ حضرت رسالتمآبؐ کے بہت جلیل القدر صحابیوں میں اور حضرت امیرالمومنینؑ کے خواص میں سے تھے اور چار ارکان اربعہ میں کی ایک فرد تھے (سلمان فارسی۔ ابوذرغفاری مقداد اسود کندی، حذیفہ یمانی) اس وقت کے منافقین کو خوب پہچانتے تھے۔ آپ حکومت عمرابن خطاب کے زمانہ میں والیٔ مدائن تھے مگر معزول کردیئے گئے۔ پھر بعد وفات جناب سلمان فارسی دوبارہ حاکم مدائن ہوئے۔ ۳۶ھ میں آپنے انتقال کیا اور وہیں دفن ہوئے۔

طاق کسریٰ

یہ بہت پرانی عمارت ہے جو ایک عظیم الشان محل تھا۔ ابھی تک اس کا ایک طاق موجود ہے جس کو دیکھ کر ایک خاص عبرت حاصل ہوتی ہے۔ عمار ساباطی روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت امیرالمومنینؑ مدائن میں تشریف لائے اور ایوان کسریٰ میں نزول اجلال فرمایا اس وقت آپ کے ہمراہ ساباطیوں کی ایک جماعت بھی تھی آنحضرت نے یہاں نماز پڑھی اور بعد فراغت نماز ایوان کسریٰ کی سیر کو اٹھے اور دلف ابن بجیر سے فرماتے جاتے تھے کہ یہاں پر دربار عام تھا، یہاں پر دربار خاص تھا وغیرہ وغیرہ دلف نے عرض کیا خدا کی قسم ایسا ہی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ گویا آپ ہی نے یہ تمام چیزیں رکھی ہیں۔ پس جس قدر ممکن ہو نمازیں پڑھے اور اگر موقع زیادہ نہ مل سکے تو دو رکعت نماز ضرور پڑھ لے

زیارت نوّاب اربعہ قدس اللہ اسرارھم

حضرت صاحب الامر علیہ السلام کے نائب اول جناب ابوعمرو عثمان بن سعید اسدی۔ نائب دوم جناب ابوجعفر محمد بن عثمان۔ نائب سوم جناب ابوالقاسم حسین ابن روح نوبختی نائب چہارم جناب شیخ الجلیل ابوالحسن علی ابن محمد سمری رحمۃ اللہ علیہم ہیں مقبرہ ان حضرات کے شہر بغداد میں الگ الگ ہیں جب ان بزرگوں میں سے کسی ایک کی زیارت کا قصد ہو تو کہے

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے رسول خداؐ سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ سلام ہو

عَلَیْكِ یَا فَاطِمَةُ الزَّہْرَاۗءُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا خَدِیْجَةُ الْکُبْرٰی اَلسَّلَامُ

آپ پر اے فاطمہ زہراؑ سلام ہو آپ پر خدیجہ کبریٰ سلام ہو

عَلَیْكَ وَعَلَی الْاَئِمَّةِ الْهَادِیْنَ شُہَدَاۗءِ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ صَلَوٰاتُ اللّٰہِ عَلَیْهِمْ

تمام ہدایت کرنیوالے اماموں پر جو خدا کے گواہ ہیں اس کی تمام مخلوقات پر صلوات خدا ہو ان

اَجْمَعِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ (یَا فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ) اَشْہَدُ اَنَّكَ بَابُ الْمَوْلٰی

تمام حضرات پر سلام ہو آپ پر (یہاں پر ان کا نام لے) میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ دروازہ ہیں

اَدَّیْتَ عَلَیْہِ مَا خَلَفْتَہٗ وَلَا خَالَفْتَ عَلَیْہِ قُمْتَ خَاصًّا وَّانْصَرَفْتَ سَابِقًا

مولا کے پہونچایا آپ نے مولا کیطرف سے اور پہونچایا مولا تک پیغام کو نہیں مخالفت کی آپ نے انکی اور نہ بدلا آپنے انکے کسی حکم کو

جِئْتُكَ عَارِفًا بِالْحَقِّ الَّذِیْ اَنْتَ عَلَیْہِ وَاَنَّكَ مَا خُنْتَ فِی التَّادِیَةِ

اٹھے آپ خاص طور سے اور پلٹے آپ سبقت کرتے ہوئے دین کیطرف آیا ہوں میں آپ کے پاس اس حق کو پہچانتے ہوئے جس پر آپ ہیں

وَالسَّفَارَةِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ مِنْ بَابٍ مَّا اَوْسَعَہٗ وَمِنْ سَفِیْرٍ مَّا اَمَنَكَ وَمِنْ

اور تحقیق کہ آپ نے خیانت نہیں کی دینی احکام کے اور پیام کے پہونچانے میں سلام ہو آپ پر کہ آپ امام کے دروازہ اور وسیع دروازہ

ثِقَةٍ مَّا اَمْکَنَكَ اَشْہَدُ اَنَّ اللّٰہَ اخْتَصَّكَ بِنُوْرِہٖ حَتّٰی عَایَنْتَ الشَّخْصَ

ہیں اور ایلچی ہیں جو قابل اعتبار ایلچی ہیں صاحب قدرت ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا نے آپکو اپنے نور کے ساتھ مخصوص کیا یہانتک کہ آپنے

فَاَدَّیْتَ عَنْہُ وَاَدَّیْتَ اِلَیْہِ ۔ پھر کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ

دیکھا امامؑ کو اور پہونچایا ان کے پیغام کو اور ان کی طرف التجا کو سلام ہو آپ پر اے نبی خداؐ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا خَدِیْجَةُ الْکُبْرٰی

سلام ہو آپ پر اے حضرت امیر المومنینؑ سلام ہو آپ پر اے خدیجہ کبریٰ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا فَاطِمَةُ الزَّہْرَاۗءُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ

سلام ہو آپ پر اے حضرت فاطمہ زہراؑ سلام ہو آپ پر اے حضرت ابو محمد

الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ وَّیَا حُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ وَّیَا عَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِ وَیَا مُحَمَّدَ بْنَ

حسن ابن علیؑ اور اے حضرت حسینؑ ابن علیؑ اور اے حضرت علی ابن حسینؑ اور اے حضرت محمد ابن

عَلِيٍّ وَيَا جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَيَا مُوسَىٰ بْنَ جَعْفَرٍ وَيَا عَلِيَّ بْنَ مُوسَىٰ وَيَا

علی اور اے حضرت جعفر ابن محمد اور اے حضرت موسیٰ ابن جعفر اور اے حضرت علی ابن موسیٰ اور اے

مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَيَا عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ وَيَا حَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَيَا حُجَّةَ الْقَائِمِ

حضرت محمد ابن علی اور اے حضرت علی ابن محمد اور اے حضرت حسن ابن علی اور اے حضرت حجت خدا جو قائم

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ جِئْتُكَ مُخْلِصًا بِتَوْحِيدِ اللّٰهِ وَمُوَالَاةِ أَوْلِيَائِهِ وَالْبَرَاءَةِ

ہیں آپ سب حضرات پر سلام ہو آیا ہوں آپکے پاس خالص توحید خدا کے ساتھ اور اس کے اولیاء کی محبت کے ساتھ

مِنْ أَعْدَائِهِمْ وَمِنَ الَّذِينَ خَالَفُوكَ يَا حُجَّةَ الْمَوْلَىٰ وَبِكَ إِلَيْهِمْ

اور انکے دشمنوں سے بیزاری کے ساتھ اور ان لوگوں سے بیزار ہو کر جنھوں نے آپکی مخالفت کی اے حجت میرے مولیٰ کی

تَوَجُّهِي وَبِهِمْ إِلَى اللّٰهِ تَوَسُّلِي

آپکے ذریعے سے میری توجہ ان کی طرف ہے اور ان کے ذریعے سے میرا توسل خدا کیطرف ہے۔

پس دعا کرے۔

دمشق

یہ شہر ملک شام کا پایۂ تخت ہے۔ یہیں یزید ملعون کا وہ منحوس دربار تھا (جو اب مسجد اموریہ کے نام سے مشہور ہے) جہاں اہلبیت اطہار انتہائی ذلت و خواری کے ساتھ لائے گئے اور یہیں وہ تنگ و تاریک قید خانہ ہے جہاں مقید کئے گئے۔ یہیں حضرت سید الشہداء کی پارۂ جگر نے انتقال فرمایا۔ مصائب کا اندازہ حضرت سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام کے اس شعر سے بخوبی کیا جا سکتا ہے۔

أُقَادُ ذَلِيلًا فِي دِمَشْقَ كَأَنَّنِي

مِنَ الزِّنْجِ عَبْدٌ غَابَ عَنْهُ نَصِيرُهُ

یعنی مجھے دمشق میں اس ذلت و خواری کے ساتھ لایا گیا تھا کہ گویا میں اس لاوارث غلام کیطرح ہوں کہ جسکا آقا اس سے دور کر دیا گیا ہو اور کوئی اس کا ناصر نہ ہو۔ الغرض یہاں

کے تمام مقامات کو بغور دیکھنے سے عبرت ہوتی ہے۔ یہیں شہر سے کچھ فاصلہ پر ثانی زہرا جناب زینب سلام اللہ علیہا کا روضہ بنا ہوا ہے۔ اور یہیں کے قبرستان میں سولہ شہدائے کربلا کے سر دفن ہیں۔ جن کے اسمائے گرامی صفحہ ۳۳۳ پر درج ہیں۔

زیارت جناب زینب کبریٰ سلام اللہ علیہا

پس جب قصد زیارت کرے تو غسل کرے پاکیزہ لباس پہنے نہایت خضوع و خشوع کیساتھ روانہ ہو جب داخل روضۂ مبارکہ ہو تو رو بہ قبلہ کھڑے ہو کر اس زیارت کو پڑھے جو عام طور پر وہاں پڑھی جاتی ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ نَبِیِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے دختر رسول خداؐ سلام ہو آپ پر اے دختر نبی خدا سلام ہو

عَلَیْکِ یَا بِنْتَ مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ

آپ پر اے دختر حضرت محمد مصطفیٰؐ سلام ہو آپ پر اے دختر سردار انبیاء و مرسلین کی

وَالْمُرْسَلِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ وَلِیِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ

سلام ہو آپ پر اے دختر ولی خدا کی سلام ہو آپ پر اے دختر حضرت

عَلِیِّ نِ الْمُرْتَضٰی سَیِّدِ الْاَوْصِیَاءِ وَالصِّدِّیْقِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ

علی مرتضیٰ کی جو سردار اوصیاء و صدیقین ہیں سلام ہو آپ پر اے دختر حضرت

فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا اُخْتَ الْحَسَنِ

فاطمہ زہرا کی جو سردار ہیں تمام عورات عالم کی سلام ہو آپ پر اے خواہر حضرت امام حسنؑ

وَالْحُسَیْنِ سَیِّدَیْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَجْمَعِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا اَیَّتُهَا

و حضرت امام حسینؑ کی جو سردار ہیں تمام جوانان اہل جنت کے سلام ہو آپ پر اے مالکہ

السَّیِّدَةُ الزَّکِیَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ اَیَّتُهَا الدَّاعِیَةُ الْخَفِیَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ

اے طیب و طاہرہ سلام ہو آپ پر اے خفیہ دعوت حق دینے والی سلام ہو آپ پر

اَیَّتُهَا التَّقِیَّةُ النَّقِیَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الرَّاضِیَةُ الْمَرْضِیَّةُ اَلسَّلَامُ

اے متقی و پرہیزگار سلام ہو آپ پر اے راضی برضا اور پسندیدہ خدا سلام ہو

عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الْعَالِمَةُ غَیْرُ الْمُعَلَّمَةِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الْفَهِیمَةُ غَیْرُ

آپ پر اے جاننے والی بغیر کسی کے تعلیم دیئے ہوئے سلام ہو آپ پر اے سمجھنے والی بغیر کسی کے

الْمُفَهَّمَةِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الْمَظْلُومَةُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الْمَهْمُومَةُ

سمجھائے ہوئے سلام ہو آپ پر اے مظلومہ سلام ہو آپ پر اے رنج اٹھانے والی

اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الْمَغْمُومَةُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الصِّدِّیقَةُ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے غم میں بسر کرنے والی سلام ہو آپ پر اے صدیقہ سلام ہو

عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الْمَكْرُوبَةُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الْمَاْسُورَةُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ

آپ پر اے کرب والم اٹھانے والی سلام ہو آپ پر اے اسیر بلا سلام ہو آپ پر

اَیَّتُهَا الصَّاحِبَةُ الْمُصِیبَةِ الْعُظْمٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا زَیْنَبُ الْكُبْرٰی

اے بڑی بڑی مصیبتیں برداشت کرنیوالی سلام ہو آپ پر اے زینب کبریٰ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا عِصْمَةَ الصُّغْرٰی اَشْهَدُ اَنَّكِ كُنْتِ صَابِرَةً شَاكِرَةً

سلام ہو آپ پر اے عصمت صغریٰ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ بہت بڑی صابرہ وشاکرہ

مُجَلَّلَةً مُعَظَّمَةً مُكَرَّمَةً مُحَدَّثَةً مُخَدَّرَةً مُوَقَّرَةً فِی جَمِیعِ حَالَاتِكِ

جلالت اور عظمت اور کرامت والی ہیں فرشتوں سے ہمکلام ہوئیں پردہ نشین اور با وقار ہیں تمام حالات

وَمُنْقَلَبَاتِكِ وَمُصِیبَاتِكِ وَبَلِیَّاتِكِ وَامْتِحَانَاتِكِ حَتّٰی فِی اَشَدِّهَا

میں اور انقلابات میں مصیبتوں اور آزمائشوں میں اور امتحانات میں حتیٰ کہ اپنے سخت سے سخت اور

وَاَمَرِّهَا وَهِیَ وَاللهِ وُقُوفُكِ فِی الْمَكَانِ وَاَخُوكِ الْعَطْشَانُ

تلخ سے تلخ حالات میں خدا کی قسم موجود ہونا آپ کا اس مقام پر جہاں آپ کا پیاسا بھائی

وَمَصْرُوعٌ فِی عُمْقِ الْحَائِرِ مِنْ كَثْرَةِ جِرَاحَاتِ السَّیْفِ وَالسِّنَانِ وَالشِّمْرُ

پڑا ہوا تھا نشیب میں اور جو تلوار اور نیزوں کے زخموں سے چور تھا اور شمر ملعون اس

جَالِسٌ عَلٰی صَدْرِهٖ وَاحَزَنَاهُ عَلَیْهِ وَعَلَیْكِ یَا بِنْتَ الزَّهْرَاءِ وَبِنْتَ

جناب کے سینۂ اقدس پر تھا ہزار ہزار افسوس اس جناب پر اور آپ پر اے دختر فاطمہ زہرا و دختر

خَدِيجَةَ الْكُبْرىٰ أَشْهَدُ أَنَّكِ قَدْ نَصَحْتِ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ وَلِأَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ

خدیجہ کبریٰ میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپنے اخلاص پیش کیا اللہ کے لئے اور اس کے رسولؐ کیلئے

وَلِفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَنَصَرْتِهِمْ بِقَلْبِكِ وَلِسَانِكِ

اور حضرت امیر المومنین کے لئے اور حضرت فاطمہ زہرا کے لئے اور حسن مجتبیٰ اور حسین شہید کربلا علیہم السلام کے لئے اور انکی نصرت فرمائی

وَجَاهَدْتِ فِي اللّٰهِ بِلِسَانِكِ حَقَّ جِهَادِهِ فَنِعْمَ الْأُخْتُ أَنْتِ لِلْحُسَيْنِ وَنِعْمَ الْأَخُ

آپنے اپنے قلب و زبان سے اور ایسا جہاد فرمایا آپنے راہ خدا میں اپنی زبان سے جو حق ہے جہاد کا پس کتنی اچھی بہن ہیں آپ

لَكِ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْكُمَا وَعَلىٰ مَنْ أَحَبَّكُمَا وَنَصَرَكُمَا

حضرت امام حسین کی اور کس قدر اچھے بھائی ہیں آپکے حضرت ابو عبداللہ الحسین صلوات خدا ہو اور اس کا سلام ہو آپ دونوں

وَلَعَنَ اللّٰهُ أُمَّةً سَلَبَتْ قِنَاعَكِ وَضَرَبَتْ كِعَابَ الرِّمَاحِ عَلىٰ أَعْضَائِكِ

حضرات پر اور نیز جو آپ دونوں کے دوست اور ناصر ہیں اور لعنت خدا ہو اس گروہ پر جس نے آپکے سر اقدس سے چادر و مقنع چھین لیا

وَحَرَقَتْ خِيَامَكِ وَأَسَرَتْ عِيَالَكِ أَمْ سَمِعَتْ بِذٰلِكِ فَرَضِيَتْ بِهِ وَلَمْ

اور نوکِ سناں سے آپ کے جسم مطہر کو اذیت پہونچائی اور آپکے خیام میں آگ لگائی اور آپکے بچوں کو قید کر لیا اور اس گروہ پر

تَحْزَنْ يَا سَيِّدَتِي وَمَوْلَاتِي أَنَا زَائِرُ أَخِيكِ الْحُسَيْنِ وَزَائِرُكِ وَمُحِبُّكُمَا

بھی جس نے آپکی مصیبتوں کو سنا اور اس پر خوش ہوا اور رنجیدہ نہ ہوا اے میری مالکہ اور سیدہ میں آپکے بھائی حضرت امام حسینؑ کا

وَمُعِينُكُمَا فَاشْفَعَا لِي وَلِآبَائِي وَأُمَّهَاتِي وَأَجْدَادِي بِحَقِّكِ وَبِحَقِّ جَدِّكِ

اور آپکا زائر ہوں محب ہوں ناصر ہوں پس شفاعت کیجیے آپ میری اور میرے باپ کی اور میری ماں کی اور میرے دادا کی قسم

الْمُصْطَفىٰ وَأَبِيكِ الْمُرْتَضىٰ وَأُمِّكِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ وَأَخِيكِ الْحَسَنِ

آپکو اپنے حق کی اور اپنے جد حضرت محمد مصطفےٰ اور اپنے پدر بزرگوار حضرت علی مرتضیٰؑ اور اپنی والدہ حضرت فاطمہ زہرا اور اپنے

الْمُجْتَبىٰ وَالْحُسَيْنِ شَهِيدِ كَرْبَلَا عَلَيْهِمُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ بَيْتِ النُّبُوَّةِ وَ

بھائی حضرت حسن مجتبیٰ اور حسین شہید کربلا علیہم السلام کے حق کی سلام ہو آپ حضرات پر اے اہلبیت نبوت اور

مَعْدِنَ الرِّسَالَةِ وَمُخْتَلَفَ الْمَلَائِكَةِ وَمَهْبِطَ الْوَحْيِ وَالتَّنْزِيلِ جَمِيعاً

معدن رسالت اور اے ملائکہ کے آنے جانے کے محل اور اے منزل وحی و احکام خداوندی آپ سب پر سلام ہو

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

اور اللہ کی رحمت اور برکات ہوں


علامات
وہ راستہ جسطرف کے اہلبیت اطہار کو لے گئے
دریائے دجلہ و فرات
دمشق
بعلبک
حمص
حماہ
معرۃ النعمان
حلب
بالس
فرات
دجلہ
الرقہ
حران
نصیبین
سنجار
موصل
تکریت
صحرائے شام
کربلا
کوفہ
نہر فرات
نہر دجلہ
بصرہ
تکریت اور موصل کے درمیان شہروں کے نام:-
حصاصہ، علی آباد، دیر عروہ، صلیعا، وادی النخلہ،
ارمینا، بادمینہ، لبار، مقابل مرصاد، کحیل تحت
موصل، جہینہ -
۲- کربلائے معلٰے سے کوفہ اور کوفہ سے دمشق جس راہ
سے اہلبیت اطہار کو لے گئے ۹۳۴۱ میل اور براہ
فرات جس کو بوجہ خوف محبان اہلبیت اطہار چھوڑا
گیا - ۴۴۴ میل - اور براہ صحرائے شام ۴۴۴ میل

زیارت سیدتی ومولاتی بنت صغیرہ حضرت سید الشہدا

اس بچی کا روضہ قبرستان دمشق میں ہے، نام میں اختلاف ہے اور وہاں سکینہ مشہور ہے لیس جب روضہ پر پہونچے تو کہے۔

السلام علیک یا بنت رسول اللہ السلام علیک یا بنت سلطان الاوصیاء

سلام ہو آپ پرائے دختر رسول خدا　سلام ہو آپ پرائے دختر سلطان اوصیاء

السلام علیک یا بنت صاحب الحوض واللواء السلام علیک یا بنت من

سلام ہو آپ پرائے دختر مالک حوض کوثر و علم کی　سلام ہو آپ پرائے دختر صاحب

عرج الی السماء ووصل الی قاب قوسین او ادنی السلام علیک یا بنت

معراج کی جو پہونچا منزل قاب قوسین او ادنیٰ تک　سلام ہو آپ پرائے دختر

نبی الہدی وسید الوری ومنقذ العباد من الضلالۃ والردی السلام علیک

نبی ہدایت کی اور سردار خلق کی اور بندوں کو نجات دینے والے کی ضلالت اور ہلاکت سے سلام ہو آپ پر

بنت اکرم العالمین حسبا وافضلہم نسبا واجملہم منظرا واسخاہم کفا

اے دختر بزرگترین خلق کی باعتبار حسب کے اور افضل خلق کی باعتبار نسب کے اور حسین ترین خلق کی باعتبار طلعت کے

اشجعہم قلبا واکملہم حلما واکثرہم علما واثبتہم اصلا واعلاہم

اور سخی ترین خلق کی باعتبار عطا کے اس کی بیٹی جو شجاع ترین خلق ہے باعتبار قلب کے اور کامل ترین خلق ہے باعتبار

ذکرا وانماہم فخرا واحمدہم وصفا السلام علیک یا بنت من شرفت

حلم کے سب سے زیادہ ہے علم میں اور سب سے زیادہ پائیدار باعتبار اصل کے اور سب سے زیادہ

بہ مکۃ ومنی السلام علیک یا بنت بحر العلوم

بلند بہ اعتبار ذکر کے اور سب سے زیادہ قابل تعریف باعتبار

وکہف الفقراء السلام علیک یا بنت من ولد فی الکعبۃ وزوج فی

مجموعۂ اوصاف کے اور سب سے زیادہ قابل تعریف ہے باعتبار وصف کے سلام ہو آپ پرائے دختر اس بزرگوار کی جس سے

السماء السلام علیک یا بنت سلطان الاوصیاء وسید الاولیاء السلام

مکہ اور منیٰ نے شرف پایا سلام ہو آپ پرائے دختر بحر علوم کی فقیروں کے جائے پناہ کی سلام ہو آپ پرائے دختر اس بزرگوار کی جو خانۂ

کعبہ میں پیدا ہوئے اور جن کی تزویج آسمان میں ہوئی سلام ہو آپ پرائے دختر شاہ اوصیاء اور سردار اولیاء کی سلام ہو آپ پر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ سَيِّدِ الشُّهَدَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ ثَارِ اللّٰهِ وَابْنِ ثَارِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ

اے دختر سید الشہداء آپ پر سلام ہو اے دختر اس بزرگوار کی جس کے خون کا طالب خدا ہے جو فرزند ہے اس کا جسکے خون کا طالب خدا ہے سلام ہو آپ پر اے دختر

يَا بِنْتَ فَاطِمَةَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بَضْعَةَ سَيِّدِ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ

حضرت فاطمہ اے دختر آپ پر سلام ہو تمام جوانان جنت کا سردار ہے اس بزرگوار کی جو پارہ جگر اے آپ پر سلام ہو کی الشہدا سید حضرت

الزَّهْرَاءِ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ خَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى

فاطمہ زہراؑ کی جو سردار ہیں تمام عورات عالم کی سلام ہو آپ پر اے دختر جناب خدیجہ کبریٰ کی جو ام المومنین ہیں

اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَكِيْنَةُ بِنْتَ اُمِّ رَبَابٍ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ

سلام ہو آپ پر اے جناب سکینہ دختر جناب ام رباب کی رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اس کی

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْفَاضِلَةُ الصَّغِيْرَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا التَّقِيَّةُ النَّقِيَّةُ

سلام ہو آپ پر اے وہ بی بی جو کمسنی ہی میں فاضلہ تھیں سلام ہو آپ پر اے متقی اور پرہیزگار بی بی

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْكَرِيْمَةُ النَّبِيْهَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ

سلام ہو آپ پر اے بزرگی اور شان والی شہزادی سلام ہو آپ پر اے وہ مظلومہ جو ظلم کیساتھ

الشَّهِيْدَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْبَعِيْدَةُ عَنِ الْاَوْطَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ

شہید کی گئی سلام ہو آپ پر اے غریب الوطن بی بی سلام ہو آپ پر اے

اَيَّتُهَا الْاَسِيْرَةُ فِي الْبُلْدَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا مُمْتَحَنَةً بِامْتِحَانِ الْعَظِيْمَةِ

وہ بی بی جو قید کرکے دربدر پھرائی گئی سلام ہو آپ پر اے امتحان عظیم میں اور آزمائش میں کامیاب ہونیوالی

وَفَدَاهَا نَفْسَهَا لِاَبِيْهَا بَعْدَ مُكَالَمَاتٍ جَلِيْلَةٍ وَقَالَتْ اَبَ يَا اَبَ مَنْ

شہزادی اور جس نے اپنے نفس کو اپنے باپ پر قربان کر دیا بعد بہترین تقریر کرنے کے اور کہا بابا اے بابا کس ظالم

الَّذِيْ اَيْتَمَنِيْ عَلٰى صِغَرِ سِنِّيْ اَبَ يَا اَبَ مَنِ الَّذِيْ قَطَعَ وَرِيْدَكَ اَلسَّلَامُ

نے مجھے اس کمسنی میں یتیم کر دیا بابا اے بابا کس ظالم نے آپکی رگِ گردن کو قطع کیا سلام

عَلٰى مَنْ مَاتَتْ مِنْ شِدَّةِ الشَّوْقِ فِيْ مَحَبَّةِ سَيِّدِ الشُّهَدَاءِ وَقَامَتْ

ہو اس شہزادی پر جو حضرت سید الشہداء میں محبت مرگئی اور جس کے انتقال سے

قَامَتْ قِيَامَةُ اَهْلِ الْبَيْتِ بِمَوْتِهَا فِيْ خَرَابَةِ الشَّامِ وَهِيَ مَوْضِعُ الْمِحْنَةِ

